حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی الشیخ احمد فاروقی حنفی سرہندی قدس سرہ العزیز

کے شہرۂ آفاق مکتوبات شریفہ کی پہلی اردو شرح

# البینات

## شرح مکتوبات

شارح

ابوالبیان محمد سعید احمد مجددی

## حضرت شارح مکتوبات رحمۃ اللہ علیہ کی پیشانی پر بوسہ دیتے ہوئے فرمایا

"میرے پاس پاکستان سے متعدد رسائل آتے ہیں اور میں ان سب کو احباب میں تقسیم کر دیتا ہوں سوائے 'ماہنامہ دعوت تنظیم الاسلام' کے، جس میں مکتوبات شریفہ کی شرح ہوتی ہے۔ میں اس رسالے کو فائل کر لیتا ہوں، اپنے سرہانے رکھتا ہوں اور گاہے گاہے اسکا مطالعہ کرتا رہتا ہوں۔

نبیرۂ حضرت مجدد الف ثانی

**حضرت شاہ ابوالحسن زید فاروقی الازہری رحمۃ اللہ علیہ**

زیب سجادہ درگاہ حضرت ابوالخیر (دہلی، انڈیا)

حضرت مصنف علام رحمۃ اللہ علیہ نے اس شرح کو علمی دیانت اور دل سوزی کے ساتھ دور حاضر کی معیاری اور علمی مروج اردو زبان میں تحریر کیا ہے جس میں مختلف فنون کی لاتعداد مصطلحات کو آسان پیرایہ میں پیش کیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مکتوبات امام ربانی کے اولین شارحین حضرت صاحبزادہ خواجہ محمد سعید سرھندی مجددی، حضرت صاحبزادہ خواجہ محمد معصوم سرھندی مجددی اور حضرت شاہ غلام علی مجددی دہلوی رحمۃ اللہ علیہم کے بعد (جن کا کام فارسی زبان میں ہے) اردو زبان میں یہ اولین اور مفصل شرح مجددی لٹریچر میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ اور رہتی دنیا تک زندہ رہے گی۔

راقم کو بعض مراقبات سے واضح ہوا ہے کہ حضرت مصنف علام کا یہ کارنامہ بارگاہ حضرت مجدد الف ثانی میں قبولیت پا چکا ہے کیونکہ یہ انہی کی روح مبارک کی مسلسل توجہ سے وجود میں آیا ہے۔

**پروفیسر سیّد محمد کبیر احمد مظہر نقشبندی مجددی توکلی**

سابق چیئرمین: شعبہ عربی زبان و ادب، پنجاب یونیورسٹی


بانی و چیئرمین: ذکریٰ فاؤنڈیشن ٹرسٹ (رجسٹرڈ) لاہور

نوریہ رضویہ پبلی کیشنز
لاہور

Marfat.com

حاضر ہُوا میں شیخ مجدّد کی لَحد پر
وہ خاک کہ ہے زیرِ فلک مطلعِ انوار

اس خاک کے ذرّوں سے ہیں شرمندہ ستارے
اس خاک میں پوشیدہ ہے وہ صاحبِ اسرار



# حضرت شارح مکتوبات رحمۃ اللہ علیہ کا عکس تحریر

اہل طریقت نے حیرت کے مختلف مفہوم بیان فرمائے ہیں

والحیرۃ بدیھۃ ترد علی قلوب العارفین عند
تاملھم وحضورھم وتفکرھم تحجبھم
عن التامل والفکرۃ (کتاب اللمع)

حیرت عارفین کے دلوں پر اچانک طاری ہونے والی کیفیت کا نام ہے
جو ان پر تامل، حضور اور غور وفکر کرنے کے وقت وارد
ہوتی ہے اور انہیں تامل، حضور اور غور وفکر سے
دور لے جاتی ہے

قال الواسطی رحمہ اللہ حیرۃ البدیھۃ اجل من سکون
التولی عن الحیرۃ

واسطی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں اچانک طاری ہونے والی حیرت، حیرت سے منہ
پھیر کر حاصل ہونے والے سکون سے کہیں بلند مرتبے والی ہے (اللمع)

Marfat.com

جملہ حقوق بحقِ ادارہ محفوظ

البینات

بار اول ......... جولائی 2010 ......... تعداد 1,100

ھدیہ ......................... 480 روپے

ناشر

تنظیم الاسلام پبلی کیشنز

مرکزی جامع مسجد نقشبندیہ 121-بی ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ

Tanzeem-ul-Islam Publications

121-B Model Town Gujranwala, Pakistan
*Ph # :* +92-55-3841160, 3731933 Mob: 0333-7371472
URL: www.tanzeem-ul-islam.org
*E-mail:* tanzeemulislam@yahoo.com
tanzeemulislam@hotmail.com

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا
تَحْمِلْ عَلَيْنَا اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا
رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا
وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ
الْكٰفِرِيْنَ

# رَبَّنَا

تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ
وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ

اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ

یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَی اللّٰهِ مِنْ جَمِیْعِ مَا کَرِهَ اللّٰهُ

سُبْحَانَهٗ قَوْلًا وَّفِعْلًا وَّخَاطِرًا وَّسَامِعًا وَّنَاظِرًا

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

◎

صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی حَبِیْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

Marfat.com

# اَلاِهداء

وارثِ کمالاتِ محمدیہ | حاملِ نسبتِ صدیقیہ
مہبطِ علومِ حیدریہ | امیرِ عساکرِ اسلامیہ
قیومِ الوقتِ والموجود | خلیفۃُ اللہ المعبود

# الامام المہدی الموعود رضی اللہ عنہ

کے حضورِ ناز میں بصد شوق و انکسار ارمغانِ نیاز

گر قبول اُفتد زہے عز و شرف

/

ابو البیان محمد سعید احمد مجددی

Marfat.com

بُرہانِ ولایتِ محمدیہ ؛ حُجتِ شریعتِ مُصطفویہ

کاشفِ اسرارِ سبع مثانی ؛ عالمِ علومِ مُقطعاتِ قرآنی

امامِ ربانی ، عارفِ حقانی ، قیومِ زمانی

شیخ الاسلام والمُسلمین ، آیۃ اللہ فی الارضین

# حضرت شیخ احمد فارُوقی

حنفی ، ماتُریدی ، نقشبندی ، سرہندی

المعروف بہ

# مجدّدِ الفِ ثانی

اُویسی ، رحمانی

؛

قُدّسَ سِرُّہُ السُّبحانی

Marfat.com

# فہرست


| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| پیش لفظ | ۲۶ |
| **مکتوب ۱۵۱** | ۲۹ |
| متن: یادداشت در طریقۂ حضرات خواجگان...... | ۳۳ |
| یادداشت حضور بلا غیبوبت سے عبارت ہے | ۳۴ |
| حجابات شیونی اور حجابات اعتباری | ۳۴ |
| یادداشت کے دوسرے نام | ۳۵ |
| مقام یادداشت نادر و نایاب ہے | ۳۵ |
| یادداشت اور حالت نوم میں فرق | ۳۵ |
| **مکتوب ۱۵۲** | ۳۷ |
| متن: قال اللّٰہ سبحانہٗ و تعالیٰ من یطع الرسول ..... | ۳۹ |
| اطاعت رسول ہی اطاعت خدا ہے | ۴۰ |
| اطاعت خدا و مصطفیٰ میں اختلاف کا قول کلمہ سکر یہ ہے | ۴۲ |
| خدا و مصطفیٰ کی بات ایک ہے ذات | |

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| ایک نہیں | ۴۲ |
| متن: در مقام کمال کہ مرتبۂ ولایت است...... | ۴۲ |
| مقام تکمیل میں محبت رسول علیٰ صاحبہا الصلوات غالب ہوتی ہے | ۴۳ |
| محبت رسول اصل ایمان ہے | ۴۳ |
| محبت رسول کی برکات | ۴۶ |
| محبت رسول علیٰ صاحبہا الصلوات کی علامات | ۴۸ |
| **مکتوب ۱۵۳** | ۵۳ |
| متن: اما خلاصی تام از رقیت اغیار...... | ۵۵ |
| احوال و مقامات مقاصد میں سے نہیں ہیں | ۵۶ |
| ایمان کی دو اقسام | ۵۶ |
| جملہ خلائق سے قلبی انقطاع کے بغیر فناء مطلق میسر نہیں ہو سکتی | ۵۷ |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| **مکتوب ۱۵۴** | ۵۹ |
| متن: اللهم لا تکلنا الی انفسنا طرفة عين …… | ۶۱ |
| مطلوب ماورائے آفاق وانفس ہے | ۶۲ |
| متن: مبادہ سادہ دلی ازینجا حلول یا اتحاد فہم کند …… | ۶۳ |
| اللہ تعالیٰ تقیدات سے منزہ ہے | ۶۳ |
| اذا تم الفقر فهو الله کا مفہوم | ۶۴ |
| **مکتوب ۱۵۵** | ۶۵ |
| متن: غرۂ ماہ جمادی الاول روز جمعہ بطواف …… | ۶۷ |
| آستانوں کی شرافت کا راز | ۶۸ |
| حضرت دھلی کہنے کی وجہ | ۶۸ |
| متن: چند روز اگر ارادۂ خداوندی …… | ۶۹ |
| وطن کی مختلف توجیہات | ۷۰ |
| متن: ففروا الی الله گفتہ دروے بوئے بگریزند …… | ۷۰ |
| ایک مقولہ کے تین مفہوم | ۷۱ |
| **مکتوب ۱۵۶** | ۷۳ |
| متن: الحمدللہ والمنة کہ محبت فقراء نقد وقت دارند …… | ۷۵ |
| صحبت صلحاء کی ترغیب | ۷۶ |
| **مکتوب ۱۵۷** | ۷۷ |
| متن: پیش این طائفہ خالی شدہ باید آمد …… | ۷۹ |
| اہل اللہ کے پاس عجز وانکسار سے حاضر ہونا چاہیے | ۸۰ |
| متن: (حضرت خواجہ نقشبند قدس اللہ تعالیٰ سرہٗ فرمودہ اند …… | ۸۰ |
| نیازمندی ہی قابل التفات ہوتی ہے | ۸۱ |
| متن: سعادت آثارا آنچہ بر ماوشما لازم است …… | ۸۱ |
| شریعت وطریقت کے ارکان اربعہ | ۸۲ |
| علم کی دو اقسام | ۸۴ |
| اہل سنت کے تین گروہ | ۸۵ |
| تقلید کی تعریف | ۸۷ |
| احکام شرعیہ کی اقسام ثلاثہ | ۸۸ |
| مذاہب اربعہ سے خروج باعث ضلالت ہے | ۹۱ |
| اختلاف صوفیاء کی حکمت | ۹۳ |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| **مکتوب ۱۵۸** | ۹۷ |
| متن:اعلم ان مراتب الکمال متفاوتة...... | ۱۰۱ |
| مشارب اولیاء کا بیان | ۱۰۱ |
| انبیاء کی مربی صفات اور سالکین کے عدمات متقابلہ کی باہمی مناسبت | ۱۰۲ |
| سالکین کے دقائق ومشارب کے علوم ومعارف اولیاء کاملین کو ملتے ہیں | ۱۰۳ |
| متن:وبعد حصول الکمال فی ای مرتبة...... | ۱۰۴ |
| اولیاء مرجوعین اور مستہلکین | ۱۰۴ |
| **مکتوب ۱۵۹** | ۱۰۷ |
| متن:جسم وروح گویا بردوطرف نقیض واقع شدہ اند...... | ۱۰۹ |
| جسم وروح ایک دوسرے کے نقیض ہیں | ۱۰۹ |
| متن:خاک شوخاک تا بروید گل | ۱۱۰ |
| حصول معرفت کے لئے عاجزی و مسکینی شرط ہے | ۱۱۱ |
| **مکتوب ۱۶۰** | ۱۱۳ |
| متن:مشائخ طریقت قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم سہ طائفہ اند...... | ۱۱۵ |
| مشائخ طریقت کے تین گروہ | ۱۱۶ |
| مشائخ وجودیہ اپنے کشف میں معذور ہیں | ۱۱۸ |
| طائفہ اولیٰ کے مشائخ کی فنا اتم ہے | ۱۱۸ |
| متن:اما طائفہ اولیٰ بواسطۂ کمال مناسبت...... | ۱۱۹ |
| مشائخ کے طبقہ اولیٰ کے احوال و کمالات کی ترجیحات | ۱۲۰ |
| طائفہ علیہ کے اولیاء ظاہر شریعت سے سرمو بھی مخالفت نہیں رکھتے | ۱۲۱ |
| **مکتوب ۱۶۱** | ۱۲۳ |
| متن:مقصود از طیّ منازل سلوک...... | ۱۲۵ |
| نفس مطمئنہ ہی بلندی درجات کا باعث ہے | ۱۲۶ |
| صاحب فناء قلب، ولی ہوسکتا ہے | ۱۲۷ |
| **مکتوب ۱۶۲** | ۱۲۷ |
| متن:شان کلام کہ از جملہ شیونات ذاتیہ است...... | ۱۲۹ |
| قرآن صفت کلام کا مظہر اور ماہ رمضان اس کا اثر ہے | ۱۲۹ |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| بینات | ۱۳۰ |
| شب قدر ماہ رمضان کا لب لباب ہے | ۱۳۲ |
| صفات زائدہ کی حکمتیں | ۱۳۳ |
| متن: ودر بودن آن تمرہ برکت آنست...... | ۱۳۵ |
| جسم انسانی اور شجرہ نخلہ کے درمیان باہمی مشابہت | ۱۳۶ |
| متن: آن غذا بتجویز شرعی واقع شود...... | ۱۳۷ |
| باطنی غذا عارفین کیلئے باعث نورانیت ہوتی ہے | ۱۳۸ |
| ہر ممکن کی دو جہتیں ہیں | ۱۳۹ |
| **مکتوب ۱۶۳** | ۱۴۱ |
| متن: حق سبحانہٗ وتعالیٰ حبیب خود راعلیہ التحیۃ والثناء می فرماید...... | ۱۴۳ |
| کفار کی رسوائی عزت اسلام کا باعث ہے | ۱۴۴ |
| کافر سے دوستی کی تین وجوہات | ۱۴۵ |
| متن: جزیہ از اہل کفر کہ در ہندوستان...... | ۱۵۰ |
| کفار سے اخذ جزیہ ان کی رسوائی ہے | ۱۵۰ |
| کفار کی اقسام اربعہ | ۱۵۱ |
| وصول جزیہ کی دو اقسام | ۱۵۴ |
| متن: چیزہا از ایشاں پرسیدن...... | ۱۵۵ |
| کفار کی دعا بے حاصل ہے | ۱۵۶ |
| کفار سے استعانت کے نقصانات | ۱۵۷ |
| متن: عزیزے فرمودہ است تا یکے ازشما...... | ۱۵۸ |
| دیوانگی حقیقت مسلمانی کی شرط ہے | ۱۵۹ |
| متنؒ: پس ناچار از استعمال ذہب و فضہ...... | ۱۶۰ |
| ریشمی ملبوسات اور سنہری مصنوعات کا حکم | ۱۶۰ |
| **مکتوب ۱۶۴** | ۱۶۵ |
| متن: فیض حق سبحانہٗ وتعالیٰ علی الدوام بر خاص وعام...... | ۱۶۷ |
| فیوضات الٰہیہ ہر خاص وعام پر وارد ہوتے ہیں | ۱۶۸ |
| اشیاء کی استعدادات حق تعالیٰ کی مخلوق ہیں | ۱۶۸ |
| استدراج بدنصیبی کی علامت ہے | ۱۶۹ |
| **مکتوب ۱۶۵** | ۱۷۱ |
| متن: میراث صوری آں سرور علیہ | |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات بعالم خلق تعلق دارد...... | ۱۷۳ |
| وراثت کی دو اقسام | ۱۷۴ |
| متن: علامت کمال محبت کمال بغض است...... | ۱۷۴ |
| کمال محبت کی علامت اعداء محبوب سے اظہار عداوت ہے | ۱۷۵ |
| متن: حصول دولت عظمیٰ متابعت موقوف بر ترک کلی دنیاوی نیست...... | ۱۷۵ |
| متابعت نبوی دنیا کی ترک کلی پر موقوف نہیں ہے | ۱۷۶ |
| ترک دنیا کی دو اقسام | ۱۷۷ |
| طریقت کا نصب العین تصفیۂ باطن، تزکیۂ نفس اور اصلاح معاشرہ ہے | ۱۷۸ |
| **مکتوب ۱۶۶** | ۱۷۹ |
| متن: فکر از الۂ مرض قلبی دریں فرصت یسیر...... | ۱۸۱ |
| روحانی امراض کا علاج ذکر کثیر ہے | ۱۸۲ |
| **مکتوب ۱۶۷** | ۱۸۳ |
| متن: بداں وآگاہ باش کہ پروردگار ماوشما...... | ۱۸۵ |
| حق تعالیٰ جسمی واسمی مشابہت سے منزہ ہے | ۱۸۶ |
| کمون وبروز کی تفصیلات | ۱۸۶ |
| اہل اللہ کی محبت ونیازمندی کفار کیلئے بھی حسن خاتمہ کا موجب ہوسکتی ہے | ۱۸۹ |
| متن: رام وکرشن ومانند آنہا کہ آلہۂ ہنود اند...... | ۱۹۰ |
| حق تعالیٰ مخلوق کے ساتھ ہر قسم کی مماثلت سے پاک ہے | ۱۹۱ |
| حق تعالیٰ کو معبودان باطلہ کے ناموں سے موسوم کرنا کفر صریح ہے | ۱۹۱ |
| متن: پیغمبران ما علیہم الصلوات والتسلیمات کہ قریب بیک لکھ...... | ۱۹۱ |
| انبیاء کرام کی تعداد متعین نہیں ہے | ۱۹۲ |
| **مکتوب ۱۶۸** | ۱۹۵ |
| متن: علو این طریقہ علیہ ورفعت طبقۂ نقشبندیہ بواسطۂ التزام سنت است | ۱۹۷ |
| طریقت نقشبندیہ ہر قسم کی بدعات سے پاک ہے | ۱۹۸ |
| ذکر کے مراتب ثلاثہ | ۲۰۰ |
| متن: نماز تہجد را بجمعیت تمام ادا می نمایند | ۲۰۴ |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| نماز تہجد کے فضائل | ۲۰۵ |
| نماز تہجد اہل اللہ کا شعار ہے | ۲۰۷ |
| متن: نسبت ایشاں فوق ہمہ نسبتہا | |
| آمدہ...... | ۲۰۸ |
| نسبت نقشبندیہ سب سے بلند تر ہے | ۲۰۸ |
| توجہات مشائخ نقشبندیہ عالم | |
| وجوب تک رسائی کا باعث ہیں | ۲۰۸ |
| نسبت نقشبندیہ کبریت احمر ہے | ۲۰۹ |
| متن: نماز تہجد را بایں وضع سیزدہ | |
| رکعت می انگارند | ۲۱۰ |
| **مکتوب ۱۶۹** | ۲۱۵ |
| متن: مخدوما مقصد اقصیٰ ومطلب | |
| اسنیٰ وصول بجناب قدس خداوندی | |
| است...... | ۲۱۷ |
| ذوات مقدسہ اور اعمال صالحہ حصول | |
| مطلوب کیلئے وسائط ہیں | ۲۱۸ |
| متن: درابتداء ودرتوسط مطلوب را...... | ۲۱۹ |
| شیخ سے عامیانہ گفتگو روحانی موت ہے | ۲۲۰ |
| **مکتوب ۱۷۰** | ۲۲۱ |
| متن: برادر ارشد آدمی راہم چنانکہ | |
| از امتثال اوامر حق جل وعلا...... | ۲۲۳ |

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| دین خیر خواہی کا نام ہے | ۲۲۴ |
| سالک تصفیہ وتزکیہ کے بعد نفسانی | |
| خواہشات سے پاک ہو جاتا ہے | ۲۲۵ |
| فقیری جبہ ودستار وغیرہا کا نام نہیں | ۲۲۵ |
| سالک حقوق العباد ادا کئے بغیر | |
| روحانی مدارج حاصل نہیں کر سکتا | ۲۲۶ |
| بندۂ مومن کو اپنا محاسبہ روزانہ کرنا | |
| چاہیے | ۲۲۶ |
| **مکتوب ۱۷۱** | ۲۲۷ |
| متن: رؤیت عیوب ومشاہدہ استیلاء | |
| ذنوب وخوف انتقام علام الغیوب...... | ۲۲۹ |
| سالکین کو فتنۂ ہجوم خلق سے بچنا | |
| چاہیے | ۲۳۰ |
| متن: وعدم اعتناء باحوال ومواجید | |
| خود...... | ۲۳۱ |
| احوال وکمالات لائق ناز نہیں ہوتے | ۲۳۲ |
| متن: طمعے درمال مرید وتوقع در | |
| منافع دنیوی...... | ۲۳۳ |
| مشائخ طریقت کیلئے زریں اصول | ۲۳۴ |
| **مکتوب ۱۷۲** | ۲۳۵ |
| متن: معلوم اخوی اعزی باد کہ | |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| شریعت راصورتے است...... | ۲۳۷ |
| شریعت کی دواقسام | ۲۳۸ |
| متن: بعدازاں اگر ترقی شود صورت و حقیقت ہر دو وداع خواہند نمود...... | ۲۳۹ |
| صورت شریعت کا منتہائے عروج ممکنات ہیں | ۲۳۹ |
| صفت حیات کا اجمالی تذکرہ | ۲۴۰ |
| حق تعالیٰ کمالات ثمانیہ کے حصول میں محتاج نہیں | ۲۴۱ |
| صفات اور شیونات میں فرق | ۲۴۲ |
| اعیان ثابتہ، صفات کے ظلال ہیں | ۲۴۲ |
| صفات اور ممکنات کے درمیان واسطہ عالم دنیا تک محدود ہے | ۲۴۲ |
| معرفت توحید بنیادی فرض ہے | ۲۴۳ |
| جس شیخ کی صحبت میں مال و دولت کی ہوس پیدا ہو، اس کی صحبت زہر قاتل ہے | ۲۴۳ |
| **مکتوب ۱۷۳** | ۲۴۵ |
| متن: بدانکہ کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ را دو مقام است...... | ۲۴۷ |
| ذات احدیت مجردہ ہی مطلوب حقیقی ہے | ۲۴۸ |
| توحید کا لغوی واصطلاحی معنی | ۲۴۹ |
| متن: رؤیت اخروی حق است...... | ۲۵۰ |
| رؤیت باری کے متعلق صوفیاء کے نظریات | ۲۵۱ |
| رؤیت باری تعالیٰ کے متعلق حضرت امام ربانی کا موقف | ۲۵۲ |
| رؤیت باری اور متکلمین اہل سنت | ۲۵۳ |
| **مکتوب ۱۷۴** | ۲۵۵ |
| متن: مکتوب مرغوب اخوی اعزی وصول یافت...... | ۲۵۷ |
| مشائخ نقشبندیہ بعد نما قرب کے خواہشمند ہوتے ہیں | ۲۵۸ |
| متن: ننگ دارند ازاں کہ در ملک خداوندی جل سلطانہ | ۲۵۸ |
| شرک کی تفصیلات | ۲۵۹ |
| اقسام شرک اور ان کی تفصیلات | ۲۶۱ |
| شرک کی رسومات کی تعظیم مستوجب کفر ہے | ۲۶۳ |
| ریا کار شرک سے پاک نہیں ہوسکتا | ۲۶۴ |
| امت محمدیہ کے شرک جلی میں مبتلا ہونے کا کوئی امکان نہیں | ۲۶۵ |

Marfat.com

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| متن: واقعہ کہ نوشتہ بودند ظہور جن بود...... | ۲۶۶ |
| کلمۂ تمجید...... باعث حصار ہے | ۲۶۷ |
| **مکتوب ۱۷۵** | ۲۶۹ |
| متن: بدانند کہ سالکان راچہ در بدایت...... | ۲۷۱ |
| ارباب تلوین کی اقسام ثلاثہ | ۲۷۲ |
| متن: معنی حدیث لی مع اللہ وقت کہ ازاں...... | ۲۷۴ |
| لی مع اللہ وقت کے مختلف مفاہیم | ۲۷۵ |
| **مکتوب ۱۷۶** | ۲۷۷ |
| متن: پس از محافظت اوقات خود چارہ نہ بود...... | ۲۷۹ |
| صاحب قلت کلام لائق صحبت ہوتا ہے | ۲۸۱ |
| نسبت نقشبندیہ میں اخفاء وسکوت کا غلبہ | ۲۸۱ |
| سالک کو اپنی نسبت خلط ملط نہیں کرنی چاہیے | ۲۸۲ |

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| اوقات کی حفاظت، طریقت کی ضرورت ہے | ۲۸۲ |
| **مکتوب ۱۷۷** | ۲۸۵ |
| متن: خواجہ جمال الدین حسین عنفوان شباب راغنیمت شمرند...... | ۲۸۷ |
| جوانی میں تین اہم امور کی ترغیب | ۲۸۸ |
| **مکتوب ۱۷۸** | ۲۸۹ |
| متن: مخدوما مکرما احسان در ہمہ جا محمود است...... | ۲۹۱ |
| ہمسایہ کی اقسام | ۲۹۳ |
| ہمسایہ کے حقوق | ۲۹۳ |
| حسن معاملات قرب خداوندی میں معاون ہوتے ہیں | ۲۹۴ |
| **مکتوب ۱۷۹** | ۲۹۵ |
| متن: موسم جوانی راغنیمت دانستہ...... | ۲۹۷ |
| علوم شرعیہ کی تحصیل وتکمیل | ۲۹۷ |
| داعیان حق کے قول وفعل کا تضاد باعث فتنہ ہے | ۲۹۸ |
| **مکتوب ۱۸۰** | ۲۹۹ |
| متن: مشیخت پناہی خواجہ خاوند محمود | |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| بایں حدود تشریف آوردہ بودند ... | ۳۰۱ |
| خواجہ محمد زاہد وخشی کا مختصر تعارف | ۳۰۲ |
| خواجہ درویش محمد کا مختصر تعارف | ۳۰۳ |
| غیرت نسبت کا تقاضا | ۳۰۵ |
| **مکتوب ۱۸۱** | ۳۰۷ |
| متن: درجواب گفتیم کہ ترتب یقین برقرب ست... | ۳۱۱ |
| کمال یقین کمال قرب پر مرتب ہوتا ہے | ۳۱۱ |
| قرب ویقین کا انحصار مقامات عشرہ پر ہے | ۳۱۲ |
| اولیاء کاملین ہمیشہ علماء کے روپ میں ہوتے ہیں | ۳۱۳ |
| متن: امابایددانست کہ صاحب رجوع | ۳۱۳ |
| نزولی مدارج میں اہل اللہ دلائل کے محتاج ہوتے ہیں | ۳۱۴ |
| **مکتوب ۱۸۲** | ۳۱۷ |
| متن: جمعے از درویشان نشستہ بودند...... | ۳۱۹ |
| وسوسہ وخطرات کمال ایمان کی علامت ہیں | ۳۲۰ |
| اہل ایمان کی اقسام ثلاثہ | ۳۲۱ |
| قلبی وسواس سے نجات کے طریقے | ۳۲۲ |
| **مکتوب ۱۸۳** | ۳۲۵ |
| متن: امیداست کہ تعلقات شتی | ۳۲۷ |
| سالک کیلئے دنیوی تعلقات کے نقصانات | ۳۲۷ |
| **مکتوب ۱۸۴** | ۳۲۹ |
| متن: اے فرزند آنچہ فردا بکار خواہد آمد... | ۳۳۱ |
| حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت ہی اصل کام ہے | ۳۳۲ |
| دوران سلوک احوال ومواجید شرط نہیں | ۳۳۲ |
| اتباع سنت ہی باعث قربت ہے | ۳۳۳ |
| متن: فعلیکم بمتابعتہ و ... | ۳۳۳ |
| مشائخ نقشبندیہ خلفاء راشدین کی متابعت کا خصوصی التزام کرتے ہیں | ۳۳۴ |
| اپنی نسبت کی حفاظت اہم ترین ہے | ۳۳۵ |
| **مکتوب ۱۸۵** | ۳۳۷ |
| متن: آنچہ برما وشما لازم است سلامتی | |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| قلب است ... | ۳۳۹ |
| قلب سلیم ہی باعث رحمت ہوتا ہے | ۳۳۹ |
| **مکتوب ۱۸۶** | ۳۴۱ |
| متن: گفتہ اند کہ بدعت بر دو نوع است ... | ۳۴۳ |
| بدعت کا لغوی و اصطلاحی معنی | ۳۴۵ |
| بدعت کی دو اقسام کا قول | ۳۴۶ |
| بدعت کی اقسام امام ربانی کی نظر میں | ۳۴۷ |
| تقسیم بدعت سے انکار کی توجیہات | ۳۴۹ |
| بدعت حسنہ ... رافع سنت ہے | ۳۵۲ |
| متن: در تکفین میت عمامہ را بدعت حسنہ گفتہ اند ... | ۳۵۶ |
| کفن میت میں عمامہ خلاف سنت ہے | ۳۵۷ |
| کفن مسنون | ۳۵۷ |
| بدعت رافع سنت ہے | ۳۵۹ |
| متن: ہم چنیں مشائخ ارسال فش را بجانب ... | ۳۵۹ |
| عمامے کا شملہ بائیں طرف رکھنا بدعت ہے | ۳۶۰ |
| متن: علماء در نیت نماز داشتہ اند ... | ۳۶۱ |
| حکم نیت کے متعلق اختلاف فقہاء | ۳۶۳ |
| لسانی نیت سنت سے ثابت نہیں | ۳۶۴ |
| لسانی نیت فقہاء کی نظر میں | ۳۶۵ |
| بینات | ۳۶۸ |
| لسانی نیت بعض مشائخ کی سنت ہے جو لائق اعتبار نہیں | ۳۶۸ |
| سالک کو اپنے شیخ کی نیت کے مطابق نیت کرنی چاہیے | ۳۶۹ |
| نیت کا راز | ۳۷۰ |
| متن: فعلیکم بالاقتصار علی متابعة سنة رسول الله صلی الله علیه وسلم ... | ۳۷۱ |
| طریقت نقشبندیہ کا انحصار سنت نبوی اور اقتداء صحابہ پر ہے | ۳۷۲ |
| سنت کی تین تعریفات | ۳۷۴ |
| تشریعی اعتبار سے سنت کی اقسام | ۳۷۵ |
| سنت قولیہ کی تشریعی حیثیت | ۳۷۶ |
| سنت فعلیہ اور اس کی تفصیلات | ۳۷۶ |
| سنت تقریریہ | ۳۸۱ |
| متن: اما القیاس والاجتهاد | |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| فلیس من البدعة فی شیئ | ۳۸۴ |
| قیاس کالغوی اور شرعی معنی | ۳۸۴ |
| حجیت قیاس اور اس کی تفصیلات | ۳۸۵ |
| خلاف شریعت قیاس مذموم اور ناقابل اعتبار ہے | ۳۹۰ |
| **مکتوب ۱۸۷** | ۳۹۱ |
| متن: بدانند کہ حصول رابطۂ شیخ مر مریدرا | ۳۹۳ |
| تصور شیخ کی اہمیت | ۳۹۳ |
| کلمہ طیبہ تصور شیخ کا بین ثبوت ہے | ۳۹۴ |
| **مکتوب ۱۸۸** | ۳۹۵ |
| متن: محبت آثار اختفائے بعضے از لطائف ..... | ۳۹۷ |
| عالم امر کے لطائف ثلاثہ، قلب کے ماتحت ہوتے ہیں | ۳۹۸ |
| متن: شخصے را کہ استعداد ش تا مرتبۂ قلب ..... | ۳۹۸ |
| صاحب تصرف شیخ، مرید کا مشرب تبدیل کرسکتا ہے | ۳۹۹ |
| متن: چوں ظاہر برنگ باطن متلون شود ..... | ۳۹۹ |

| مضامین | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| ظاہری اثرات اور باطنی برکات کا باہمی تعلق | ۴۰۰ |
| **مکتوب ۱۸۹** | ۴۰۱ |
| متن: مکتوب شریف فرزندے ارجمندے | ۴۰۳ |
| اہل اللہ کی محبت حصول برکات کی موجب ہے | ۴۰۴ |
| متن: اے فرزند بطراوت دنیائے دنی فریفتہ نشوی | ۴۰۴ |
| دنیوی امور فانی ہونے کی وجہ سے لائق اعتبار نہیں | ۴۰۴ |
| متن: باید کہ سبق باطن را ازاجل نعم | ۴۰۵ |
| سالکین طریقت کیلئے پانچ اہم نصیحتیں | ۴۰۶ |
| **مکتوب ۱۹۰** | ۴۰۹ |
| متن: دوام ذکر در طریقۂ حضرات خواجگان ..... | ۴۱۱ |
| دائمی ذکر صرف سلسلہ نقشبندیہ میں ہے | ۴۱۲ |
| طریقت نقشبندیہ کا طریقۂ ذکر | ۴۱۲ |
| متن: باید کہ متوجہ قلب صنوبری | ۴۱۶ |
| سلسلہ نقشبندیہ سبق کے اعتبار سے | |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| سب سے اعلیٰ ہے | ۴۱۷ |
| اسم اللہ کا ذکر بے کیف کرنا چاہیے | ۴۱۸ |
| اگر دوران ذکر بے تکلف صورت شیخ نمودار ہو جائے تو ... | ۴۱۹ |
| پیر کون ہے ...؟ | ۴۲۰ |
| اہل اللہ کے تبرکات باعث خیر و برکت ہیں | ۴۲۱ |
| خواب کی شرعی حیثیت | ۴۲۱ |
| واقعات | ۴۲۲ |
| منامات | ۴۲۳ |
| خواب کی اقسام | ۴۲۴ |
| خواب کے اعتبار سے انسانوں کے درجات | ۴۲۷ |
| **مکتوب ۱۹۱** | ۴۲۹ |
| متن: سعادت ابدی ونجات سرمدی مربوط ... | ۴۳۱ |
| متابعت انبیاء ہی باعث وصل ہے | ۴۳۲ |
| متن: کمال عنایت خداوندی جل سلطانہٗ آنست ... | ۴۳۳ |
| اسلام ایک آسان دین ہے | ۴۳۳ |
| **مکتوب ۱۹۲** | ۴۳۵ |
| متن: بدان ارشدک اللّٰہ تعالی لانسلم ارشدک ... | ۴۳۷ |
| حضرت امام ربانی قدس سرہٗ پر اعتراضات کے جوابات | ۴۳۸ |
| متن: جل دیگر آنکہ تجویز نمودہ اند ... | ۴۴۰ |
| جزوی فضیلت اور اس کی تفصیلات | ۴۴۱ |
| کوئی ولی کسی نبی رسول سے افضل نہیں | ۴۴۲ |
| حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی اور دیگر صوفیاء کا نظریۂ فضیلت | ۴۴۶ |
| **مکتوب ۱۹۳** | ۴۵۱ |
| متن: نخستین ضروریات بر ارباب تکلیف ... | ۴۵۳ |
| شریعت وطریقت میں عقیدہ بنیاد ہے | ۴۵۴ |
| متن: در مسئلہ از مسائل اعتقادیہ ضروریہ | ۴۵۶ |
| عقائد ضروریہ کی اہمیت | ۴۵۶ |
| متن: دریں وقت کشتن کافرلعین ... | ۴۵۷ |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| کفار کی رسوائی اہل اسلام کیلئے عزت کا موجب ہے | ۴۵۸ |
| کفار کیلئے دعائے ضرر جائز ہے | ۴۶۰ |
| **مکتوب ۱۹۴** | ۴۶۳ |
| متن: معلوم شریف است کہ در قرن سابق | ۴۶۵ |
| فتنۂ دین اکبری کے ذمہ دار علماء سو تھے | ۴۶۶ |
| **مکتوب ۱۹۵** | ۴۶۷ |
| متن: احسان سلاطین چونکہ نسبت بکافۂ خلائق | ۴۶۹ |
| فطرت انسانی کے مختلف انداز | ۴۷۰ |
| بادشاہ عوام کیلئے دل کی مانند ہے | ۴۷۰ |
| **مکتوب ۱۹۶** | ۴۷۱ |
| متن: ایں راہ کہ ما در صدد قطع آنیم | ۴۷۳ |
| راہ سلوک سات قدم ہے | ۴۷۳ |
| فنائیت لطائف کے ثمرات | ۴۷۴ |
| تجلی ذاتی کے دو معانی | ۴۷۵ |
| متن: ایں راہ دو خطوہ است | ۴۷۶ |
| راہ سلوک اجمالا دو قدم ہے | ۴۷۶ |
| فنائے اتم کی دو اقسام | ۴۷۷ |
| **مکتوب ۱۹۷** | ۴۷۹ |
| متن: سعادت مند کسے است کہ دلش از دنیا | ۴۸۱ |
| دنیا اور دنیا دار کی مذمت | ۴۸۱ |
| ترک دنیا کی حقیقت | ۴۸۳ |
| ترک دنیا ارباب جمعیت کی صحبت پر موقوف ہے | ۴۸۳ |
| **مکتوب ۱۹۸** | ۴۸۵ |
| متن: فتوحات مکیہ مفتاح فتوحات مدنیہ باد | ۴۸۷ |
| سکر یہ علوم ومعارف کے مطالعہ سے گریز کرنا چاہیے | ۴۸۷ |
| حضرت ابن عربی امام ربانی کی نظر میں | ۴۸۸ |
| متن: مخدوما فقراء را با غنیاء آشنائی کردن | ۴۸۸ |
| تواضع اور استغناء فقر کے لوازمات میں سے ہے | ۴۸۹ |
| **مکتوب ۱۹۹** | ۴۹۳ |
| متن: اظہار طلب وردے از اوراد | |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| نمودہ بودند ... | ۴۹۵ |
| تزکیہ نفس اور معرفت الٰہیہ اہل اللہ کی صحبت پر موقوف ہے۔ | ۴۹۶ |
| **مکتوب ۲۰۰** | ۴۹۷ |
| متن: ہر کہ از ایشاں باتمیز بود... | ۴۹۹ |
| شیخ کامل کے بغیر طی سلوک باعث ضلالت ہے | ۴۹۹ |
| صحبت پیر کامل کے آداب | ۵۰۰ |
| شیخ ناقص کی صحبت زہر قاتل ہے | ۵۰۰ |
| وصول الی اللہ کے ارکان ثلاثہ | ۵۰۱ |
| متن: مخدوما اکابر طریقۂ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم ... | ۵۰۱ |
| راہ نا مسلوک جذب کا راستہ ہے | ۵۰۲ |
| وصول الی اللہ کے دو راستے | ۵۰۲ |
| حضرت شاہ نقشبند علیہ الرحمہ کی دو دعائیں | ۵۰۲ |
| **مکتوب ۲۰۱** | ۵۰۵ |
| متن: ظاہراً آں شخص از روئے علم و سماع ... | ۵۰۷ |
| ایک سوال کا جواب | ۵۰۷ |
| **مکتوب ۲۰۲** | ۵۰۹ |
| متن: روزے نخنے از غیرت مشائخ نقشبندیہ ... | ۵۱۱ |
| مشائخ نقشبندیہ بہت غیور ہیں | ۵۱۲ |
| طریقت نقشبندیہ کا راندہ ہمیشہ محروم رہے گا | ۵۱۲ |
| سلسلہ نقشبندیہ میں اویسیت کا غلبہ ہے | ۵۱۳ |
| اپنے شیخ سے عقیدت میں فرق باعث گمراہی ہے | ۵۱۳ |
| متن: طریق ما طریق دعوت اسماء نیست ... | ۵۱۳ |
| طریقت نقشبندیہ کا امتیاز | ۵۱۴ |
| ذکر کے اعتبار سے صوفیاء کے طبقات | ۵۱۴ |
| زبدۃ الفقراء خواجہ محمد علی علیہ الرحمہ کا فرمان | ۵۱۵ |
| متن: اجماع سلف بر افضلیت حضرت صدیق ... | ۵۱۵ |
| افضلیت صدیق پر اہل سنت کا اجماع ہے | ۵۱۶ |
| علامات اہل سنت | ۵۲۲ |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| متن: عبارتیکہ مردم این تو ہم راز انجا | ۵۲۴ |
| تقلید مذموم باعث ہلاکت ہے | ۵۲۵ |
| **مکتوب ۲۰۳** | ۵۲۷ |
| متن: بحکم المرء مع من احبّ | ۵۲۹ |
| صحبت اولیاء کی برکات | ۵۲۹ |
| شقاوت کی دو قسمیں | ۵۳۰ |
| اہل اللہ کی محبت ذاتی مفادات سے پاک ہوتی ہے | ۵۳۰ |
| سالکین پر وارد ہونے والی تین کیفیات | ۵۳۱ |
| متن: اسم مبارک اللہ را بمعنی | ۵۳۲ |
| طریقت نقشبندیہ کا طریقہ ذکر | ۵۳۳ |
| ذکر اسم ذات اور ذکر ذات | ۵۳۴ |
| **مکتوب ۲۰۴** | ۵۳۵ |
| متن: از سخنان پریشان ارباب خسران | ۵۳۷ |
| اہل اللہ کو ابتلاء کے ذریعے آزمایا جاتا ہے | ۵۳۸ |

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| **مکتوب ۲۰۵** | ۵۳۹ |
| متن: شرفکم اللہ سبحانہٗ بکمال المتابعة | ۵۴۱ |
| مرتبۂ صدیقیت پر فائز ہونے کا راز | ۵۴۱ |
| **مکتوب ۲۰۶** | ۵۴۳ |
| متن: اے برادر آدمی را در دنیا از برائے طعامہائے چرب | ۵۴۵ |
| تخلیق انسانی کا مقصد | ۵۴۶ |
| اہل اللہ دنیوی شہرت سے ترساں رہتے ہیں | ۵۴۷ |
| متن: باید کہ بعد از تحلی و تزین باتیان | ۵۴۷ |
| اہل سنت کے موافق اعتقاد و اعمال ہی باعث نجات ہیں | ۵۴۸ |
| **مکتوب ۲۰۷** | ۵۴۹ |
| متن: آرے قرب ابدان را در قرب قلوب | ۵۵۱ |
| صحبت کی برکات | ۵۵۱ |
| صحابی کی تعریف | ۵۵۲ |
| امام اعظم تابعی ہیں | ۵۵۳ |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| **مکتوب ۲۰۸** | ۵۵۵ |
| متن: آن مقامات انبیاء علیہم الصلوات والبرکات ..... | ۵۵۷ |
| انبیاء کرام کے مبادیٔ فیوضات صفات الٰہیہ ہیں | ۵۵۸ |
| مقام استقرار مقام عروج سے بہت بلند ہے۔ | ۵۵۹ |
| **مکتوب ۲۰۹** | ۵۶۱ |
| متن: باید دانست کہ حقیقت شخصے عبارت از ... | ۵۶۳ |
| مقدمہ اول | ۵۶۴ |
| مبدأ تعین کی دو قسمیں | ۵۶۴ |
| مقدمہ دوم | ۵۶۵ |
| مقدمہ سوم | ۵۶۵ |
| مقدمہ چہارم | ۵۶۶ |
| مقدمہ پنجم | ۵۶۶ |
| مقدمہ ششم | ۵۶۷ |
| مقدمہ ہفتم | ۵۶۸ |
| متن: چوں شریعت خاتم الرسل علیہ و علیہم الصلوات ..... | ۵۶۸ |
| علماء راسخین ہی انبیاء کے نائب ہیں | ۵۶۹ |

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| حقیقت محمدیہ کی نیابت کے حقدار | ۵۷۰ |
| متن: بدانند کہ بعد از ہزار سال از ارتحال ..... | ۵۷۱ |
| ہزارۂ دوم کے اولیاء کی اکملیت | ۵۷۱ |
| متن: بالجملہ کمالات اولیائے این طبقہ ..... | ۵۷۲ |
| اولیاء آخرین اور کمالات صحابہ میں مماثلت | ۵۷۲ |
| متن: حقیقت کعبہ ربانی مسجود حقیقت محمدی گشت ..... | ۵۷۴ |
| حقیقت کعبہ اور حقیقت محمدی | ۵۷۵ |
| **مکتوب ۲۱۰** | ۵۷۶ |
| متن: مخدوما مکرما اشکال این حکایت ..... | ۵۸۱ |
| طی زمانی ..... طی مکانی | ۵۸۳ |
| متن: اوّلاً از درستی اعتقاد چارہ نبود ..... | ۵۸۴ |
| ایمان، اسلام اور احسان | ۵۸۵ |
| **مکتوب ۲۱۱** | ۵۸۷ |
| متن: از مقولہ مولوی علیہ الرحمہ پرسیدہ بودند | ۵۸۹ |
| مولانا روم علیہ الرحمہ کے ایک مقولہ | |


Marfat.com

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| کی وضاحت | ۵۹۰ |
| ذات حق تعالیٰ صورت سے منزہ ہے | ۵۹۰ |
| متن: اجازتیکہ بشما و دیگران کردہ شدہ است...... | ۵۹۱ |
| خلافت مقیدہ ... خلافت مطلقہ | ۵۹۲ |
| مرید کے مال میں طمع پیر کے لئے باعث ہلاکت ہے | ۵۹۲ |
| خلیفہ مطلق، مقام رضا سے شادکام ہوتا ہے | ۵۹۳ |
| **مکتوب ۲۱۲** | ۵۹۵ |
| متن: پرسیدہ بودند کہ پیر صاحب تصرف...... | ۵۹۷ |
| صاحب تصرف شیخ کا کمال | ۵۹۸ |
| متن: ایضاً پرسیدہ بودند کہ آن کدام مرتبہ است...... | ۵۹۹ |
| لطیفہ اخفیٰ دائرہ امکان میں داخل ہے | ۶۰۰ |
| متن: حضرت آدم را علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام | ۶۰۰ |
| ایک واقعہ کی تعبیر | ۶۰۱ |
| مصدر کے اعتبار سے علم کی اقسام | ۶۰۱ |

| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| تعبیر واقعات کے دو ذرائع | ۶۰۲ |
| خواب اور اس کے آداب | ۶۰۴ |
| **مکتوب ۲۱۳** | ۶۰۵ |
| متن: نقابت ونجابت دستگاہا خلاصہ مواعظ | ۶۰۷ |
| علماء راسخین سے تعلق رکھنے کی نصیحت | ۶۰۷ |
| متن: اگر معلوم شود کہ شخصے برابر دانہ خرد | ۶۰۹ |
| جادۂ اہل سنت سے ہٹنا سراسر گمراہی ہے | ۶۰۹ |
| **مکتوب ۲۱۴** | ۶۱۱ |
| متن: حضرت حق سبحانہٗ دنیا را مزرعۂ آخرت گردانیدہ | ۶۱۳ |
| دنیا آخرت کی کھیتی ہے | ۶۱۴ |
| متن: اگر پرسند کہ تضاعف اجر در حسنات است | ۶۱۵ |
| عقل قرباں کن بہ پیش مصطفےٰ | ۶۱۶ |
| **مکتوب ۲۱۵** | ۶۱۹ |
| متن: اے فرزند ارباب دنیا واصحاب غنا | ۶۲۱ |
| دنیا اور اہل دنیا کی مذمت | ۶۲۲ |


Marfat.com

# پیش لفظ

اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرتِ کاملہ اور حکمتِ بالغہ کے ساتھ انسان کو اجزائے مختلفہ سے مرکب فرما کر وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ کی خلعتِ کرامت سے نوازا اور اسے اپنی صفت علم کا مظہر بنا کر اظہارِ بیان کے لئے قوتِ گویائی اور قلم و قرطاس عطا فرما دیا تاکہ وہ اپنی علمی صلاحیتوں اور تدریسی قابلیتوں کے ذریعے رشد و ہدایت اور تعلیم و دعوت کا فریضہ سرانجام دے سکے۔ تب سے حضرت انسان نے کبھی زبان و بیان کے ذریعے تبلیغ و تدریس کے فرائض ادا کئے اور کبھی قلم و قرطاس کے ذریعے بھٹکی ہوئی انسانیت کو راہِ ہدایت پر گامزن کیا یوں وہ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ اور عَلَّمَ بِالْقَلَمِ کا مظہرِ اتم قرار پایا۔

وعظ و بیان کے ذریعے لٹائے ہوئے لؤلوئے لالہ کو ملفوظات کہا جاتا ہے اور بذریعہ قلم صفحۂ قرطاس پر بکھیرے ہوئے علمی جواہر پاروں کو مکتوبات کہتے ہیں۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے بذریعہ مکتوب ہی ملکۂ بلقیس کو دعوت توحید دی تھی اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی غیر مسلم شاہانِ وقت کو بذریعہ مکتوبات دین اسلام کا پیغام پہنچایا۔

عالم اسلام میں بالعموم اور برصغیر میں بالخصوص علمائے راسخین اور صوفیائے کاملین کے ملفوظات و مکتوبات ملتے ہیں۔ مگر ان میں مکتوبات امام ربانی کو ایک منفرد

Marfat.com

اور ممتاز مقام حاصل ہے۔ جن میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز نے شریعت و طریقت کا لب لباب بیان فرمادیا ہے اور ان کے مطالعہ کی آپ نے خود تاکید فرمائی۔ ''مطالعہ مکتوبات را لازم گیرند'' بنابریں آپ کے خلفا، وتلامذہ، صاحبزادگان اور نبیرگان نے مکتوبات شریفہ کی تدریس وتعلیم کا باقاعدہ اہتمام فرمایا۔ حضرات مجددیہ کے اسی طریقہ مبارکہ کو جاری رکھتے ہوئے ہمارے آقائے ولی نعمت، سراج العارفین حضرت ابوالبیان قدس سرہُ العزیز نے بھی مکتوبات قدسیہ کے فہم وتفہیم اور تدریس و تعلیم کا التزام فرمایا۔ آپ علم کلام اور طریقت کی ادق اصطلاحات کو ایسی مہارتِ تامہ اور ملکہ راسخہ کے ساتھ حل فرماتے کہ سامعین کے قلب ونظر میں ان کے مفاہیم و مطالب کو جاگزیں کردیتے اور روحانی مقامات کے احوال و کیفیات کو تصرفات باطنیہ کے ذریعے حاضرین پر وارد وطاری فرمادیتے۔ تاہم البینات شرح مکتوبات میں آپ کا اسلوبِ بیان اور اندازِ تحریر نہایت ہی عالمانہ اور فاضلانہ ہے جسے علماء و صوفیاء ہی سمجھ سکتے ہیں۔ عامۃ الناس میں سے اگر کوئی ان علوم ومعارف کو سمجھنا چاہے تو اسے کسی عالم دین کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کر کے سبقاً پڑھنا چاہیے۔

اس سے قبل ۱۵۰ مکتوبات شریفہ پر مشتمل البینات کی تین جلدیں علماء و صوفیاء سے داد وتحسین حاصل کرچکی ہیں اب البینات کی چوتھی جلد پوری آب وتاب اور شان وشوکت سے آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

''جلد چہارم'' بھی آپ کے بیان فرمودہ دروسِ مکتوبات کا مجموعہ ہے جنہیں صفحۂ قرطاس پر منتقل ومدوّن کر کے کتابی صورت میں پیش کیا جارہا ہے۔ ابوالبیان ریسرچ انسٹیٹیوٹ اور تنظیم الاسلام گرافکس کے اراکین واحباب کی یہ کاوش قابلِ تحسین ہے۔

Marfat.com

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں دارین کی سعادتوں سے نوازے اور وفاداری بشرطِ استواری کے سنہری اصول کے مطابق اس تبلیغی وروحانی مشن کی بیش از بیش خدمت کی توفیق مرحمت فرمائے۔

قارئین کرام سے التماس ہے کہ دورانِ مطالعہ اگر کوئی فروگذاشت پائیں تو مطلع فرما کر عنداللہ ماجور اور عندالناس مشکور ہوں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح کردی جائے۔

اِنْ اُرِیْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ

صاحبزادہ محمد رفیق احمد مجددی

سجادہ نشین درگاہ حضرت ابوالبیان رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۵۱

مکتوب الیہ

## حضرت شیخ مِیر مؤمن بلخی رحمۃ اللہ علیہ

موضوعات

یادداشت حضور بلا غیبوبت سے عبارت ہے

حجاباتِ شیونی اور حجاباتِ اعتباری

Marfat.com

## مکتوب الیہ

یہ مکتوب گرامی حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز نے سیادت مآب ارشاد پناہ حضرت شیخ میر مؤمن بلخی رحمۃ اللہ علیہ کی طرف صادر فرمایا جو ماوراء النہر کے اکابر مشائخ میں سے تھے۔ آپ نے وہاں کے علمائے کرام اور مشائخ عظام کے ظاہری اور باطنی فیوض و برکات کا تذکرہ بڑے احسن پیرائے میں بیان فرمایا ہے۔ حضرت شیخ مؤمن بلخی کا ایک مرید (شیخ ابوالمکارم صوفی) حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز کے دست حق پرست پر توبہ وانابت اور سلوک طے کرنے کی غرض سے جب سرہند شریف حاضر ہوا تو اس نے اپنے شیخ اور نجابت پناہ سید میرک شاہ، علامۃ الوریٰ مولانا حسن القبادانی اور ناصر الشریعۃ قاضی تولک رحمۃ اللہ علیہم کے سلام پہنچانے کے بعد عرض کی کہ میرے شیخ نے مجھے ارشاد فرمایا تھا کہ میں ان کی طرف سے نیابتاً آپ سے بیعت کروں کیونکہ وہ بڑھاپے (کبرسنی) اور بُعد مسافت کی وجہ سے حاضر خدمت نہیں ہو سکتے ورنہ انہوں نے یہ کہا تھا کہ میں بذات خود آپ کی خدمت وصحبت میں حاضر ہوتا اور بقیہ ساری عمر آپ کی خدمت عالیہ میں گذار دیتا اور آپ کے بیشمار فیوض و برکات اور انوار

Marfat.com

## مکتوب الیہ

واحوال سے اقتباس کرتا۔ان موانعات کی بنا پر میں امیدوار ہوں کہ اس ظاہراً جدا اور باطناً حاضر کو بھی اپنے مخلص حاضرین میں شمار فرما کر غائبانہ توجہات قدسیہ اور انوار لطیفہ سے اس کے احوال پر ملتفت ومتوجہ رہیں گے۔

واپسی پر لوٹتے وقت اس مرید کی درخواست پر حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے زیر نظر مکتوب اور مکتوب ۹۹ دفتر سوم ارسال فرمائے چنانچہ منقول ہے کہ جب حضرت میر مؤمن رحمۃ اللہ علیہ نے ان ارسال فرمودہ مکاتیب شریفہ کا مطالعہ فرمایا تو شیخ کھڑے ہو گئے اور کمال درجہ کی خوشی وسرور میں رقص کرنے لگے اور فرمانے لگے کہ" اگر سلطان العارفین (حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ ) اور سید الطائفہ (حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ ) وغیرہما اس وقت بقید حیات ہوتے تو وہ بھی ان (حضرت امام ربانی قدس سرہ ) کی خدمت میں حاضر ہوتے۔

مکتوبات شریفہ میں حضرت شیخ کے نام دو مکتوب ملتے ہیں مکتوب ۱۵۱ دفتر اول، مکتوب ۹۹ دفتر سوم (ماخوذ از حضرت مجدد الف ثانی)

Marfat.com

# مکتوب ۔ ۱۵۱

**متن** یادداشت درطریقۂ حضرات خواجگان قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم عبارت از حضور بی غیبت است یعنی دوام حضور حضرت ذات تعالیٰ وتقدس بی تخلل حجب شیونی واعتباراتی

**ترجمہ:** یادداشت حضرات خواجگان قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے طریقہ میں حضور بے غیبت سے عبارت ہے یعنی شیونی اور اعتباراتی حجابات کے درمیان میں حائل ہوئے بغیر حضرت ذات تعالیٰ وتقدس کے دائمی حضور کو یادداشت کہتے ہیں۔

## شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز مشائخ نقشبندیہ کی معروف اصطلاح یادداشت کا تذکرہ فرمارہے ہیں۔ غالباً یہ وہی مکتوب ہے جسے ملاحظہ فرماکر ماوراء النہر کے عظیم روحانی پیشوا حضرت شیخ میر مؤمن بلخی رحمۃ اللہ علیہ رقص کناں اور آپ کی شان میں رطب اللساں ہوگئے۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں یادداشت اور حجابات شیونی اور حجابات اعتباری کی قدرے تفصیلات وتعریفات

Marfat.com

بیان کردی جائیں تا کہ فہم مکتوب میں سہولت رہے۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق

## یادداشت

یادداشت یہ ہے کہ عارف کے قلب پر استیلائے شہود حق بتوسط حب ذاتی ہو جائے اور وہ ہر حال میں بسبیل ذوق ذات کے ساتھ محو اور متوجہ رہے۔ یہ مقام مرتبہء حقیقت کے ساتھ تعلق رکھتا ہے جس میں حجابات شیونی اور حجابات اعتباری مرتفع ہو جاتے ہیں جہاں پہنچ کر عارفین کو کمال توحید عیانی اور وصل عریانی کا مقام حاصل ہوتا ہے اور وہ تجلی ذاتی دائمی سے شادکام ہوتے ہیں۔ یہ وہی مقام ہے جس پر منتہی سالکین فائز المرام ہوتے ہیں جو فنائے اتم اور بقائے اکمل کے بعد حاصل ہوتا ہے۔
بقول شاعر

یادداشت حاصل شود بعد از فنا
بلکہ حاصل می شود بعد از بقا

## حجابات شیونی اور حجابات اعتباری

### حجاب

ہر وہ چیز جو بندے کو حق تعالیٰ سبحانہ سے غافل اور دور کر دے حجاب کہلاتی ہے یعنی جملہ اشیاء اور جمیع خیالاتِ ماسویٰ حجابات ہیں۔
حجابات شیونی: ظلال شیونات کو حجابات شیونیہ کہا جاتا ہے۔
حجابات اعتباریہ: ظلال اعتبارات کو اعتباری حجابات کہا جاتا ہے۔

Marfat.com

## بینہ نمبر ۱:

واضح رہے کہ اکابر سلسلہ نقشبندیہ رحمۃ اللہ علیہم کے نزدیک یادداشت کو نسبت حضور وآگاہی، حضور ذاتی دائمی، دوام حضور مع اللہ بلا غیبوبیت بھی کہا جاتا ہے۔

## بینہ نمبر ۲:

یہ ذہن نشین رہے کہ ولایت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کے مرتبے میں عارفین کو یادداشت کا مقام حاصل ہوجاتا ہے اس لئے اگر کوئی سالک یہ مقام حاصل کرنا چاہتا ہے تو اس پر لازم ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کامل محبت ومتابعت اختیار کرے اور سنت وشریعت کی پابندی کا خوب اہتمام کرے کیونکہ یہ مقام عزیز الوجود اور نادر ونایاب ہے۔

## بینہ نمبر ۳:

یہ امر بھی واضح رہے کہ یادداشت اور حالت نیند (جو سراسر غفلت ہے) کے درمیان اہل طریقت نے یوں تطبیق بیان فرمائی ہے کہ

عامۃ الناس سراپا غفلت ہوتے ہیں کیونکہ ان کا باطن، ان کے ظاہر سے تفریق یافتہ نہیں ہوتا اس لئے ان کی غفلت ظاہری، غفلت باطنی کا باعث ہوتی ہے جبکہ کاملین کا باطن، ان کے ظاہر سے تفریق یافتہ اور گستہ (جدا) ہوتا ہے بنابریں ان کی غفلت ظاہری ان کے باطن میں سرایت نہیں کرتی۔ عروۃ الوثقیٰ حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی قدس سرہُ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ بعض اوقات حضورِ خواب، حضورِ بیداری سے زیادہ ہوتا ہے کیونکہ محبوبوں اور معشوقوں کی عادت ہوتی ہے کہ وہ

Marfat.com

جب عاشق ومحبّ کو اپنی طرف متوجہ دیکھتے ہیں تو کنارہ کشی کرتے ہیں اور جب عاشق کو غافل پاتے ہیں تو اپنے آپ کو نمایاں کرتے ہیں بقول شاعر

پری رو تابِ مہجوری ندارد
چو در بندی ز گلگین سر بر آرد

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۵۲

مکتوب الیہ

سیادت پناہ حضرت **شیخ فرید بخاری** رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

اطاعت رسول ہی اطاعتِ خدا ہے

مقامِ تکمیل میں محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم غالب ہوتی ہے

محبتِ رسول اصلِ ایمان ہے

محبتِ رسول کی علامات

Marfat.com

# مکتوب ۱۵۲

**متن** قَالَ اللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ مَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰہَ حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ اطاعت رسول را عین اطاعت خود فرمود پس اطاعت خدائی عزوجل کہ در غیر اطاعت رسول باشد اطاعت او نیست سبحانہ واز برائی تاکید وتحقیق این معنی کلمۂ قد آورد تا بوالہوسی درمیان این دو اطاعت جدائی پیدا نکند ویکی را بر دیگری نگزیند

ترجمہ: اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا جس نے رسول کی اطاعت کی تو یقیناً اس نے اللہ کی اطاعت کی[1]۔ یہاں حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ نے اطاعت رسول علیٰ صاحبہا الصلوات کو عین اپنی اطاعت فرمایا لہٰذا خدائے عزوجل کی وہ اطاعت جو اطاعت رسول کے بغیر ہو اس سبحانہ کی اطاعت نہیں ہے اور اس معنی کی تاکید اور تحقیق

[1] النساء۴: ۸۰

Marfat.com

کے لئے کلمہ ''قد'' لایا گیا تا کہ کوئی احمق ان دو اطاعتوں کے درمیان تفریق پیدا نہ کرے اور ایک کو دوسرے پر ترجیح نہ دے۔

# شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز آیت کریمہ کی روشنی میں اس موقف کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت ہی حق تعالیٰ سبحانہ کی اطاعت ہے اور ان کی اطاعت اللہ تعالیٰ کے اذن سے ہی کی جاتی ہے جیسا کہ آیہ کریمہ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ [1] سے عیاں ہے اور حق تعالیٰ سبحانہ اور رسل عظام علیہم الصلوات کے درمیان تفریق کرنا کفر ہے جیسا کہ آیات کریمہ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ [2] اور اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا [3] سے واضح ہے۔

درحقیقت اطاعت نبوی اور سنت مصطفوی علیٰ صاحبہا الصلوات کفارۂ سیئات اور محبت خدا کا موجب ہے۔ اسی کی بدولت بندۂ مومن، نزول رحمت اور دخول جنت کا حقدار بنتا ہے۔ اسی کی وساطت سے انسان کو ظاہری و باطنی برکات اور صوری و معنوی کمالات حاصل ہوتے ہیں۔ اطاعت نبوی کی بناء پر بندۂ مومن کو انبیاء و اصدقاء اور شہداء و صلحاء کی معیت نصیب ہوتی ہے۔ اطاعت رسول ہی بندۂ مومن کے لئے حریم قدس تک رسائی کا واحد ذریعہ اور ابواب غیب کے وا ہونے کا وسیلہ ہے جیسا کہ حضرت علامہ بیضاوی وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ ...... الخ [4] کی تفسیر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں

يَصِلُوْنَ بِسُلُوْكِهٖ جَنَابَ الْقُدُسِ وَيُفْتَحُ اَبْوَابُ الْغَيْبِ قَالَ

---

[1] النساء ۴: ۶۴ [2] النساء ۴: ۱۵۰ [3] النساء ۴: ۱۵۱ [4] النساء ۴: ۶۹

Marfat.com

النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَمِلَ بِمَا عَلِمَ وَرَّثَهُ اللّٰهُ عِلْمَ مَا لَمْ يَعْلَمْ[1] یعنی اطاعت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات کی بدولت ہی علمائے راسخین اور عرفائے کاملین کو حریم قدس جل سلطانہ تک رسائی نصیب ہوتی ہے اور ان پر غیب کے دروازے کھلتے ہیں کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے جب بندۂ مومن اپنے علم کے مطابق عمل کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے وہ علوم و معارف عطا فرماتا ہے جن کو وہ نہیں جانتا۔

عمدۃ المفسرین حضرت علامہ اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ بندۂ مومن کو اطاعت نبوی اور سنت مصطفوی علیٰ صاحبہا الصلوات کی بدولت چار نعمتوں سے نوازا جاتا ہے۔ جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات ہے

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَفِظَ سُنَّتِیْ اَكْرَمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى بِاَرْبَعِ خِصَالٍ اَلْمُحَبَّةُ فِیْ قُلُوْبِ الْبَرَرَةِ وَالْهَیْبَةُ فِیْ قُلُوْبِ الْفَجَرَةِ وَالسَّعَةُ فِی الرِّزْقِ وَالثِّقَةُ فِی الدِّیْنِ[2]

۱..... صالحین کے قلوب میں اس کی محبت پیدا کر دی جاتی ہے۔

۲..... فاسقین کے دلوں میں اس کی ہیبت ڈال دی جاتی ہے۔

۳..... اس کے رزق میں وسعت و برکت پیدا کر دی جاتی ہے۔

۴..... اسے دین متین کی فقاہت عطا کر دی جاتی ہے۔

حضرت خواجہ حکیم سنائی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ نے اطاعت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات کی ترغیب و تشویق دلاتے ہوئے کیا خوب فرمایا

گردِ نعلِ اسپ سلطانِ شریعت سرمہ کن
تا بود نور الٰہی با دو چشمت مقترن

---

[1] مرقاۃ: ۸/۴۰۹، الدر المنثور: ۳/۲۶۰ [2] روح البیان: ۳/۸

Marfat.com

مژہ در چشم سنائی چوں سنانے باد تیز
گر سنائی زندگی خواہد زمانے بے سنن

**بینہ نمبرا:**

واضح رہے کہ جن صوفیائے کرام کے اقوال میں اطاعت خدا اور اطاعت رسول علیٰ صاحبہا الصلوات میں اختلاف وتفریق ملتی ہے، یہ ان کا بیان حال ہے بیان عقیدہ نہیں۔ اس لئے اس قسم کے اقوال کو غلبہ حال اور سکر وقت کا ثمرہ جاننا چاہئے۔ السکاریٰ معذورون ولکن لا یقلدون "مستقیم الاحوال" اکابرین کے ہاں اس قسم کے اختلافی اقوال سے توبہ واجتناب لازم ہے۔

**بینہ نمبر۲:**

یہ امر ذہن نشین رہے کہ کتاب وسنت کی روشنی میں علمائے اہلسنت کا یہ موقف ہے کہ حق تعالیٰ اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت وبات ایک ہے......ان کی ذوات ایک نہیں۔

**متن** درمقام کمال کہ مرتبۂ ولایت است محبت حق سبحانہٗ غالب است و درمقام تکمیل کہ نصیبی از مقام نبوت است محبت رسول غالب

Marfat.com

**ترجمہ:** مقام کمال جو مرتبۂ ولایت ہے، میں حق سبحانہٗ کی محبت غالب ہوتی ہے اور مقام تکمیل میں جو مقام نبوت کا ایک حصہ ہے محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم غالب ہوتی ہے۔

# شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ سالکین طریقت پر عروجی منازل میں محبت خدا کا غلبہ ہوتا ہے کیونکہ وہ نسیانِ ماسویٰ کا مرتبہ ہے جبکہ نزولی مدارج میں عارفین پر محبت رسول علیٰ صاحبہا الصلوات کا غلبہ ہوتا ہے کیونکہ وہ خلافت نبوت اور نیابت رسالت کا مرتبہ ہے۔

اقبال مرحوم نے اس مفہوم کو یوں منظوم فرمایا

معنی حرفم کنی تحقیق اگر بنگری با دیدۂ صدیق اگر
قوتِ قلب و جگر گردد نبی از خدا محبوب تر گردد نبی

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں محبت رسول علی صاحبہا الصلوات اور اس کی علامات کے متعلق قدرے تفصیلات بیان کر دی جائیں تاکہ فہم مکتوب میں سہولت رہے۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق

## محبت رسول اصل ایمان ہے

محبت رسول علیٰ صاحبہا الصلوات عنداللہ محبوب اور عندالشرع مطلوب ہے۔ کیونکہ محبت رسول ہی بندۂ مومن کو اپنے نبی کا اطاعت شعار اور وفادار بناتی ہے اور اسی میں امت کا وقار اور ملت کی بہار ہے۔ اسی کی بدولت بندۂ مومن فیضان نبوت اور کمالات ولایت سے سرشار ہوتا ہے۔ بنابریں محبت رسول ہی دین اسلام کی اولین

Marfat.com

شرط، ایمان کی جان اور کتاب وسنت کا لب لباب ہے۔ حفیظ جالندھری مرحوم نے خوب کہا

محمد کی محبت دین حق کی شرط اول ہے
اسی میں ہو اگر خامی تو سب کچھ نامکمل ہے
محمد کی محبت آنِ ملت ، شانِ ملت ہے
محمد کی محبت روحِ ملت ، جانِ ملت ہے

اقبال مرحوم نے اس مفہوم کو یوں بیان کیا ہے

مغزِ قرآں ، روحِ ایماں ، جانِ دین
ہست حبِ رحمۃ للعالمین

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے محبت رسول کی اہمیت وافادیت کو واضح کرتے ہوئے یوں ارشاد فرمایا لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْهِ مِنْ وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ [1]

یعنی تم میں کوئی شخص اس وقت تک کامل الایمان نہیں ہوسکتا جب تک کہ میری ذات اسے والدین، اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو۔

اس ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات میں ایمان اختیاری مراد ہے کیونکہ شریعت مطہرہ نے اسی کا بندۂ مومن کو مکلّف بنایا ہے۔

حفیظ جالندھری مرحوم نے اس حدیث کا مفہوم یوں منظوم کیا

محمد ہے متاعِ عالمِ ایجاد سے پیارا
پدر ، مادر ، برادر ، مال ، جان ، اولاد سے پیارا

---

[1] صحیح بخاری، رقم الحدیث: ۱۳، ۱۴ صحیح مسلم، رقم الحدیث ۶۳

Marfat.com

محمد کی محبت خون کے رشتوں سے بالا ہے
یہ رشتہ دنیوی قانون کے رشتوں سے بالا ہے

۞......ایک روایت میں سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے ایک مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا

لَاَنْتَ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ اِلَّا نَفْسِیَ الَّتِیْ بَیْنَ جَنْبِیْ فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَنْ یُّؤْمِنَ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْهِ مِنْ نَفْسِهٖ فَقَالَ عُمَرُ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلَیْکَ الْکِتَابَ لَاَنْتَ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ نَفْسِیَ الَّتِیْ بَیْنَ جَنْبِیْ فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْاٰنَ یَا عُمَرُ [1]

یعنی آپ مجھے ہر شے سے زیادہ محبوب ہیں بجز میری جان کے جو میرے دونوں پہلوؤں کے درمیان ہے۔ اس پر نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ارشاد فرمایا! تم میں اس وقت تک کوئی شخص کامل الایمان نہیں ہوسکتا جب تک کہ میں اسکی جان سے زیادہ محبوب نہ ہوں تو سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا قسم ہے اس ذات جل سلطانہٗ کی جس نے آپ پر کتاب مقدس نازل فرمائی آپ مجھے میری اس جان سے بھی زیادہ محبوب ہیں جو میرے دونوں پہلوؤں کے درمیان ہے۔ یہ سماعت فرما کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ارشاد فرمایا اے عمر اب تمہارا ایمان کامل ہوا ہے۔

۞......شیخ محقق حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی قادری نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک حدیث یوں نقل فرمائی ہے اردو ترجمہ ملاحظہ ہو

ایک مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے دریافت فرمایا کیا حال ہے آپ صرف ہمیں ہی دوست رکھتے ہو یا ہمارے علاوہ کسی اور کو بھی اس دوستی میں شریک ٹھہراتے ہو؟ انہوں نے عرض کیا یہ محبت مشترک

[1] بخاری رقم الحدیث: ۶۱۴۲ ، مسند احمد: ۱۷۳۵۵

Marfat.com

ہے مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی محبت ہے اور اپنی ذات، اولاد اور مال ومتاع سے بھی دوستی ہے؟...... اس پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے سینہ پر اپنا دست مبارک مارا اور روحانی تصرف (توجہ) فرمایا پھر فرمایا...... اب کیا حال ہے اب اپنے آپ کو کس کیفیت میں پاتے ہو؟...... عرض کیا اب اہل وعیال اور مال کی محبت قلب سے رخصت ہوگئی ہے لیکن اپنی ذات سے محبت اب بھی باقی ہے۔

دوسری مرتبہ پھر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست اقدس سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے سینہ مبارک پر مارا پھر استفسار فرمایا اب کیا کیفیت ہے؟...... انہوں نے عرض کیا اب سوائے آپ صلی اللہ علیک وسلم کی محبت کے ہر قسم کی محبت میرے قلب سے ختم ہوگئی ہے۔

بقول شاعر

عمرم ہمہ صرف در وفایت بادا
جان و دل و دین من فدایت بادا
محبوب من از جان و دل و عمر توئی
ہر چیز من خستہ برایت بادا

یعنی میری ساری عمر تیرے ساتھ وفاداری میں صرف ہوجائے، میری جان اور میرا قلب و دین تجھ پر فدا ہوجائیں۔ جان و دل اور عمر سب سے زیادہ تو ہی میرا محبوب ہے، مجھ خستہ حال کی ہر چیز تیرے لئے ہی ہو......[1]

## محبت رسول کی برکات

ایک روایت میں حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

---

[1] اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ کتاب الایمان فصل اول

Marfat.com

اَنَّهٗ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ مَتٰی قِیَامُ السَّاعَۃِ فَقَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَی الصَّلٰوۃِ فَلَمَّا قَضٰی صَلٰوتَہٗ قَالَ اَیْنَ السَّائِلُ عَنْ قِیَامِ السَّاعَۃِ فَقَالَ الرَّجُلُ اَنَا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ مَا اَعْدَدْتَّ لَھَا قَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ مَاعَدَدْتُّ لَھَا کَثِیْرَۃَ صَلٰوۃٍ وَلَاصَوْمٍ اِلَّا اَنِّیْ اُحِبُّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ..... وَفِیْ رِوَایَۃٍ لَاشَیْءَ اِلَّا اِنِّیْ اُحِبُّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ وَاَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ [1]

یعنی ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور پوچھا یارسول اللہ قیامت کب آئے گی؟..... تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ادائے نماز کے لئے اٹھ کر تشریف لے گئے۔ جب آپ نے نماز ادا فرمالی تو ارشاد فرمایا قیام قیامت کی بابت دریافت کرنے والا سائل کہاں ہے؟..... اس شخص نے عرض کیا یارسول اللہ میں حاضر ہوں۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایاتم نے قیامت کے لئے کیا تیاری کی ہے؟ اس نے عرض کیا یا رسول اللہ میں نے اس کے لئے نماز، روزہ کی زیادہ تیاری نہیں کی البتہ میں اللہ اور اسکے رسول سے محبت کرتا ہوں۔

ایک روایت میں ہے اس نے کہا میرے پاس کچھ بھی نہیں بجز اسکے کہ میں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرتا ہوں۔اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہر شخص اپنے محبوب کے ساتھ ہوگا اور تجھے اسی کی معیت نصیب ہوگی جس کے ساتھ تو محبت کرتا ہے۔

---

[1] جامع ترمذی، رقم الحدیث: ۲۳۰۷ ، مسند احمد، رقم الحدیث: ۱۱۵۷۵

Marfat.com

## محبت رسول علیٰ صاحبہا الصلوات کی علامات

ا۔۔۔۔ محبت رسول علیٰ صاحبہا الصلوات کے من جملہ تقاضوں اور علامات میں سے اولین شرط یہ ہے کہ متابعت نبوی اور سنت مصطفوی علیٰ صاحبہا الصلوات کا خصوصی طور پر التزام کیا جائے تا کہ مطیعیت ومحبوبیت کے منصب جلیلہ پر فائز المرام ہوا جائے جیسا کہ آیہ کریمہ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ [1] سے عیاں ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز سیادت پناہ شیخ فرید بخاری رحمۃ اللہ علیہ کو ایک مکتوب گرامی میں نصیحت کرتے ہوئے ارقام پذیر ہیں، جس کا ملخصاً اردو ترجمہ ہدیہء قارئین ہے

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی میراث صوری کا تعلق عالم خلق کے ساتھ ہے اور میراث معنوی کا تعلق عالم امر سے ہے جہاں ایمان ومعرفت اور رشد وہدایت ہی ہے۔ میراث صوری کی نعمتِ عظمیٰ کا شکریہ یہ ہے کہ میراث معنوی کے ساتھ آراستہ و پیراستہ ہو جائے اور میراث معنوی سے تزئین، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کمال متابعت کے بغیر میسر نہیں ہو سکتی بنابریں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اوامر ونواہی میں مکمل طور پر متابعت واطاعت کی جائے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کمالِ متابعت، کمال محبت کی فرع ہے اِنَّ الْمُحِبَّ لِمَنْ ھَوَاہُ مُطِیْعٌ (محبّ اپنے محبوب کا مطیع ہوتا ہے) محبت میں غفلت کی کوئی گنجائش نہیں ہے، محبّ محبوب کا دیوانہ ہوتا ہے۔ اگر چندروزہ حیاتِ مستعار حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت میں بسر کرلی جائے تو نجاتِ ابدی کی امید ہے ورنہ سب کچھ بے کار ہے خواہ کیسا ہی عملِ خیر کیوں نہ ہو۔

---

[1] آل عمران ۳: ۳۱

Marfat.com

محمد عربی کآبروئے ہر دوسرا ست
کسے کہ خاک درش نیست خاک بر سرِ اُو [1]

۲..... محبت رسول علیٰ صاحبہا الصلوات کے غلبہ کے باعث محب رسول ہمہ وقت صورت رسول میں مستغرق اور منہمک رہتا ہے بنا بریں ہرنشست و برخاست اور صحبت ومجلس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص وشمائل اور فضائل وخصائل کا ذکر کرنے پر مجبور ہوتا ہے۔ پس محبت رسول علیٰ صاحبہا الصلوات کی یہ بھی ایک علامت ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات مَنْ اَحَبَّ شَیْئًا فَاَکْثَرَ ذِکْرَہٗ [2] سے عیاں ہے بقول شاعر

جس کسے دا کوئی عاشق ہووے صفت اوسے دی کردا
سو سو مکر بہانے کر کے مرنے اوہدے مردا

۳..... عاشق رسول، محبت رسول علیٰ صاحبہا الصلوات کے استغراق کی وجہ سے ہمہ وقت وصل یار کی تڑپ اور حسرت دیدار کی کسک میں بے چین اور بے قرار رہتا ہے اور بقول شاعر یوں گویا ہوتا ہے

باناں پہن فقیری والا جلدی کرو تیاری
دل کردا دلبر نوں ملیے کیہہ کرنی سرداری

حضرت قاضی عیاض مالکی رحمۃ اللہ علیہ عاشق کے اشتیاق دید اور لقائے حبیب کو بیان کرتے ہوئے یوں رقمطراز ہیں

فَکُلُّ حَبِیْبٍ یُحِبُّ لِقَاءَ حَبِیْبِہٖ [3] یعنی ہر محب اپنے محبوب کی ملاقات کا مشتاق ہوتا ہے۔

---

[1] مکتوبات شریفہ دفتر اول مکتوب: ۱۶۵ [2] شعب الایمان، رقم الحدیث: ۵۳۱، الزہد لابن ابی الدنیا: ۵۳۴، المقاصد الحسنۃ: ۲۰۸/۱ [3] کتاب الشفا: ۲۵/۲، سبل الھدیٰ والرشاد: ۴۳۲/۱۱

Marfat.com

جب کسی عاشق زار پر شوق وصال اور لذتِ جمال کی اضطرابی کیفیت طاری ہوتی ہے تو وہ شوق وصل سے سرشار اور سوز فصل سے لاچار نیم جاں ہو کر بزبان دانائے شیراز کبھی یوں فریاد کرتا ہے

امروز دیگرم در انتظارِ تو شام شُد
در انتظارِ وصلِ تو عمرم تمام شد
آمد نمازِ شام و نہ آمد نگار من
اے دیدۂ پاسدار کہ خوابم حرام شُد

۴.... محبت کی اہم اور نمایاں علامت یہ ہے کہ محبّ اپنے محبوب کو ہر قسم کے جملہ عیوب ونقائص سے منزہ جانتا ہے اور وہ محبوب کے معائب کی بصارت سے اندھا اور اسکے قبائح کی سماعت سے بہرہ ہوتا ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علی صاحبها الصلوات حُبُّکَ الشَّیْءَ یُعْمِیْ وُیُصِمُّ [۱] سے واضح ہے۔

حق تعالیٰ نے ہر قسم کے ممکنہ کمالات بدرجہ اتم واکمل حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس میں درج فرما کر خود آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حسن وجمال وکمال کا تذکرہ فرمایا ہے اور اپنے محبوب مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خود ہی نگاہ قدرت سے دیکھتا ہے جیسا کہ آیات کریمہ وَالضُّحٰی وَاللَّیْلِ اِذَا سَجٰی [۲] اور فَاِنَّکَ بِاَعْیُنِنَا [۳] سے عیاں ہے۔ شاعر دربار رسالت حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام قبائح ومعائب سے پاک ہونے کو یوں منظوم فرمایا ہے

وَ اَحْسَنُ مِنْکَ لَمْ تَرَ قَطُّ عَیْنِیْ
وَ اَجْمَلُ مِنْکَ لَمْ تَلِدِ النِّسَاءُ

---

۱ مشکوٰۃ: ۴۱۸ ، شرح مسند ابی حنیفہ: ۵۸۴/۱ ، فیض القدیر :۴۸۸/۳

۲ الضحیٰ ۹۳:۱،۲ ۳ الطور ۵۲:۴۸

Marfat.com

خُلِقْتَ مُبَرَّءً مِنْ کُلِّ عَیْبٍ
کَاَنَّکَ قَدْ خُلِقْتَ کَمَا تَشَاءُ

یعنی اے رسول محتشم صلی اللہ علیک وسلم آپ سے زیادہ حسین میری آنکھ نے کبھی نہیں دیکھا اور آپ سے زیادہ صاحب جمال کسی ماں کے ہاں متولد ہی نہیں ہوا۔ آپ ہر عیب سے پاک تخلیق فرمائے گئے ہیں گویا آپ یوں تخلیق فرمائے گئے جیسے آپ چاہتے تھے۔

۵ ..... محبت رسول کی علامات میں سے ایک علامت یہ ہے کہ بندۂ مومن جس طرح حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات ستودہ صفات، اہل بیت اطہار اور صحابہ کبار، ازواج مطہرات اور بنات طیبات کے ساتھ محبت ومودت رکھتا ہے ایسے ہی ان نفوس قدسیہ کے اعداء کے ساتھ بغض وعداوت رکھے جیسا کہ آیہ کریمہ لَا تَجِدُ قَوْمًا یُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ یُوَادُّوْنَ مَنْ حَادَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ [1] سے معلوم ہوتا ہے۔ مفاد پرستی ومصلحت کوشی اور منافقت کی دین اسلام میں کوئی گنجائش نہیں۔ اس قسم کے لوگ ولایت ونبوت کے فیضان وکمالات سے محروم رہتے ہیں بلکہ ذلت عظیم ونار جحیم اور عذاب مہین ان کا مقدر ہوتا ہے جیسا کہ آیہ کریمہ اَلَمْ یَعْلَمُوْٓا اَنَّهٗ مَنْ یُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِیْهَا ذٰلِکَ الْخِزْیُ الْعَظِیْمُ [2] اور اِنَّ الَّذِیْنَ یُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ..... وَلِلْکٰفِرِیْنَ عَذَابٌ مُّهِیْنٌ [3] سے مفہوم ہوتا ہے۔ بقول شاعر

اوہ کدے سکھ پاندا ناہیں جیہڑا دوگھراں دا سانجھا
اکو پاسا رہندا ہیرے یا کھیڑے یا رانجھا

جب تک بندۂ مومن محبت ومودت میں متصلب اور اعدائے بدنہاد کے

---

[1] المجادلہ ۲۲:۵۸ [2] توبہ ۶۳:۹ [3] المجادلہ ۵:۵۸

Marfat.com

بارے میں متشدد نہیں ہوتا وہ ایمان کی لذت وحلاوت نہیں چکھ سکتا جیسا کہ آیہ کریمہ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ [1] سے عیاں ہے۔صحابہ کرام، اسلاف عظام اور اخلاف فخام نے اعداء ومعاندین کو جس طرح تہہ تیغ کیا وہ تاریخ اسلام میں سنہری حروف سے رقم ہیں۔بقول شاعر

بنا کردند خوش رسمے بخاک و خون غلطیدن
خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

[1] الفتح ۲۹:۴۸

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۵۳

مکتوب الیہ

حضرت شیخ میاں مُزمّل رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

احوال و مقامات مقاصد میں سے نہیں ہیں

ایمان کی اقسام

Marfat.com

# مکتوب ۱۵۳

**متن** اما خلاصیِ تام از رقیّتِ اغیار وقتی میسر شود کہ بفنائی مطلق مشرف شود و نقوش ماسویٰ را بالکل از آئینۂ دل محو سازد و تعلق علمی وحبی او را بہیچ چیز نماند و غیر از حق سبحانہ و تعالیٰ او را مقصودی و مرادی نباشد ودونہ خرطُ القتاد ہر چند گمان بی تعلقی دارد اما اِنَّ الظَّنَّ لَا یُغْنِیْ مِنَ الْحَقِّ شَیْئًا

ترجمہ: لیکن سالک کو اغیار کی غلامی سے مکمل چھٹکارا اس وقت میسر ہوتا ہے جب وہ فنائے مطلق سے مشرف ہو جائے اور ماسوا کے نقوش کو آئینۂ قلب سے بالکل محو کر دے اور اس کو کسی چیز کے ساتھ علمی وحبی تعلق نہ رہے اور حق سبحانہ وتعالیٰ کے علاوہ اس کا کوئی مقصود اور مراد نہ ہو ورنہ خار دار جھاڑی میں الجھنا ہے اگر چہ بے تعلقی کا گمان رکھے۔ بلاشبہ گمان، امر حق میں کوئی فائدہ نہیں دیتے۔

Marfat.com

# شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ماسوی اللہ کی گرفتاری سے بیزاری اور فنائے مطلق کے حصول کی ترغیب دلا رہے ہیں۔ دراصل طالبان طریقت کو دوران سلوک مختلف قسم کے احوال ومواجید ومقامات پیش آتے ہیں، کم ظرف سالکین جن میں الجھ کے رہ جاتے ہیں اور اپنے مقصود اصلی سے محروم ہونے کی بناء پر اپنی منزل کھوٹی کر بیٹھتے ہیں حالانکہ مقصود، احوال نہیں بلکہ **مُحَوِّلِ** احوال حق سبحانہ کی ذات ہے۔ بلند ہمت اور عالی ظرف طالبین احوال وظلال اور مواجید ومقامات تو رہے کجا...... صفات پر بھی اکتفا نہیں کرتے۔ ان کا مقصود حقیقی تو محض ذات مجردہ ہوتا ہے اور یہ فنائے مطلق پر موقوف ہے بقول شاعر

بے فنائے مطلق و جذب قوی

کے حریم وصل را محرم شوی

**سوال:** جب ایمان لانا بندۂ مومن پر لازم ہے تو چہ کفر آن حرف وچہ ایمان کہنے کا کیا مطلب ہے اور بندہ مومن ایمان رکھنے کے باوجود خدا تعالیٰ سے کیسے دور رہے گا؟

**جواب:** اہل طریقت فرماتے ہیں کہ ایمان کی دو قسمیں ہیں

ایمان صوری اور ایمان حقیقی

جو شخص ایمان صوری میں گرفتار ہے وہ نفس کی امارگی وسرکشی میں مبتلا ہے اور نفس حق تعالیٰ کے ساتھ ذاتی عداوت ومخاصمت رکھتا ہے اسی لئے حدیث قدسی **عَادِ نَفْسَکَ فَاِنَّهَا اِنْتَصَبَتْ بِمُعَادَاتِیْ** میں نفس کی مخالفت ومدافعت کا حکم دیا گیا ہے۔ بنابریں ایمان صوری رکھنے والا شخص صاحب ایمان ہو کر بھی حق تعالیٰ سے دور ہوتا ہے کیونکہ اس کی رسائی ایمان حقیقی تک نہیں ہوتی اور ایمان حقیقی ہی خدا تعالیٰ

Marfat.com

تک پہنچنے کا واحد ذریعہ ہے، حقیقت میں یہ حَسَنَاتُ الْاَبْرَارِ سَیِّئَاتُ الْمُقَرَّبِیْنَ کے قبیل سے ہے۔ ابرار کا ایمان صوری، جبکہ مقربین کا ایمان حقیقی وشہودی ہوتا ہے جس کے باعث وہ توحید عیانی اور وصل عریانی سے شادکام ہوتے ہیں۔

**بلینہ:**

واضح رہے کہ جب تک سالک کا جملہ خلائق سے قلبی انقطاع اور ترک علائق نہیں ہوجاتا اسے فنائے مطلق میسر نہیں ہوتی۔

کسی فارسی شاعر نے کہا ہے

تا ترک علائق و عوائق نکنی  یک سجدۂ شائستہ لائق نکنی
ہرگز بمراد خویش واصل نہ شوی  تا ترک خود و جملہ خلائق نکنی

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۵۴

مکتوب الیہ

حضرت شیخ میاں مُزمّل رحمۃ اللہ علیہ

موضوعات

مطلوب ماورائے آفاق وانفس ہے

اللہ تعالیٰ تقیدات سے منزہ ہے

اذا تمّ الفقر کا مفہوم

Marfat.com

# مکتوب ۔۱۵۴

**متن** اَللّٰھُمَّ لَا تَکِلْنَا اِلٰی اَنْفُسِنَا طَرْفَۃَ عَیْنٍ فَنَھْلِکَ وَلَا اَقَلَّ مِنْھَا فَنَضِیْعَ ہر بلائے کہ ہست از گرفتاری بخود است چون از خود خلاص شد از گرفتاری مادون او سبحانہٗ خلاص شد اگر بت می پرستد فی الحقیقت خود را می پرستد کہ اَفَرَاَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰھَہٗ ھَوَاہُ

ع از خود چو گزشتی ہمہ عیش است و خوشی

**ترجمہ:** اے اللہ ہمیں ایک لمحہ کیلئے بھی ہمارے نفسوں کے حوالے نہ کرنا ورنہ ہم ہلاک ہو جائیں گے اور نہ ہی اس سے کم وقت کے لئے تا کہ ہم ضائع نہ ہو جائیں۔

انسان پر جو بلا آتی ہے وہ خود اپنی گرفتاری کی وجہ سے ہے۔ جب اپنے آپ سے چھٹکارا حاصل کر لیا تو اس سبحانہٗ کے غیر کی گرفتاری سے خلاصی پا گیا۔ اگر بت پرستی کر رہا ہے تو حقیقت میں خود پرستی کر رہا ہے جیسا کہ آیت کریمہ ہے کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا ہے جس نے اپنی خواہش کو اپنا معبود بنا لیا۔

Marfat.com

ع خود کو چھوڑ دو تو عیش اور خوشی ملتی ہے

# شرح

اس مکتوب گرامی کا آغاز حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک دعائیہ جملہ سے فرمایا ہے جس میں نفس کی گرفتاری سے نجات حاصل کرنے کی تلقین فرمائی گئی ہے۔ اہل اللہ فرماتے ہیں کہ جب تک نفس مطمئنہ نہیں ہو جاتا اور راضیہ و مرضیہ کے منصب جلیلہ پر متمکن نہیں ہو جاتا وہ خود پرستی میں مبتلا ہے جیسا کہ آیہ کریمہ اَفَرَاَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ [1] سے عیاں ہے۔ سالک حق تعالیٰ کا حقیقی بندہ اسی وقت بنتا ہے جب وہ ذاتی اغراض اور نفسانی خواہشات سے چھٹکارا حاصل کر کے محض رضائے حق کی خاطر اعمال صالحہ بجالاتا ہے۔

**بلینہ:**

واضح رہے کہ یہ معرفت حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے ابتدائی معارف میں سے ہے جبکہ آپ ولایت اولیاء (ولایت ظلی) کے مرتبہ میں تھے کیونکہ سالک اس مرتبہ میں سیر انفسی کو انتہائی مقام سمجھ لیتا ہے اور مطلوب کو اپنے اندر دیکھتا ہے حالانکہ وہ مطلوب کے تمثال وانعکاس ہوتے ہیں لیکن ولایت انبیائے عظام اور کمالات نبوت، منتہی اولیاء کا حصہ ہیں جو سیر انفسی سے بالا ہیں جس میں سالکین مشہود انفسی کو بھی ظل جانتے ہیں، اصل مطلوب نہیں سمجھتے کیونکہ مطلوب ماورائے آفاق وانفس ہے۔

---

[1] الفرقان ۲۵:۴۳

Marfat.com

**متن** مبادا سادہ دلی ازینجا حلول یا اتحاد فہم کند و بورطۂ ضلالت رود

ع اینجا حلول کفر بود اتحاد ہم

پیش از تحقق باین مقام تفکر آن ممنوع است

**ترجمہ:** کہیں ایسا نہ ہو کہ کوئی سادہ دل اس جگہ حلول یا اتحاد سمجھ بیٹھے اور ضلالت کے گڑھے میں جا گرے۔ ع اس جگہ حلول اور اتحاد کفر ہے

اس مقام کے ساتھ متحقق ہونے سے قبل اس میں غور و فکر ممنوع ہے

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہ العزیز اس امر کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ دوران سلوک، سالکین طریقت کو ایسی کیفیات و احوال پیش آتے ہیں کہ وہ سیر انفسی میں شہود و معرفت و حیرت کو اپنے اندر ہی محسوس کرتے ہیں حالانکہ حق تعالیٰ سبحانہ اندر اور باہر سے پاک ہے۔ کیونکہ اندر اور باہر ہونا محدود اور مقید ہونے کی علامت ہے اور حق تعالیٰ سبحانہ ہر قسم کے تقیدات و تحدیدات سے منزہ و مبرہ ہے۔
تعالی اللہ عن ذالک علواً کبیراً

علاوہ ازیں اندر اور باہر ہونا حلول و اتحاد کا موہم ہے جو الحاد و زندقہ ہے۔ جب تک سالکین اس مقام سے متحقق نہیں ہو جاتے اور انہیں اس مقام سے حظ وافر

Marfat.com

نصیب نہیں ہوتا، اس میں غور وفکر کرنا بھی ممنوع ہے۔

۞ ...... حضرت مولانا روم مست بادۂ قیوم رحمۃ اللہ علیہ نے اس مفہوم کو یوں بیان فرمایا ہے

| | |
|---|---|
| کے شود کشف از تفکر آن انا | این انا مکشوف شد بعد الفناء |
| می فتد این عقلہا در افتقاد | دع خاکی و حلول و اتحاد |
| این انا ہو بود در سرائے فضول | ز اتحاد نور تر راہ حلول |

۞ ......حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز حلول واتحاد کے متعلق عقیدہ کی وضاحت کرتے ہوئے رقمطراز ہیں چنانچہ اردو ترجمہ ملاحظہ ہو!

حق تعالیٰ کسی چیز سے متحد نہیں ہوتا اور نہ ہی کوئی چیز اس سبحانہ سے متحد ہو سکتی ہے اور جو کچھ بعض عبارات صوفیہ سے اتحاد کا معنی مفہوم ہوتا ہے اور وہ ان کی مراد کے برخلاف ہے کیونکہ اس کلام اِذَاتَمَّ الْفَقْرُ فَهُوَاللّٰه جوموہم اتحاد ہے، سے ان کی مراد یہ ہے کہ جب فقر تمام ہو جائے اور محض نیستی حاصل ہو جائے تو اللہ تعالیٰ کے سوا کچھ باقی نہیں رہتا ...... نہ یہ کہ وہ فقیر خدا تعالیٰ کے ساتھ متحد ہو جائے اور خدا ہو جائے کیونکہ یہ کفر اور زندقہ ہے تعالی اللّٰه سبحانه عمایتوهم الظالمون علواً کبیراً ۔ ہمارے خواجہ (محمد باقی باللہ قدس سرہٗ العزیز) فرمایا کرتے تھے کہ عبارت انا الحق کا معنی یہ نہیں کہ میں حق ہوں بلکہ یہ ہے کہ من نیستم وموجود حق است سبحانہ میں نہیں ہوں حق سبحانہ ہی موجود ہے۔[1]

---

[1] مکتوبات شریفہ دفتر اول مکتوب: ۲۶۶

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۵۵

مکتوب الیہ

حضرت شیخ میاں مُزمّل رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

آستانوں کی شرافت کا راز

وطن کی مختلف توجیہات

ایک مقولہ کے تین مفہوم

Marfat.com

# مکتوب - ١٥٥

**متن** غُرۂ ماہ جمادی الاول روز جمعہ بطواف حضرت دہلی مشرف گشت ومحمد صادق نیز ہمراہ است

**ترجمہ:** ماہ جمادی الاول کے پہلے جمعہ کے دن حضرت دھلی کی زیارت سے مشرف ہوا۔ (فرزندرشید) محمد صادق بھی میرے ساتھ ہے۔

## شرح

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اپنے فرزند اکبر حضرت خواجہ محمد صادق قدس سرہٗ العزیز کو ہمراہ لیکر اپنے پیرومرشد شیخ المشائخ خواجہ بیرنگ حضرت خواجہ باقی باللہ دہلوی قدس سرہٗ العزیز کے آستانہ عالیہ حضرت دہلی حاضر ہوئے۔ درحقیقت محبوب کے شہراوراس کے درودیوار کے ساتھ محبّ کی قلبی وابستگی اوراس کا اشتیاق دید، محبت کے لوازمات میں سے ہے جیساکہ آیہ کریمہ لَآاُقْسِمُ بِھٰذَا الْبَلَدِ [1] سے معلوم ہوتا ہے۔

خاکِ بطحا از دو عالم خوشتر است
اے خنک شہرے کہ آنجا دلبر است

[1] البلد ٩٠:١

Marfat.com

سالکین طریقت کے لئے اپنے پیر خانے کی محبت حق تعالیٰ کے قرب کا باعث ہوتی ہے نیز اپنی اولاد کو اپنے مرشد گرامی کے آستانے پر لے کر جانا اور اپنے شیخ محترم کی خدمت میں ان کے حق میں دعا و توجہ کی درخواست کرنا مشائخ کا معمول رہا ہے۔ یونہی دیے سے دیے جلتے رہے ہیں اور ان کی باقیات صالحات کے قلوب میں اولیائے کرام کی عقیدتوں کے دیپ جلتے اور ارادتوں کے سمندر موجزن ہوتے رہے ہیں۔

**بلینہ:**

واضح رہے کہ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز نے برصغیر کے معروف شہر دہلی (بھارت) کو اپنی عقیدتوں کا مرکز ہونے کی وجہ سے احتراماً حضرت دہلی تحریر فرمایا ہے کیونکہ وہاں آپ کے مرشد و مربی حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہُ العزیز کی جائے سکونت تھی۔ دراصل اہل اللہ کی توجہات قدسیہ کی بو باس، ان کے قدوم میمنت لزوم کی برکات اور ان کے اذکار و وظائف و مراقبات کی تاثیرات و فیوضات ان کی خانقاہوں اور آستانوں کے ماحول میں رچ بس جاتی ہیں مزید برآں ان ارباب ایمان و شریعت اور اصحاب احسان و طریقت پر رحمتوں کا ورود اور ملائکہ کا نزول ہوتا ہے جیسا کہ آیات کریمہ اِنَّ رَحۡمَتَ اللّٰہِ قَرِیۡبٌ مِّنَ الۡمُحۡسِنِیۡنَ[1] اور تَتَنَزَّلُ عَلَیۡہِمُ الۡمَلٰٓئِکَۃُ[2] سے عیاں ہے۔

بنابریں وہاں کی فضاؤں میں لطافت اور مٹی میں شرافت آ جاتی ہے یہی وجہ ہے کہ اہل اللہ کے آستانوں کو شریف کہا جاتا ہے جیسے بغداد شریف، اجمیر شریف سرہند شریف، آلو مہار شریف وغیرہا (ہمارے آقائے ولی نعمت سراج العارفین

---

[1] الاعراف ۷:۵۶ [2] فصلت ۴۱:۳۰

Marfat.com

حضرت علامہ ابوالبیان پیر محمد سعید احمد مجددی قدس سرہُ العزیز نے ایک مجلس میں آستانہ عالیہ آلومہار شریف کے متعلق فی البدیہہ چند اشعار منظوم فرمائے ان میں سے صرف دو شعر ہدیہ قارئین ہیں

اے سرزمین اولیاء اے خطہء آلومہار شوکت خورشید تیرے ایک ذرے پر نثار
حضرت شیخ مجدد کی ولایت کا امیں عشق ومستی کا حسیں دلکش نگر آلومہار

## متن چندروز اگر ارادۂ خداوندی موافق است اینجا بسر بردہ بسرعت متوجہ وطن اصلی خواہد شد حُبُّ الْوَطَنِ مِنَ الْاِیْمَانِ خبر صحیح است

ترجمہ: اگر حق سبحانہ وتعالیٰ کو منظور ہوا تو چند روز قیام کر کے جلدی ہی وطن مالوف روانہ ہو جاؤں گا۔ حُبُّ الْوَطَنِ مِنَ الْاِیْمَانِ[1] (وطن کی محبت بھی ایمان کا حصہ ہے) صحیح حدیث ہے۔

## شرح

سطور بالا میں مذکورہ حدیث کی محدثین کرام اور صوفیائے عظام نے اپنے اپنے ذوق کے مطابق توجیہات بیان فرمائی ہیں۔ بعض محدثین کرام کے نزدیک وطن سے مراد روح کا وطن اصلی ''عالم امر'' ہے جو عرش سے فوق تر ہے۔ اس لئے بندۂ مومن کو اپنی حیات مستعار میں بھرپور کوشش کرنی چاہئے کہ اس کی روح کو وطن

---

[1] مرقاۃ: ۵/۳۱۶

Marfat.com

اصلی ''عالم امر'' اور ''عالم وجوب'' تک رسائی نصیب ہو جائے اور جسم کی قید سے رہائی میسر ہو جائے۔ حضرت بوعلی شاہ قلندر رحمۃ اللہ علیہ روح کو خطاب کرتے ہوئے فرماتے ہیں

چند گردی در بدر اے بے حیا　　چند باشی از مقام خود جدا

بعض محدثین کرام کے نزدیک وطن سے مسلمان کی اسلامی سکونت مراد ہے جبکہ صوفیائے عظام بدن انسانی کو وطن سمجھ کر سیر انفسی مراد لیتے ہیں۔ غرضیکہ راہ عشق میں لوگوں کے مختلف مذاہب ہوتے ہیں جیسا کہ مشہور ہے وَلِلنَّاسِ فِيمَا يَعْشِقُوْنَ مَذَاهِبُ کسی شاعر نے اس مفہوم کو یوں بیان کیا ہے

عاشقاں راملت و مذہب خدا است　　ملتِ عاشق ز ملت ہا جدا است

پس بندہ کو حق تعالیٰ تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے علاوہ ازیں کوئی اور مفر نہیں کیونکہ اس کی پیشانی حق تعالیٰ کے دستِ قدرت میں ہے۔ بقول شاعر

اتنی رمز پچھانو یارو بہت کراں کیہہ گلاں
میں کریوں ہتھ واگ بلوچ جدھر چلاوے چلاں

**متن** فَفِرُّوْا اِلَى اللّٰهِ گفتہ دروی بوئے بگریز ند بہر حال اصل را اصل دانستہ فرع راطفیلی ساختہ رو باصل باید آورد

Marfat.com

ہرچہ جز عشق خدائی احسن است
گر شکر خوردن بود جان کندن است

ترجمہ: فَفِرُّوْا اِلَی اللّٰہِ کہتے ہوئے اللہ کی طرف رجوع کرو۔ بہرحال اصل کو اصل جان کر اور فرع کو اس کا طفیلی قرار دے کر اصل کی طرف متوجہ ہونا چاہئے۔

شعر

جو بھی ہے عشق الٰہی کے سوا
اس میں ہے زہر ہلاہل کا مزہ

# شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے ارشاد گرامی ''فَفِرُّوْا اِلَی اللّٰہِ[1] گفتہ درو ے بوئے بگریزند'' کے اہل طریقت نے تین مفاہیم بیان فرمائے ہیں۔

۞...... پہلا مفہوم یہ ہے کہ حق تعالیٰ کی رضا اور معرفت کے حصول کیلئے اس کی اطاعت کرنی چاہئے اور اس کے اوامر کو پابندی کے ساتھ بجالانا چاہئے اور اسی کی طرف متوجہ ہونا چاہئے۔

۞...... دوسرا مفہوم یہ ہے کہ راہ سلوک میں پیش آنے والے ظلال وتجلیات کو طفیلی قرار دیتے ہوئے اصل الاصول کی طرف متوجہ ہونا چاہئے یعنی حق تعالیٰ کے انوار وتجلیات میں استغراق سے چھٹکارا حاصل کر کے حق تعالیٰ سبحانہ کی طرف رجوع اور عروج کرنا چاہئے اور صفات سے ذات تعالیٰ کی طرف راغب ہونا چاہئے اور یہی اولوالعزم اور بلند ہمت بندۂ مؤمن کی علامت ہے۔

---

[1] الذاریات ۵۱: ۵۰

Marfat.com

اقبال مرحوم نے خوب کہا

مرد مؤمن در نسازد با صفات مصطفےٰ راضی نشد الا بذات

⊛......تیسرا مفہوم یہ ہے کہ حق تعالیٰ کے غضب وعتاب سے ڈرتے ہوئے اس کے اوامر کی تعمیل کرنا چاہئے۔

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۵۶

مکتوب الیہ

حضرت شیخ میاں مُزمّل رحمۃ اللہ علیہ

موضوع

صحبتِ صلحار کی ترغیب

Marfat.com

# مکتوب ۱۵۶

## متن اَلحَمدُ لِلّٰہِ وَالمِنَّۃُ کہ محبت فقراء نقد وقت دارند وبحکم اَلمَرءُ مَعَ مَن اَحَبَّ باایشانند

ترجمہ: اَلحَمدُ لِلّٰہِ وَالمِنَّۃُ کہ آپ فقراء کی محبت نقد وقت رکھتے ہیں اور اَلمَرءُ مَعَ مَن اَحَبَّ کے حکم کے مطابق ان میں سے ہیں۔

## شرح

زیرنظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز فقراء کی صحبت کی ترغیب دلا رہے ہیں۔ فقراء کی معیت وصحبت کا اندازہ اس امر سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے کہ حق تعالیٰ نے سید المرسلین علیہ التحیۃ والتسلیم کو فقراء کی معیت کا حکم فرمایا جیسا کہ آیہ کریمہ وَاصبِر نَفسَکَ مَعَ الَّذِینَ یَدعُونَ رَبَّھُم بِالغَدٰوۃِ وَالعَشِیِّ یُرِیدُونَ وَجھَہٗ[1] سے عیاں ہے۔

حدیث میں آتا ہے اِصحَبُوا مَعَ اللّٰہِ فَاِن لَّم تَستَطِیعُوا اَن تَصحَبُوا مَعَ اللّٰہِ فَاصحَبُوا مَن یَّصحَبُ مَعَ اللّٰہِ حَتّٰی یُوصِلَکُم اِلَی اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ[2]

---

[1] الکہف ۱۸:۲۸ [2] تحفۃ الجمال وخزینۃ الاحوال قلمی: ۱۱۹

Marfat.com

یعنی اللہ کی معیت اختیار کرو اگر تمہیں اللہ کی مصاحبت کی استطاعت نہیں تو اس کی معیت اختیار کرلو جسے اللہ کی معیت حاصل ہو تاکہ وہ تمہیں اللہ عزوجل سے واصل کر دے۔

اہل طریقت فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص تمام جہان کی نیکیاں بجالائے لیکن وہ فساق کا مصاحب بھی ہو تو اس کی جملہ طاعات باطل ہو جاتی ہیں۔ اگر کوئی شخص عبادات و طاعات کم بجالاتا ہے یا اسے نیکی کی توفیق بالکل ہی نہیں لیکن اسے صالحین کی صحبت میسر ہے تو اس کی تمام برائیاں محو ہو جاتی ہیں اور وہ زمرۂ صالحین میں شمار ہوتا ہے۔ امید ہے کہ صحبت صلحاء کی یمن و برکت سے اسے گناہوں سے چھٹکارا حاصل ہو جائے اور وہ اعمال صالحہ بجالائے۔ اسی لئے کہتے ہیں اَلصَّلٰوۃُ وَالصِّیَامُ نُقْضِیْ وَصُحْبَۃُ الصَّالِحِیْنَ وَالْعَارِفِیْنَ لَا تُقْضٰی[1] یعنی ہم نماز و روزہ تو قضا کر لیتے ہیں لیکن صالحین اور عارفین کی صحبت قضا نہیں کرتے۔

نمازیں گر قضا ہوں ، پھر ادا ہوں
نگاہوں کی قضائیں کب ادا ہوں

قدوۃ الاخیار حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہٗ العزیز نے اس مفہوم کو یوں بیان فرمایا ہے

نماز را بحقیقت قضا تواند بود
و لیک صحبت ما را قضا نہ خواہد بود

---

[1] تحفۃ الجمال: ۱۴۷

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۵۷

مکتوب الیہ

حضرت شیخ حکیم عبدالوہاب رحمۃ اللہ علیہ

موضوعات

اہل اللہ کے پاس عجز وانکسار سے حاضر ہونا چاہئے

مذاہب اربعہ سے خروج باعثِ ضلالت ہے

تقلید کی شرعی حیثیت ، اختلافِ صوفیاء کی حکمت

Marfat.com

# مکتوب - ۱۵۷

**متن** پیش این طائفہ خالی شدہ باید آمد تا مملو باز گردد و اظہار افلاس خود باید نمود تا ایشان را بروئی شفقت آید و راہ افاضہ بکشاید سیر آمدن و سیر رفتن مزہ ندارد امتلا را جز علت یار نیست و استغنا را جز طغیان کار نہ

**ترجمہ:** اس گروہ کے حضور دل و دماغ کو خالی کر کے آنا چاہئے تا کہ بھرا ہوا واپس لوٹے اور اپنے افلاس کا اظہار کرنا چاہئے تا کہ اہل اللہ اس پر شفقت فرمائیں اور فیض رسانی کا رستہ کھل جائے۔ سیراب آنا اور سیراب ہی لوٹ جانا مزہ نہیں رکھتا۔ پر شکمی سوائے مرض کے کچھ نہیں ہے اور لا پرواہی سوائے سرکشی کے کچھ نہیں۔

## شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اہل اللہ کی صحبت کے آداب کو ملحوظ خاطر رکھنے کی تلقین فرما رہے ہیں۔ جب کسی شخص کو اہل اللہ کی مجالس میں حاضری کی توفیق نصیب ہو تو اسے اپنی علمی وجاہتوں، خاندانی شرافتوں،

Marfat.com

عملی نخوتوں، فنی مہارتوں، منصبی عظمتوں اور مالی شوکتوں سے کنارہ کش ہو کر اخلاص و انکسار، شکستہ دلی اور نیاز مندی سے حاضر ہونا چاہئے تاکہ استفاضہ وافاضہ کی راہیں کھل سکیں کیونکہ یہی شکستہ خاطری و عاجزی وانکساری قابل توجہ اور لائق التفات ہوا کرتی ہے۔ کسی شاعر نے بزبان فارسی اس مفہوم کو یوں بیان کیا ہے

دست اشکستہ بر آور در دعا
سوئے اشکستہ پرد فضل خدا
شکر کن مر شاکراں را بندہ باش
پیش ایشاں مردہ شو پایندہ باش
خاک شو مردان حق را زیر پا
خاک بر سر کن حسد را ہمچو ما
تاکہ نان نشکستہ قوت کے دہد
نا شکستہ خوشہ ہا کے مے دہد
تا ہلیلہ نشکند با ادویہ
کے شود خود صحت افزا در ریہ

**متن** حضرت خواجہ نقشبند قدس اللہ تعالیٰ سرہٗ فرمودہ اند اول نیاز ختہ بعد ازاں توجہ خاطر شکستہ پس توجہ را نیاز شرط آمد

**ترجمہ:** حضرت خواجہ نقشبند قدس اللہ تعالیٰ سرہ ارشاد فرماتے ہیں، پہلے نیاز مندی

Marfat.com

کرنی چاہئے اس کے بعد شکستہ دل قابل توجہ ہوتا ہے پس حصول توجہ کیلئے نیاز مندی شرط ہے۔

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز مکتوب الیہ کو تنبیہ فرما رہے ہیں کہ جب اہل اللہ کے ہاں زیارت وحاضری کا شرف نصیب ہو تو نہایت نیاز مندی اور شکستہ خاطری کے ساتھ ان کے حضور ادعیہ و توجہات کی التجاء کرنا چاہئے تا کہ استفاضہ وافاضہ کی راہیں کھل سکیں۔ چونکہ اہل اللہ سنت و شریعت پر کاربند ہوتے ہیں اس لئے وہ زائرین و حاضرین کی ظاہری و باطنی ضیافت کا اہتمام فرماتے ہیں جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات اِنَّ لِزَوْرِکَ عَلَیْکَ حَقًّا[1] سے عیاں ہے۔ علاوہ ازیں اہل اللہ مخلوق خدا کیلئے رُشد وایمان، ایقان وعرفان، فضل وفتوحات، فیوض وبرکات اور حسنات وعنایات کا موجب ہوتے ہیں۔ اس لئے جو لوگ ان کے آستانوں اور خانقاہوں پر حاضر ہوتے ہیں وہ دارین کی سعادتوں اور کونین کی برکتوں سے مالا مال ہوتے ہیں جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات لَا یَشْقٰی بِھِمْ جَلِیْسُھُمْ[2] سے عیاں ہے۔

**متن** سعادت آثارا آنچہ بر ما و شما لازم است تصحیح عقاید بمقتضائی کتاب وسنت برنہجی کہ علمائی اہل حق

---

[1] صحیح البخاری، رقم الحدیث: ۱۸۳۸ [2] صحیح البخاری، رقم الحدیث: ۵۹۲۹

Marfat.com

شَکَرَ اللّٰہُ تَعَالیٰ سَعیَہُم از کتاب و سنت آں عقائد را فہمیدہ اند و از آنجا اخذ کردہ چہ فہمیدن ما و شما از حیز اعتبار ساقط است ..... ثانیاً علم باحکام شرعیہ است از حلال و حرام و فرض و واجب و ثالثاً عمل بمقتضائی این علم است و رابعاً طریق تصفیہ و تزکیہ کہ مخصوص بصوفیہ کرام است قَدَّسَ اللّٰہُ تَعَالیٰ اَسرَارَھُم

ترجمہ: اے سعادت مند! وہ جو ہم اور تم پر لازم ہے کتاب وسنت کے تقاضا کے مطابق، عقائد کو اس نہج پر صحیح کرنا ہے جیسے علمائے اہل حق شَکَرَ اللّٰہُ تَعَالیٰ سَعیَہُم نے ان عقائد کو کتاب وسنت سے سمجھا ہے اور اس سے اخذ فرمایا ہے کیونکہ ہمارا اور تمہارا سمجھنا محل اعتبار سے ساقط ہے ...... ثانیاً احکام شرعیہ حلال وحرام اور فرض و واجب کا علم حاصل کرنا...... ثالثاً اس علم کے مطابق عمل کرنا...... رابعاً تصفیہ وتزکیہ کا راستہ جو صوفیہ کرام قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے ساتھ مخصوص ہے۔

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز شریعت وطریقت کے ارکان اربعہ کے متعلق ایک نہایت اہم نصیحت فرما رہے ہیں جس پر بندۂ مومن کے عقائد واعمال واخلاق کا مدار اور فلاح ونجات کا انحصار ہے۔ ارکان اربعہ درج ذیل ہیں

۱...... عقائد کی تصحیح ۲...... احکام شرعیہ کی تعلیم ۳...... تحصیل علم کے بعد

Marfat.com

تعمیل ۴.....تزکیہ نفس کی تحصیل

مذکورہ بالا ارکان کی تصحیح و تعلیم اور تحصیل آئمہ مجتہدین، علمائے راسخین، متکلمین اہلسنت اور مشائخ طریقت کے کتاب وسنت کی روشنی میں بیان فرمودہ عقائد واحکام اور تعلیمات کے مطابق ہونی چاہئے۔ اپنے علم خام اور عقل ناتمام کے ذریعے کتاب وسنت کو سمجھنے سے اجتناب کرنا چاہئے کیونکہ ان اسلاف کرام نے عہد رسالت کے قرب، وفور علم، کمال تقویٰ وورع، کثرت روایات، ایمانی فراست، باطنی بصیرت اور جودت ملکہء استنباط کی بناء پر ناسخ ومنسوخ، محکم وموّول، مقدم وموٴخر اور متضاد ومتعارض نصوص میں مطابقت وموافقت بیان فرمائی ہے۔ جو علمی وسعت اور اجتہادی بصیرت تابعین عظام میں ظاہر ہوئی وہ متاخرین کو میسر نہ ہوسکی ذَالِکَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ اسی لئے حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے لمعات میں تحریر فرمایا ہے وَلَقَدْ ظَهَرَ بَسْطَةُ الْعِلْمِ وَالْاِجْتِهَادِ فِي التَّابِعِيْنَ مَالَمْ يَظْهَرْ فِيْ غَيْرِهِمْ [1]

جیسے ادیان عالم میں دین اسلام ہر قسم کے افراط وتفریط سے پاک متوسط دین متین ہے جو دنیوی فوز وفلاح اور اخروی نجات وکامرانی کا ضامن ہے اور یہی دین اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ اور مقبول ہے۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی حنفی رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں:

وَدِيْنُ اللّٰهِ فِي السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَاحِدٌ وَهُوَ دِيْنُ الْاِسْلَامِ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ [2] وَقَالَ تَعَالٰى وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ [3] وَقَالَ تَعَالٰى وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ

---

[1] الاصول الاربعہ فی تردید الوہابیہ: ۹۳
[2] آل عمران ۳: ۱۹
[3] آل عمران ۳: ۸۵

Marfat.com

دِیْنًا [1] وَھُوَ بَیْنَ الْغُلُوِّ وَالتَّشْبِیْہِ وَالتَّعْطِیْلِ وَالْجَبْرِ وَالْقَدْرِ وَالْاَمْنِ وَالْیَأْسِ [2]

ایسے ہی مسلک اہل سنت و جماعت ہر قسم کے حشو وزوائد اور افراط وتفریط سے پاک معتدل و متوسط صراط مستقیم ہے، جو بندہ مؤمن کو فکری انتشار اور قلبی اضطراب سے نجات دلا کر سواد اعظم اور جماعت کے ساتھ متمسک ومجتمع رہنے کی تاکید کرتا ہے۔ یہی امت محمدیہ اور ملت مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوات کی غالب اکثریت اور ناجی جماعت ہے۔

حضرت العلام ملا جیون صدیقی رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں

فَاِنَّھَا مُتَوَسِّطَۃٌ بَیْنَ الْجَبْرِ وَالْقَدْرِ وَبَیْنَ الرِّفْضِ وَالْخُرُوْجِ وَبَیْنَ التَّشْبِیْہِ وَالتَّعْطِیْلِ الَّذِیْ فِیْ غَیْرِھَا وَعَلٰی طَرِیْقِ سُلُوْکٍ جَامِعٍ بَیْنَ الْمُحَبَّۃِ وَالْعَقْلِ فَلَا یَکُوْنُ عِشْقًا مَحْضًا مُفْضِیًا اِلَی الْجَذْبِ وَلَا عَقْلًا صِرْفًا مُوْصِلًا اِلَی الْاِلْحَادِ وَالْفَلْسَفَۃِ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْھَا [3]

یعنی بے شک عقائد اہلسنت جبریہ وقدریہ، رافضیہ وخارجیہ اور تشبیہ وتعطیل کے درمیان ہیں جو ان کے علاوہ ہیں۔ ایسے ہی عقائد اہلسنت محبت اور عقل کے درمیان جامع ہیں جو نہ تو محض عشق ہی ہیں کہ انسان کو کیفیت جذب تک پہنچادیں اور نہ ہی صرف عقل پر ان کی بنیاد ہے جو انسان کو الحاد وفلسفہ (کفر) تک پہنچادیں۔ ہم اس قسم کے عقائد فاسدہ سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے ہیں۔

حضرت امام بزدوی رحمۃ اللہ علیہ نے کنز الاصول میں علم کی دو قسمیں بیان فرمائی ہیں

۱...... توحید وصفات کا علم ۲...... شرائع واحکام کا علم

---

[1] المائدہ ۵:۳ [2] عقیدۃ الطحاویہ من المتون المعتبرہ ص: ۷۹

[3] نور الانوار ص ۶ مطبوعہ مکتبۃ العلم ملتان

Marfat.com

قسم اول کا تعلق اصول کے ساتھ ہے اسے علم کلام اور فقہ اکبر بھی کہا جاتا ہے اور قسم ثانی کا تعلق فروعات کے ساتھ ہے اسے فقہ اصغر بھی کہتے ہیں۔ اہلسنت و جماعت کا اطلاق باعتبار اصول تین گروہوں پر ہوتا ہے۔

۱...... ماتریدیہ ۲...... اشاعرہ ۳......حنابلہ

۞ ......حضرات مالکیہ اور شوافع عقائد میں حضرت امام ابوالحسن اشعری رحمۃ اللہ علیہ کے پیروکار ہیں اسی لئے انہیں اشاعرہ یا اشعریہ کہتے ہیں۔

۞ ......حضرات حنبلیہ عقائد میں حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے پیروکار ہیں اسی لئے انہیں حنابلہ کہا جاتا ہے۔ فرقہ ظاہریہ اور جمہور اہل حدیث بھی عقائد میں خود کو حنبلی کہلواتے ہیں۔[1]

۞ ...... جمہور احناف عقائد وکلام میں شیخ الاسلام حضرت امام ابومنصور ماتریدی رحمۃ اللہ علیہ کے تابع ہیں بنابریں خود کو ماتریدی کہلواتے ہیں۔ سراج الامہ سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ فقہاء اور ارباب مذاہب میں وہ پہلے متکلم ہیں جنہوں نے **الفقه الاكبر** تصنیف فرمائی جس میں قدریہ کا رد ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز مسائل کلامیہ میں گو مشائخ ماتریدیہ کے ساتھ موافقت رکھتے ہیں، جو سنن نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات کی متابعت کی بدولت شان عظیم کے حاملین ہیں جو مقاصد پر اقتصار اور فلسفیانہ موشگافیوں سے اعراض فرماتے ہیں مگر جب سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو واقعہ میں ''تو از مجتہدانِ علم کلامی''[2] کا مژدہ سنایا ہے تب سے علم کلام کے ہر مسئلہ میں آپ تقلید و تخمین کے لحاظ سے نہیں بلکہ الہام وفراست کی بناء پر خاص رائے اور مخصوص علم رکھتے ہیں جس کا بین ثبوت آپ کے مکتوبات شریفہ اور رسائل مبارکہ میں جابجا مسائل

---

[1] بغیۃ الرائد [2] مبدأ و معاد منہا: ۲۸

Marfat.com

کلامیہ کا تذکرہ ہے۔ خصوصاً رسالہ کثیر البرکات جسے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے، اپنی امت کے مشائخ کی بہت بڑی جماعت کے ہمراہ تشریف فرما، اپنے دست اقدس میں لئے ہوئے کمال کرم سے بوسہ دیا اور مشائخ کو دکھا کر فرمایا ''ایں نوع معتقدات می باید حاصل کرد'' اس قسم کے عقائد حاصل کرنے چاہئیں[1]

بعض حضرات کے نزدیک رسالہ کثیر البرکات سے مراد مکتوب ۲۶۶ دفتر اول ہے۔ (وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ)

واضح رہے کہ وہ عقائد جو کتاب وسنت سے صراحۃً ثابت ہیں ان میں علم کلام کے کسی امام کی پیروی نہیں کی جاتی البتہ وہ بعض مسائل جن میں قدرے اخفاء و پوشیدگی ہے ان میں علم کلام کے مجتہدین کی اجتہادی تحقیقات اور علمی تدقیقات کی آراء کے مطابق اپنے اعتقادات کو درست کرنا چاہئے۔ یوں جو شخص علم الہدیٰ حضرت شیخ ابو منصور ماتریدی رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیقات و تدقیقات کا پیروکار ہو، اسے ماتریدی کہا جاتا ہے اور جو امام اہلسنت حضرت امام ابوالحسن اشعری رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیقات پر عمل پیرا ہو، اسے اشعری کہتے ہیں۔ ایسے ہی جو شخص امام المحدثین حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیقات پر کاربند ہو اسے حنبلی کہتے ہیں۔ علمائے متکلمین ماتریدیہ اور علمائے متکلمین اشاعرہ کے درمیان ۴۰ مسائل میں اختلاف ہے[2] مگر علمائے متکلمین نے ان مسائل مختلفہ میں تطبیق بیان فرما کر اسے لفظی نزاع قرار دے دیا۔ یوں علماء کرام نے بقیہ ۱۲ مسائل (عقائد مجددیہ) اور بعض نے ۱۳ مسائل (المتون المعتبرہ ص: ۲ مطبوعہ ماؤنٹ ورنن نیویارک) میں اختلاف کا تذکرہ فرمایا ہے۔ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

اہل سنت کا اطلاق باعتبار فروعات احناف، مالکیہ، شوافع اور حنابلہ پر ہوتا

---

[1] مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب: ۱۶ [2] مذاہب الاسلام

Marfat.com

ہے، جو ائمہ اربعہ کی فقہی تحقیقات اور اجتہادی استنباطات پر عمل پیرا ہوتے ہیں۔
قواعد اجتہادیہ کی روشنی میں استنباط شدہ مسائل متفقہ میں چاروں آئمہ مجتہدین کی اطاعت وتقلید پر جمیع اہلسنت کاربند ہونگے البتہ مسائل مختلفہ میں اپنے اپنے امام کی ہی تقلید واطاعت کریں گے، کیونکہ مومنین کو اللہ تعالیٰ اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کے ساتھ ساتھ اہل علم مستنبطین اُولی الامر کی اطاعت کا حکم دیا گیا ہے جیسا کہ آیات کریمہ وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَاِلٰٓى اُولِى الْاَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ [1] اور يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِى الْاَمْرِ مِنْكُمْ [2] سے عیاں ہے۔

واضح رہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت عقائد اسلامیہ اور احکام شرعیہ میں بغیر طلبِ دلیل بحیثیت رسول مکرم واجب قطعی ہے جبکہ ائمہ مجتہدین کی اطاعت مسائل اجتہادیہ میں بغیر مطالبہ دلیل ان کے تقویٰ واجتہاد اور ان کے ساتھ حسن ظن کی بنا پر واجب ظنی ہے...... اسی اطاعت کو تقلید کہا جاتا ہے۔

## تقلید کی تعریف

علمائے کرام نے تقلید کی تعریف یوں بیان فرمائی ہے:
اَلتَّقْلِيْدُ اِتِّبَاعُ الرَّجُلِ غَيْرَهٗ فِيْمَا سَمِعَهٗ يَقُوْلُ اَوْ فِىْ فِعْلِهٖ عَلٰى زُعْمِ اَنَّهٗ مُحَقِّقٌ بِلَا نَظْرٍ فِى الدَّلِيْلِ [3] یعنی کسی شخص کا اپنے علاوہ کسی اور کو محقق جانتے ہوئے اس کے قول وفعل کی دلیل میں غور وفکر کئے بغیر اتباع کرنا تقلید کہلاتا ہے۔

تقلید کی اس تعریف سے یہ حقیقت عیاں ہوگئی کہ صحابہ کرام اور ائمہ مجتہدین

---

[1] النساء ۴:۸۳ [2] النساء ۴: ۵۹ [3] حاشیہ نور الانوار: ۲۲۰

Marfat.com

وغیرہم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مقلد نہیں بلکہ سب امتی ہیں کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر قول وفعل دلیل شرعی ہے جبکہ تقلید میں دلیل شرعی کا اعتبار نہیں ہوتا۔

## احکام شرعیہ کی اقسام ثلاثہ

علمائے کرام نے احکام شرعیہ کی تین اقسام بیان فرمائی ہیں۔

### قسم اول

اعتقادات وہ دینی اور قطعی الدلالۃ اصول ہیں جو نصوص سے صراحۃً ثابت ہیں جن کا ایک ہی معنی ہوسکتا ہے اور ان میں کسی قسم کا کوئی تعارض نہیں۔ ان میں اجتہاد وتقلید جائز نہیں، انہیں مسائل منصوصہ غیر متعارضہ بھی کہا جاتا ہے۔

### قسم دوم

وہ مسائل ہیں جن میں نصوص باہم متعارض ہوتی ہیں جن کے رفع تعارض کے لئے مجتہد اپنی ایمانی فراستوں، اجتہادی صلاحیتوں، علمی وسعتوں اور فقہی بصیرتوں کو بروئے کار لاکر نہایت دقت نظر اور اپنے وسیع وعمیق مطالعہ کی بناء پر ان نصوص متعارضہ میں یوں مطابقت کرتا ہے جسے پڑھ کر قارئین کو شرح صدر، روحانی انبساط اور قلبی طمانیت نصیب ہوجاتی ہے اور حضرت شارع کی غرض وغایت اور منشائے رسالت علیٰ صاحبہا الصلوات بھی عیاں ہوجاتی ہے۔ جیسے سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے صوم سفر کے سلسلہ میں مسافر کے تین احوال کے پیش نظر مختلف روایات میں ایسی شاندار تطبیق بیان فرمائی، جو آپ کی مجتہدانہ صلاحیت اور فقیہانہ بصیرت کی بین دلیل ہے اور یہی آپ کا طرۂ امتیاز ہے۔ اسی لئے حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا اَلْخَلْقُ کُلُّھُمْ عِیَالُ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ [1]۔ اس قسم کے مسائل

---

[1] المرقات شرح مشکوٰۃ جلد اول: ۶۴

Marfat.com

میں مجتہد کو اجتہاد کی ضرورت اور غیر مجتہد کو تقلید کی احتیاج ہوتی ہے۔

قسم سوم

وہ مسائل ہیں جو صراحۃً نصوص سے ثابت نہیں یا ثابت تو ہیں مگر ان نصوص میں متعدد معانی کے احتمال کی بنا پر قطعی طور پر کسی ایک معنی پر محمول نہیں کیا جا سکتا یا وہ نص جو کسی دوسری نص سے بظاہر متعارض ہوتی ہے جن میں تعیینِ احدُالاحتمالات کیلئے مجتہد اجتہاد کرتا ہے۔ اس قسم کے مسائل مستنبطہ میں غیر مجتہد کو کسی مجتہد کی تقلید کرنا ضروری ہوتا ہے۔ ان مسائل کو مسائل غیر منصوصہ ظنی الدلالہ کہا جاتا ہے۔

واضح رہے کہ کتاب وسنت کے وہ احکام جو قطعی ہیں یا جن میں کسی قسم کا ابہام واجمال یا تعارض وتناقض وغیرہا نہیں ہے ان میں کسی امام و مجتہد کی تقلید کی کوئی ضرورت نہیں جیسا کہ قطب شام حضرت علامہ عبدالغنی نابلسی مجددی رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں

۞ ...... فَالْاَمْرُ الْمُتَّفَقُ عَلَيْهِ الْمَعْلُوْمُ مِنَ الدِّيْنِ بِالضَّرُوْرَةِ لَا يَحْتَاجُ اِلَى التَّقْلِيْدِ فِيْهِ لِاَحَدِ الْاَرْبَعَةِ كَفَرْضِيَّةِ الصَّلٰوةِ وَالصَّوْمِ وَالزَّكٰوةِ وَ الْحَجِّ وَنَحْوِهَا وَحُرْمَةِ الزِّنَا وَاللَّوَاطَةِ وَشُرْبِ الْخَمْرِ وَالْقَتْلِ وَالسَّرْقَةِ وَالْغَصْبِ وَمَا اَشْبَهَ ذَالِكَ وَالْاَمْرُ الْمُخْتَلَفُ فِيْهِ هُوَ الَّذِیْ يَحْتَاجُ اِلَى التَّقْلِيْدِ فِيْهِ [1]

یعنی وہ متفقہ مسائل جو بداھۃً دین میں معلوم ہیں ان میں آئمہ اربعہ میں سے کسی کی تقلید کی احتیاج نہیں، جیسے نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج وغیرہا کی فرضیت اور زنا، لواطت، شراب نوشی، قتل، سرقہ، اور غصب جیسی اشیاء کی حرمت جبکہ مختلف فیہ مسائل

[1] خلاصۃ التحقیق فی حکم التقلید والتلفیق :۴ مطبوعہ مکتبہ الحقیقہ استنبول

Marfat.com

میں تقلید کی ضرورت پڑتی ہے۔

۞......اسی ضمن میں علامہ ابن قیم یوں رقمطراز ہیں لَایَجُوْزُ لِاَحَدٍ اَنْ یَّأْخُذَ مِنَ الْکِتَابِ وَالسُّنَّةِ مَالَمْ یَجْتَمِعْ فِیْهِ شُرُوْطُ الْاِجْتِهَادِ [1] یعنی جس شخص میں اجتہاد کی شرائط نہیں پائی جاتیں اسے کتاب وسنت سے مسائل اخذ کرنا جائز نہیں بلکہ اسے آئمہ مجتہدین کی تقلید کرنا ہوگی۔

۞......حضرت العلام محبّ اللہ بہاری رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں اَجْمَعَ الْمُحَقِّقُوْنَ عَلٰی مَنْعِ الْعَوَامِ مِنْ تَقْلِیْدِ الصَّحَابَةِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ بَلْ عَلَیْهِمْ اِتِّبَاعُ الَّذِیْنَ سَوَّدُوْا وَبَوَّبُوْا وَهَذَّبُوْا وَنَقَّحُوْا وَفَرَّقُوْا وَعَلَّلُوْا وَفَصَّلُوْا قَالَ اِبْنُ صَلَاحٍ کَاَئِمَّةِ الْاَرْبَعَةِ [2]

یعنی محققین علماء کا اس بات پر اجماع ہو چکا ہے کہ عامۃ المسلمین (غیر مجتہدین، علماء مجتہدین کی نسبت بہ منزلہ عوام ہیں) کو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی تقلید سے منع کیا جائے بلکہ ان پر ان آئمہ مجتہدین کی اتباع لازم ہے جنھوں نے مسائل شرعیہ کی تسوید وتبویب، تہذیب وتنقیح اور تفریق کر کے معلل اور مفصل کو جدا جدا کر دیا۔ ابن صلاح شافعی نے کہا ہے ان سے مراد آئمہ اربعہ ہیں۔

۞......عارف باللہ حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی مجددی رحمۃ اللہ علیہ اس سلسلہ میں رقمطراز ہیں اَهْلُ السُّنَّةِ قَدِ افْتَرَقَ بَعْدَ الْقُرُوْنِ الثَّلَاثَةِ وَالْاَرْبَعَةِ مَذَاهِبُ وَلَمْ یَبْقَ مَذْهَبٌ فِیْ فُرُوْعِ الْمَسَائِلِ سِوَاءَ هٰذِهِ الْاَرْبَعَةِ [3]

یعنی اہل سنت تیسری یا چوتھی صدی کے بعد مذاہب میں منقسم ہو گئے اور فروعی مسائل میں ان چاروں کے علاوہ کوئی مذہب باقی نہیں رہا۔

۞......حضرت علامہ ابن نجیم مصری رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں اِنَّ الْاِجْمَاعَ

---

[1] اعلام الموقعین [2] مسلم الثبوت فی فروع الحنفیہ [3] تفسیر مظہری جلد ثانی

Marfat.com

اِنۡعَقَدَ عَلٰی عَدَمِ الۡعَمَلِ بِمَذۡهَبٍ مُخَالِفِ الۡاَرۡبَعَةِ لِانۡضِبَاطِ مَذَاهِبِهِمۡ وَانۡتِشَارِهَا وَكَثۡرَةِ اِتِّبَاعِهِمۡ [1] یعنی مذاہب اربعہ کے خلاف کسی مذہب پر عدم عمل پر امت کا اجماع ہو چکا ہے کیونکہ یہی مذاہب ضبط تحریر میں لا کر مدون و مرتب کیے گئے اور انہی کا چہار دانگ عالم میں انتشار و شیوع ہوا اور سینہ گیتی پر انہیں کے مقلدین ہیں۔

۞...... حضرت علامہ طحطاوی رحمۃ اللہ علیہ اس سلسلہ میں یوں رقمطراز ہیں: هٰذِهِ الطَّائِفَةُ النَّاجِيَةُ قَدِ اجۡتَمَعَتِ الۡيَوۡمَ فِيۡ مَذَاهِبِ اَرۡبَعَةٍ وَهُمُ الۡحَنَفِيُّوۡنَ وَالۡمَالِكِيُّوۡنَ وَالشَّافِعِيُّوۡنَ وَالۡحَنۡبَلِيُّوۡنَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى [2]

## مذاہب اربعہ سے خروج باعث ضلالت ہے

حضرت علامہ احمد بن محمد الصاوی مالکی رحمۃ اللہ علیہ کا بصیرت افروز اور چشم کشا وہ ارشاد گرامی ملاحظہ ہو جو آپ آیہ کریمہ وَاذۡكُرۡ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيۡتَ [3] کی تفسیر میں تحریر فرماتے ہیں

وَلَا يَجُوۡزُ تَقۡلِيۡدُ مَاعَدَا الۡمَذَاهِبِ الۡاَرۡبَعَةِ وَلَوۡ وَافَقَ قَوۡلَ الصَّحَابَةِ وَالۡحَدِيۡثِ الصَّحِيۡحِ وَالۡاٰيَةِ فَالۡخَارِجُ عَنِ الۡمَذَاهِبِ الۡاَرۡبَعَةِ ضَالٌّ مُضِلٌّ وَرُبَمَا اَدَّاهُ ذَالِكَ الۡكُفۡرَ لِاَنَّ الۡاَخۡذَ بِظَوَاهِرِ الۡكِتَابِ وَالسُّنَّةِ مِنۡ اُصُوۡلِ الۡكُفۡرِ [4]

یعنی مذاہب اربعہ کے علاوہ کسی کی تقلید جائز نہیں اگر چہ وہ قول صحابہ، حدیث صحیح اور آیہ کریمہ کے مطابق ہی کیوں نہ ہو۔ مذاہب اربعہ سے جدا ہونے والا گمراہ

---

[1] الاشباہ والنظائر: ۱۴۳ [2] حاشیۃ الطحطاوی علی در المختار [3] الکہف ۱۸: ۲۴

[4] تفسیر الصاوی ۴/۱۹۲ مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ لاہور

Marfat.com

اور گمراہ کر ہے بلکہ بسا اوقات مذاہب اربعہ سے خروج کفر تک پہنچا دیتا ہے کیونکہ کتاب وسنت کے ظاہری معنی لینا کفر کی جڑ ہے۔

نیز آیات قرآنیہ اور ذخیرۂ احادیث مبارکہ پنسار کی دکان کی مانند ہیں اور آئمہ مجتہدین اطباء کی حیثیت رکھتے ہیں اس لئے مجتہدین ہی ان سے صحیح معنوں میں استفادہ کر سکتے ہیں جبکہ غیر مجتہدین ان کے باعث گمراہ بھی ہو سکتے ہیں جیسا کہ آیہ کریمہ یُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا [1] سے واضح ہے نیز حضرت امام ابن عیینہ کا سبق آموز ارشاد گرامی اَلْحَدِيْثُ مَضَلَّةٌ اِلَّا لِلْفُقَهَآءِ [2] بھی مدنظر رہنا چاہیے۔

۞......حضرت علامہ طحطاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں وَمَنْ كَانَ خَارِجًا عَنْ هٰذِهِ الْاَرْبَعَةِ فِيْ هٰذَا الزَّمَانِ فَهُوَ مِنْ اَهْلِ الْبِدْعَةِ وَالنَّارِ [3] چنانچہ آیہ کریمہ میں ہے وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا [4]

۞......کسی نے حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا تھا کہ کونسی آیہ کریمہ اجماع کی حجیت پر دال ہے تو آپ نے تین سو بار قرآن مجید کو بالاستیعاب پڑھ کر مذکورہ آیہ کریمہ سے یہ نتیجہ اخذ کیا

اِنَّ اتِّبَاعَ غَيْرِ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَامٌ فَوَجَبَ اَنْ يَكُوْنَ اِتِّبَاعُ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاجِبًا [5]

۞......حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مَنْ شَذَّ شُذَّ فِي النَّارِ [6] یعنی جو جماعت سے جدا ہو گیا وہ تنہا ہی نار جہنم میں ڈالا جائے گا۔

۞......دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا:

---

[1] البقرہ ۲:۲۶ [2] الاجتہاد و تقلید و تقلید غیرھا: ۱/۳۳۶ [3] حاشیہ الطحطاوی علی در المختار

[4] النسآء ۴:۱۱۵ [5] تفسیر کبیر: ۵/۳۸۱ [6] مشکوٰۃ: ۳۰

Marfat.com

مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ شِبْرًا فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهٖ [1]
یعنی جو شخص جماعت سے بالشت بھر بھی ہٹا اس نے اسلام کا پٹہ اپنی گردن سے اتار دیا۔

۞ ...... حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سواد اعظم کے ساتھ متمسک اور جماعت و مجمع کے ساتھ منسلک رہنے کی تاکید فرمائی ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات اِتَّبِعُوا السَّوَادَ الْاَعْظَمَ عَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ وَالْعَامَّةِ [2] سے عیاں ہے اور جماعت ہی عنایات والتفات کی حقدار اور گمراہی سے محفوظ ہوتی ہے جیسا کہ ارشادات نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات يَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ [3] اور لَا يَجْمَعُ اُمَّتِيْ عَلَى الضَّلَالَةِ [4] سے واضح ہے۔

## اختلاف صوفیاء کی حکمت

حدیث اِخْتِلَافُ اُمَّتِيْ رَحْمَةٌ [5] کے مصداق اختلاف ایک فطری حقیقت ہے جس سے انکار ممکن نہیں لیکن اس میں اعتدال کا حسین امتزاج اور توازن کا جمیل امتیاز ہے جیسے مجتہدین شریعت کے ہاں عبادات و معاملات وغیرہا کے متعلق مختلف مذاہب ہیں ایسے ہی مجتہدین طریقت کے باطنی اخلاق و اعمال کے اصلاح و درستگی کے متعدد سلاسل ہیں اور یہ سب راہِ اعتدال اور جادۂ مستقیم پر گامزن ہیں، جو ہر قسم کی نفسانی خواہشات اور ذاتی مفادات سے پاک ہیں، اس لئے ان کا اختلاف رضائے الٰہی کیلئے اخلاص وللّٰہیت پر مبنی ہوتا ہے۔ جملہ سلاسل طریقت کا مقصود و مطلوب ذات حق سبحانہ کا وصول اور رضائے حق کا حصول ہے البتہ حق تعالیٰ کے وصول و حصول کے طرق مختلف و متعدد ہیں جیسا کہ مقولہ طُرُقُ الْوُصُوْلِ اِلَى اللّٰهِ

---

[1] مشکوٰۃ: ۳۱ [2] مشکوٰۃ: ۳۰ [3] مشکوٰۃ: ۳۱ [4] مشکوٰۃ: ۳۰ [5] مرقاۃ المفاتیح جزء: ۱/۴۴

Marfat.com

بِعَدَدِ اَنْفَاسِ الْخَلَائِقِ سے ثابت ہے۔

یونہی جملہ مجتہدین طریقت اور جمیع علمائے حقیقت اس امر پر متفق ہیں کہ وصول الی اللہ متابعت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات پر موقوف ہے جیسا کہ آیہ کریمہ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ [1] سے واضح ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی فردیّت کاملہ اور جامعیّت کبریٰ کی بدولت تمام انوار وتجلیات کے مورد اور فیوض و برکات کے مصدر ہیں۔ جب صوفیائے کرام متابعت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات میں وصول الی اللہ کے مراتب کی طرف گامزن ہوتے ہیں تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی فردیت کاملہ کی کوئی جہت اور حقیقت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کی کوئی تجلی ان کے قلوب پر منعکس ہوتی ہے تو اس جہت یا تجلی سے اس سالک وصوفی کو ایک خاص باطنی تعلق پیدا ہوجاتا ہے جسے صوفیاء کی اصطلاح میں نسبت کہتے ہیں۔ یہ خاص باطنی نسبت اس صوفی کے منتسبین و مریدین میں اتباع سنت وشریعت کی برکت سے ظہور پذیر ہوتی رہتی ہے۔ سلاسل اولیاء میں نسبتوں کی یہی صورت اختلافِ صوفیاء کی بنیاد ہے۔ اصولی اور بنیادی طور پر تمام صوفیاء متحد الاصل ہیں، البتہ حصول مقصود کے طرق ومعالجات میں قدرے اختلاف ہے، جس کی بناء پر صوفیاء میں مخصوص مکاتیب فکر قائم ہوئے۔ اس لئے وہ اپنی نسبتوں اور طبیعتوں کے میلان سے مجبور ہوکر ایک جانب عملاً مائل ہوتے ہیں اور دوسری جانب سے طبعاً گریز کرتے ہیں۔

حضرات خواجگان نقشبندیہ میں حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی نسبت صدیقی کا ظہور ہے جنہیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ضمنیت کبریٰ حاصل تھی جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات مَاصَبَّ اللّٰہُ فِیْ صَدْرِیْ شَیْئًا اِلَّا صَبَبْتُہٗ

---

[1] آل عمران ۳:۳۱

Marfat.com

فِیْ صَدْرِ اَبِیْ بَکْرٍ[1] سے عیاں ہے، بنابریں اس نسبت کا فیض سینہ بہ سینہ القاء ہوتا ہے۔اس سلسلہ کا شیوع عالم میں امام الطریقہ غوث الخلیقہ حضرت شاہ نقشبند بخاری قدس سرہٗ العزیز کے ذریعے ہوا۔حضرات نقشبندیہ کی سیر انفسی ہونے کی وجہ سے نسبت نقشبندیہ میں سکوت واخفاءاور دوام حضور مع اللہ کا غلبہ ہے۔یہی وجہ ہے کہ یہ سلسلہ عالیہ نعرہ ہائے اشتیاق، ذکر بالجہر، تواجد اور رقص وسماع کی طرف التفات نہیں رکھتا اور اس میں شریعت مطہرہ اور سنن نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات کے جواہر نفیسہ دے کر وجد وحال کے اخروٹ ومنقی نہیں خریدتے۔انہی وجوہات کی بناء پر طریقہ نقشبندیہ مجددیہ سہل الوصول، اقرب الطرق اور منفرد وممتاز ہے۔امام طریقت حضرت سیدنا مجدد الف ثانی قدس سرہٗ العزیز اسی نسبت کی تجدید واحیاء پر مامور ہوئے تھے۔

جبکہ دیگر سلاسل مقدسہ (قادریہ، سہروردیہ، چشتیہ) غوث الثقلین حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی، شیخ الشیوخ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی اور خواجہء خواجگان حضرت خواجہ معین الدین چشتی قدس اللہ اسرارہم سے بالترتیب چہار دانگ عالم میں مشہور ہوئے۔

---

[1] المنار المنیف: ۱/۴۳ ، الحاوی للفتاوی للسیوطی ۱/۱۶

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۵۸

مکتوب الیہ

فضیلت مآب حضرت شیخ حمید بنگالی رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

مشاربِ اولیاء کا بیان

اولیاء مرجوعین ......... اولیاء مستہلکین

Marfat.com

## مکتوب الیہ

حضرت شیخ کا وطن منگل کوٹ ضلع بردوان بنگال تھا۔ آپ جامع علوم منقول ومعقول تھے۔ لاہور سے تکمیل تعلیم کے بعد آگرہ میں حضرت مفتی خواجہ عبدالرحمٰن کابلی رحمۃ اللہ علیہ کی رہائش گاہ پر حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کی بادل ناخواستہ زیارت ہوگئی تو حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے شیخ کی طرف متوجہ ہوکر فرمایا ''شیخ حمید یہاں ہیں!'' اور ایک دو نگاہ بھرپور کیفیت کے ساتھ ان پر ڈالیں اور بغیر کچھ تناول فرمائے محفل سے اٹھ کر چل دیئے۔ شیخ حمید انکار وافتراق کی شدت کے باوجود حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے پیچھے پیچھے آنسو بہاتے ہوئے افتاں وخیزاں چلے جارہے ہیں مگر حضرت امام ربانی ان کی طرف ملتفت نہیں ہورہے یہاں تک کہ اپنی قیام گاہ پر تشریف لے گئے۔ شیخ حمید گریاں وحیراں وپریشاں سر جھکائے دروازے پر کھڑے ہیں پھر آپ نے شیخ حمید کو اندر بلا کر توبہ وتعلیم طریقت اور جذبہ ونسبت سے مشرف فرمایا۔ شیخ اس نسبت سے اس قدر مغلوب الحال ہوگئے کہ اپنے احباب سے یکسر بے تعلق ہوگئے۔ چند روز کے بعد حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے ہمراہ پاپیادہ بلا

Marfat.com

## مکتوب الیہ

ارادہ لیکن دلدادہ سرہند شریف حاضر ہوئے اور ایک یا دو سال حضرت امام ربانی قدس سرہٗ کی خدمت وصحبت وملازمت میں خاکساری وجاں سپاری کے ساتھ رہ کر خلافت واجازت سے نوازے گئے اور حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے پاپوش شریف بطور تبرک حاصل کر کے وطن مالوف کی طرف مراجعت فرمائی اور ساری عمر شریعت وطریقت کی تدریس وتعلیم میں گذار دی۔ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ایک مکتوب گرامی میں انہیں نصیحت کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں

اے عزیز! غیب الغیب کی راہ میں سالکین کے قدم بہت پھسلتے ہیں۔ آپ اعتقادات وعملیات میں شریعت مطہرہ کو مدنظر رکھ کر زندگی بسر کریں ...... اس میں غفلت نہ ہونے پائے۔

شیخ حمید تقویٰ وعزیمت، فقر وقناعت اور زہد واستقامت میں اپنی مثال آپ تھے۔ آپ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے قدیم خلفاء میں سے تھے۔ آپ کو بہت مقبولیت حاصل ہوئی...... اور ۱۰۵۰ھ کو منگل کوٹ میں انتقال فرمایا۔

Marfat.com

# مکتوب - ۱۵۸

**متن** اِعۡلَمۡ اَنَّ مَرَاتِبَ الۡکَمَالِ مُتَفَاوِتَۃٌ بِحَسَبِ تَفَاوُتِ الۡاِسۡتِعۡدَادَاتِ وَالتَّفَاوُتُ فِی الۡکَمَالِ قَدۡ یَکُوۡنُ بِحَسَبِ الۡکَمِیَّۃِ وَقَدۡ یَکُوۡنُ بِحَسَبِ الۡکَیۡفِیَّۃِ وَقَدۡ یَکُوۡنُ بِھِمَا مَعًا ----الخ

**ترجمہ:** جاننا چاہئے کہ مراتب کمال، تفاوت استعدادات کے اعتبار سے متفاوت ہیں۔ کمال میں تفاوت کبھی کمیت کے لحاظ سے ہوتا ہے اور کبھی کیفیت کے لحاظ سے، اور کبھی دونوں (کمیت و کیفیت) کے اعتبار سے۔

# شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اولیاء کرام رحمۃ اللہ علیہم کے مراتب کمال کے تفاوت کی وجہ بیان فرمارہے ہیں کہ آدمی المشرب اولیاء کرام کا کمال تنہا لطیفہء قلب ہوتا ہے...... نوحی المشرب اور ابراہیمی المشرب اولیاء کا کمال لطیفہ قلب اور لطیفہ روح ہوتا ہے...... موسوی المشرب کا کمال قلب و روح و سر کی تکمیل کے ساتھ وابستہ ہوتا ہے...... عیسوی المشرب کا کمال لطائف قلب و روح

Marfat.com

دسر وخفی ہوتا ہے اور محمدی المشرب اولیائے کرام لطائف خمسہ کی تکمیل اور ولایت خاصہ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات سے مشرف ہوتے ہیں جبکہ کیفیت کمالات میں بھی اولیائے کرام متفاوت ہوتے ہیں یعنی بعض اولیائے کرام بلند استعداد کے حامل ہوتے ہیں، بعض متوسط الاستعداد اور بعض ایسی پست استعداد رکھتے ہیں کہ لطیفہ قلب کی انتہا کو بھی نہیں پہنچتے۔

## بینہ نمبرا:

واضح رہے کہ شان العلم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مربی ہے......صفت علم حضرت نوح علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی مربی ہے......صفت کلام حضرت موسیٰ علیہ السلام کی مربی ہے......صفت قدرت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی مربی ہے......اور صفت تکوین حضرت آدم علیہ السلام کی مربی ہے۔

جس سالک کا عدم ذاتی شان العلم کے مقابل ہوتا ہے وہ محمدی المشرب ہوتا ہے کیونکہ اس سالک کا عدم ذاتی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مربی شان العلم کے مقابل ہے۔جس سالک کا عدم ذاتی صفت علم کے مقابل ہے وہ سالک نوحی المشرب یا ابراہیمی المشرب ہوتا ہے کیونکہ اس سالک کا عدم ذاتی ان انبیائے کرام (حضرت نوح اور حضرت ابراہیم) کی مربی صفت علم کے مقابل ہے۔جس سالک کا عدم ذاتی صفت کلام کے مقابل ہوتا ہے وہ موسوی المشرب ہوتا ہے کیونکہ اس سالک کا عدم ذاتی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی مربی صفت کلام کے مقابل ہے۔جس سالک کا عدم ذاتی صفت قدرت کے مقابل ہوتا ہے وہ عیسوی المشرب ہوتا ہے کیونکہ اس کا عدم ذاتی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی مربی صفت قدرت کے مقابل ہے۔جس سالک کا عدم ذاتی صفت تکوین کے مقابل ہوتا ہے وہ آدمی المشرب ہوتا

Marfat.com

ہے کیونکہ اس کا عدم ذاتی حضرت آدم علیہ السلام کی مربی صفت تکوین کے مقابل ہے۔

یوں انبیائے کرام علیہم الصلوات کی مربی صفات اور سالکین کے عدمات متقابلہ کی باہمی مناسبت سے امت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کے سالکین کے مشارب بھی مختلف ہوتے ہیں۔

## بینہ نمبر۲:

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ سالکین کے دقائق، احوال اور مشارب واستعدادات کے علوم ومعارف، صدیوں بعد اخص الخواص اولیائے کاملین کو ہی عطا فرمائے جاتے ہیں، حتیٰ کہ قطب الاولیاء حضرت شیخ نجم الدین کبریٰ قدس سرہٗ العزیز کو بھی اپنا مشرب معلوم نہ تھا اور اس امر کی تحقیق کے لئے کسی مرید کو اپنے ہم عصر صاحب اسرار شیخ کے پاس بھیجا۔ شیخ کبریٰ کے احوال دریافت کرتے ہوئے ان صاحب اسرار بزرگ نے اس مرید کو فرمایا "ہمارا جہود ک کیسا ہے؟" وہ مرید اس بات سے رنجیدہ اور حیران ہو کر شیخ کبریٰ کی خدمت اقدس میں واپس آیا اور جو کچھ سنا تھا بیان کر دیا۔ شیخ خوشی سے جھومتے ہوئے اٹھے اور فرمایا کہ ہمارا مقصد حاصل ہو گیا اور معلوم ہو گیا کہ ہم حضرت سیدنا موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام کے زیر قدم ہیں۔ جہود (یہود) ان کی امت کو کہا جاتا ہے اور یہ کلام ان بزرگ کی طرف سے ہمارے لئے ان کی ولایت کے اتباع کی طرف اشارہ ہے۔[1]

---

[1] زبدۃ المقامات فصل پنجم

Marfat.com

**متن** وَبَعْدَ حُصُوْلِ الْکَمَالِ فِیْ اَیِّ مَرْتَبَةٍ کَانَتْ مِنَ الْمَرَاتِبِ الْمَذْکُوْرَةِ اِمَّا رُجُوْعُ الْقَهْقَرِیْ اَوْثَبَاتٌ وَاِسْتِقْرَارٌ فِیْ ذَالِكَ الْمَوْطِنِ وَالْاَوَّلُ هُوَ مَقَامُ التَّکْمِیْلِ وَالْاِرْشَادِ وَرَجُوْعٌ مِّنَ الْحَقِّ اِلَی الْخَلْقِ لِلدَّعْوَةِ وَالثَّانِیْ هُوَ مَوْطِنُ الْاِسْتِهْلَاكِ وَالْعُزْلَةِ مِنَ الْخَلْقِ

**ترجمہ:** مراتب مذکورہ میں سے کسی مرتبہ میں حصول کمال کے بعد یا تو رجوع قہقری ہوتی ہے یا اس مرتبہ میں ثبات واستقرار ہوتا ہے۔ پہلا مقام تکمیل وارشاد ہے اور دعوت کے لئے حق سے خلق کی طرف رجوع ہے اور دوسرا استہلاک اور مخلوق سے عزلت کا مرتبہ ہے۔

# شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز واصلانِ ذاتِ حق کی دو قسمیں بیان فرمارہے ہیں۔ مرجوعین اور مستہلکین

اولیائے مستہلکین عروجی منازل میں واپس نہیں لوٹتے۔ ان کے نفوس قدسیہ اور ارواح طیبہ تاحیات عروج ہی کرتے رہتے ہیں اور غلبہ ء حال کی بناء پر ان کے حواس ظاہری بھی عالم صرف کے ساتھ متعلق اور ہمیشہ شہود میں ہی مستغرق رہتے ہیں۔

Marfat.com

اس گروہ کا ایمان شہودی ہوتا ہے۔

جبکہ......اولیائے مرجوعین کو عالم دنیا کی طرف لوٹا کر منصب دعوت وارشاد پر متمکن فرما کر ان سے فیض رسانی کا کام لیا جاتا ہے جیسے بادشاہ اپنے باشعور اور لائق وفطین وزیران باتدبیر کو صوبوں کے عُمال بنا کر مختلف امور کی انجام دہی کیلئے مامور کر دیتا ہے۔ان اولیائے مرجوعین کا مرتبہ اولیائے مستہلکین سے فوق تر ہوتا ہے۔

اہل طریقت نے اولیائے مرجوعین کی دو قسمیں بیان فرمائی ہیں۔

قسم اول...... کے اولیاء کے عروجی کمالات منتہائے مقصود تک نہیں پہنچتے صرف ان کے نفوس نزول کرتے ہیں۔ان کی ارواح تحصیل کمالات عالیہ کے لئے عروجی منازل طے کرنے میں ہی مشغول رہتی ہیں۔

قسم دوم...... کے وہ منتہی اولیاء ہوتے ہیں جنہوں نے عروجی کمالات کو انجام تک پہنچایا ہوتا ہے۔ان کے نفوس مقدسہ اور ارواح طیبہ دونوں نزول کرتے ہیں اس نزول کو نزول اتم کہا جاتا ہے اور ان اولیائے کرام کا درجہء دعوت وارشاد کامل تر ہوتا ہے۔حضرات انبیائے کرام علیہم الصلوات باطنی وظاہری طور پر نزول فرما کر دعوت خلق کی طرف متوجہ ہوتے ہیں، بنابریں انکا ارشاد اتم واکمل ہوتا ہے۔

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۵۹

مکتوب الیہ

حضرت خواجہ شرف الدّین حُسین بدخشی رحمۃ اللہ علیہ

موضوعات

جسم و روح ایک دوسرے کے نقیض ہیں

حصولِ معرفت کے لئے عاجزی و مسکینی شرط ہے

Marfat.com

# مکتُوب - ۱۵۹

**متن** جسم و روح گویا بر دو طرف نقیض واقع شدہ اند الم یکی مستلزم لذت دیگریست ..... الخ

**ترجمہ:** گویا جسم اور روح دونوں نقیض واقع ہوئے ہیں ایک کا الم، دوسرے کی لذت کو مستلزم ہے۔

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے جسم اور روح کو ایک دوسرے کا نقیض قرار دیا ہے۔ جسم سے آپ کی مراد نفس ہے یعنی لذت نفس، روح کے تالم کا سبب ہوتا ہے اور الم نفس، روح کے تلذذ کا باعث ہوتا ہے لیکن اسے وہی اولیائے کرام سمجھ سکتے ہیں جن کی ارواح مقدسہ ان کے ابدان مطہرہ سے چھٹکارا حاصل کر چکی ہوتی ہیں اور وہ فناء و بقاء سے مشرف ہوتے ہیں۔

اسے مقولہ مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے۔ عارف رومی رحمۃ اللہ علیہ نے خوب کہا

Marfat.com

موت قبل الموت اگر دستت نداد
می کند کارت اجل حسب المراد
غیر مردن ہیچ فرہنگ دگر
و نگیرد با خدا اے حیلہ گر

عارف کھڑی میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اس مفہوم کو بزبان پنجابی یوں منظوم فرمایا

جیہدے دل وچہ توں آ وسیوں اوہ دنیا وچہ نہ وسدے نیں
اک وار جو پھائیوں اڈ جاون مڑ دوجی وار نہ پھسدے نیں

مگر عوام کالانعام کی ارواح ان کے نفوس میں اس قدر فنا پذیر ہوتی ہیں کہ کثرت غفلت و معصیت کی وجہ سے ان پر نفس کی صفات غالب آ جاتی ہیں۔ بنابریں ان لذات و آلام سے غافل اور بے خبر ہوتے ہیں۔

ع ذوق ایں مے نہ شناسی بخدا تا نہ چشی

## متن خاک شو خاک تا بروید گل کہ بجز خاک نیست مظہر گل

**ترجمہ:** خاک ہو جاؤ خاک تاکہ پھول کھلیں کیونکہ سوائے خاک کے پھول نہیں کھلتے۔

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز عاجزی و فروتنی اور انکساری و مسکینی

Marfat.com

اختیار کرنے اور تکبر وتمرّد وتبختر سے اجتناب کرنے کی تلقین فرمارہے ہیں۔ دراصل جسم انسانی عالم امر اور عالم خلق کے لطائف عشرہ سے مرکب ہے۔ عالم خلق کا پانچواں لطیفہ خاک ہے جو بشرط تزکیہ وتطہیر، انسانی عظمت وفوقیت کا موجب ہے۔ فلہٰذا سالکین طریقت شیخ کامل مکمل کی زیرِنگرانی اس عنصر خاکی کے تزکیہ کے لئے شب وروز کوشش کرتے ہیں تاکہ حق تعالیٰ کے شہود ومعرفت کے پھول کھل سکیں اور تجلی ذاتی وتوحید عیانی اور وصل عریانی سے شادکام ہوسکیں۔ یہ معرفت کمالات نبوت میں سے ہے، جس سے عرفائے کاملین ہی ممتاز ہوتے ہیں۔

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۶۰

مکتوب الیہ

حضرت ملا یار محمد جدید بدخشی رحمۃ اللہ علیہ

موضوعات

مشائخِ طریقت کے تین گروہ

مشائخ کے طبقۂ اولیٰ کے کمالات کی ترجیحات

Marfat.com

# مکتُوب ۔ ۱۶۰

**متن** مشائخ طریقت قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم سہ طائفہ اند طائفہ اولیٰ قائل اند بآنکہ عالم بایجاد حق بحانہ در خارج موجود است و ہرچہ در وست از اوصاف و کمال ہمہ بایجاد حق بحانہ وخود را شجی بیش نمی دانند بلکہ شجیت ہم از وست عزشانہ در بحرِ نیستی چناں گم می گردند کہ نہ از عالم خبر دارند و نہ از خود در رنگِ شخصی برہنہ کہ جامۂ عاریت پوشیدہ باشد و بداند کہ ایں جامہ عاریت است و ایں دیدِ عاریت بروئے چناں غالب می آید کہ درست جامہ را باصل می دہد وخود را برہنہ می یابد ........ الخ

Marfat.com

ترجمہ: مشائخ طریقت قدس اللہ تعالیٰ اسراہم تین گروہ ہیں۔ طائفہ اولیٰ اس بات کا قائل ہے کہ عالم کائنات حق سبحانہ کی ایجاد سے خارج میں موجود ہے اور جو کچھ اس میں ہے تمام حق سبحانہ کی ایجاد کے اوصاف وکمال میں سے ہے اور اپنے آپ کو شبح (مثال) سے زیادہ نہیں جانتے بلکہ شبحیت بھی اسی عز شانہ سے ہے۔ وہ بحر نیستی (فنائیت کا سمندر) میں ایسے گم ہیں کہ وہ نہ عالم کی خبر رکھتے ہیں اور نہ اپنے آپ کی۔ وہ اس برہنہ شخص کی مانند ہیں جس نے جامہء مستعار پہنا ہو اور وہ جانتا ہو کہ یہ جامہ مستعار ہے اور یہ دیدِ عاریت اس پر ایسی غالب ہو کہ جامہ مستعار کو اصل (مالک) کی طرف منسوب کرے اور خود کو برہنہ پائے ......الخ

# شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز مشائخ طریقت کے تین گروہوں کا ذکر فرما رہے ہیں جن کا اجمالی تذکرہ ہدیہء قارئین ہے۔

۞......طائفہ اولیٰ کے مشائخ کا یہ ادّعا ہے کہ عالم ایجاد، حق سبحانہ سے خارج میں موجود ہے اور عالم کے تمام افعال وصفات بھی حق تعالیٰ کی ایجاد سے موجود ہیں اور وجود عالم، حق تعالیٰ سبحانہ کے وجود کا نمونہ ہے۔ بنابریں ہمارے وجود وصفات، حق تعالیٰ سبحانہ کی طرف سے ہونے کی بنا پر اس تعالیٰ سبحانہ کے وجود اور اس کی صفات کے پرتو اور انعکاس ہیں اور مستعار ہونے کی وجہ سے ہی انسان ضعیف البنیان ہے۔ اس طائفہ کی معرفت علمائے شریعت کے علم کے موافق ہے کیونکہ شریعت مطہرہ بھی تعدد وجود کا اثبات کرتی ہے۔ البتہ ان عرفائے طریقت اور علمائے شریعت کے درمیان فرق یہ ہے کہ علمائے کرام کے مؤقف کا مبنی علم واستدلال ہے جبکہ مشائخ عظام اپنے مؤقف کو کشفی اور ذوقی طور پر ثابت کرتے ہیں۔

Marfat.com

۞.....طائفہ ثانیہ کے نزدیک عالم، خارج میں موجود تو ہے مگر وجود ظلی کے ساتھ اور وجود عالم، وجود حق سبحانہ کے ساتھ ایسے قائم ہے جیسے ظل کا قیام اصل کے ساتھ ہوتا ہے۔ اس طائفہ کی معرفت طائفہ اولیٰ کی نسبت ناقص ہے کیونکہ ظل اور اصل کے درمیان ایک قسم کی مشابہت اور مناسبت موجود ہوتی ہے جبکہ خالق اور مخلوق کے درمیان کوئی مشابہت اور مناسبت نہیں پائی جاتی، بنابریں اس طائفہ کی معرفت کو ناقص کہتے ہیں مَالِلتُّرَابِ وَرَبِّ الْاَرْبَابْ چہ نسبت خاک را بہ پروردگارِ مخلوقات۔ اگر چہ اس طائفہ کی گفتگو طائفہ ثالثہ (صوفیائے وجودیہ) کی گفتگو سے فوقیت رکھتی ہے لیکن اس طائفہ کے مشائخ غلبہء سکر کی وجہ سے ممکنات کو ممکنات اور مخلوقات نہیں کہتے، بلکہ ممکنات کو واجب کا ظل جانتے ہیں۔

طائفہ ثانیہ کا ایک گروہ اپنے اوصاف و کمالات کو وہم جانتا ہے اس لئے اس کی فنا طائفہ ثانیہ کی نسبت ناقص ہے اور ان کی معرفت وحدۃ الوجود کے قریب ہے، اگر چہ وہ طائفہ ثانیہ میں سے ہیں۔ طائفہ ثانیہ کے دونوں گروہوں کا خلاصہ یہ ہے کہ دونوں گروہ تعدد وجود کے قائل ہیں۔ وہ عالم کو حق تعالیٰ کی مخلوق و مصنوع اور حق تعالیٰ سے جدا جانتے ہیں، مگر ان میں سے ایک گروہ اپنے وجود کو ظلی اور دوسرا گروہ اپنے وجود کو وہمی جانتا ہے لیکن وہمی کہنے والے مشائخ، طائفہ ثالثہ کے نزدیک ہیں۔

۞.....طائفہ ثالثہ کے مشائخ وحدت الوجود کے قائل ہیں اور کہتے ہیں کہ ذات حق تعالیٰ کے سوا خارج میں کوئی موجود نہیں، بلکہ صفات ثمانیہ بھی وجود خارجی نہیں رکھتیں۔ خارج میں عدم محض ہے، عالم، وجود خارجی نہیں رکھتا بلکہ وجود علمی رکھتا ہے۔ اس طائفہ کی معرفت، حقیقت نہ رکھنے کی وجہ سے شریعت مطہرہ کے ساتھ موافقت نہیں رکھتی۔ اس طائفہ کو وجودیہ کہا جاتا ہے، اس مرتبہ کو کفر طریقت بھی کہتے ہیں۔

Marfat.com

## بینہ نمبر۱:

واضح رہے کہ مشائخ وجودیہ اپنے کشف میں معذور ہیں اس لئے یہ ان کا بیانِ عقیدہ نہیں بلکہ بیانِ حال ہے۔ حضرت شیخ حسین بن منصور حلاج رحمۃ اللہ علیہ نعرۂ انا الحق کے باوجود روزانہ ایک ہزار نوافل ادا فرمایا کرتے تھے[1] اگر انا الحق کا قضیہ ان کا عقیدہ ہوتا تو اس قدر عبادت و ریاضت وطاعت کیوں اور کس لئے کرتے رہے؟

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز کے والد گرامی حاملِ نسبتِ فردیت حضرت مخدوم شیخ عبدالاحد چشتی قدس سرہُ العزیز توحید وجودی سے سخت مغلوب الحال ہونے کے باوجود سنن زوائد کا اس قدر اہتمام فرماتے کہ باید وشاید، بلکہ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز کے بقول ہمیں عبادات نافلہ کی ادائیگی کی توفیق پدر بزرگوار کی روحانی امداد سے ہی حاصل ہوئی تھی۔[2]

## بینہ نمبر۲:

یہ امر بھی ذہن نشین رہے کہ طائفہ اولیٰ کے مشائخ کی فنا اتم ہے اس لئے ان کی معرفت شریعت مطہرہ کے مطابق ہے۔ طائفہ ثانیہ کے مشائخ کی فنا ناقص ہے کیونکہ وہ اگرچہ ممکن کو عین حق نہیں جانتے مگر ظلِ حق کہتے ہیں۔ اگر یہ حضرات جمیع ممکنات کو فراموش کر کے تمام مراتب ممکنات سے آگے گذر جاتے اور کمال نسیان ماسوٰی حاصل کر کے فنائے اتم سے مشرف ہوجاتے تو عالم کو ظل واجب نہ جانتے۔ طائفہ ثانیہ اور ثالثہ کے درمیان فرق یہ ہے کہ طائفہ ثانیہ کے صوفیاء، گو عالم کے وجودِ

---

[1] نفحات الانس   [2] مبداء و معاد منہا: ۱

Marfat.com

خارجی کے قائل ہیں مگر عالم کو موجود ظلی خارجی جانتے ہیں جبکہ طائفہ ثالثہ کے مشائخ، ذات حق تعالیٰ کے سوا کسی موجود شئی کو خارجی نہیں کہتے بلکہ ظلیت عالم کو بھی خارجی نہیں کہتے وہ تو ظلیت عالم کو وہمی جانتے ہیں۔ سلطان العشاق حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی قدس سرہٗ العزیز نے اس مرتبہ میں مغلوب الحال ہوکر یوں کہہ دیا

ممکن ز تنگنائے عدم ناکشیدہ رخت
واجب ز بارگاہِ قدم تا نہادہ گام
در حیرتم کہ این ہمہ نقش عجیب چیست
بر لوح ظاہر آمدہ مشہود خاص و عام
جامی معاد و مبدا ما وحدت است و بس
ما درمیانِ کثرت موہوم والسلام

حضرت ابن العربی قدس سرہٗ العزیز بھی تحریر فرماتے ہیں

اَلْبَحْرُ بَحْرٌ عَلٰی مَا کَانَ فِی الْقِدَمِ
اِنَّ الْحَوَادِثَ اَمْوَاجٌ وَ اَنْھَارٌ

یعنی بحر سے مراد واجب تعالیٰ قدیم ہے اور ممکنات وظہورات مختلفہ اس بحر کی امواج وانہار ہیں۔

چونکہ یہ طائفہ، عالم کو موجود خارجی نہیں کہتا بلکہ موجود علمی جانتا ہے اس لئے اس طائفہ کے صوفیاء کی معرفت بھی تام نہیں۔

**متن** اما طائفہ اولیٰ بواسطۂ کمالِ مناسبت ومتابعت حضرت رسالت خاتمیت علیہ من الصلوات اتمہا ومن التحیات

Marfat.com

اکملہا جمیع مراتبِ ممکن را از واجب جدا ساختند و ہمہ را تحت کلمہ لا درآوردہ نفی نمودند و ممکن را بواجب ہیچ مناسبتی ندیدند و ہیچ نسبت را باو اثبات نکردند و خود را غیر از عبد مخلوق غیر مقدور نشاختند و اورا عز شانہ خالق و مولائی خود دانستند خود را مولا دانستن ویا ظل او انگاشتن برین بزرگواراں بسیار گراں و دشوار می آید مَا لِلتُّرَابِ وَ رَبِّ الْاَرْبَابِ

ترجمہ: لیکن طائفہ اولیٰ نے حضرت رسالت خاتمیت علیہ من الصلوات اتمہا ومن التحیات اکملہا کی کمال متابعت و مناسبت کی وساطت سے ممکن کے جمیع مراتب کو واجب سے جدا کر دیا اور کلمہ لا کے تحت لا کر، تمام کی نفی کر دی اور ممکن کی واجب کے ساتھ کوئی مناسبت نہیں دیکھی اور اس کے ساتھ کسی نسبت کا اثبات نہیں کیا اور خود کو بندۂ مخلوق غیر مقدور کے سواء کچھ نہیں سمجھا اور اس عز شانہ کو اپنا خالق و مولیٰ جانا۔ اپنے آپ کو مولیٰ جاننا یا اس کا ظل خیال کرنا ان بزرگوں پر بہت گراں اور دشوار ہوتا ہے چہ نسبت خاک را با عالم پاک

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے مشائخ کے طبقات ثلاثہ میں سے طبقہ اولیٰ کے احوال و کمالات کی ترجیحات بیان فرمائی ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں۔

Marfat.com

## ترجیح اول

یہ ہے کہ طبقہ اولیٰ کے مشائخ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کمال مناسبت ومتابعت کی وساطت سے ممکنات کے جمیع مراتب کو واجب سے جدا سمجھ کر کلمہء لا کے تحت لا کر تمام کی نفی کرتے ہیں اور حق تعالیٰ کو اپنا خالق ومولا سمجھ کر اپنے آپ کو مخلوق غیر مقدور جانتے ہیں۔

## ترجیح دوم

یہ ہے کہ یہ مشائخ اشیائے ممکنات کو محبوب حقیقی جل سلطانہ کے ساتھ کامل محبت کی بنا پر ہی محبوب جانتے ہیں کہ وہ اشیائے ممکنات اور ان کے افعال، حق تعالیٰ کی مصنوعات ومخلوقات ہیں جیسا کہ آیات کریمہ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ [1] اور اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ [2] سے عیاں ہے۔

## بینہ نمبر ۱

حضرت امام ربانی قدس سرہ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ اس طائفہ علیّہ کی عظمت کی واضح دلیل یہ ہے کہ ان کے جملہ مکشوفات، شریعت مطہرہ، آیات کریمہ اور سنن نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات کے ساتھ موافقت رکھتے ہیں جو ظاہر شریعت سے سرمو بھی مخالفت نہیں رکھتے۔ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

## بینہ نمبر ۲

یہ امر بھی ذہن نشین رہے کہ اس طبقہ کے صوفیاء، مقام عبدیت سے حظِ کامل

---

[1] الصافات ۳۷:۹۶ [2] الزمر ۳۹:۶۲

Marfat.com

رکھتے ہیں جو مقام ولایت کا انتہائی مرتبہ ہے اور تخلیق انسانی کا یہی مقصود ہے جیسا کہ آیہ کریمہ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنَ [1] سے واضح ہے۔

---

[1] الذاریات ۵۱:۵۶

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۶۱

مکتوب الیہ

حضرت خواجہ محمد صالح کولابی رحمۃ اللہ علیہ

موضوعات

نفسِ مطمئنہ ہی بلندیٔ درجات کا باعث ہے

صاحبِ فنا رقلب ولی ہو سکتا ہے

Marfat.com

## مکتوب الیہ

آپ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے قدیم اصحاب میں سے تھے۔ غربت وافتقار اور خاموشی وانکسار آپ کی خصوصیت تھی۔ طلب معرفت کے لئے کئی مشائخ کی زیارت وملاقات کی مگر کسی شیخ کی طرف سے کوئی جذب وکشش محسوس نہ ہوئی تا آنکہ بروز جمعہ آگرہ کی جامع مسجد میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز سے اتفاقاً ملاقات ہوگئی۔ آپ سے حصول نسبت اور تعلیم ذکر کے بعد سالہا سال آستانے پر حاضر رہے اور یاران طریقت کی نسبت قلت استعداد کی وجہ سے اکثر حیراں وگریاں رہتے تھے یہاں تک کہ ماہ رمضان المبارک میں دوران اعتکاف حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے طشت وآفتابہ کی خدمت پر مامور ہوئے۔ انہوں نے حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے غسالہ کو تنہائی میں لے جاکر نوش کرلیا جس کے پیتے ہی آپ میں شراب کی سی مستی بھرگئی اور حال وباطن میں فتح وکشائش نمودار ہوگئی۔ حضرت امام ربانی قدس سرہ کی توجہات قدسیہ اور انفاس نفیسہ کی بدولت درجہ کمال کو پہنچے اور اجازت وخلافت سے سرفراز ہوئے مخدوم زادگان کے ایماء وتائید سے حضرت امام ربانی قدس سرہٗ کے معمولات لیل ونہار کو ایک رسالہ بنام ہدایت الطالبین میں جمع کیا جو سالکین مجددیہ کے لئے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ مکتوبات شریفہ میں آپ کے نام دس مکتوبات ملتے ہیں۔ آپ کی وفات ۱۰۳۸ھ میں ہوئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

Marfat.com

# مکتوب - ۱۶۱

**متن** مقصود از طیِ منازلِ سلوک حصولِ ایمان حقیقی است کہ وابستہ باطمینانِ نفس است تا نفس مطمئنہ نگردد نجات متصور نیست

**ترجمہ:** منازل سلوک طے کرنے سے مقصود ایمان حقیقی کا حصول ہے جو اطمینان نفس سے وابستہ ہے۔ جب تک نفس مطمئنہ نہ ہو جائے نجات متصور نہیں ہے۔

## شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز اہل اللہ کے سلوکِ طریقت طے کرنے کی وجہ بیان فرما رہے ہیں۔ درحقیقت جب سالکین کے لطائفِ عالم امر کا تصفیہ اور لطائفِ عالم خلق کا تزکیہ ہو جاتا ہے، خصوصاً لطیفۂ نفس، تزکیۂ بدایت سے گذر کر تزکیۂ نہایت سے مشرف ہو جاتا ہے تو ایسے نفس کو نفس مطمئنہ کہتے ہیں اور نفس مطمئنہ کو ہی نجات کامل میسر ہوتی ہے کیونکہ اربابِ نفوس امارہ بھی تصدیق قلبی سے مشرف اور اہل نجات سے محسوب ہوتے ہیں مگر ایسی فلاح و نجات جو سببِ بلندیٔ درجات ہو، اس قسم کے لوگوں کو نصیب نہیں ہوتی۔ نفس امارہ، انکار و منازعت و

Marfat.com

عداوت کے باوجود تصدیق قلبی کی وجہ سے محض ایمان صوری ہی رکھتا ہے جبکہ صاحبان نفوس مطمئنہ تصدیق قلبی کے علاوہ مصداقات قضایائے شرعیہ کے شہود سے بھی شادکام ہوتے ہیں۔ اِسے ہی ایمان حقیقی سے تعبیر کیا جاتا ہے جو نجات کاملہ اور قربات ودرجات کا باعث ہوتا ہے۔ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا اِيَّاهَا

**بینہ:**

واضح رہے کہ ایسا سالک جو فنائے قلب سے تو مشرف ہو مگر اسے فنائے نفس حاصل نہ ہو آیا اس پر ولی کا اطلاق ہوگا یا نہیں......؟

عروۃ الوثقیٰ حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی مجددی قدس سرہُ العزیز اس کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں...... ہاں وہ سالک حق تعالیٰ کے دوستوں میں سے ہے اور اسے ولایت قلبی حاصل ہے۔ چونکہ اس کا نفس، قلب کے جوار میں واقع ہے اس لئے امید ہے کہ اس کا نفس، قلب صالح کے جوار کی وجہ سے طغیان وسرکشی سے باز رہے اور قلب صالح کی تاثیرات وبرکات کی ہمسائیگی کے باعث صالح ہو جائے۔ اسی لئے کسی شاعر نے خوب کہا

با عاشقاں نشیں و ہم عاشقی گزیں
ہر کس کہ نیست عاشق باو مشو قریں

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۶۲

مکتوب الیہ

حضرت خواجہ محمد صدیق بدخشی رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

قرآن صفتِ کلام کا مظہر اور ماہِ رمضان اسکا اثر ہے

جسمِ انسانی اور شجرہ نخلہ کے درمیان باہمی مشابہت

باطنِ غذا عارفین کے لئے باعثِ نورانیت ہوتی ہے

Marfat.com

# مکتوب ۔۱۶۲

**متن** شان کلام کہ از جملہ شیوناتِ ذاتیہ است جامعِ جمیعِ کمالاتِ ذاتی وشیوناتِ صفاتی است ...... و ماہ مبارک رمضان جامع جمیع خیرات و برکات ست

**ترجمہ:** شان کلام جو جملہ شیونات ذاتیہ میں سے ہے جمیع کمالات ذاتی اور شیونات صفاتی کی جامع ہے اور ماہ رمضان المبارک جمیع خیرات و برکات کا جامع ہے۔

## شرح

زیر نظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز قرآن اور ماہ رمضان کی باہمی مناسبت کا تذکرہ فرمارہے ہیں۔ حقیقت قرآن، مبدأ وسعتِ بے چون حضرت ذات ہے اس لئے قرآن کمالات ذاتیہ شیونیہ اصلیہ کا جامع ہے کیونکہ ذات، جمیع اعتبارات وشیونات وصفات کی جامع ہے اور حق تعالیٰ کی ہر شان اور ہر صفت تمام شیونات وصفات کو متضمن ہے یعنی شان الکلام تمام شیونات ذاتیہ اور صفت الکلام تمام صفات ثمانیہ کو شامل ہے کیونکہ ذات حق تعالیٰ کی ہر شان اور صفت کامل ہے اور ہر نقص سے مبرا ہے سُبۡحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الۡعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوۡنَ [۱]

[۱] الصافات ۳۷:۱۸۰

Marfat.com

جبکہ حقیقت ماہ رمضان، صفت الکلام کے مرتبے میں قرآن کے کمالات کا نتیجہ واثر ہے۔ اس لئے ماہ رمضان، کمالات صفاتیہ ظلیہ کا جامع ہے یعنی برکات ذاتی واصلی قرآن میں ہیں اور برکات صفاتی وظلی ماہ رمضان میں ہیں، جیسا کہ آیہ کریمہ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ [1] اس پر دال ہے۔ نیز حدیث میں آتا ہے کہ تمام سال کی برکات ماہ رمضان میں نازل ہوتی ہیں اس کے بعد دوسرے مہینوں کو تقسیم ہوتی ہیں۔ ممکن ہے کہ ماہ رمضان میں ختم قرآن کو سنت اسی لئے فرمایا گیا ہو تاکہ قرآن کی تلاوت وزیارت کرنے والے روزہ داروں کو قرآن کے اصلی کمالات اور ماہ رمضان کی ظلی برکات دونوں حاصل ہوجائیں۔

## بیّنات

ارباب مشاہدہ اور اصحاب مکاشفہ کے نزدیک قرآن مجید کے انوار وتجلیات ہمہ وقت ارواح بشریہ کی طرف فائض وجاری رہتے ہیں مگر علائق بشریہ اور علل معنویہ ان کے ورود وظہور میں حاجب ومانع رہتے ہیں۔ روزہ ان علائق کے ازالہ کے لئے سب سے مؤثر اور قوی ذریعہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن حکیم کے انوار وبرکات وفیوضات وتجلیات، ماہ رمضان میں خصوصی طور پر روزہ داروں کے قلوب وارواح پر وارد ہوتے رہتے ہیں۔

### بینہ نمبرا:

ذات کے ساتھ صفات کے قیام سے مراد قیام بلاکیف ہے جو انضمام وانتزاع سے مستثنیٰ ہے جیسے آئینہ میں صورت کا قیام انضمامی وانتزاعی نہیں ہوتا بلکہ قیام بلاکیف

---

[1] البقرہ۲:۱۸۵

Marfat.com

ہوتا ہے۔شیونات اور اعتبارات وجود خارجی نہیں رکھتے لہٰذا یہ امور منتزعہ میں سے ہیں۔اعتبارات کے مراتب، قرب ذاتِ بحت کی وجہ سے عارف کے ادراک سے وراء ہیں جبکہ شیونات وصفات کے مقامات، عارف کے ادراک میں آ سکتے ہیں اسی وجہ سے مقام اعتبارات، مقام شیونات سے بلند ہیں اور شیونات کا مرتبہ مقام صفات سے بالا ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز کے نزدیک شیونات وصفات کے درمیان امتیاز محمدی المشرب صوفیائے کاملین ہی کر سکتے ہیں جنہیں شہودِ شیونات کا مرتبہ حاصل ہونے کی بنا پر وصول ذات کا مقام حاصل ہوتا ہے کیونکہ مقام شیونات ،صاحب شان کا مواجہۂ ذات ہے اور شیونات خارج میں عین ذات ہیں اور جو حضرات صرف شہود صفات تک پہنچے ہیں ان کی ابھی مرتبۂ ذات تک رسائی نہیں ہوئی کیونکہ صفات، ذات پر زائد ہیں اور وجود خارجی رکھتی ہیں لہٰذا سیر صفات کے دوران متعلقاتِ صفات پیش نظر ہوتے ہیں اور وہ ممکنات ہیں۔ بنا بریں اس مرتبے میں عارف مرتبۂ ذات سے دور رہتا ہے کیونکہ یہ مقام صفات ہے۔[1]

## بینہ نمبر ۲:

واضح رہے کہ حق تعالیٰ کی ہر شان جملہ شیونات کی جامع ہے ایسے ہی صفات ثمانیہ میں سے ہر صفت، صفات ثمانیہ کے کمالات کو متضمن ہوتی ہے یعنی صفت علم ......حیات، قدرت، ارادہ، سمع، بصر، کلام اور تکوین کے کمالات رکھتی ہے ایسے ہی صفت قدرت ......حیات، ارادہ، علم، سمع وبصر اور کلام وتکوین کے کمالات پر مشتمل ہوتی ہے کیونکہ اس مرتبہ میں کوئی نقص لازم نہیں آتا۔البتہ ایسا علم جو قدرت نہ رکھتا

---

[1] مزید تفصیلات البینات شرح مکتوبات جلد اول مکتوب:۴۰ میں ملاحظہ فرمائیں

Marfat.com

ہو یا ایسی قدرت جو علم نہ رکھتی ہو، وہ ناقص ہے اور حق تعالیٰ ہر قسم کے نقص سے منزہ ہے۔ تَعَالَى اللّٰهُ عَنْ ذَالِكَ عُلُوًّا كَبِيْرًا

جبکہ مخلوقات کی صفات میں ایسا کمال نہیں ہوتا جیسے سمعِ بندہ سننے میں تو زندہ ہے مگر دیکھنے میں مُردہ ہے ایسے ہی بصرِ بندہ دیکھنے میں تو زندہ ہوتا ہے مگر سننے میں مردہ ہے لیکن صفات باری تعالیٰ اس قسم کے نقائص وعیوب سے پاک ہیں۔ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّتِ عَمَّا يَصِفُوْنَ

## بینہ نمبر۳:

یہ بھی واضح رہے کہ صفات ثمانیہ اگرچہ وجود خارجی رکھتیں اور ذات پر زائد ہیں مگر ذات حق تعالیٰ عینِ کمالاتِ صفاتِ ثمانیہ ہے اور صفات زائدہ کا محتاج نہیں یعنی ذات حق تعالیٰ بذات خود حیٌّ ہے، صفت حیات کے ساتھ حیٌّ نہیں...... بذات خود عالم ہے، صفت علم کے ساتھ عالم نہیں...... بذات خود قادر ہے، صفت قدرت کے ساتھ قادر نہیں۔ علیٰ ھذا القیاس

## بینہ نمبر۴:

یہ امر ذہن نشین رہے کہ شب قدر ماہ رمضان کا خلاصہ اور لب لباب ہے اور پورا ماہ مبارک پوست کی مانند ہے اس لئے جن سالکین کا یہ ماہ مبارک احکام شرعیہ اور سنن نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات کی تعمیل اور باطنی جمعیت وحضور واطمینان کے ساتھ گذرتا ہے وہ سال بھر اس ماہ مبارک کی خیرات وبرکات سے بہرہ ور اور فیضیاب ہوتے رہتے ہیں جیسا کہ حضرت امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے آیہ کریمہ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ [1] کی تفسیر کرتے ہوئے نقل فرمایا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ

[1] البقرہ۲:۱۸۴

Marfat.com

علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں اِذَا سَلِمَ رَمُضَانُ سَلِمَتِ السَّنَةُ وَ اِذَا سَلِمَتِ الْجُمُعَةُ سَلِمَتِ الْاَ یَّامُ [1]

## بینہ نمبر۵

یہ امر مستحضر رہے کہ ذات حق تعالیٰ صفات ثمانیہ زائدہ کے بغیر بذات خود کمالات ثمانیہ رکھتی ہے اور ان کی محتاج بھی نہیں۔ ان صفات زائدہ کا فائدہ اور ان کا معتقد ہونے میں متعدد حکمتیں اور مصلحتیں ہیں جن میں سے چند ایک ہدیہء قارئین ہیں۔

اول..... ذات حق تعالیٰ، توسط صفات کے بغیر تمام عالمین سے مستغنی ہے اور عالم کے ساتھ کوئی مناسبت نہیں رکھتی جیسا کہ آیہ کریمہ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِیٌّ عَنِ الْعَالَمِیْنَ [2] سے عیاں ہے جبکہ صفات، ذات حق تعالیٰ سے پائین تر ہیں اور فی الجملہ عالم کے ساتھ مناسبت بھی رکھتی ہیں اور باہمی مناسبت کے بغیر افادہ اور استفادہ ممکن نہیں ہوتا۔ اس لئے صفات مبادیٔ فیوض عالم ہیں یعنی وصول فیوضات کا سبب ہیں۔

دوم..... ذات حق تعالیٰ اور عالم کے درمیان صفات زائدہ بقائے عالم کا واسطہ ہیں۔ اگر وساطت صفات نہ ہوتی تو نورِ ذات، عالم کو جلا کر خاکستر کر دیتا جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات ہے اِنَّ لِلّٰهِ سَبْعِیْنَ اَلْفَ حِجَابٍ مِنْ نُوْرٍ وَ ظُلْمَةٍ لَوْ كَشَفَهَا لَاَحْرَقَتْ سُبُحَاتُ وَجْهِهٖ مَا انْتَهٰى اِلَيْهِ بَصَرُهٗ [3] سے عیاں ہے۔ یہاں حجابات نورانی سے مراد صفات ثمانیہ ہی ہیں۔

سوم..... صوفیائے محققین نے کشف و فراست کی بناء پر مراتب وجوب کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا ہے کہ سالکین کو شیخ کامل مکمل کی توجہات قدسیہ کی

---

[1] الدرالمنثور: ۱/ ۴۷۷ [2] العنکبوت ۲۹: ۶ [3] روح المعانی: ۹/ ۴۴۷

Marfat.com

بدولت حق تعالیٰ کے افعال وصفات کے ظلال کی تجلیات سے فی الجملہ مناسبت پیدا ہو جاتی ہے اس لئے وہ ظہورِ تجلیات وصفات کی لیاقت حاصل کر لیتے ہیں نتیجتاً نور صفات مقدسہ کے ساتھ تجلیات شیونات واعتبارات ذاتیہ کے لائق ہو جاتے ہیں اور ان انوار کی برکت سے معارف تجلیات ذاتیہ کی استعداد پیدا ہو جاتی ہے۔

چہارم...... کمالات ممکنات، صفات ثمانیہ کے کمالات وبرکات کا اثر وثمرہ ہوتے ہیں، وہ ذاتی طور پر کوئی فضل وکمال نہیں رکھتے۔ بقول شاعر

نیاوردم از خانہ چیزے نخست
تو دادی ہمہ چیز من چیز تست

ممکنات اپنے عدمات ذاتیہ کی بنا پر ظلمت وشرارت وخساست رکھتے ہیں اس لئے جو کمالات بھی ان میں جلوہ گر ہوتے ہیں وہ صفات ثمانیہ اور عالم وجوب کے ہی ہوتے ہیں۔

ممکنات میں عالم وجوب اور صفات ثمانیہ کا انعکاس بذریعہ عدمات متقابلہ ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ ان میں کثافت وثقالت زیادہ ہوتی ہے اور انبیاء کرام علیہم الصلوات میں ابتدائے آفرینش سے ہی عالم وجوب کے فیوضات وتجلیات صفات کا ورود، عدمات متقابلہ کے بغیر ہوتا ہے اسی لئے طینت انبیاء علیہم الصلوات میں عدم، ضعیف اور تجلیات قدسیہ غالب تر ہوتی ہیں۔ عدم کے ضعف کی بناء پر وہ ہر قسم کے معائب سے بری اور مطہر ہوتے ہیں اور غلبہء قوت قدسیہ کی وجہ سے معصوم عن الخطاء ہوتے ہیں جبکہ عرفائے کاملین میں ولادتِ ثانیہ کے بعد وجود موہوب حقانی پر ورودِ تجلیات، ظلالِ صفات بغیر واسطہ عدمات متقابلہ ہوتا ہے۔ اسی ضعف عدم اور غلبہء تجلیات وفیوضات ونورانیت کی بدولت بسا اوقات ان کا سایہ بھی گم ہو جاتا ہے۔ مولانا روم مست بادہ قیوم رحمۃ اللہ علیہ نے خوب کہا

Marfat.com

چو فنا در فقر پیرایہ شود
او محمد وار بے سایہ شود

بنا بریں عامۃ الناس کو عرفائے فخام اور انبیائے عظام علیہم الصلوات پر قیاس نہیں کرنا چاہئے اگرچہ یہ عظیم المرتبت شخصیات ظاہری صورت میں دوسروں سے مختلف نہیں ہوتے مگر حقیقت میں متفاوت ہوتے ہیں۔

کار پاکاں را قیاس از خود مگیر
گرچہ باشد در نوشتن شیر و شیر

**متن** **ودر بودن آن تمرہ برکت آنست کہ شجرۂ آن نخلہ است بعنوانِ جامعیّت وصفتِ اعدلیّت مخلوقست دررنگِ انسان لہذا حضرت پیغمبر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ الہ وسلم نخلہ را عمۂ بنی آدم فرمودہ کہ از طینتِ آدم مخلوق است**

**ترجمہ:** کھجور میں برکت ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اس کا درخت نخلہ ہے جو اپنی جامعیت اور صفت اعدلیّت کے عنوان سے انسان کی مانند ہے اسی لئے حضرت پیغمبر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ الہ وسلم نے نخلہ کو عمّہ (انسان کی پھوپھی) فرمایا ہے کیونکہ وہ (بقیہ) طینت آدم سے پیدا ہوئی ہے۔

Marfat.com

# شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز بدن انسانی اور شجرۂ نخلہ کی جامعیت وباہمی مشابہت اور روزہ کو کھجور کے ساتھ افطار کرنے کی حکمت بیان فرمارہے ہیں۔

جسم انسانی اور شجرۂ نخلہ کے درمیان باہمی مشابہت بیان کرتے ہوئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اِنَّ مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةٌ لَا یَسْقُطُ وَرَقُهَا وَاِنَّهَا مِثْلُ الْمُسْلِمِ فَحَدِّثُوْنِیْ مَاهِیَ فَوَقَعَ النَّاسُ فِیْ شَجَرِ الْبَوَادِیْ قَالَ عَبْدُ اللهِ فَوَقَعَ فِیْ نَفْسِیْ اَنَّهَا النَّخْلَةُ فَاسْتَحْیَیْتُ ثُمَّ قَالُوْا حَدِّثْنَا مَاهِیَ یَا رَسُوْلَ اللهِ قَالَ هِیَ النَّخْلَةُ [1]

یعنی درختوں میں ایک ایسا درخت ہے جس کے پتے نہیں گرتے اور وہ مسلمان کی مثل ہے مجھے بتاؤ وہ کونسا ہے......؟ تو لوگ جنگل کے درختوں کے متعلق غور کرنے لگے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ میرے دل میں آیا کہ وہ درخت کھجور ہے لیکن میں شرما گیا۔ پھر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم عرض گذار ہوئے آپ ہی بیان فرمادیجئے یارسول اللہ! وہ کونسا درخت ہے......؟ آپ نے فرمایا وہ کھجور ہے نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نخلہ کی تکریم کا حکم فرمایا کیونکہ وہ بقیہ طینت آدم (علیہ السلام) سے تخلیق کی گئی ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات اَکْرِمُوْا عَمَّتَکُمُ النَّخْلَةَ فَاِنَّهَا خُلِقَتْ مِنْ بَقِیَّةِ طِیْنَةِ اٰدَمَ [2] سے ثابت ہے۔

اگرچہ کھجور کھانے سے جسمانی قوت ولذت میسر ہوتی ہے لیکن جب بندۂ

---

[1] صحیح بخاری، رقم الحدیث: ۵۹ [2] تفسیر کبیر: ۶/۴۰۱

Marfat.com

مومن، حالت روزہ میں ہر قسم کی شہوات مانعہ اور لذات فانیہ سے خالی ہو جاتا ہے تو اس کا تناول کرنا زیادہ مؤثر ثابت ہوتا ہے کہ اس کا ظاہر بندۂ مومن کی ظاہری صورت کو طاقت دیتا ہے اور اس کی حقیقت، بندۂ مومن کی باطنی حقیقت کو قوت و برکت بخشتی ہے۔ یوں کھجور کی حقیقت جامعہ، انسانی حقیقت جامعہ کی مکمّل و مکمِّل ثابت ہوتی ہے۔

**متن** آن غذا تجویز شرعی واقع شود و سر موئے از حدود شرعیہ متجاوز نباشد و ایضاً حقیقتِ این فائدہ وقتی میسر شود کہ آکلِ آن از صورت گذشتہ بحقیقت پیوستہ باشد و از ظاہر بباطن آرمیدہ ظاہرِ غذا ممدِ ظاہرِ او باشد و باطنِ غذا مکمِّلِ باطنِ او

ترجمہ: وہ غذا تجویز شرعی کے مطابق واقع ہو اور حدود شرعیہ سے سرِ مو بھی متجاوز نہ ہو...... نیز اس فائدہ کی حقیقت اس وقت میسر ہوتی ہے جبکہ اس کا کھانے والا صورت سے گزر کر حقیقت سے پیوستہ ہو اور ظاہر سے باطن تک پہنچا ہوا ہو، تاکہ ظاہرِ غذا، اس کے ظاہر کی معاون ہو اور باطنِ غذا، اس کے باطن کی تکمیل کرے۔

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرما رہے ہیں کہ باطنِ ماکولات انہیں عارفین کے باطن کی مکمّل و مکمِّل ہوتی ہے جن کا معاملہ صورت سے گذر کر حقیقت تک پہنچ چکا ہو اور ان کی غذا احکام شرعیہ اور سنن نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات

Marfat.com

کی تجاویز کے عین مطابق اور شعور وآ گاہی کے موافق ہو۔اس قسم کی غذا ہی عارفین کے لئے روحانیت ونورانیت کے ازدیاد کا باعث ہوتی ہے بصورت دیگر موجب ظلمت وغفلت ہوتی ہے۔حضرت مولانا روم مست بادۂ قیوم رحمۃ اللہ علیہ نے اس مفہوم کو یوں بیان فرمایا ہے

این خورد گردد پلیدی زو جدا
و آن خورد گردد ہمہ نور خدا
این خورد زاید ہمہ بخل و حسد
و آن خورد زاید ہمہ عشقِ احد

چنانچہ عروۃ الوثقیٰ حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی قدس سرہٗ العزیز ایک روز آم کا پھل بڑے شوق ورغبت کے ساتھ تناول فرمارہے تھے۔زائرین میں سے ایک صالحہ خاتون کے دل میں خیال آیا کہ اہل اللہ کے غذا کی طرف اس قدر میلان و رغبت کی کیا وجہ ہے؟ آپ نے فراست باطنی اور کشف روحانی کے ذریعے اس کے قلبی خطرہ سے آگاہ ہوکر ارشاد فرمایا ہر چہ اولیار تناول می فرمایند ہمہ نورے شود پس نور ہر قدر کہ بیش بود مرغوب است یعنی اولیاء اللہ جو کچھ تناول فرماتے ہیں وہ سب نور بن جاتا ہے اس لئے نور جس قدر زیادہ ہو مرغوب وبہتر ہے۔[1]

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ ہم بعض اوقات طعام لذیذ کے ترک کا ارادہ کرتے مگر اجازت نہیں ملتی تھی کیونکہ غذا اعضائے جسمانی اور قوائے روحانی کی ممد ومعاون ہوتی ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات اَلْمُؤْمِنُ الْقَوِیُّ خَیْرٌ وَاَحَبُّ اِلَی اللّٰہِ مِنَ الْمُؤْمِنِ الضَّعِیْفِ[2] سے مفہوم ہوتا ہے تاکہ ظاہر غذا عارفین کی صورت ظاہری اور باطن غذا ان کی حقیقت باطنی کی

---

[1] عمدۃ المقامات: ۳۱۵ مطبوعہ مکتبہ الحقیقہ استنبول [2] صحیح مسلم رقم الحدیث: ۴۸۱۶

Marfat.com

کفیل ثابت ہو۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھانا تناول فرمانے کے بعد یہ دعا بھی فرمایا کرتے تھے اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ عَوْنًا عَلٰی طَاعَتِکَ لَا عَوْنًا عَلٰی مَعْصِیَتِکَ[1]

**بلینہ:**

واضح رہے کہ ہر ممکن کی دو جہتیں ہوتی ہیں، ایک جہت عالم امکان کی طرف اور دوسری عالم وجوب کی طرف۔ غذا کی عالم امکان کی جہت ظاہر غذا ہے اور اس کی عالم وجوب کی جہت باطن غذا ہوتی ہے جس سے لطف اندوز اور منفعت خیز عارفین ہی ہوتے ہیں جبکہ ظاہر غذا، عامۃ الناس کیلئے رعونت وظلمت اور غفلت کا باعث ہوتی ہے۔ اسی لئے مشائخ طریقت مریدین کو کثرت ریاضت وطاعت وعبادت کی تلقین فرماتے ہیں تاکہ ان کا معاملہ صورت سے گذر کر حقیقت تک اور ظلمت سے گذر کر نورانیت تک پہنچ جائے۔ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا اِیَّاھَا

بقول شاعر

سعی کن تا لقمہ را سازی گہر
بعد ازاں چندانکہ می خواہی بخور

---

[1] بریقۃ محمودیۃ فی شرح طریقۃ محمدیۃ: ۴۹۳/۵

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۶۳

مکتوب الیہ

سیادت پناہ حضرت **شیخ فرید بخاری** رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

کفار کی رسوائی، عزت اسلام کا باعث ہے

صلح کلیّت کے نظریہ کا مفہوم

کفار سے اخذِ جزیہ انکی رسوائی ہے

کفار کی دعا بے حاصل ہے

ریشمی ملبوسات اور زرّیں مصنوعات کا حکم

Marfat.com

# مکتوب ۱۶۳

**متن** حق سبحانہ وتعالیٰ حبیب خود را علیہ الصلوٰۃ والتحیۃ میفرماید یَاَیُّهَا النَّبِیُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ پس پیغمبر خود را کہ موصوف بخلق عظیم است بجہاد کفار وغلظت برایشان امر فرمود معلوم شد کہ غلظت بایشان داخلِ خلق عظیم است پس عزتِ اسلام درخواریِ کفر واہل کفر است کسیکہ اہل کفر را عزیز داشت اہل اسلام را خوار ساخت عزیز داشتن عبارت ازاں نیست کہ البتہ ایشاں را تعظیم کنند وبالا نشانند در مجالس خود جادادن وبا ایشاں مصاحبت نمودن وہمزبانی کردن بایشان داخل اِعزاز است در رنگِ سگان ایشان را دور باید داشت

Marfat.com

**ترجمہ:** حق سبحانہٗ وتعالیٰ اپنے حبیب علیہ الصلوٰۃ والتحیہ سے فرماتا ہے اے نبی کفار اور منافقین سے جہاد کرو اور ان پر سختی کرو[1]۔ پس اپنے پیغمبر کو جو خلق عظیم سے موصوف ہیں کفار کے ساتھ جہاد اور ان پر سختی کا حکم فرمایا۔ معلوم ہوا کہ ان کے ساتھ سختی کرنا خلق عظیم میں داخل ہے۔ اسلام کی عزت، کفر اور کفار کی خواری میں ہے۔ جس نے کفار کو عزیز رکھا اس نے اہل اسلام کو ذلیل کیا۔ عزیز رکھنے کا یہ مطلب نہیں کہ ان کی خواہ مخواہ تعظیم کریں اور ان کو اونچی مسند پر بٹھائیں بلکہ ان کو اپنی محافل میں جگہ دینا، ان کے ساتھ مصاحبت رکھنا اور ان کی ہاں میں ہاں ملانا بھی ان کو عزت دینے میں داخل ہے۔ ان کو کتوں کی طرح اپنے آپ سے دور رکھنا چاہیے۔

# شرح

زیر نظر مکتوب گرامی حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے ان اہم ترین سیاسی مکاتیب شریفہ میں سے ہے جو جرگہءِ ممدّان دولت اسلام کے نام صادر فرمائے گئے جن میں اجرائے احکام شرعیہ، احیائے سنن نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات، ترویج شعائر اسلامیہ، تخریب بدعات نامرضیہ، کفار نابکار کی زجر و تذلیل، رسومات کفریہ کی توبیخ وتحقیر، اعلائے کلمۃ الحق اور غلبہءِ دین اسلام کی اسلامی فکر کو اجاگر فرمایا گیا ہے تاکہ مسلمانوں کی سطوت وہیبت اور اسلامی شعائر کی عظمت وشوکت کفار کے قلب ونظر میں جاگزیں ہو جائے اور وہ ہمیشہ لرزاں وترساں اور معتوب ومرعوب رہیں اور انہیں دارالاسلام میں کسی قسم کے شور وشر اور فتنہ وفساد کرنے کی جرأت و ہمت نہ ہو اور یہی دین اسلام کا مقصود ہے جیسا کہ آیہ کریمہ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِیْ[2] سے واضح ہے۔

---

[1] التوبہ ۹:۷۳ [2] المجادلہ ۵۸:۲۱

Marfat.com

علاوہ ازیں کفار کے خلاف جہاد، ان سے ترک تعلقات وعدم موالات، حکومتی معاملات میں ان کے اثر ورسوخ کو بیخ وبن سے اکھاڑ پھینکنے اور انہیں اپنے آپ سے کتوں کی طرح دور رکھنے کی تلقین فرمائی گئی ہے تاکہ مشرکین کی جسمانی نحوست، اعتقادی غلاظت اور نظریاتی نجاست سے مسلمانوں کے ظاہر و باطن متاثر و مکدر نہ ہوں جیسا کہ آیات کریمہ اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ[1] اور اِنَّهُمْ رِجْسٌ[2] سے عیاں ہے۔

## بینہ نمبر ا:

واضح رہے کہ حق تعالیٰ کو کفر کے ساتھ ذاتی عداوت ہے اسی لئے اہل کفر مغضوب ومبغوض ہیں اور مسلمانوں کو ان کے ساتھ مشاورت ومعاونت ممنوع ہے۔ انہیں اپنا دوست وہمراز وصلاح کار بنانے سے روکا گیا ہے تاکہ دین اسلام ذلت و رسوائی سے محفوظ اور مسلمان ہر قسم کی اذیت ومضرت سے مامون رہیں بلکہ حربی کفار کے ساتھ جہاد وعداوت اور بغض وغلظت رکھنے اور ان سے اظہار برأت کرنے کی تاکید فرمائی گئی ہے جیسا کہ آیات کریمہ يَآاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ[3] اور اِنَّا بُرَآءُ مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ[4] اور اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ[5] سے عیاں ہے تاکہ دین اسلام کو استحکام اور مسلمانانِ عالم کو عظمت و وقار نصیب ہو۔

عروۃ الوثقیٰ حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی قدس سرہُ العزیز ارقام پذیر ہیں کہ مؤمن کا کافر سے دوستی کرنا تین وجوہات کا احتمال رکھتا ہے۔

وجہِ اول: مؤمن کا کفر سے راضی ہونا ہے اگر اس بناء پر اس سے دوستی رکھے تو اس

---

[1] التوبہ۹:۲۸ [2] التوبہ۹:۹۵ [3] التوبہ۹:۷۳ [4] الممتحنہ ۶۰:۴ [5] الفتح ۴۸:۲۹

Marfat.com

سے مؤمن کو منع فرمایا گیا ہے کیونکہ جس شخص نے ایسا کیا وہ اس دین میں اسے درست جاننے والا ہے اور تصویبِ کفر، کفر ہے اور رضائے کفر، کفر ہے لہٰذا اس صفت کے ہوتے ہوئے اس کا مؤمن باقی رہنا محال ہے۔

وجہِ ثانی: دنیا میں ظاہری اعتبار سے معاشرتِ جمیلہ ممنوع نہیں ہے۔

وجہِ ثالث: پہلی دونوں قسموں کے مابین متوسط ہے یوں کہ موالات کفار بمعنی رکون ومعونت اور مظاہرت ونصرت یا بسبب قرابت ہو یا بسبب محبت، اس اعتقاد کے باوجود کہ ان کا دین باطل ہے تو یہ کفر کا موجب ہے مگر اس سے بندہ مؤمن کو منع کیا گیا ہے کیونکہ اس معنی میں موالات (دوستی) اسے کافر کے طریقے کے مستحسن سمجھنے اور اس کے دین سے راضی ہونے کی طرف لے جائے گی اور یہ امر اسے اسلام سے خارج کردے گا اسی لئے اللہ تعالیٰ نے اس معاملہ میں اسے تہدید وتنبیہ فرمائی ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِىْ شَىْءٍ [1] مزید برآں آپ نے مصلحت کوش اور مفاد پرست مسلمانوں کیلئے ایک چشم کشا روایت بھی نقل فرمائی ہے۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے عرض کیا میرے پاس ایک نصرانی کاتب ہے۔ انہوں نے مجھے فرمایا تجھے کیا ہوگیا ہے اللہ تجھے ہلاک کرے اَلَا اتَّخَذْتَ حَنِيْفِيًّا تم نے کسی مسلمان کو کاتب کیوں نہیں بنایا اور تم نے اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی نہیں سنا؟...... يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰٓى اَوْلِيَآءَ [2]

میں نے عرض کیا لَهٗ دِيْنُهٗ وَلِىْ كِتَابَتُهٗ اس کا دین اسکے ساتھ ہے اور اسکی کتابت میرے لئے ہے......تو انہوں نے فرمایا میں انکی تکریم نہیں کروں گا جبکہ اللہ

---

[1] آل عمران ۳:۲۸ [2] المائدہ ۵:۵۱

Marfat.com

نے ان کی اہانت فرمائی ہے میں ان کی عزت نہیں کروں گا جبکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو ذلت دی ہے میں انہیں قریب نہیں کروں گا جبکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں دور کردیا ہے۔

میں نے عرض کیا دانائی کا کام اسکے بغیر پورا نہیں ہوتا..... تو انہوں نے فرمایا اِنْ مَاتَ النَّصْرَانِیُّ فَمَا تَصْنَعُ بَعْدَهٗ فَمَا تَعْمَلُ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهٖ فَاعْمَلْهُ الْاٰنَ وَاسْتَغْنِ عَنْهُ بِغَیْرِهٖ [1] اگر نصرانی مرگیا تو اس کے بعد کیا کرو گے؟..... جو اس کی موت کے بعد کرو گے وہی عمل اب کرلو اور کسی اور سے کام لے کر اس سے بے نیاز ہو جاؤ۔

ہاں..... غیر مسلموں کے ساتھ تجارتی و اقتصادی اور فلاحی معاملات، عالمی امن و سلامتی کی بقاء، مشترکہ اعداء سے نبرد آزما ہونے کے لئے دفاعی معاہدے جیسے امور میں باہمی تعاون و مشاورت ممنوع نہیں۔ یونہی عام ملاقات و معاشرت میں ان کے ساتھ خندہ پیشانی اور حسن سلوک و مروت سے پیش آنا مسلمانوں کی درخشندہ روایات ہیں، تاریخ عالم میں جس کی مثال نہیں ملتی۔

## بینہ نمبر۲:

یہ امر ذہن نشین رہے کہ اہل کفر کے معبدوں کی تاسیس و تعمیر اور انکے شعائر و رسومات کی تعظیم و تکریم کا دین اسلام میں کوئی تصور نہیں ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد ضرار کے افتتاح سے منع کر کے روز قیامت تک وہاں جانے سے روک دیا گیا جیسا کہ آیہ کریمہ لَا تَقُمْ فِیْهِ اَبَدًا [2] سے عیاں ہے جسے بعد میں جلا کر مسمار کردیا گیا تھا۔

جب سلطان جہانگیر کے ہاتھوں سکھوں کے گرو ارجن سنگھ کے قتل کی اطلاع

---

[1] تفسیر خازن: ۲۹۶/۲ [2] التوبہ۹: ۱۰۸

Marfat.com

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ کو پہنچی تو آپ نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے نواب مرتضیٰ خان شیخ فرید بخاری رحمۃ اللہ علیہ کو اپنے جذبات سے یوں آگاہ فرمایا دریں وقت

کشتن کافر لعین گوبند وال بسیار خوب واقع شد [1]

یہی مفہوم آیہ کریمہ فَقَاتِلُوْا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ [2] اور حدیث مبارکہ اُقْتُلُوْا شُيُوْخَ الْمُشْرِكِيْنَ [3] سے عیاں ہے۔

یہ وہی گروارجن ہے جس کے زیرِ نگرانی سکھوں کی مذہبی کتاب گرنتھ مرتب ہوئی۔ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز نے گروارجن کے نام کی بجائے ان کے مذہبی وفکری مرکز گوبندوال کو ہدف تنقید بنایا، جسے احمد شاہ درانی نے ہندوستان پر حملہ کے دوران جلا کر خاکستر کر دیا تھا۔

بعض نام نہاد مسلمان اپنی جہالت وحماقت کی بنا پر صلح کلیت کے مذموم نظریہ کی آڑ میں علمائے راسخین، صوفیائے کاملین اور مسلم فاتحین کے خلاف زبان طعن دراز کرتے ہیں جو ان کے اسلامی فکر سے نابلد ہونے کا بین ثبوت ہے۔

## بینہ نمبر ۳:

یہ امر بھی مستحضر رہے کہ صلح کلیت، اتحاد واباحت اور ترک آزاری کا مشرب رکھنے والے صوفیائے خام، مخلوقات کو کمالات الٰہیہ کے مظاہر جمیلہ اور مناظر حسنہ قرار دے کر کہتے ہیں کہ ہر کسی کو نگاہ محبت سے دیکھنا اور حسن سلوک سے پیش آنا چاہئے، کسی کے ساتھ بے مروّتی اور بدسلوکی نہیں کرنی چاہئے...... اسی بناء پر وہ اہل کفر سے میل ملاقات کرتے اور ان کی غیر شرعی رسومات اور کفریہ تہواروں کا احترام واکرام کرتے ہیں اور یوں کہتے ہیں

---

۱ دفتر اول مکتوب: ۱۹۳ ۲ التوبہ ۹: ۱۲ ۳ کنز العمال جلد چہارم: ۳۸۱، ترمذی، رقم الحدیث: ۱۵۰۹

Marfat.com

پس بدی مطلق نباشد در جہاں

عروۃ الوثقیٰ حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی قدس سرہٗ العزیز اس نظریہ کے قائلین کو جواباً ارشاد فرماتے ہیں کہ کفار کے ساتھ جہاد اور ان سے ترک تعلقات تو دلائل قطعیہ اور نصوص شرعیہ سے ثابت ہیں جن میں کسی قسم کے شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں اور نجات کا دارومدار بھی انہیں نصوص شرعیہ پر ہی ہے جبکہ صوفیاء کے منامات وخیالات اور مکشوفات والہامات ظنی ہیں جن میں نصوص شرعیہ کے معارض ہونے کی مجال نہیں۔ حضرت مولانا روم مست بادہ قیوم رحمۃ اللہ علیہ نے اس قسم کے صوفیاء کو نارِ سقر کی وعید شدید سناتے ہوئے خوب کہا

منکر ایں حرف ایں دم در نظر
شد مثل سرنگوں اندر سقر

ارباب وجودیہ کے عظیم محقق سلطان العشاق حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی قدس سرہٗ نے اپنی کتاب سلسلۃ الذہب میں اس گروہ کا رد کرتے ہوئے اسے دفتر کفر کا دیباچہ اور زندقہ قرار دیا ہے۔

ترک آزار کردن اے خواجہ — دفتر کفر را است دیباچہ
شد یکے پیش او حرام و حلال — می نہ اندیشد از نکال و وبال
گاہ لافد ز مذہبِ تجرید — گہ گزافد ز مشربِ توحید
از علامات عقل و دیں عاری — مذہبش حصر در کم آزاری
نسبت خود کند بہ درویشاں — دم زند از ارادت ایشاں
نیست درویشی آنکہ زندقہ است — نیست جمعیت آنکہ تفرقہ است [1]

---

[1] ماخوذ از مکتوبات معصومیہ دفتر اول مکتوب: ۲۹

Marfat.com

**متن** جزیہ از اہل کفر کہ در ہندوستان برطرف شدہ است بواسطۂ شومیِ مصاحبتِ اہل کفر است باسلاطین این دیار و مقصودِ اصلی از جزیہ گرفتن از ایشاں خواریِ ایشان است

**ترجمہ:** ہندوستان میں اہل کفر سے جزیہ موقوف کر دیا گیا ہے جو اس ملک کے سلاطین کے ساتھ اہل کفر کی مصاحبت کی بدبختی کی وجہ سے ہوا۔ ان سے جزیہ وصول کرنے کا اصلی مقصد ان کی رسوائی ہے۔

## شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز کفار سے جزیہ کے موقوف ہونے اور اخذ جزیہ کی وجہ بیان فرما رہے ہیں۔ کفار سے جزیہ اس لئے وصول کیا جاتا ہے تاکہ انہیں ضبط املاک وغیرہا کا خدشہ ہمہ وقت دامنگیر رہے اور وہ اعلیٰ بود و باش اور شان و شوکت اختیار نہ کرسکیں نیز مسلمانوں کو ان پر غلبہ و تفوق و بالادستی حاصل رہے۔

ع جہود ہر کہ شود کشتہ سود اسلام است

جبکہ مطلق العنان بادشاہ اکبر نے جزیہ کو ہندو راجاؤں کے ساتھ دوستانہ مراسم اور ان کے ساتھ رشتے ناطے ہونے کی بناء پر موقوف کر دیا تھا۔

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں جزیہ کے متعلق قدرے تفصیلات بیان کر دی

Marfat.com

جائیں تا کہ فہم مکتوب میں سہولت رہے۔ وَبِاللّٰهِ التَّوْفِيْق

جب عساکر اسلامیہ کفار کے خلاف معرکہ آراء اور نبرد آزما ہوں تو کفار پر غلبہ و تسلط اور فتح و نصرت کے بعد جو مال و اسباب ان کے ہاتھ لگتا ہے اسے مال غنیمت کہا جاتا ہے...... جبکہ جہاد کے بعد یا قبل از قتال، کفار، اسلام کی بالادستی تسلیم کرتے ہوئے اسلامی سلطنت کے پرامن شہری بن کر کچھ رقوم وغیرہا پیش کرنے پر رضامند ہو جائیں تو اسے خراج و جزیہ کہتے ہیں۔ خراج ذمی کفار کی اراضی پر لگایا جاتا ہے جبکہ ذمی فی کس کے اعتبار سے جو رقوم بطور ٹیکس ادا کرتے ہیں اسے جزیہ کہا جاتا ہے جس کے عوض انہیں معاشی و مذہبی آزادی حاصل ہوتی ہے اور ان کی جان و مال و آبرو کی حفاظت کی جاتی ہے۔ یہاں تک کہ اگر کوئی مسلمان کسی ذمی کو قتل کردے تو اسے قصاصاً قتل کیا جائے گا اور اگر کوئی مسلمان کسی ذمی کی چوری کرے تو اس پر حد سرقہ نافذ کی جائے گی جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات اَمْوَالُهُمْ كَاَمْوَالِنَا وَ دِمَآءُهُمْ كَدِمَآءِنَا [1] سے عیاں ہے۔

جزیہ کے متعلق چند فقہی مسائل پیش خدمت ہیں۔

## کفار کی اقسام اربعہ

فقہاء نے کفار کی چار اقسام بیان فرمائی ہیں

۱...... مشرکین عرب سے جزیہ وصول نہیں کیا جائے گا ان کے سامنے دو ہی راستے ہیں اسلام یا تلوار، جیسا کہ آیہ کریمہ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَ خُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ [2] اور ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ [3] سے عیاں ہے تا کہ جاہلیت عرب

---

[1] مجمع الانہر: ۸/۴۱۵ [2] توبہ ۹:۵ [3] بخاری، رقم الحدیث: ۳۷۹، مسلم، رقم الحدیث: ۲۹

Marfat.com

کا شرک پھر یہاں سر نہ اُٹھا سکے۔

۲.....مرتدین (عربی ہوں یا عجمی) سے بھی سوائے اسلام یا تلوار کے جزیہ قبول نہیں کیا جائے گا جیسا کہ آیہ کریمہ سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِىْ بَأْسٍ شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ [1] سے واضح ہے۔

۳.....اہل کتاب (عربی ہوں یا عجمی) سے اسلام یا قتل کے علاوہ جزیہ بھی لیا جا سکتا ہے جیسا کہ آیہ کریمہ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتَابَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صَاغِرُوْنَ [2] سے آشکارا ہے۔ مجوسی اگرچہ اہل کتاب میں سے نہیں ہیں اسی لئے ان کی عورتوں سے نکاح اور ان کا ذبیحہ حلال نہیں مگر وہ اہل کتاب کے حکم میں ہونگے کیونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقام ہجر کے مجوسیوں سے جزیہ وصول فرمایا جیسا کہ ارشاد نبوی اَلْمَجُوْسُ طَائِفَةٌ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ فَاحْمِلُوْهُمْ عَلٰى مَا تَحْمِلُوْنَ عَلَيْهِ اَهْلَ الْكِتَابِ [3] اور حدیث اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَهَا مَجُوْسَ هَجَرَ [4] سے عیاں ہے

۴.....مشرکین عجم سے بھی جزیہ لینا جائز ہے جیسا کہ حدیث اَنَّ النَّبِيَّ عَلَيْهِ السَّلَامُ صَالَحَ عَبَدَةَ الْاَوْثَانِ عَلَى الْجِزْيَةِ اِلَّا مَنْ كَانَ مِنْهُمْ مِنَ الْعَرَبِ [5] سے ثابت ہے۔

۞.....جب مسلمانوں نے مفتوحہ علاقہ کفار کے ساتھ قتال کے ذریعہ حاصل کیا ہو تو کفار کے مذہبی مراکز، رہائشی مکانات ہونگے اور اگر صلح کے ساتھ علاقہ فتح ہوا تو بدستور ان کے عبادت خانے ہی رہیں گے اور اگر مسلمانوں نے کفار کے معبد منہدم کر دیئے ہوں تو کفار دوبارہ تعمیر نہیں کر سکتے اور اگر کفار نے خود ہی منہدم کر دیئے

---

[1] فتح ۴۸:۱۶ [2] توبہ ۹:۲۹ [3] نصب الرایۃ: ۸/۳۴۴ [4] مشکوٰۃ: ۳۵۳

[5] مصنف عبدالرزاق جزء: ۱۰/۳۲۶

Marfat.com

ہوں تو اتنا ہی اور ویسا ہی دوبارہ تعمیر کر سکتے ہیں۔ اگر کچا تھا تو پختہ بنانے، کسی اور مقام پر بنانے یا عمارت کے بیشتر بنانے کی اجازت نہیں ہوگی ورنہ مسمار کر دیا جائے گا...... یونہی دارالاسلام میں نئے نئے معابد و مراکز بنانے کی اجازت نہیں ہوگی۔[1]

۞...... ذمی کفار دارالاسلام میں مسلمانوں جیسی وضع قطع اور بود و باش وغیرہا اختیار نہیں کر سکتے بلکہ وہ اپنے مخصوص لباس و شعار کو نمایاں کرنے کے پابند ہونگے۔ یونہی ریشمی زنار نہیں پہن سکتے...... علاوہ ازیں ان کے مکانوں پر مخصوص علامت ہوگی تاکہ کوئی سائل ان کے دروازے پر ان کیلئے دعائے مغفرت نہ کرے...... وہ عمامہ اور شاہانہ لباس نیز علمائے اسلام اور اشراف مسلمین کا سا لباس نہیں پہن سکتے۔[2]

مگر بصد افسوس! کہ آج نام نہاد مسلمانوں نے کفار کی وضع قطع، تہذیب و حضارت اور بود و باش کو اختیار کر لیا ہے جو غیرت ایمانی اور حمیت اسلامی کے زوال کی واضح علامت ہے اور دین اسلام کیلئے باعث ننگ و عار ہے۔ بقول اقبال مرحوم

وضع میں تم ہو نصاریٰ تو تمدن میں ہنود
یہ مسلماں ہیں جنہیں دیکھ کے شرمائیں یہود

۞...... ذمی کفار کو سنکھ یا ناقوس وغیرہا اپنے گھروں میں بھی بجانے کی اجازت نہیں ہوگی ایسے ہی انہیں جلوس وغیرہ نکالنے اور اسلامی تعلیمات کے برعکس غیر اسلامی تعلیمات کی اشاعت اور کفریہ رسومات و تہواروں کو اعلانیہ منانے کی اجازت نہیں ہوگی۔[3]

جزیہ اور خراج ادا کرنے والا ذمی کافر بذات خود رقم لے کر حاضر ہوگا اور سلطانِ اسلام کا ممنون احسان ہو کر نہایت عاجزی و انکساری اور مؤدبانہ انداز کے ساتھ

---

[1] بہار شریعت حصہ نہم [2] فتاویٰ عالمگیری، کتاب السیر و بہار شریعت حصہ نہم

[3] ماخوذ از فتاویٰ عالمگیری

Marfat.com

کھڑے ہو کر پیش کرے گا۔اسے اپنی قومیت ظاہر کرنے کی اجازت نہیں ہوگی بلکہ اخذ جزیہ کے وقت اسے کہا جائے گا اَدِّ الْجِزْيَةَ يَا ذِمِّيُّ (اے ذمی جزیہ ادا کر) اور مسلمان اس کے ہاتھ سے وصول کرے گا تاکہ مسلمان کا ہاتھ اوپر رہے جیسا کہ لِتَكُوْنَ يَدُ الْمُسْلِمِ هِيَ الْعُلْيَا اور آیہ کریمہ يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صَاغِرُوْنَ سے عیاں ہے۔[1]

۞......عورتیں، بچے، بوڑھے، لنگڑے، اپاہج، اندھے، مفلوج اور راہب (لوگوں سے مخالطت نہ رکھنے والے) وغیرہم جزیہ سے مستثنیٰ ہونگے۔

۞......جزیہ مصالح مسلمین اور رفاہ عامہ کے کاموں پر صرف کیا جائے گا (یعنی سرحدوں کی حفاظت، مساجد، سرائے، پلوں کی تعمیر، علماء، طلباء، مجاہدین اور ان کے اہل و عیال اور مسلمان قاضیوں اور ان کے ماتحت عملہ پر خرچ ہوگا)۔

## وصول جزیہ کی دو اقسام

قسم اول: شریعت مطہرہ نے چونکہ اس کی خاص مقدار مقرر نہیں فرمائی بلکہ کفار جتنی مقدار معین پیش کرنے پر صلح کرلیں ان سے اتنی ہی سالانہ رقم وصول کی جائے گی اس میں کمی بیشی نہیں ہوگی۔

قسم ثانی: اسلامی افواج نے مفتوحہ ملک کے کافر باشندوں کی املاک اگر بدستور چھوڑ دیں تو ذمی اغنیاء پر ۴۸ درہم سالانہ یعنی چار درہم ماہانہ ادا کرنے ہونگے۔اگر وہ متوسط طبقہ سے تعلق رکھتے ہوں تو ان پر ۲۴ درہم سالانہ ۲ درہم ماہانہ کے اعتبار سے ادا کرنے لازم ہونگے جبکہ فقراء ذمیوں پر ۱۲ درہم سالانہ ایک درہم ماہانہ کے لحاظ سے جزیہ دینا ضروری ہوگا۔[2]

---

[1] تفسیر مدارک: ۱/۴۹۳، تفسیر الصاوی: ۳/۷۹، بہار شریعت وغیرہا [2] فتاویٰ عالمگیری وغیرھا

Marfat.com

**بلینہ:**

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کی جاری کردہ تحریک احیائے اسلام (ترویج شریعت، تائید ملت اور تخریب بدعت) کا سلسلہ آپ کے وصال پر ملال کے بعد منقطع نہیں ہو گیا تھا بلکہ وہ تحریک آپ کے صاحبزادگان اور نبیرگان نے جاری رکھی...... سلاطین مغلیہ اور ارکان سلطنت کے ساتھ تعلقات استوار رکھنے اور اسلامی خطوط پر ان کی تعلیم و تربیت کا خصوصی اہتمام فرمایا، بالخصوص سلطان الہند اورنگ زیب نے حضرت شیخ محمد فرخ مجددی بن خواجہ محمد سعید سرہندی رحمہما اللہ سے صحیح بخاری کا درس لیا اور حضرت خواجہ محمد معصوم علیہ الرحمہ کے دست حق پرست پر بیعت ہوا اور آپ نے اسے عالم شہزادگی میں ہی سلطنت کی خوشخبری دے دی تھی۔ اسی طرح آپ نے اسے ولایت کبریٰ اور محبت ذاتیہ کی بشارت سنائی۔ حضرات مجددیہ سے سلوک نقشبندیہ طے کیا چنانچہ دور اکبری میں ذمی کفار سے اخذ جزیہ جو موقوف ہو چکا تھا، وہ محی السنۃ والاسلام اورنگ زیب کے عہد ہمایوں میں پھر وصول کیا جانے لگا[۱] وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذَالِكَ

**متن چیزہا از ایشاں پرسیدن و بمقتضائے حکم این ہا عمل کردن از کمال اعزاز این دشمنان است ہمتی کہ کسے از ایشاں طلبد و دعاء کہ بتوسط ایشان خواہد چہ خواہد بود حق سبحانہٗ و تعالیٰ در کلام مجید خود می فرماید وَمَا دُعَاءُ**

---

[۱] مکتوبات سیفیہ مکتوب ۷۶ ...... مقامات معصومی جلد اول

**الکَافِرِیْنَ اِلَّافِیْ ضَلَالٍ دعاءِ این دشمنان باطل و بے حاصل است اجابت را در آنجا چہ احتمال این قدر فساد لازم می آید کہ اعزاز این سگاں می افزاید**

**ترجمہ:** چیزوں کی بابت ان سے پوچھنا اوران کے کہنے کے مطابق عمل کرنا ان دشمنوں کی کمال درجہ عزت ہے۔ جو شخص ان سے ہمت طلب کرے اور ایسی دعا جو ان کے توسط سے مانگے اس کا کیا ہوگا۔ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کلام مجید میں خود فرماتا ہے وَمَا دُعَاءُ الْکَافِرِیْنَ اِلَّا فِیْ ضَلَالٍ[1] (اور کافروں کی دعا محض ضلالت ہے) ان دشمنوں کی دعا باطل اور بے حاصل ہے، اس میں قبولیت کا کیسا احتمال؟ اس سے اس قدر فساد لازم آتا ہے کہ ان کتوں کی عزت افزائی ہوتی ہے۔

## شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کفار سے مشاورت و استعانت کے نقصانات اور ان کی وساطت سے دعا کی عدم قبولیت کا تذکرہ فرمارہے ہیں۔ یہاں کفار سے طلب امداد اور ان کی دعا کے متعلق قدرے وضاحت ہدیہء قارئین ہے۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق

کفار سے دنیوی معاملات میں مشاورت اوران سے تصرفات و دعا اور ظاہری استمداد و استعانت لینا درحقیقت ان پر اعتماد کرنا ہے اور امت محمدیہ اور ملت مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوات کو قعر مذلت میں گرانا اور غیر مسلموں کے رحم وکرم پر جینا ہے جو

---

[1] الرعد ۱۳:۱۴

Marfat.com

خودفریبی اور کفر دوستی ہے۔ جہادی امور میں افرادی قوت اور سامان حرب وضرب کی قلت کے باوجود ان سے طلب امداد کی بھی شریعت مطہرہ میں ہرگز اجازت نہیں جیسا کہ ارشاد نبوی علی صاحبہا الصلوات اِنَّا لَا نَسْتَعِيْنُ بِمُشْرِكٍ [1] سے عیاں ہے۔

## کفار کی دعا بے حاصل ہے

دعائے کفار کی قبولیت اور عدم قبولیت کے متعلق علمائے کرام کے دو موقف ہیں جمہور علماء کے نزدیک کفار کی دعا بارگاہ ربوبیت جل سلطانہ میں شرف قبولیت نہیں پاتی بلکہ وہ باطل اور بے حاصل ہوتی ہے جیسا کہ آیہ کریمہ وَمَا دُعَآءُ الْكَافِرِيْنَ اِلَّا فِیْ ضَلَالٍ [2] سے عیاں ہے، خواہ وہ اصنام پرستی کے قبیل سے ہو یا حقیقت دعا کی قسم سے ...... اس میں کوئی منفعت نہیں، وہ بے سود اور ضائع ہے کیونکہ انہوں نے بے جان مورتیوں کے آگے دست دعا دراز کیا جو کسی قسم کے نفع وضرر کے مالک نہیں ہیں جیسا کہ آیہ کریمہ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا [3] کے مطابق وہ اجابت دعا کی استطاعت ہی نہیں رکھتے۔

جبکہ بعض علماء کے نزدیک کفار کی دعا والتجا شرف قبولیت پاتی ہے۔ ابلیس لعین نے جب اللہ تعالیٰ سے قیامت تک مہلت کا مطالبہ کیا تو اللہ تعالیٰ نے اس کی دعا قبول فرمائی جیسا کہ آیہ کریمہ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِیْ اِلٰی يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ٥ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ [4] سے ثابت ہے۔ یونہی حالت اضطرار میں دعا کی برکت سے کفار کو مشکلات ومصائب سے چھٹکارا نصیب ہوتا ہے جیسا کہ آیہ کریمہ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ فَلَمَّا نَجّٰهُمْ اِلَى الْبَرِّ [5] سے واضح ہے۔

---

[1] ابوداؤد ۲: ۲۷ مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ لاہور [2] الرعد ۱۳: ۱۴ [3] الرعد ۱۳: ۱۶

[4] ص ۳۸: ۷۹، ۸۰ [5] العنکبوت ۲۹: ۶۵

Marfat.com

جمہور علماء جواباً فرماتے ہیں کہ کفار کی ایسی دعاؤں کا تعلق دنیوی امور کے ساتھ ہے، اخروی معاملات سے نہیں۔ چنانچہ محدث کبیر حضرت ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں:

اِنَّہٗ لَا یَجُوْزُ اَنْ یُّقَالَ یُسْتَجَابُ دُعَآءُ الْکَافِرِ عَلٰی مَا ذَھَبَ اِلَیْہِ الْجُمْھُوْرُ لِقَوْلِہٖ تَعَالٰی وَمَا دُعَآءُ الْکَافِرِیْنَ اِلَّا فِیْ ضَلَالٍ اَیْ فِیْ ضِیَاعٍ وَخِسَارٍ لَا مَنْفَعَۃَ فِیْہِ وَفِیْہِ اَنَّ مَوْرِدَہٗ خَاصٌّ بِالْعُقْبٰی فَلَا یُنَافِیْ اَنْ یُّسْتَجَابَ دُعَآءُہٗ فِیْ اَمْرِ الدُّنْیَا کَمَا یَدُلُّ عَلَیْہِ دُعَآءُ اِبْلِیْسَ وَاِجَابَتُہٗ سُبْحَانَہٗ لَہٗ فِی الْاِمْھَالِ وَیُؤَیِّدُہٗ الْحَدِیْثُ اَنَّ دَعْوَۃَ الْمَظْلُوْمِ تُسْتَجَابُ وَاِنْ کَانَ کَافِرًا[1]

**بینہ:**

واضح رہے کہ کفار کی وہ دعائیں اور التجائیں جو دنیوی امور سے متعلق ہوں یا طلب جنت سے مربوط ہوں اگر اللہ تعالیٰ جل سلطانہٗ چاہے تو ان کی حاجت برآری، مصائب سے نجات اور ایمان و ہدایت کی توفیق و تخلیق فرما دیتا ہے۔[2]

**متن** عزیزے فرمودہ است تا یکے از شما دیوانہ نہ شود بمسلمانی نرسد دیوانگی عبارت از درگزشتن است از نفع و ضررِ خود بواسطہ اعلائے کلمۂ اسلام

---

[1] شرح فقہ اکبر: ۱۳۱ مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی [2] تفسیر صاوی: ۳/ ۹۹۷

Marfat.com

**ترجمہ:** ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ جب تک تم میں سے کوئی دیوانہ نہ ہو جائے مسلمانی تک نہیں پہنچتا۔ دیوانگی کلمۂ اسلام کی سربلندی کیلئے اپنے نفع ونقصان سے گذر جانے سے عبارت ہے۔

# شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز دیوانگی کو حقیقت مسلمانی کی شرط قرار دے رہے ہیں۔ دراصل جس بندۂ مؤمن میں غیرت ایمانی اور حمیّت اسلامی کی بناء پر دین اسلام کی سربلندی وبالادستی کا جذبہ اس قدر غالب ہو جائے کہ وہ ہرچہ بادا باد کے مصداق کسی قسم کے نفع ونقصان اور سود وزیاں کی پرواہ نہ کرے یہاں تک کہ لوگ اسے دیوانہ کہنا شروع کر دیں بس یہی جنون و دیوانگی ایمان کی علامت ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علی صاحبہا الصلوات لَنْ یُّؤْمِنَ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یُقَالَ اِنَّهٗ مَجْنُوْنٌ سے عیاں ہے

اقبال مرحوم نے اس مفہوم کو یوں بیان کیا ہے

برتر از اندیشۂ سود و زیاں ہے زندگی
ہے کبھی جاں اور کبھی تسلیم جاں ہے زندگی

اس قسم کے بندۂ مؤمن کو اللہ تعالیٰ کی ربوبیت، دین اسلام کی قبولیت اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت ورسالت پر یقین کامل ہونے کی وجہ سے رضا کی سند نصیب ہوتی ہے اور رضائے الٰہی ہی نعمت کبریٰ ہے جیسا کہ آیہ کریمہ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَکْبَرُ[1] سے عیاں ہے۔

---

[1] التوبہ ۹:۷۲

Marfat.com

متن پس ناچار از استعمال ذہب وفضہ ولبس حریرو امثال آں ہا کہ شریعت مصطفویہ علیٰ مصدرہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ آں را محرّم ساختہ است اجتناب باید نمود

ترجمہ: پس ناچار سونا چاندی، ریشم کے پہننے اور اس جیسی اشیاء کہ شریعتِ مصطفویہ علیٰ مصدرہا الصلوٰۃ والسلام والتحیہ نے جنہیں حرام کیا ہے، ان کے استعمال سے اجتناب کرنا چاہیے۔

## شرح

یہاں سونا، چاندی اور ریشمی ملبوسات کے استعمال کے متعلق قدرے تفصیلات ہدیہ قارئین ہیں۔ وَبِاللّٰهِ التَّوْفِیْق

سونا اور چاندی دو ایسی قدرتی دھاتیں ہیں جن سے تیار شدہ برتنوں کا استعمال مردوں اور عورتوں پر ممنوع اور حرام ہے لیکن سونا چاندی کی مصنوعات کو بطور آرائش وزیبائش رکھنے کی شریعت مطہرہ میں گنجائش موجود ہے البتہ مردوں کے لیے چاندی کی انگوٹھی اور عورتوں کو سونا چاندی کے زیورات استعمال کرنا جائز ہیں۔ یونہی مردوں کے لئے ریشمی ملبوسات کا استعمال ممنوع اور عورتوں کیلئے جائز ہے جیسا کہ ارشادات نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات لَا تَشْرَبُوْا فِیْ اِنَاءِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَلَا تَلْبَسُوا الدِّيْبَاجَ وَالْحَرِيْرَ فَاِنَّهٗ لَهُمْ فِی الدُّنْيَا وَهُوَ لَكُمْ فِی الْاٰخِرَةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ[1] اور اُحِلَّ الذَّهَبُ وَالْحَرِيْرُ لِلْاِنَاثِ مِنْ اُمَّتِیْ وَحُرِّمَ عَلٰى ذُكُوْرِهَا[2] سے

---

[1] صحیح مسلم کتاب اللباس والزینۃ، رقم الحدیث: ۳۸۴۹ [2] مشکوٰۃ: ۳۷۵

Marfat.com

واضح ہے۔

۞......فقہاء کرام نے مرد کو سوا چار ماشہ چاندی کی انگوٹھی استعمال کرنے کی اجازت دی ہے جبکہ اس میں اسراف وتکبر وتکلف نہ ہو اور نہ ہی اس کی ساخت زنانہ یا فاسقانہ طرز کی ہو جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات مِنْ وَرِقٍ وَّلَا تُتِمَّهُ مِثْقَالًا [1] سے معلوم ہوتا ہے۔

۞......نابالغ لڑکوں کو سونے چاندی کے زیورات پہنانا بھی حرام ہے چونکہ وہ احکام شرعیہ کے مکلّف نہیں ہوتے اس لئے پہنانے والے گنہگار ہونگے جیسا کہ حدیث اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ نَهٰى عَنِ التَّخَتُّمِ بِالذَّهَبِ فَاَنَا اَكْرَهُ لِلرِّجَالِ الْكَبِيْرِ مِنْهُمْ وَالصَّغِيْرِ [2] سے مفہوم ہوتا ہے۔

۞......فقہاء نے مرد کو ریشمی گدیلہ بچھانا، ریشمی لحاف اوڑھنا اور ریشمی زین بنانا ممنوع قرار دیا ہے جیسا کہ حدیث نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .... اَنْ يَّجْعَلَ الرَّجُلُ فِيْ اَسْفَلِ ثِيَابِهٖ حَرِيْرًا مِثْلَ الْاَعَاجِمِ اَوْ يَجْعَلَ عَلٰى مَنْكِبَيْهِ حَرِيْرًا مِثْلَ الْاَعَاجِمِ [3] اَنْ نَجْلِسَ عَلَيْهِ [4] لَا تَرْكَبُوا الْخَزَّ [5] سے مفہوم ہوتا ہے۔

۞......ہاں بغرض علاج ریشم کا استعمال جائز ہے۔ جب حضرت زبیر اور عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہما کو مرض خارش لاحق ہوئی تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں حریر کے استعمال کی اجازت مرحمت فرمادی جیسا کہ حدیث رَخَّصَ لَهُمَا فِيْ قَمِيْصِ الْحَرِيْرِ [6] سے مفہوم ہوتا ہے۔

۞......صاحبین کے نزدیک حالت جنگ میں خالص ریشم اور دیباج کے پہننے میں

---

[1] مشکوٰۃ:۳۷۸ [2] مشکوٰۃ:۳۷۹ [3] مشکوٰۃ:۳۷۶ [4] مشکوٰۃ:۳۷۴

[5] مشکوٰۃ:۳۷۶ [6] مشکوٰۃ:۳۷۴

Marfat.com

کوئی حرج نہیں بلکہ جائز ہے کیونکہ وہ ہتھیار کی سختی کو زیادہ دور کرنے والا اور دشمن کی نظر میں ہیبت قائم کرنے والا ہے جبکہ حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک خالص ریشم مکروہ ہے البتہ مخلوط ریشم جائز ہے یعنی جس کپڑے کا بانا، ریشمی اور تانا سوتی یا اونی ہو وہ مکروہ ہے اور جس کپڑے کا تانا ریشمی اور بانا سوتی یا اونی ہو وہ بالاتفاق جائز ہے جیسا کہ حدیث اِنَّمَا نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ عَنِ الثَّوْبِ الْمُصْمَتِ مِنَ الْحَرِیْرِ فَاَمَّا الْعَلَمُ وَسُدَی الثَّوْبِ فَلَا بَأْسَ بِہٖ[1] سے معلوم ہوتا ہے۔

۞......یاد رہے کہ ریشم کے کیڑوں سے حاصل کردہ ریشم سے تیار شدہ ملبوسات ہی مردوں کے لئے حرام ہیں جبکہ مصنوعی ریشم (دریائی ریشم یا سن سے تیارہ کردہ ریشم) کا استعمال جائز ہے۔

فقہائے احناف کے نزدیک اگر کسی کپڑے میں چار انگشت تک ریشمی نقش و نگار ہوتو مرد کے لئے اس کا استعمال حلال ہے۔ چار انگشت حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے معتبر ہیں جو ہماری ایک بالشت کے قریب ہیں نیز چار انگشت ایک جگہ کے قابل اعتبار ہیں۔ اگر قبا یا اچکن میں جگہ جگہ ریشمی نقش و نگار ہوں کہ ہر ایک، ایک بالشت سے کم ہو مگر جب ملایا جائے تو بالشت سے زیادہ ہو جائیں پھر بھی وہ حلال ہے...... کیونکہ ایک جگہ کا اعتبار ہے۔[2]

علامہ ابن عابدین شامی رحمۃ اللہ علیہ ارقام پذیر ہیں کہ جب جبہ کی آستینوں پر ریشمی نقش و نگار بنانے کی اجازت دی گئی ہے تو اس سے سونے اور چاندی کے نقش و نگار بنانے کی بھی اجازت حاصل ہوگئی کیونکہ حرمت میں یہ سب مساوی ہیں۔[3]

مذکورہ بالا فقہی جزئیات درج ذیل احادیث مبارکہ سے ماخوذ ہیں ملاحظہ ہوں

---

۱؎ فتح الباری جزء:۱۶/۳۹۸  ۲؎ مرأت:۶/۹۷ بحوالہ فتاویٰ قاضی خاں واشعۃ اللمعات

۳؎ ردالمختار

Marfat.com

عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِیْ بَکْرٍ اَنَّھَا اَخْرَجَتْ جُبَّۃَ طِیَالِسَۃٍ کِسْرَوَانِیَّۃٍ لَھَا لِبْنَۃُ دِیْبَاجٍ وَفَرْجَیْھَا مَکْفُوْفَیْنِ بِالدِّیْبَاجِ [1] نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ عَنْ لُبْسِ الْحَرِیْرِ اِلَّا مَوْضِعَ اِصْبَعَیْنِ اَوْ ثَلَاثٍ اَوْ اَرْبَعٍ [2] اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَھٰی عَنْ لُبْسِ الذَّھَبِ اِلَّا مُقَطَّعًا [3]

۞......حضرت علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا ہے

لَیْسَ کُلُّ حُلِیٍّ حَرَامًا عَلَی الرِّجَالِ بِدَلِیْلِ حِلِّ الْخَاتَمِ وَالْعَلَمِ وَالثَّوْبِ الْمَنْسُوْجِ بِالذَّھَبِ اَرْبَعَۃَ اَصَابِعٍ وَحِلْیَۃِ السَّیْفِ وَالْمِنْطَقَۃِ [4]

یعنی مردوں پر ہر زیور حرام نہیں ہے کیونکہ انگشتری، علم، کپڑے پر چار انگشت سنہری نقش ونگار، تلوار اور منطقہ کے زیور حلال ہیں۔ یہاں تک کہ کتب فقہ میں تقریباً دو درجن مقامات پر مردوں کو سونے کا استعمال حلال لکھا ہوا ہے مثلاً کٹی ہوئی ناک کی جگہ طلائی ناک لگوانا......قلمدان یا چاقو کے دستہ میں سونے کے ذرات لگوانا......اور کٹی ہوئی پوریوں کی جگہ سونے یا چاندی کی پوریاں لگوانا وغیرہا۔[5]

**بلینہ:**

واضح رہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم متصف بصفات اللہ اور متخلق باخلاق اللہ ہونے کی بنا پر حق تعالیٰ کی صفات واخلاق کے مظہر اتم ہیں۔ حق تعالیٰ نے جہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآن مجید کا شارح ومبین بنایا ہے جیسا کہ آیہ کریمہ لِتُبَیِّنَ لِلنَّاسِ [6] سے عیاں ہے، وہاں آپ کو شارح ومحلّل ومحرّم بھی فرمایا ہے جیسا کہ آیہ کریمہ وَیُحِلُّ لَھُمُ الطَّیِّبٰتِ وَیُحَرِّمُ عَلَیْھِمُ الْخَبٰٓئِثَ [7] سے

---

1 مشکوٰۃ:٣٧۴ 2 مشکوٰۃ:٣٧۴ 3 مشکوٰۃ:٣٧٨ 4 فتاویٰ نوریہ:۵٢٠ ج١ بحوالہ شامی
5 فتاویٰ عالمگیری کتاب الکراھیہ جلد نہم 6 النحل ١٦:۴۴ 7 الاعراف ٧:١۵٧

Marfat.com

واضح ہے اور یہ خصائص نبوت علیٰ صاحبہا الصلوات میں سے ہے جیسا کہ ہجرت کے موقعہ پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے تعاقب میں سراقہ بن مالک کا گھوڑا پتھریلی زمین میں دھنس گیا تو اس نے طلب معذرت کرتے ہوئے تعاقب کو اپنی غربت کی وجہ قرار دیا اور دائرہ اسلام میں داخل ہو گیا۔ حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ کی مراجعت پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں مخاطب کر کے ارشاد فرمایا **كَيْفَ بِكَ يَا سُرَاقَةُ إِذَا سُوِّرْتَ بِسَوَارَيْ كِسْرٰى**[1]

چنانچہ امیر المؤمنین سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں جب ایران فتح ہوا تو آپ نے وہ تین سنہری کنگن اپنے ہاتھوں سے حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ کو پہنائے۔

---

[1] الکامل فی التاریخ، جزء:۱/ ۲۷۷

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۶۴

مکتوب الیہ

حضرت حافظ بہاؤالدّین سرہندی رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

فیوضاتِ الٰہیہ ہر خاص و عام پر وارد ہوتے ہیں

اشیاء کی استعدادات مخلوق ہیں

استدراج کا مفہوم

Marfat.com

# مکتوب ۔ ۱۶۴

**متن** فیضِ حق سبحانہ وتعالیٰ علی الدوام بر خواص وعوام وکرام ولئام چہ از قسم اموال واولاد وچہ از جنسِ ہدایت وارشاد بی تفرقہ وارد است تفاوت ازین طرف ناشی است در قبول بعضی فیوض وعدم قبول بعضی دیگر
وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ

**ترجمہ:** حق سبحانہ وتعالیٰ کا فیض ہر خاص وعام، کریموں اور بخیلوں پر خواہ وہ اموال واولاد کی قسم سے ہو یا ہدایت وارشاد کی جنس سے، سب پر بلا تفریق ہمیشہ وارد ہو رہا ہے (لیکن) بعض کے فیوض قبول کرنے اور بعض دیگر کے قبول نہ کرنے کا تفاوت اسی (قابل) کی طرف سے پیدا ہونے والا ہے (لہٰذا) اللہ نے ان پر زیادتی نہیں فرمائی بلکہ وہ اپنی جانوں پر خود ہی ظلم کرتے تھے [۱]

## شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی وضاحت

---

[۱] النحل ۱۶: ۳۳

Marfat.com

فرمارہے ہیں کہ حق تعالیٰ سبحانہ کے فضل وفتوحات اور عنایات وانعامات کے ابواب ہرکس وناکس پر ہمہ وقت کھلے رہتے ہیں مگر عامۃ الناس ازلی شقاوت، قلبی قساوت، پیہم اعراض وانکاراور معاصی پر اصرار وتکرار کی بنا پر ان سے محروم رہ جاتے ہیں۔اسی قسم کے لوگ جبلّی قابلیت اور فطری استعداد کو ضائع کر دیتے ہیں جیسے موسم گرما میں سورج کی دھوپ دھوبی اور کپڑوں پر یکساں پڑتی ہے مگر اس سے دھوبی کا چہرہ سیاہ ہوجاتا ہےاور کپڑا اسفید ہوجاتا ہے۔

## بینہ نمبر ۱

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز فرماتے ہیں کہ جمیع اشیاء کی ذوات واصول اوراستعدادات وقابلیات حق تعالیٰ کی مخلوق ومحکوم ہیں اوران جملہ امور کی تخلیق وتحکیم میں کوئی بھی اس کا شریک وسہیم نہیں جیسا کہ آیات کریمہ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ [1] اور اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ [2] سے عیاں ہے۔گو اللہ حکیم وعلیم نے اپنے احکام تکلیفیہ اورافعال تکوینیہ میں حکمت ومصلحت کو ملحوظ رکھا ہے مگر وہ تعالیٰ حکمت و مصلحت کا قاصد ومرید ہے، فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ [3] کے مطابق اس پر کوئی چیز لازم اور حاکم نہیں ہے بلکہ وہ بندوں پر فائق اور حاکم ہے اس لئے وہ بندوں کے آگے ہر قسم کے فعل کی باز پرس اور جواب دہی سے منزہ ہے البتہ بندے اس کے آگے اپنے افعال واعمال کے مسئول اور جواب دہ ہیں جیسا کہ آیہ کریمہ لَا يُسْئَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْئَلُوْنَ [4] سے واضح ہے۔تاہم وہ محض اپنے فضل ورحمت سے جسے چاہتا ہے نوازتا ہے یہی علمائے ماتریدیہ کا موقف ہے جو سب سے زیادہ احوط و اسلم ہے اور حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے ازروئے کشف اس کی تائید

---

[1] الصافات ۳۷: ۹۶ [2] الانعام ۶: ۵۷ [3] البروج ۸۵: ۱۶ [4] الانبیاء ۲۱: ۲۳

Marfat.com

فرمائی ہے چنانچہ آپ رقمطراز ہیں

ذواتِ اشیاء را مجعول می داند اصلِ قابلیات و استعدادات را نیز مجعول و مصنوع می داند [1]

ایک مقام پر یوں ارقام پذیر ہیں

استعداد از کمینہ مخلوقات او تعالیٰ است و حاکمیت ندارد

## بینہ نمبر ۲:

واضح رہے کہ بندوں کے عدم استعداد، مسلسل اعراض اور گناہوں پر اصرار کے باوجود حق تعالیٰ نے رزق ربانی اور افاضہء رحمت اپنے ذمہء کرم لے رکھا ہے جیسا کہ آیات کریمہ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰهِ رِزْقُهَا [2] اور کَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰی نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ [3] سے عیاں ہے۔

## بینہ نمبر ۳:

یہ امر بھی مستحضر رہے کہ بعض لوگوں کا حق تعالیٰ سے اعراض اور معاصی میں انہماک کے باوجود دنیوی نعمتوں اور آسائشوں سے مالا مال ہونا بدبختی اور حرماں نصیبی کی علامت ہے جسے استدراج کہا جاتا ہے۔

استدراج کا معنی خدع اور دھوکا ہے۔ بندے کے لئے استدراج کا یہ مطلب ہے کہ جب بھی وہ کسی گناہ و معصیت کا ارتکاب کرتا ہے تو اسے مزید نعمتوں سے نوازا جاتا ہے اور گناہ سے استغفار کرنا اسے بھلا دیا جاتا ہے تاکہ وہ معاصی میں ہی سرگرداں و غلطاں رہے جیسا کہ آیات کریمہ وَاُمْلِیْ لَهُمْ اِنَّ كَیْدِیْ مَتِیْنٌ [4] اور اِنَّمَا نُمْلِیْ لَهُمْ لِیَزْدَادُوْا اِثْمًا [5] سے عیاں ہے۔ [6]

---

[1] دفتر اول مکتوب:۱۲ [2] ہود ۱۱:۶ [3] الانعام ۶:۵۴ [4] القلم ۶۸:۴۵ [5] آل عمران ۳:۱۷۸

[6] استدراج کی مزید تفصیلات و اقسام البینات شرح مکتوبات جلد ثالث مکتوب ۱۰۷ میں ملاحظہ فرمائیں

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۶۵

مکتوب الیہ

سیادت پناہ حضرت **شیخ فرید بخاری** رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

وراثتِ صوری ...... وارثتِ معنوی کا حصول

کمالِ محبت کی علامت اعدار محبوب سے اظہارِ عداوت

متابعتِ نبوی ترکِ دنیا پر موقوف نہیں ہے

Marfat.com

# مکتوب ۔ ۱۶۵

**متن** میراثِ صوری آں سرور علیہ وعلیٰ الہ الصلوات والتسلیمات بعالم خلق تعلق دارد و میراثِ معنوی بعالم امر کہ آنجا ہمہ ایمان و معرفت ست و رشد و ہدایت شکر نعمت عظمیٰ میراثِ صوری آنست کہ بمیراثِ معنوی متحلی گردند

**ترجمہ:** آں سرور علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کی میراث صوری عالم خلق کے ساتھ تعلق رکھتی ہے اور میراث معنوی عالم امر کے ساتھ کہ وہاں سب ایمان و معرفت اور رشد و ہدایت ہے۔ میراث صوری کی نعمت عظمیٰ کا شکر یہ ہے کہ میراث معنوی کے ساتھ آراستہ ہو جائیں۔

## شرح

زیر نظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز مکتوب الیہ کو خاندان سادات کا فردِ فرید ہونے کی وجہ سے میراث معنوی کی تحصیل کی نصیحت فرما رہے ہیں تا کہ وہ میراث صوری کے ساتھ ساتھ میراث معنوی دونوں کے جامع قرار

Marfat.com

پائیں۔ ان دونوں وراثتوں کی تحصیل و تکمیل حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت ظاہری اور متابعت باطنی پر موقوف ہے اور متابعت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات جملہ ماموارت کے اکتساب اور جمیع منہیات سے اجتناب کا نام ہے جو محبت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات کے بغیر متصور نہیں۔ غرضیکہ متابعت نبوی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کمال محبت کی فرع ہے۔ اہل طریقت نے وراثت کی دو قسمیں بیان فرمائی ہیں

وراثت صوری اور وراثت معنوی

وراثت صوری کا تعلق عالم خلق کے ساتھ ہے جبکہ وراثت معنوی عالم امر کے ساتھ مربوط ہے۔ وراثت کاملہ کا حامل وہی شخص ہوسکتا ہے جو وراثت صوری اور وراثت معنوی دونوں کا جامع ہو۔ بقول شاعر

مردی بہ سخاوت است کرامت بہ سجود
ہر کرا ایں دو نباشد عدمش بہ ز وجود

**متن** علامتِ کمالِ محبت کمالِ بغض است باعداءِ او صلی اللہ علیہ وسلم واظہارِ عداوت بامخالفانِ شریعتِ او علیہ الصلوٰۃ والسلام در محبت مداہنت گنجائش ندارد مُحب دیوانۂ محبوب است تاب مخالفت ندارد و بامخالفانِ محبوب بہیچ وجہ آشتی نمی نماید

ترجمہ: آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کمال محبت کی علامت ان کے دشمنوں سے

Marfat.com

کمال بغض رکھنا اور ان کی شریعت کے مخالفوں سے عداوت کا اظہار کرنا ہے۔ محبت میں سستی کی گنجائش نہیں ہے۔ محبّ، محبوب کا دیوانہ ہوتا ہے جو مخالفت کی تاب نہیں رکھتا اور وہ محبوب کے مخالفین سے کسی طرح صلح نہیں کرتا۔

## شرح

سطور بالا میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کمال محبت کی علامت بیان فرمائی گئی ہے دراصل جب تک بندۂ مومن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے معاندین اور شریعت مطہرہ کے مخالفین کے ساتھ بغض وعداوت کا اظہار نہیں کرتا...... ان کے اعداء ومنکرین کو ذلیل وخوار کرنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرتا...... ان کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم کرنے اور انہیں اپنا ہم راز وصلاح کار بنانے سے اجتناب نہیں کرتا...... تو وہ ایمان وقرب کی لذّات، دین اسلام کی برکات اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی توجہات سے محروم رہتا ہے۔

**تنبیہ:**

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر اعدائے اسلام کے ساتھ بفرض محال ایسا معاملہ پیش آجائے تو قضائے حاجت انسانی کی طرح کراہت واضطرار کے ساتھ اپنی ضرورت کو ان سے نکال لینا چاہئے۔

**متن** حصولِ دولتِ عظمٰی متابعت موقوف بر ترکِ کلی دنیاوی نیست تا دشوار نماید بلکہ اگر زکوٰۃِ مفروضہ

Marfat.com

مثلاً مودّی شود حکم ترکِ کل دارد در عدم وصول مضرت چہ مال مزکّٰی از ضرر برآمدہ است پس معالجۂ دفعِ ضرر از مالِ دنیاوی اخراج زکوٰۃ است از آں اگرچہ ترکِ کلی اَولیٰ و افضل است اما ادائے زکوٰۃ ہم کارِ آن میکند

ترجمہ: متابعت (نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات) کی دولت عظمیٰ کا حصول دنیا کی ترک کلی پر موقوف نہیں ہے جو دشوار معلوم ہوتا ہے بلکہ اگر مثال کے طور پر فرض زکوٰۃ ادا کردی جائے تو مضرت نہ پہنچنے میں وہ ترک کلی کا حکم رکھتی ہے کیونکہ پاک شدہ مال ضرر سے باہر آ جاتا ہے پس دنیوی مال سے ضرر دور کرنے کا علاج زکوٰۃ نکالنا ہے اس سے اگرچہ ترک کلی اولیٰ وافضل ہے لیکن زکوٰۃ کی ادائیگی بھی یہ کام (ترک کلی) کردیتی ہے۔

# شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز متابعت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات کے حصول کا مدار ترک دنیا کو قرار دے رہے ہیں۔ لفظ دنیا اسم تفضیل ادنیٰ کا مونث ہے جس کا معنی زیادہ قریب ہونے والی کے آتے ہیں۔ اہل لغت کے نزدیک اس عالم کو دنیا اس لئے کہا جاتا ہے کہ یہ زوال کے قریب ہے۔

علمائے متکلمین ہر اس مخلوق کو دنیا کہتے ہیں جو آخرت سے قبل وجود میں آئی جبکہ صوفیائے کرام کے نزدیک دنیا مال و دولت اور اہل وعیال کو نہیں کہا جاتا بلکہ دنیا

Marfat.com

حق تعالیٰ سے غفلت کا نام ہے۔ حضرت مولانا روم مست بادۂ قیوم رحمۃ اللہ علیہ نے اس مفہوم کو یوں بیان فرمایا

چیست دنیا از خدا غافل بدن
نے قماش و نقرہ و فرزند و زن

صوفیائے کاملین کے نزدیک ترک دنیا کا یہ مفہوم ہرگز نہیں کہ ظاہری آرائش و زیبائش اور اللہ تعالیٰ کی بے بہا نعمتوں سے منہ موڑ لیا جائے بلکہ ان کے نزدیک حق تعالیٰ کی یاد سے غفلت اور فکر آخرت کے ترک کا نام دنیا ہے۔ اگر دنیا کی خوبیوں اور نعمتوں کو آخرت کی حقیقی حیات کیلئے استعمال کیا جائے اور اس استعمال سے نفسانی خواہشات کی تکمیل مقصود نہ ہو بلکہ احکام شرعیہ کی تعمیل مقصود ہو تو اس صورت میں دنیا و آخرت دونوں محمود ہیں جیسا کہ آیہ کریمہ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً [1] سے عیاں ہے۔

اہل طریقت نے ترک دنیا کی دو قسمیں بیان فرمائی ہیں

ترک حقیقی اور ترک حکمی

ترک حقیقی یہ ہے کہ بقدر ضرورت کے علاوہ تمام مباحات کو ترک کر دیا جائے جو نہایت مشکل ہے اور یہ ترک دنیا کی اعلیٰ قسم ہے۔

ترک حکمی یہ ہے کہ محرمات و مشتبہات سے اجتناب کیا جائے اور امور مباحہ سے فائدہ اٹھایا جائے۔ یہ قسم بھی خصوصاً اس زمانہ میں بہت عزیز الوجود ہے جیسے صاحب نصاب ہوتے ہوئے سال کے بعد اپنے مال سے زکوٰۃ ادا کرنا ترک حکمی ہے۔ علاوہ ازیں دیگر اسلامی عبادات پر اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ ان میں بھی ترک کا پہلو موجود ہے، اس لئے ضروری ہے کہ اگر ترک دنیا کلی طور پر نہ ہو سکے تو

---

[1] البقرہ ۲:۲۰۱

Marfat.com

ترک جزوی کو ہی اختیار کرلیا جائے۔ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا اِیَّاھَا

بقول شاعر

ترک دنیا گیر تا سلطان شوی
ورنہ ہم چو چرخ سر گرداں شوی

علمائے راسخین اور صوفیائے کاملین کے نزدیک کمینی دنیا زہر قاتل اور متاع باطل ہے، اس لئے اس کی زیب وزینت اور حلاوت وطراوت پر فریفتہ شخص سحر زدہ اور فریب خوردہ ہے فلہذا اس کا ترک ہی افضل واولیٰ ہے اور صوفیائے کرام کے ہاں اس کا ترک قرب حق کی سیڑھی ہے۔

**بلینہ:**

واضح رہے کہ تصوف وطریقت کا نصب العین تصفیہ باطن، تزکیہ نفس اور اصلاح معاشرہ ہے۔ انبیائے کرام علیہم الصلوات اور اولیائے عظام کا یہی مطمع نظر رہا ہے۔ منکرین یورپ نے ان پاکباز شخصیات کے مجاہدات وریاضات اور ترک دنیا کا غلط مفہوم لیا اور انہیں نفسیاتی اور ذہنی مریض یا دنیوی ذمہ داریوں سے مفرور قرار دے کر اپنی جہالت وحماقت کا ثبوت دیا ہے حالانکہ صوفیائے کرام ہی وہ باکمال اور باہمت شخصیات ہیں جنہوں نے خلوت نشینی، عزلت گزینی اور مجاہدات شاقہ کے ذریعے اپنی اصلاح اور بعد میں مخلوق خدا کی اصلاح کا بیڑا اٹھایا اور لاکھوں قلوب میں اسلامی و روحانی انقلاب پیدا کر دیئے۔ اسی تصوف وطریقت کے حاملین کامیاب صوفیاء ہیں اور حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز اسی جاندار، زندہ اور متحرک تصوف کے داعی ہیں۔

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۶۶

مکتوب الیہ

حضرت ملا محمد امین لاہوری رحمۃ اللہ علیہ

موضوع

روحانی امراض کا علاج ذکرِ کثیر ہے

Marfat.com

## مکتوب الیہ

یہ مکتوب گرامی حضرت مولانا محمد امین لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کی طرف صادر فرمایا گیا۔ غالباً مولانا محمد امین بن خواجہ حسینی الہروی ثم لاہوری مراد ہیں۔ آپ ہرات میں متولد ہوئے...... قندھار میں حضرت شیخ زین الدین خوانی کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کیا۔ عہد اکبری میں ہندوستان آ کر 'ملک پور' مضافات لاہور میں قیام پذیر ہو گئے اور ۸۶ برس کی عمر میں وفات پائی۔

(نزھۃ الخواطر ۵/۳۶۱)

Marfat.com

# مکتوب ۔ ۱۶۶

**متن** فکرِ ازالۂ مرضِ قلبی درین فرصتِ یسیر بذکرِ کثیر از اہم مہام است و علاج علتِ معنوی درین مہلتِ قلیل بیادِ ربِ جلیل از اعظمِ مقاصد دلی کہ گرفتار غیر است از وچہ توقعِ خیر روحی کہ مائل بہ کہتر است نفسِ امارہ ازو بہتر است آنجا ہم سلامتی قلب می طلبند وخلاصی روح می جویند

**ترجمہ:** اس خوش حال فرصت میں ذکر کثیر کے ذریعے قلبی مرض کے ازالہ کی فکر کرنا سب امور سے اہم ہے اور اس قلیل مہلت میں رب جلیل کی یاد سے باطنی مرض کا علاج سب سے بڑے مقاصد میں سے ہے۔ وہ دل جو غیر کا گرفتار ہے اس سے خیر کی توقع کیا ہو سکتی ہے۔ وہ روح جو کمینی دنیا کی طرف مائل ہے اس سے نفس امارہ بہتر ہے وہاں تو مکمل طور پر قلبی سلامتی طلب کرتے ہیں اور روح کی خلاصی چاہتے

Marfat.com

ہیں۔

# شرح

زیر نظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز امراض باطنیہ اور علل معنویہ سے آزادی اور ذاتی اغراض ونفسانی خواہشات سے رستگاری حاصل کرنے کی نصیحت فرمار ہے ہیں تا کہ بندۂ مومن کو صفائے باطن اور قلب سلیم نصیب ہو جائے ، جو شیخ کامل مکمل کی توجہات قدسیہ اور ذکر کثیر سے میسر ہو سکتے ہیں۔

وَبِدُوْنِهٖ خَرْطُ الْقَتَادِ

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۶۷

مکتوب الیہ

## ہردے رام

### موضوعات

حق تعالیٰ جسمی و اسمی مشابہت سے منزّہ ہے

کمون و بروز کی تفصیلات ، ہندو مذہب کی تردید

انبیاء کرام کی تعداد متعین نہیں ہے

Marfat.com

# مکتوب - ۱۶۷

**متن** بدان وآگاہ باش کہ پروردگارِ ما وشما بلکہ پروردگار عالمیاں چہ سمٰوات وچہ ارضین وچہ علیّین وچہ سفلیین یکے است وبے چون وبے چگونہ از شبہ و مانند منزہ است واز شکل ومثال مبرّا پدری وفرزندی درحق اوتعالیٰ محال است کفاءت وتماثل را درآن حضرت چہ مجال شائبہ اتحاد وحلول درشانِ اوسبحانہٗ مستہجن است ومظنہ کمون وبُروز درآن جناب قدس مستقبح

**ترجمہ:** جان لو اور آگاہ رہو کہ ہمارا اور تمہارا پروردگار بلکہ جہانوں کا پروردگار خواہ آسمان ہوں یا زمینیں، ملائکہ ہوں یا سفلیین (حیوانات ونباتات وجمادات) ایک ہے۔ بے چون اور بے چگون (ہے)، مثل اور مانند سے منزّہ ہے اور شکل ومثال سے مبرّا ہے۔ باپ یا بیٹا ہونا اس تعالیٰ کے حق میں محال ہے، ہم سری اور ہم مثل ہونے کو اس کے حضور کیا مجال۔ اس سبحانہ کی شان میں اتحاد وحلول کا شائبہ عیب ہے اور اس

Marfat.com

بارگاہ قدس میں کمون و بروز کا گمان قبیح ہے۔

# شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز نہایت عارفانہ اور جامع و مانع انداز میں توحیدِ خالص کا تذکرہ فرمارہے ہیں جس سے نظریۂ توحید پر شکوک وشبہات اور اعتراضات واشکالات کے پڑے ہوئے سارے غبار چھٹ جاتے ہیں۔حق تعالیٰ سبحانہٗ ہر قسم کے علویّات وسفلیّات، حیوانات وجمادات و نباتات، عینیّت واتحاد، حلول ودخول اور کمون و بروز سے منزّہ اور وراء الوراء ہے جیسا کہ آیہ کریمہ اِنَّ اللّٰہَ لَغَنِیٌّ عَنِ الْعَالَمِیْنَ [1] سے عیاں ہے۔

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں کمون و بروز کی قدرے وضاحت کردی جائے تاکہ فہمِ مکتوب میں سہولت رہے۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق

## کمون و بروز

لغت میں کمون کا معنی ہے پنہاں شدن یعنی پوشیدہ ہونا اور بروز کا معنی ہے بیرون آمدن و آشکار شدن یعنی باہر آنا اور ظاہر ہونا یعنی روح کے جسم اوّل سے استتار واختفاء اور جسم دوم میں اسکی تربیت وتکمیل کیلئے نہ کہ حس وحرکت کے اثبات کیلئے، اس (روح) کے ظہور کو کمون و بروز کہا جاتا ہے۔

صوفیاء کرام کو طاعت وعبادت وریاضت کی بدولت ایسا روحانی کمال وقدرت حاصل ہوجاتا ہے کہ وہ اپنی ارواح مقدسہ کو دوسروں میں منتقل کرسکتے ہیں۔ اس دوران ان کے اجسام مبارکہ بھی صحیح وسالم رہتے ہیں ایسا ممکن ہے بلکہ یہ امر واقع ہے

---

[1] العنکبوت ۲۹:۶

Marfat.com

جیسا کہ عروجی منازل میں مبتدی سالکین کی ارواح عالم بالا کی سیر کے دوران تجلیات الٰہیہ سے شاد کام اور ملائکہ سے ہم کلام ہوتی ہیں۔حضرت مولانا روم مست بادۂ قیوم رحمۃ اللہ علیہ نے خوب کہا

صورتش بر خاک و جاں در لا مکاں
لا مکانے فوق وہم سالکاں

جبکہ منتہی عارفین عالم خلق اور عالم بالا کے ساتھ بیک وقت منسلک و مربوط رہتے ہیں۔کسی شاعر نے ان کی اس کیفیت کو یوں بیان کیا ہے

جہاں رہتے ہیں ہم بیدم نہ ویرانہ نہ بستی ہے
نہ آزادی نہ ہوشیاری نہ چالاکی نہ مستی ہے

۞......مظہر کمالات خفی وجلی حضرت شاہ غلام علی دہلوی قدس سرہٗ العزیز بروز و کمون کے متعلق یوں ارشاد فرماتے ہیں:

جس وقت بروز کی حالت عارف پر وارد ہوتی ہے وہ ایسا بڑا ہو جاتا ہے کہ نہایت وسعت کے سبب سے زمین و آسمان میں نہیں سماتا بلکہ زمین و آسمان اور عرش و مافیہا اس کے گوشۂ قلب میں سما جاتے ہیں۔پس سپاہِ سلیمان (علیہ السلام) اسکے قلب میں کیا حقیقت رکھتی ہے؟ اور جس وقت کمون کی حالت عارف پر آتی ہے تو وہ اپنے آپ کو ذرہ سے بھی چھوٹا پاتا ہے بلکہ کچھ بھی نہیں پاتا۔[1]

۞......حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے نزدیک چونکہ کمون و بروز کے متعلق مستقیم الاحوال مشائخ نے لب کشائی نہیں فرمائی کیونکہ اس سے ناقصین فتنہ و بلا میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔اس لئے آپ کے نزدیک کمون و بروز جائز نہیں...... نیز یہ تناسخ سے مشابہت رکھتا ہے اس لئے آپ ارقام پذیر ہیں کہ

[1] تذکرہ مشائخ نقشبندیہ

Marfat.com

اگر کوئی شیخ کامل بروز وظہور کے بغیر کسی مرید ناقص میں خداداد قدرت کے ساتھ اپنی صفات کاملہ کو اس مرید میں منعکس کر دے اور اپنی توجہات قدسیہ اور التفات کریمانہ کو اس انعکاس میں ثابت و برقرار رکھے یہاں تک کہ مرید ناقص نقص سے کمال تک پہنچ جائے اور وہ اپنی عادات رذیلہ کو ترک کر کے صفاتِ حمیدہ کے ساتھ متصف ہو جائے تو کمون و بروز کچھ بھی درمیان میں نہیں آتا۔[1]

۞ ......جیسا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے توجہات قدسیہ اور التفات کریمہ کے ذریعے حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو صورت و سیرت کے اعتبار سے جمال نبوت کا آئینہ دار بنا دیا اور ہجرت کے موقعہ پر اہل مدینہ کیلئے آقا و غلام میں امتیاز کرنا مشکل ہو گیا۔[2]

۞ ......خواجۂ بے رنگ حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ العزیز نے نانبائی کو توجہات قدسیہ کے ذریعے اپنی مثل بنا دیا۔

۞ ......حضرت علامہ نور بخش توکلی رحمۃ اللہ علیہ بروز و تناسخ میں فرق بیان کرتے ہوئے یوں ارقام پذیر ہیں:

پوشیدہ نہ رہے کہ حیات دنیوی میں بعض بندگانِ خدا کو غایتِ صفاولطافت سے بعنایت ایزدی اس بات پر قدرت ہوتی ہے کہ باوجود کالبد ظاہری کی قید کے مختلف بدن کسب کر سکیں۔ پس موت کے بعد جب کہ یہ قید رفع ہو جاتی ہے اور طائرِ روح اس قفس سے آزاد ہو جاتا ہے وہ دوسرے بدن کے کسب پر بطریق اولیٰ قادر ہیں اسے بروز کہتے ہیں۔

بروز و تناسخ میں فرق ہے۔ اہل تناسخ عموم ولزوم کے قائل ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ کوئی روح نفیس ہو یا خسیس، مسلمان ہو یا کافر، انسان ہو یا حیوان کسی بدن سے

---

[1] مکتوبات شریفہ دفتر دوم مکتوب: ۱۵۸ [2] بخاری: ۱/۵۵۵

Marfat.com

جدا نہیں ہوتی جب تک کہ کوئی دوسرا بدن اسکے واسطے تیار نہ ہو...... تا کہ پہلے بدن سے نکلتے ہی دوسرے میں چلی جائے ، بخلاف اہل بروز کے، کہ ان کے نزدیک نہ عموم ہے نہ لزوم ...... یعنی اس طائفہ کے نزدیک یہ کاملین سے خاص ہے اور وہ بھی بر سبیل لزوم نہیں کیونکہ موت کے بعد بھی بنا بر مصلحت دوسرے بدن میں ظاہر ہوتے ہیں خواہ وہ بدن اصلی دنیوی کی مثل ہو یا نہ ہو اور صورت بشری میں ہو یا نہ ہو اور پھر اتمامِ مطلوب کے بعد پسِ پردہ غائب ہو جاتے ہیں۔ جولوگ بروز و تناسخ میں فرق نہیں کرتے وہ اولیائے کرام پر بے جا اعتراض وطعن کرتے ہیں۔

تا چند کنی بادہ نوشاں انکار
انکار مکن کہ نیست نیکو ایں کار
رندے کہ بود ز بادۂ عرفاں مست
زنہار برو طعنہ مکن صد زنہار [1]

**تنبیہ:**

واضح رہے کہ اہل اللہ کی محبت و نیازمندی کفار کیلئے بھی باعث اسلام اور حسن خاتمہ کا موجب ہوسکتی ہے جیسا کہ ہندو نعت گو شاعر دلو رام کوثری بوقت نزع حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت وملاقات و ایمان سے مشرف ہوا...... یوں اس کا خاتمہ بالخیر ہوگیا۔ ایسے ہی مکتوب الیہ ہردے رام ہندو جو حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز کا محب و نیازمند تھا کے متعلق بھی امید واثق ہے کہ اس کا خاتمہ بھی ایمان پر ہوا ہوگا۔ وَمَا ذَالِكَ عَلَى اللهِ بِعَزِيزٍ [2]

---

[1] تذکرہ مشائخ نقشبندیہ: ۸۵ مطبوعہ فضل نور اکیڈمی ضلع گجرات [2] ابراہیم ۱۴: ۲۰

Marfat.com

**متن** رام وکرشن و مانند آنہا کہ آلہۂ ہنود اند از کمینۂ مخلوقات وپیدواز مادر وپدر زائیدہ اند رام پسر جسرت است وبرادرِ لکھمن و شوہرِ سیتا ہرگاہ رام کوج خود رانگاہ نتواند داشت غیرے راچہ مدد نماید عقلِ دور اندیش راکار باید فرمود و بہ تقلید ایشاں نباید رفت

ترجمہ: رام وکرشن اور ان کے مانند جو ہندوؤں کے معبودان باطلہ ہیں اس کی کمینی مخلوقات میں سے ہیں اور ماں باپ سے پیدا ہوئے ہیں۔ رام...... جسرت کا بیٹا، لچھمن کا بھائی اور سیتا کا شوہر ہے۔ جب رام اپنی زوجہ کی حفاظت نہ کرسکا وہ کسی غیر کی کیا مدد کرسکتا ہے؟ عقل دور اندیش سے کام لینا چاہئے اور ان کی تقلید پر نہیں جانا چاہئے۔

## شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ہندو مذہب کی دلائل عقلیہ کے ذریعے تغلیط فرما کر ہندو مکتوب الیہ کو دعوت اسلام دے رہے ہیں کہ ہندوؤں کے معبودان باطلہ کی باقاعدہ تخلیق وتولید ہوئی ہے اس لئے وہ لائق عبادت اور قابل پرستش نہیں ہیں جبکہ حق تعالیٰ سبحانہٗ جسمی تولید وتخلیق اور ہر قسم کے اسمی شریک وسہیم سے بھی پاک اور منزہ ہے جیسا کہ آیاتِ کریمہ لَمْ یَلِدْ ۝ وَلَمْ یُوْلَدْ ۝ وَلَمْ یَکُنْ

Marfat.com

لَہٗ کُفُوًا اَحَدٌ[1] سے واضح ہے۔

**بینہ نمبر ا:**

واضح رہے کہ رام اور رحمٰن، رام اور رحیم کو ایک جاننا خالق اور مخلوق کو ایک جاننا ہے حالانکہ حق تعالیٰ سبحانہٗ مخلوق کے ساتھ ہر قسم کی مشابہت اور مماثلت سے پاک ہے جیسا کہ آیہ کریمہ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ[2] سے عیاں ہے۔

**بینہ نمبر ۲:**

یہ امر بھی مستحضر رہے کہ حق تعالیٰ سبحانہٗ کو معبودان باطلہ رام اور کرشن کے ناموں سے موسوم کرنا اور رام و کرشن کی یاد و ذکر کو ذکر حق گردانا، شرک قبیح اور کفر صریح ہے بلکہ حق تعالیٰ سبحانہٗ کو توقیفی اسماء سے ہی موسوم و یاد کرنا چاہیے جیسا کہ آیہ کریمہ وَلِلّٰہِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْہُ بِھَا[3] سے آشکارا ہے۔

**متن** پیغمبرانِ ما علیہم الصلوات والتسلیمات کہ قریب بیک لکھ و بست و چہار ہزار گذشتہ اند خلائق را بعبادتِ خالق ترغیب فرمودہ اند و از عبادتِ غیر منع نمودہ و خود را بندۂ عاجز دانستہ اند و از ہیبت و عظمت او تعالیٰ ترساں و لرزاں بودہ اند و آلہۂ ہنود خلق را بعبادت

---

[1] سورۃ الاخلاص [2] شوریٰ ۴۲:۱۱ [3] الاعراف ۷:۱۸۰

Marfat.com

## خود ترغیب کردہ اند وخود را آلہہ دانستہ

ترجمہ: ہمارے پیغمبرانِ عظام علیہم الصلوات والتسلیمات جو تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار گذرے ہیں مخلوق کو خالق تعالیٰ کی عبادت کی ترغیب فرماتے رہے ہیں اور انہوں نے غیر اللہ کی عبادت سے منع فرمایا اور خود کو عاجز بندہ جانتے رہے اور اس تعالیٰ کی ہیبت وعظمت سے لرزاں وترساں رہے ہیں اور ہندوؤں کے معبود، مخلوق کو اپنی عبادت کی ترغیب دیتے رہے اور اپنے آپ کو معبود جانتے رہے ہیں۔

# شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز اس امر کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ جملہ انبیائے کرام علیہم الصلوات نے تمام انسانوں کو حق تعالیٰ کی وحدت مطلقہ اور احدیت الٰہیہ کا درس دے کر عبادت الٰہیہ کی ترغیب اور غیر اللہ کی عبادت سے تہدید وترہیب دلائی ہے جبکہ ہندوؤں کے مبلّغین اپنے آپ کو ہی معبود سمجھ کر مستحق عبادت بن بیٹھے۔ اَلْعَیَاذُ بِاللّٰہِ

یہاں انبیاء کرام علیہم الصلوات کی تعداد کے متعلق قدرے معلومات ہدیۂ قارئین ہیں۔

انبیائے کرام علیہم الصلوات کی تعداد کے متعلق متعدد ومختلف احادیث واقوال ہیں۔

ملاحظہ ہوں

○ ...... عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ کَمِ الْاَنْبِیَاءُ قَالَ مِاْئَۃُ اَلْفٍ وَّعِشْرُوْنَ اَلْفًا[1] حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

---

[1] ابن حبان: ۲/۲۱۳

Marfat.com

میں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم انبیائے کرام کتنے ہیں؟......تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ایک لاکھ بیس ہزار۔

o...... اَنَّہٗ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ سُئِلَ عَنْ عَدَدِ الْاَنْبِیَآءِ عَلَیْھِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ فَقَالَ مِائَۃُ اَلْفٍ وَّاَرْبَعَۃٍ وَعِشْرُوْنَ اَلْفًا وَفِیْ رِوَایَۃٍ مِائَتَا اَلْفٍ وَّاَرْبَعَۃٍ وَعِشْرُوْنَ اَلْفًا[1] یعنی آپ علیہ السلام سے انبیائے کرام علیہم الصلوات کی تعداد کے متعلق سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا ایک لاکھ چوبیس ہزار اور دوسری روایت میں ہے دولاکھ چوبیس ہزار۔

o......امام جلال الدین محلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آٹھ ہزار انبیائے کرام مبعوث فرمائے۔چار ہزار بنی اسرائیل سے اور چار ہزار دیگر اقوام سے اور بعض کتابوں میں ہے کہ ایک لاکھ انبیائے کرام بھیجے گئے۔

مذکورہ بالا مختلف اقوال کے پیش نظر امام العقائد حضرت علامہ عمر نسفی رحمۃ اللہ علیہ عقائد نسفی میں یوں ارقام پذیر ہیں

قَدْرُوِیَ بَیَانُ عَدَدِھِمْ فِیْ بَعْضِ الْاَحَادِیْثِ وَالْاَوْلٰی اَنْ لَّا یُقْتَصَرَ عَلٰی عَدَدٍ فِی التَّسْمِیَۃِ وَقَدْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی ''مِنْھُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَیْکَ وَمِنْھُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَیْکَ'' وَلَا یُؤْمِنُ فِیْ ذِکْرِ الْعَدَدِ اَنْ یَّدْخُلَ فِیْھِمْ مَّنْ لَیْسَ مِنْھُمْ اَوْیُخْرَجَ مِنْھُمْ مَّنْ ھُوَ فِیْھِمْ[2] یعنی انبیائے کرام علیہم الصلوات کی تعداد بیان کرنے میں بعض احادیث روایت کی گئی ہیں۔ اولیٰ یہ ہے کہ معین عدد پر اقتصار واکتفاء نہ کیا جائے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ارشادفرمایا ان میں سے بعض انبیاء کرام کا ذکر ہم نے آپ سے کردیا اور ان میں سے بعض کا ذکر (قرآن مجید) میں آپ سے نہیں کیا۔ان کی تعیین تعداد میں اطمینان نہیں ہے۔

---

[1] شرح فقہ اکبر از ملا علی قاری:۵۶ مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی [2] النبراس:۲۸۱ مطبوعہ مکتبہ حقانیہ ملتان

Marfat.com

اگر تعداد زیادہ بیان کردی گئی تو ممکن ہے ان میں وہ داخل ہو جائیں جو انبیاء کرام میں سے نہ ہوں اور اگر تعداد تھوڑی بیان کردی گئی تو ممکن ہے کچھ انبیائے کرام علیہم الصلوات ان میں سے خارج ہو جائیں۔

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز نے انبیائے کرام علیہم الصلوات کی تعداد متعین نہیں فرمائی بلکہ متن میں ''قریب'' کا لفظ لکھ کر متکلمین اہلسنت کے مؤقف کی تائید فرمائی ہے۔

**بلینہ:**

واضح رہے کہ تقریباً پچیس انبیائے کرام علیہم الصلوات کے اسماء مبارکہ کی صراحت قرآن مجید میں مذکور ہے اور بعض انبیائے کرام علیہم الصلوات کے تذکار کتب احادیث وتفاسیر میں موجود ہیں جیسے سیدنا یوشع بن نون، سیدنا خضر، سیدنا دانیال، سیدنا شمویل اور سیدنا حزقیل علیہم الصلوات۔

اس سلسلہ میں حضرت علامہ سید محمود آلوسی مجددی رحمۃ اللہ علیہ مِنۡهُمۡ مَنۡ مَنۡ قَصَصۡنَا عَلَيۡكَ [1] میں ایک غلط فہمی کا ازالہ کرتے ہوئے یوں ارقام پذیر ہیں:

اَيًّمَا كَانَ لَادَلَالَةَ فِي الْاٰيَةِ عَلٰى عَدَمِ عِلْمِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَدَدِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسِلِيْنَ كَمَا تَوَهَّمَ بَعْضُ النَّاسِ [2] بہر حال اس آیہ کریمہ سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرات انبیاء ومرسلین علیہم الصلوات کی تعداد کا علم نہ تھا جیسے بعض لوگوں نے وہم کیا ہے۔

---

[1] غافر ۴۰:۷۸ [2] روح المعانی: ۱۸/۱۳۷

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۶۸

مکتوب الیہ

حضرت شیخ خواجہ محمّد قاسم رحمۃ اللہ علیہ

موضوعات

طریقتِ نقشبندیہ ہر قسم کی بدعات سے پاک ہے

ذکر کے مراتب ثلاثہ ، نماز تہجد اہل اللہ کا شعار ہے

توجّہاتِ مشائخِ نقشبندیہ اور عالمِ وجوب تک رسائی

Marfat.com

# مکتُوب - ۱۶۸

**متن** علوِ این طریقۂ علیّہ و رفعتِ طبقۂ نقشبندیہ بواسطۂ التزامِ سنت است واجتناب از بدعت لہٰذا اکابرِین طریقۂ علیّہ از ذکر جہر اجتناب فرمودہ بذکر قلبی دلالت نمودہ اند واز سماع ورقص و وجد وتواجد کہ درزمانِ آنسرور علیہ الصلوٰۃ والسلام و درزمانِ خلفائی راشدین نبودہ علیہم الرضوان منع فرمودہ وخلوت واربعین کہ در صدرِ اول نبودہ بجائے آن خلوت در انجمن اختیار کردہ لاجرم نتائج عظیمہ برین التزام مترتِب گشتہ است وثمراتِ کثیرہ برآن اجتناب متفرِع شدہ

**ترجمہ:** اس طریقہ عالیہ کی بزرگی اور طبقہ نقشبندیہ کی بلندی سنت کے التزام اور بدعت سے اجتناب کی وجہ سے ہے لہٰذا اس طریقہ عالیہ کے اکابرین ذکر جہر سے اجتناب کرتے ہوئے ذکر قلبی کی تلقین فرماتے ہیں اور سماع ورقص اور وجد وتواجد جو

Marfat.com

کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد نبوت اور خلفاء راشدین علیہم الرضوان کے زمانہ خلافت میں نہ تھے، سے منع فرماتے ہیں اور گوشہ نشینی و چلہ کشی جو کہ دور صحابہ میں نہ تھے اس کی بجائے خلوت در انجمن کو اختیار کیا۔ لازماً اس التزام کی وجہ سے عظیم نتائج مرتب ہوئے اور اس اجتناب سے کثیر ثمرات حاصل ہوئے۔

# شرح

زیر نظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز طریقت نقشبندیہ کی فضیلت اور مشائخ نقشبندیہ رضی اللہ عنہم اجمعین کی عظمت کا تذکرہ فرما رہے ہیں چونکہ یہ سلسلہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت، خلفائے راشدین کی سنت کے ساتھ بالخصوص اور دور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ بالعموم گہری مناسبت کی بنا پر بعینہ صحابہ کرام کا طریقہ ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات عَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ[1] اور خَيْرُكُمْ قَرْنِي ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ[2] سے ثابت ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت و صحبت کی بدولت ابتداء ہی وہ کمالات و برکات نصیب ہو جاتی تھیں جو اولیائے کاملین کو نہایت میں بھی کم ہی میسر ہوتے ہیں۔

خلیفہ رسول سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت و زیارت اور القائے فیض، اعطائے نسبت سے ممتاز و مخصوص ہیں جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات مَا صَبَّ اللّٰهُ فِيْ صَدْرِيْ اِلَّا وَصَبَبْتُهٗ فِيْ صَدْرِ اَبِيْ بَكْرٍ[3] سے عیاں ہے اس لئے سلسلہ نقشبندیہ آپ کی نسبت صدیقی کی بدولت جملہ سلاسل سے فوقیت و فضیلت رکھتا ہے۔

---

[1] مشکل الآثار: ۲/۱۹۵ [2] صحیح البخاری، رقم الحدیث: ۲۴۵۷ [3] فصل الخطاب: ۲۵۷

Marfat.com

مطلق ذکر عبادت ہے خواہ سری ہو یا جہری جبکہ ریا کے اختلاط سے پاک ہو اور ذکر بندۂ مومن کیلئے ایسی نعمت کبریٰ ہے جس میں اس کی فوز و فلاح کا راز مضمر ہے جیسا کہ آیات کریمہ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ [۱] اور یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِیْرًا [۲] سے عیاں ہے۔

۞……مشائخ نقشبندیہ رضی اللہ عنہم ذکر جہر کی بجائے ذکر خفی سری کی ترجیح و فضیلت کے قائل ہیں کیونکہ انکے نزدیک ذکر جہر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے علیٰ سبیلِ المواظبت بالالتزام ثابت نہیں ہے۔

عارف باللہ حضرت علامہ قاضی ثناء اللہ مجددی پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں

وَالْاَصْلُ فِی الْاَذْكَارِ الْاِخْفَاءُ وَالْجَهْرُ بِهٖ بِدْعَةٌ فَاِذَا وَقَعَ التَّعَارُضُ فِی الْجَهْرِ یُرَجَّحُ الْاَقَلُّ وَیَدُلُّ عَلٰی كَوْنِ ذَاكِرِ السِّرِّ اَفْضَلُ وَ مَجْمَعًا عَلَیْهِ مِنَ الصَّحَابَةِ مَنْ تَبِعَهُمْ قَوْلُ الْحَسَنِ اَنَّ بَیْنَ دَعْوَةِ السِّرِّ وَدَعْوَةِ الْعَلَانِیَّةِ سَبْعُوْنَ ضِعْفًا یعنی اذکار میں اصل اخفاء ہے اور جہر بدعت ہے، جب جہر میں تعارض پایا گیا تو اخفاء ترجیح یافتہ ہوگا اور یہ امر اس بات پر دال ہے کہ سری ذکر کرنے والا افضل ہے اور اس پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اجماع ہے۔ان کی اتباع میں حضرت امام حسن بصری رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے کہ سری دعا اعلانیہ دعا سے ستر درجے افضل ہے……مزید تحریر فرماتے ہیں

اَجْمَعَ الْعُلَمَاءُ عَلٰی اَنَّ الذِّكْرَ سِرٌّ هُوَ الْاَفْضَلُ وَالْجَهْرُ بِالذِّكْرِ بِدْعَةٌ اِلَّا فِیْ مَوَاضِعَ مَخْصُوْصَةٍ مَسَّتِ الْحَاجَةُ فِیْهَا اِلَی الْجَهْرِ بِهٖ كَالْاَذَانِ وَالْاِقَامَةِ وَتَكْبِیْرَاتِ التَّشْرِیْقِ وَتَكْبِیْرَاتِ الْاِنْتِقَالِ فِی الصَّلٰوةِ

---

[۱] عنکبوت ۲۹:۴۵ [۲] الاحزاب ۳۳:۴۱

Marfat.com

وَالتَّسْبِيحِ لِلْمُقْتَدِيِّ اِذَا نَابَ نَائِبُهٗ وَالتَّلْبِيَةِ فِي الْحَجِّ وَنَحْوِذَالِكَ [1]

یعنی علماء کا اس بات پر اجماع ہے کہ ذکر سری افضل ہے اور ذکر جہری بدعت ہے لیکن مخصوص مقامات پر جبکہ ذکر جہری کی ضرورت ہے جیسے اذان، اقامت، تکبیرات تشریق، نماز میں تکبیرات انتقال، مکبّر کا نیابتِ امام میں تسبیح کہنا اور تلبیہ حج وغیرہا۔

## ذکر کے مراتب ثلاثہ

عارف باللہ حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی مجددی رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کے تین مراتب تحریر فرمائے ہیں

اِعْلَمْ اَنَّ الذِّكْرَ عَلٰى ثَلَاثَةِ مَرَاتِبٍ اَحَدُهَا الْجَهْرُ وَرَفْعُ الصَّوْتِ بِهَا وَذَالِكَ مَكْرُوْهٌ اِجْمَاعاً اِلَّا اِذَا دَعَتْ اِلَيْهِ دَاعِيَةٌ وَاقْتَضَتْهُ حِكْمَةٌ فَحِيْنَئِذٍ قَدْ يَكُوْنُ اَفْضَلُ مِنَ الْاِخْفَاءِ كَالْاَذَانِ وَالتَّلْبِيَةِ ---- الخ

## مرتبہ اولیٰ

یعنی ذکر کے تین مرتبے ہیں ان میں اولاً ذکر بالجہر جو بآواز بلند کیا جاتا ہے یہ اجماعاً مکروہ ہے البتہ جب کوئی مصلحت وضرورت اور اقتضائے حکمت ہو تو اس صورت میں ذکر بالجہر ذکر خفی سے افضل ہوتا ہے جیسے اذان اور تلبیہ وغیرہا۔ شاید صوفیائے چشتیہ رحمۃ اللہ علیہم نے مبتدی سالک کے لئے اقتضائے حکمت کی خاطر ذکر بالجہر کو اختیار فرمایا ہے تاکہ شیطان مطرود ہو جائے...... سالک غفلت ونسیان سے محفوظ ہو جائے...... اور اس کے قلب میں آتش عشق شعلہ زن ہو جائے...... لیکن

---

[1] تفسیر مظہری جلد ثالث: ۳۶۱

Marfat.com

ان کے نزدیک بھی ریا کاری اور نمود و نمائش سے احتراز شرط ہے۔

مرتبہ ثانیہ

اَلذِّکْرُ بِاللِّسَانِ سِرًّا وَھُوَ الْمُرَادُ بِقَوْلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یعنی ذکر باللسان سری ہے (زبان سے آہستہ آواز کے ساتھ ذکر کرنا) ارشادات نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات لَایَزَالُ لِسَانُکَ رَطْبًا مِّنْ ذِکْرِ اللّٰہِ [1] (تیری زبان اللہ کے ذکر سے ہمیشہ تر رہے) دوسری روایت میں قِیْلَ اَیُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ قَالَ اَنْ تُفَارِقَ الدُّنْیَا وَلِسَانُکَ رَطْبٌ مِّنْ ذِکْرِ اللّٰہِ [2] (عرض کی گئی کونسا عمل سب سے افضل ہے؟...... فرمایا یہ کہ تو دنیا سے رخصت ہو رہا ہو اور تیری زبان ذکر الٰہی سے تر ہو) سے یہی ذکر مراد ہے۔

مرتبہ ثالثہ

اَلذِّکْرُ بِالْقَلْبِ وَالرُّوْحِ وَالنَّفْسِ وَغَیْرِھَا الَّذِیْ لَا مَدْخَلَ فِیْہِ اللِّسَانُ وَھُوَ الذِّکْرُ الْخَفِیُّ الَّذِیْ لَایَسْمَعُہُ الْحَفَظَۃُ [3] یعنی وہ ذکر جو قلب، روح اور نفس وغیرہ دیگر لطائف کے ساتھ ہے جسمیں زبان کا کوئی دخل نہیں ہوتا وہ ذکر خفی ہے جسے ملائکہ حفظہ بھی نہیں سنتے۔

۞......ارشاد باری تعالیٰ ہے: وَاذْکُرْ رَّبَّکَ فِیْ نَفْسِکَ [4] اپنے رب کو اپنے نفس (دل) میں یاد کرو۔

۞......دوسرے مقام پر ارشاد باری تعالیٰ ہے: اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَۃً [5]

---

[1] ابن ماجہ: ۲۷۷ [2] تفسیر البغوی: ۱/ ۱۶۸ [3] تفسیر مظہری ۳/ ۳۶۲

[4] الاعراف ۷: ۲۰۵ [5] اعراف ۷: ۵۵

Marfat.com

یعنی اپنے رب سے گڑگڑاتے ہوئے اور خفیہ دعا کرو۔

۞......حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خَیْرُ الذِّکْرِ الْخَفِیُّ [1] سب سے بہتر ذکر خفی ہے۔

۞...... حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مقام پر یوں فرمایا: لَفَضْلُ الذِّکْرِ الْخَفِیِّ الَّذِیْ لَایَسْمَعُہٗ سَبْعُوْنَ ضِعْفًا [2] یعنی ایسا ذکر خفی جس کو کوئی نہ سنے (وہ ذکر جہری سے) ستر درجے فضیلت رکھتا ہے۔

۞......ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے: کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُفَضِّلُ الذِّکْرَ الْخَفِیَّ الَّذِیْ لَایَسْمَعُہُ الْحَفَظَۃُ سَبْعِیْنَ ضِعْفًا [3] یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسا ذکر خفی جسے ملائکہ حفظہ بھی نہ سن سکیں ذکر جہر سے ستر درجے افضل قرار دیتے تھے۔

علامہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں قُلْتُ ھٰذَا الْحَدِیْثُ ....... کَانَ دَالًّا عَلٰی اَفْضَلِیَّۃِ الذِّکْرِ الْخَفِیِّ [4] یعنی میں کہتا ہوں کہ یہ حدیث ذکر خفی کی افضلیت پر دلالت کرتی ہے۔

۞......ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے:

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَذْکُرُ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ اَحْیَانِہٖ [5] یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمہ وقت اللہ کا ذکر کرتے رہتے تھے۔

اس حدیث کی شرح کرتے ہوئے حضرت شیخ عبدالغنی دہلوی محدث مدنی رحمۃ اللہ علیہ انجاح الحاجہ شرح سنن ابن ماجہ میں رقمطراز ہیں

---

[1] مجمع الزوائد: ۱۰/۸۱، مسند احمد، رقم الحدیث: ۱۳۹۷ [2] مجمع الزوائد رقم الحدیث: ۱۶۷۹۶

[3] مسند ابویعلیٰ، رقم الحدیث: ۴۶۱۵ [4] تفسیر مظہری: ۳/۳۶۲ [5] ابن ماجہ: ۲۶

Marfat.com

قَوْلُهُ کَانَ یَذْکُرُ اللّٰهَ ...... الخ لَا یُتَصَوَّرُ هٰذَا الذِّکْرُ اِلَّا بِالْقَلْبِ [1]

یعنی دائمی ذکر کا ذکر قلبی کے بغیر تصور ہو ہی نہیں سکتا۔ یقیناً ذکر باللسان فی کل احیان متصور نہیں کیونکہ انسان یا تو حالت نیند میں ہوتا ہے یا حالت بیداری میں۔ حالت نیند میں وہ ذکر باللسان سے غافل ہوتا ہے یونہی بیت الخلاء میں قضائے حاجت کے وقت ذکر باللسان مکروہ ہے بخلاف ذکر قلبی کے کیونکہ حق تعالیٰ کے ساتھ قلب کا تعلق حالت نوم اور حالت بیداری دونوں میں برابر ہوتا ہے۔

۞...... حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کی تلاوت قرآن بآواز اخفاء وجہر پر تبصرہ کرتے ہوئے قدوۃ الکاملین حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری قدس سرہٗ العزیز یوں تحریر فرماتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا تلاوت بآواز بلند نشان مجاہدہ ہے اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا بآواز خفی نشان مشاہدہ ہے اور مقام مجاہدہ اندر جنب مقام مشاہدہ چون قطرہ بود اندر بحری [2]

مقام مجاہدہ، مقام مشاہدہ کے مقابلے میں ایسے ہے جیسے قطرہ سمندر کے مقابلہ میں۔

**تنبیہ:**

یہ امر مستحضر رہے کہ عہد رسالت، خلفائے راشدین کے دور خلافت اور دور صحابہ میں چلہ کشی، خلوت نشینی، سماع ورقص اور وجد وتواجد جیسے امور نہ تھے بلکہ یہ بعد کے محدثات ہیں، اس لئے طریقہ نقشبندیہ میں ان سے اجتناب اور سنت کے التزام کا خصوصی اہتمام ہوتا ہے۔ طریقت نقشبندیہ میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کی متابعت ومناسبت کی بناء پر روحانی ارتقاء اور قرب خدا کا انحصار اتباع سنت، تخریب بدعت اور شیخ کی محبت وزیارت پر ہے جبکہ دیگر سلاسل طریقت میں باطنی ارتقاء اور طیّ سلوک کا

---

[1] حاشیہ ابن ماجہ: ۲۶ [2] کشف المحجوب فارسی: ۶۸ مطبوعہ نوائے وقت پرنٹرز لاہور

Marfat.com

دارومدار ریاضتوں، دہوں اور چلّوں پر ہے۔

سلطان العشاق حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی قدس سرہٗ العزیز نے کیا خوب کہا

از دل سالکِ رہ جاذبۂ صحبت شاں
می برد وسوسۂ خلوت و فکرِ چلہ را

**متن** نماز تہجد را بجمعیت تمام ادامی نمایند و ایں بدعت را در رنگِ سنتِ تراویح در مساجد رواج رونق می بخشند و ایں عمل را نیک می دانند و مردم را برآں ترغیب می کنند و حال آنکہ ادائے نوافل را بجماعت فقہاء شَکَرَ اللّٰہُ تَعَالٰی سَعْیَھُمْ مکروہ گفتہ اند اشد کراہت

**ترجمہ:** (بعض لوگ) نماز تہجد کو کامل جمعیت کے ساتھ ادا کرتے ہیں اور اس بدعت کو سنت تراویح کی طرح مساجد میں رواج و رونق بخشتے ہیں اور اس عمل کو اچھا جانتے ہیں اور لوگوں کو اس کی ترغیب دیتے ہیں حالانکہ فقہاء کرام شَکَرَ اللّٰہُ تَعَالٰی سَعْیَھُمْ ادائے نوافل باجماعت کو اشد مکروہ کہتے ہیں۔

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نماز تہجد کو باجماعت ادا کرنے کی کراہت کا تذکرہ فرمارہے ہیں۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں نماز تہجد کے

Marfat.com

فضائل و فیوضات بیان کر دیے جائیں تا کہ فہم مکتوب میں سہولت رہے۔
وَبِاللّٰهِ التَّوْفِيْق

## نمازِ تہجد کے فضائل

جب اہل دنیا شب کی تاریکیوں میں خواب راحت کے مزے لوٹ رہے ہوتے ہیں تو درد محبت وفراق سے لاچار اور عشق ومستی سے سرشار، کچھ مردانِ باخدا محبوب کے دیدار ووصال کے طلب گار، نرم وگداز بستروں کو چھوڑ کر، سراپا ادب و نیاز دست بستہ کھڑے ہو جاتے ہیں۔ وہ کبھی اپنے پروردگار کے حضور قیام وقعود کرتے ہیں کبھی رکوع وسجود کرتے ہیں کبھی اپنے رحیم وکریم رب کی حمد وستائش کرتے ہیں، کبھی اس کی بارگاہ بندہ نواز میں دست بدعا ہو کر اس کے فضل وکرم کی بھیک مانگتے ہیں، جیسا کہ آیاتِ کریمہ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا [1] اور تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا [2] سے عیاں ہے۔

بالآخر اسی پیچ وتاب اور سوز وساز، فغانِ نیم شبی اور آہِ سحر گاہی کی بدولت رخِ حقیقت سے نقاب، الٹ اور چہرۂ محبوب سے حجاب، سرک جاتے ہیں۔ مولانا روم مستِ بادۂ قیوم نے کیا خوب کہا

چوں نشینی بر سرِ کوئے کسے
عاقبت بینی تو ہم روئے کسے
حاصل آنکہ ہر کہ او طالب بود
جانِ مطلوبش برو راغب بود

---

۱؎ الفرقان ۲۵:۶۴ ۲؎ السجدہ ۳۲:۱۶

Marfat.com

لفظ تھجد بروزن تَفَعُّلُ هُجُوْدٌ سے مشتق ہے اور ہجود لفظ عفا کی مانند اضداد میں سے ہے جو سونا اور بیدار ہونا دونوں معنوں میں مستعمل ہے جیسے اِثْمٌ کا معنی گناہ کرنا اور تَاَثُّم کا معنی ترک گناہ ہے ایسے ہی هُجُوْدٌ کا معنی سونا اور تہجد کا معنی ترکِ نیند (جاگنا) ہے۔ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے فرمان قِيَامُ اللَّيْلِ بَعْدَ النَّوْمِ سے یہی مفہوم واضح ہوتا ہے۔

نماز تہجد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر بطور فرض یا زائد عبادت لازم تھی جیسا کہ آیہ کریمہ وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ[1] سے عیاں ہے۔یہی وجہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تاحیات ظاہری اس کا خصوصی اہتمام فرمایا اور اپنی امت کو بھی اس کے التزام کی تاکید فرمائی......اس لئے یہ امت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات پر نفل مؤکدہ علی الکفایہ ہے۔یہی وجہ ہے کہ ذوق شب خیزی اور آہ سحر گاہی سے بے بہرہ لوگ معرفت حق اور گنج سعادت سے محروم رہ جاتے ہیں۔حضرت حافظ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ نے خوب کہا

ہر گنج سعادت کہ خدا داد بحافظ
از یمن دعائے شب و وردِ سحری بود

اقبال مرحوم نے اس مفہوم کو یوں ادا کیا

عطار ہو ، رومی ہو ، رازی کہ غزالی
کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہِ سحر گاہی

جب بندہ مؤمن کو تہجد گذاری اور اشکباری کی نعمت غیر مترقبہ نصیب ہوتی ہے تو مشاہدہ محبوب اور وصل یار کی بدولت حسن و برکات اور انوار و تجلیات اسکے چہرے سے عیاں ہوتے ہیں جیسا کہ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ[2] اور

---

[1] بنی اسرائیل ۱۷:۷۹ [2] الفتح ۴۸:۲۹

Marfat.com

ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات مَنْ كَثُرَتْ صَلٰوتُهٗ بِاللَّيْلِ حَسُنَ وَجْهُهٗ بِالنَّهَارِ[1] سے واضح ہے۔

بقول اقبال مرحوم

چناں با ذاتِ حق خلوت گزینی
ترا اُو بیند و اُو را تو بینی
بخود محکم گذار اندر حضورش
مشو ناپید اندر بحرِ نورش
چناں در جلوہ گاہِ یار می سوز
عیاں خود را نہاں اُو را بر افروز

نمازِ تہجد اہل اللہ کا شعار ہے اور بندۂ مؤمن کا افتخار ہے......نمازِ تہجد قضائے حاجات، کفارۂ سیئات، بلندیٔ درجات اور ظہورِ تجلیات کا حسین موقع ہے......نمازِ تہجد حصولِ قرب اور رضائے الٰہی کا زینہ ہے......نمازِ تہجد وصلِ رحمٰن اور حصولِ انعام کا ذریعہ ہے......نمازِ تہجد محبت و معرفتِ الٰہی کا گنجینہ ہے......نمازِ تہجد بندگی کا نشان اور مقربین کی پہچان ہے......نمازِ تہجد لقائے محبوب اور دیدِ مطلوب کا موجب ہے۔

عارف کھڑی میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اس مفہوم کو یوں فرمایا

رات پوے تے بے درداں نوں نیند پیاری آوے
درد منداں نوں تانگھ سجن دی ستیاں آن جگاوے

---

[1] سنن ابن ماجہ، رقم الحدیث: ۱۳۳۳

Marfat.com

**متن** نسبتِ ایشاں فوقِ ہمہ نسبتہا آمدہ کلامِ ایشاں دواءِ امراضِ قلبیہ است ونظرِ شاں شفاءِ عللِ معنویہ وتوجہ وجیہہ ایشاں طالبان را از گرفتاریِ کونین نجات می بخشد وہمتِ رفیع شان مریداں را از حضیضِ امکاں بذروۂ وجوب می برد ..... لیکن دریں اوان کہ آں نسبت شریفہ عَنقاءِ مُغرِب گشتہ است

**ترجمہ:** ان کی نسبت تمام نسبتوں پر غالب آگئی ہے۔ ان کا کلام قلبی امراض کیلئے دوا اور ان کی نظر روحانی بیماریوں کیلئے شفا ہے اور ان کی زبردست توجہ طالبوں کو دونوں جہاں کی گرفتاری سے نجات بخشتی ہے۔ ان کی بلند ہمت، مریدوں کو امکان کی پستی سے وجوب کی بلندی تک لے جاتی ہے...... لیکن اس زمانے میں یہ نسبت شریفہ عنقائے مُغرِبْ ہوگئی ہے۔

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز طریقت نقشبندیہ کی فوقیت اور مشائخ نقشبندیہ کی توجہات قدسیہ کی برکات کا تذکرہ فرمارہے ہیں۔ دراصل خواجگان نقشبندیہ رضی اللہ عنہم کی نسبت وتوجہ وکلام اس قدر قوی اور پرتاثیر ہوتی ہیں جن کی بدولت ان کے مریدین کے بطون کا تصفیہ اور نفوس کا تزکیہ ہوجاتا ہے اور وہ ہر ماسوٰی سے چھٹکارا حاصل کرکے توحید عیانی، وصل عریانی اور تجلی ذاتی دائمی سے شادکام

Marfat.com

اور فیضیاب ہوتے ہیں۔ مولانا عبدالرحمان جامی قدس سرہُ العزیز نے خوب کہا

نقشبندیہ عجب قافلہ سالارانند
کہ برند از رہ پنہاں بحرم قافلہ را

مُرورِ زمانہ، لوگوں کی کم ظرفی اور دوں ہمتی کی وجہ سے نسبت نقشبندیہ کبریت احمر کی مانند کمیاب، پوشیدہ اور عنقاء ہوگئی ہے۔ چونکہ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز نے نسبت نقشبندیہ کو عَنقَائے مُغرِبْ سے تشبیہ دی ہے اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں عنقائے مُغرب کے متعلق قدرے وضاحت کردی جائے تاکہ فہم مکتوب میں سہولت رہے۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق

عنقاء مغرب ایک عجیب الخلقت اور مقطوع النسل دراز گردن پرندہ ہے جسے فارسی میں سیمرغ کہتے ہیں چنانچہ روایت ہے!

اللہ تعالیٰ نے دور اول میں ایک پرندہ تخلیق فرمایا جسے عنقاء کہا جاتا تھا۔ بلادِ حجاز میں اس کی نسل کثرت سے پائی جاتی تھی۔ وہ بچوں کو اچک کر لے جاتا تو لوگوں نے قبیلہ بنی عبس کے سردار خالد بن سنان سے اس کی شکایت کی تو انہوں نے اس کی انقطاع نسل کیلئے دعائے ضرر فرمائی، اس لئے وہ نابود ہوگیا۔ اب بزم گیتی میں محض اس کا نام باقی ہے۔[1]

**تنبیہ:**

قطب الارشاد حضرت خواجہ عبیداللہ احرار قدس سرہُ الغفار نسبت نقشبندیہ کی جامعیت وعظمت کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں۔ نسبت خواجگان قدس اللہ ارواحہم آں نسبت شریف کہ جامع جمیع نسبتہاست وخلاصہ ومنتہائے مجموع طریقہاست[2]

---

[1] کنز العمال جلد دوازدہم: ۳۳۷ [2] فقرات: ۳۸

Marfat.com

یعنی نسبت خواجگان قدس اللہ اروا حہم وہ نسبت شریفہ ہے جو جمیع نسبتوں کی جامع ہے اور تمام طریقوں کا خلاصہ ومنتہا ہے۔

ایک اور مقام پر یوں ارشاد فرماتے ہیں خواجگان این سلسلہ علیہ قدس اللہ تعالی اسرارہم بہر زراقی ورقاصی نسبت ندارند کارخانہ ایشاں بلند است [1] اس سلسلہ عالیہ کے خواجگان قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کسی مکار اور رقاص کے ساتھ نسبت نہیں رکھتے، ان کا کارخانہ بلند ہے۔

**متن** نمازِ تہجد را باین وضع سیزدہ رکعت می انگارند کہ دوازدہ رکعت ایستادہ می گذارند و دو رکعت نشستہ کہ حکم یک رکعت پیدا کند از آنجا گرفتہ اند کہ ثوابِ قاعد نصف ثوابِ قائم است و ایں علم وعمل نیز مخالفِ سنت است علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیہ حضرت پیغامبر کہ سیزدہ رکعت ادا فرمودہ اند ہمراہِ وتر است

**ترجمہ:** یہ لوگ نماز تہجد کو تیرہ رکعت اس طرح خیال کرتے ہیں کہ بارہ رکعت کھڑے ہو کر ادا کی جائیں اور دو رکعت بیٹھ کر تا کہ وہ ایک رکعت کا حکم پیدا کر لیں۔ انہوں نے یہ مؤقف یہاں سے اخذ کیا ہے کہ بیٹھے ہوئے نمازی کا ثواب کھڑے ہوئے نمازی کے ثواب کا نصف ہوتا ہے حالانکہ یہ علم وعمل بھی مخالف سنت (علیٰ

1. مکتوب: ۲۴۳

Marfat.com

صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیہ ) ہے۔ حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے تیرہ رکعات وتر کے ساتھ ادا فرمائی ہیں۔

# شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ایک ایسی بدعت کا ذکر فرما رہے ہیں جو خلاف سنت ہی نہیں بلکہ رافع سنت بھی ہے اور وہ یہ ہے کہ مبتدعین نماز تہجد کی تیرہ رکعات کو یوں ادا کرتے ہیں کہ بارہ رکعات کھڑے ہو کر اور دو رکعتوں کو بیٹھ کر ادا کرتے تاکہ وہ ایک رکعت کے برابر ہو جائے اور اپنے اس فعل شنیع کی تائید حدیث پاک سے کرتے حالانکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز تہجد کی صرف تیرہ رکعات ہی ادا نہیں فرمائیں بلکہ آپ نے بلحاظ وقت وصحت وغیرہا کبھی تیرہ رکعات، کبھی گیارہ رکعتیں، کبھی نو رکعات اور کبھی سات رکعات ادا فرمائی ہیں جیسا کہ درج ذیل روایات مختلفہ سے ثابت ہے اور ان میں تین رکعتیں وتر ہیں چنانچہ ملاحظہ ہوں

۞ ...... عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ ثَلَاثَ عَشَرَةَ رَكْعَةً [1] ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کو تیرہ رکعات ادا فرمایا کرتے تھے۔

۞ ...... عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ تِسْعَ رَكْعَاتٍ [2] حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز تہجد نو رکعات ادا فرمایا کرتے تھے۔

۞ ...... عَنْ عَامِرِ الشُّعْبِيْ قَالَ سَأَلْتُ عَبْدَ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ وَعَبْدَ اللهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ فَقَالَا ثَلٰثَ

---

[1] سنن ابن ماجہ، رقم الحدیث: ۱۳۴۹ [2] ابن ماجہ، رقم الحدیث: ۱۳۵۰

Marfat.com

عَشَرَةَ رَكْعَةٍ مِنْهَا ثَمَانٌ وَيُوتِرُ بِثَلَاثٍ [1]...... حضرت عامر شعبی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے حضرات عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن عمر سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صلوٰۃ لیل کے متعلق پوچھا تو ان دونوں نے فرمایا تیرہ رکعات...... جن میں سے آٹھ رکعات نماز تہجد ہوتیں اور تین رکعت وتر ہوتے۔

۞...... عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الرَّكْعَةِ الْأُولٰى مِنَ الْوِتْرِ بِأُمِّ الْكِتَابِ وَسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى وَفِي الثَّانِيَةِ بِأُمِّ الْقُرْاٰنِ وَقُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ وَفِي الثَّالِثَةِ بِأُمِّ الْكِتَابِ وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ وَفِي رِوَايَةٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوتِرُ بِثَلَاثٍ [2] یعنی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتروں کی پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ اور سورہ اعلیٰ، دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ اور سورہ کافرون اور تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ اور سورہ اخلاص پڑھا کرتے تھے اور ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتروں کی تین رکعات پڑھتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں عرض گذار ہوئے حُدِّثْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّكَ قُلْتَ صَلٰوةُ الرَّجُلِ قَاعِدًا عَلٰى نِصْفِ الصَّلٰوةِ وَأَنْتَ تُصَلِّي قَاعِدًا قَالَ أَجَلْ وَلٰكِنِّي لَسْتُ كَأَحَدٍ مِّنْكُمْ [3]

یعنی یا رسول اللہ مجھے بتایا گیا ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا ہے کہ بیٹھ کر نماز پڑھنے کا آدھا ثواب ہوتا ہے اور آپ خود بیٹھ کر نماز ادا فرما رہے ہیں۔ آپ نے

[1] ابن ماجہ، رقم الحدیث: ۱۳۵۱ [2] مسند امام اعظم: ۹۱ مطبوعہ نور محمد کتب خانہ کراچی

[3] صحیح مسلم، رقم الحدیث: ۱۲۱۴

Marfat.com

فرمایاہاں لیکن میں تم جیسا کب ہوں؟

جبکہ دوسری حدیث میں اجر وثواب کی جو صراحت فرمائی گئی ہے **فھو ھذا**

**مَنْ صَلّٰی قَاعِدًا فَلَہٗ نِصْفُ اَجْرِ الْقَائِمِ** [1]

---

[1] صحیح بخاری، رقم الحدیث: ۱۰۴۸

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۶۹

مکتوب الیہ

حضرت شیخ عبدُ الصَّمد سُلطانپوری رحمۃ اللہ علیہ

موضوعات

ذواتِ مقدسہ اور اعمالِ صالحہ حصولِ مطلوب
کے لئے وسائط ہیں
شیخ سے عامیانہ گفتگو روحانی موت ہے

Marfat.com

# مکتوب ۔ ۱۶۹

**متن** مخدوما مقصدِ اقصیٰ و مطلب اسنٰے وصول بجناب قدس خداوندی است جل سلطانہٗ لیکن چوں طالب در ابتدا بواسطۂ تعلقاتِ شتّٰے در کمالِ تدنّس و تنزل است و جناب قدسِ او تعالیٰ در نہایتِ تنزہ و ترفع و مناسبتی کہ سببِ افاضہ و استفاضہ است در میان مطلوب و طالب مَسلوب است لاجرم از پیرِراہ دان و راہ بین چارہ نبود کہ برزخ بود و از ہر دو طرف حظ وافر دارد تا واسطۂ وصول طالب بمطلوب گردد

ترجمہ: میرے مخدوم مقصد اقصیٰ اور مطلب اسنیٰ خداتعالیٰ جل سلطانہٗ کی بارگاہ قدس ہے لیکن مختلف تعلقات کی وجہ سے ابتداءً ہی حد درجہ گندگی اور پستی میں ہے اور حق تعالیٰ کی بارگاہ قدس نہایت پاکیزہ اور بلند ہے لہٰذا وہ مناسبت جو افاضہ اور استفاضہ کا سبب ہے، مطلوب اور طالب کے درمیان مسدود ہے ۔ لامحالہ راہ دان اور راہ بین پیر کے بغیر چارہ نہیں جو برزخ ہو اور دونوں طرف سے حظ وافر رکھتا

Marfat.com

ہو، تاکہ وہ طالب کیلئے مطلوب تک وصول کا واسطہ بن جائے۔

# شرح

اس مکتوب گرامی کی تفہیم کے لئے چند تمہیدی کلمات اور بنیادی امور ہدیۂ قارئین ہیں۔

سالک کا مقصود و منتہا ذات حق جل سلطانہ ہے جیسا کہ آیہ کریمہ وَاَنَّ اِلٰی رَبِّکَ الْمُنْتَھٰی [1] سے واضح ہے اور حریم قدس جل سلطانہ کا قرب ووصل ہی اس کا مطلوب ہے۔ اس مقصود و مطلوب تک رسائی ذواتِ مقدسہ اور اعمال صالحہ کے ابتغاء واستعانت کے بغیر ممکن نہیں جیسا کہ آیات کریمہ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اتَّقُوااللّٰہَ وَابْتَغُوْٓا اِلَیْہِ الْوَسِیْلَۃَ [2] اور اِسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوۃِ [3] سے عیاں ہے اور یہ ذوات واعمال، وصول مقصود اور حصول مطلوب کیلئے وسائل ووسائط ہیں۔ چونکہ اعمال تہمت زدہ وناقص ہونے کی بنا پر قابل اعتماد اور لائق قبول نہیں اس لئے یہ حصول مقصود کے لئے اتنے مفید اور مؤثر ثابت نہیں ہوتے جبکہ انبیائے کرام، علمائے حقیقت اور مشائخ طریقت کی ذوات مقدسہ، بارگاہ قدس جل سلطانہ میں مقبول ومحبوب ہوتی ہیں اس لئے ان کا وسیلہ زیادہ مؤثر اور سودمند ثابت ہوتا ہے۔ ان حضرات کے ساتھ محبت ومودت وارادت کی منجملہ وجوہات میں سے ایک بنیادی وجہ یہی ہوتی ہے۔

چونکہ خالق اور مخلوق، مطلوب اور طالب کے درمیان عدم مناسبت کی وجہ سے باہمی افادہ واستفادہ کی راہیں مسدود ومسلوب ہوتی ہیں، اگرچہ قادر مطلق جل سلطانہ کیلئے بغیر کسی مناسبت کے کمالات کا افادہ واستفاضہ ممکن تھا مگر اس تعالیٰ جل سلطانہ نے اپنی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ کے ساتھ مخلوق کے قضائے حوائج اور افادہ

---

[1] النجم ۵۳:۴۲ [2] المائدہ ۵:۳۵ [3] البقرہ ۲:۱۵۳

Marfat.com

کمالات کو اسباب کے پردوں میں مستور فرما دیا تاکہ مستفیضین و سالکین ان ذوات عالیہ کے طوق غلامی کو باعثِ افتخار اور موجب حصولِ مراد سمجھیں اور ہمیشہ ان کے نیازمند اور خدمتگار رہیں۔ چنانچہ قدوۃ الکاملین حضرت سیدنا داتا گنج بخش علی ہجویری قدس سرہُ العزیز اس سلسلہ میں جو رقمطراز ہیں مخلصاً پیش خدمت ہے۔

میں ایک مرتبہ اپنے شیخ طریقت شیخ العباد حضرت ابوالفضل محمد بن الحسن الختلی رضی اللہ عنہ کو وضو کروا رہا تھا میرے دل میں خیال گذرا کہ جب سارے کام تقدیر و قسمت سے صورت پذیر ہوتے ہیں تو آزاد منش لوگ امید کرامت پر پیران عظام کے غلام بے دام کیوں بنے رہتے ہیں؟ آپ نے ارشاد فرمایا برخوردار جو تجھے وسوسہ آ رہا ہے میں اسے سمجھ رہا ہوں۔ تجھے جاننا چاہئے کہ ہر حکم کا ایک سبب ہے۔ جب حق تعالیٰ چاہتا ہے کہ کسی حاجت زادہ کو تاج کرامت سے نوازیں تو اسے توبہ کی توفیق عطا فرما دیتا ہے اور اسے اپنے کسی دوست کی خدمت میں مشغول کر دیتا ہے تاکہ یہ خدمت اس کیلئے سبب کرامت ہو جائے۔[1]

## متن در ابتداء و در توسط مطلوب را بے آئینۂ پیر نمی توان دید و در انتہا بے توسطِ آئینہ پیر جمالِ مطلوب جلوہ گری گردد و وصلِ عریاں حاصل می شود

**ترجمہ:** طالب ابتداء اور درمیان میں مطلوب حقیقی کو آئینہ پیر کے بغیر نہیں دیکھ سکتا جبکہ انتہا میں آئینہ پیر کے بغیر جمالِ مطلوب جلوہ گر ہو جاتا ہے اور طالب کو وصل عریاں حاصل ہو جاتا ہے۔

---

[1] کشف المحجوب فارسی :۱۷۳

Marfat.com

# شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ایک سوال کا جواب مرحمت فرما رہے ہیں دراصل جب کوئی سالک کسی شیخ کامل مکمل کے زیرِ نگرانی سلوک طے کرنا شروع کرتا ہے تو اسے ابتدائی اور درمیانی مدارج میں ہر ہر قدم پر شیخ کی توجہات و تصرفات ودعوات کی ضرورت پڑتی ہے کیونکہ شیخ کے ساتھ وفاداری بشرط استواری اور عشق ومحبت جس قدر زیادہ ہوگی اتنا ہی رابطہ شیخ میں زیادہ استحکام اور رسوخ پیدا ہوتا ہے جو راہ سلوک کی پہلی سیڑھی ہے جس کے بعد فنافی الرسول اور فنافی اللہ وغیرہا منازل ومقامات آتے ہیں البتہ جب سالک منتہائے قرب کو پہنچ جاتا ہے تو شیخ اسے حق تعالیٰ کے حوالے کر دیتا ہے اور خود دیگر سالکین کی رہنمائی ورسائی میں مصروف ومشغول ہو جاتا ہے۔

چونکہ مرید وسالک کے لئے حق تعالیٰ کے فضل وفتوحات کا باب اول اور قرب وعنایات کا مصدر اس کا شیخ ہی ہوتا ہے اس لئے شیخ کے متعلق سوقیانہ الفاظ اور عامیانہ انداز میں کلام بہت بڑی جسارت اور بے باکی ہوتا ہے، جو سالک کیلئے رجعت قہقہری کا باعث اور روحانی موت کا پیش خیمہ ثابت ہوتا ہے بلکہ شیخ کے متعلق تو سوء ظن بھی سالک کیلئے حرماں نصیبی کا موجب ہوتا ہے اس لئے اس قسم کے کلمات وگفتگو سے سالک کو اجتناب کرنا چاہئے اور اپنے شیخ سے معذرت طلبی اور توبہ واستغفار سے اس کی تلافی وتدارک کرنا چاہئے۔ البتہ حالت سکر میں اگر سالک سے خلاف ادب حرکات وسکنات کا ارتکاب اور توہین آمیز کلمات کا صدور ہو جائے تو بے اختیار ہونے کی بناء پر اسے معذور جاننا چاہئے لیکن حالت صحو اور ہوش میں آنے کے بعد اس پر توبہ واستغفار کرنا لازم ہوتا ہے۔

Marfat.com

# دفترِ اول مکتوب ۱۷

مکتوب الیہ

## حضرت شیخ نور محمد بہاری رحمۃ اللہ علیہ

### موضوعات

دین خیر خواہی کا نام ہے

درویشی، خدمتِ خلق کا نام ہے

حقوق العباد کی ادائیگی کے بغیر روحانی ارتقاء ممکن نہیں

Marfat.com

# مکتوب ۔ ۱۷۰

**متن** برادرِ ارشد آدمی را ہم چنانکہ از امتثالِ او امرِ حق جلّ وعلا وانتہا از نواہی چارہ نیست از مُراعاتِ اداءِ حقوقِ خلق ومُواسات باایشاں نیز چارہ نہ اَلتَّعظِیمُ لِاَمرِ اللهِ وَالشَّفقَةُ عَلیٰ خَلقِ اللهِ بیانِ اداءِ این دوحقوق می فرماید

**ترجمہ:** سعادت مند بھائی! آدمی کو جس طرح حق جل وعلا کے اوامر کی فرمانبرداری اورنواہی سے اجتناب کے بغیر چارہ نہیں ہے اسی طرح مخلوق کے حقوق کی رعایت اور انکے ساتھ ہمدردی کے بغیر بھی چارہ نہیں ہے۔ اللہ کے حکم کی تعظیم اور اسکی مخلوق پر شفقت ان دونوں حقوق کی ادائیگی کے بیان میں فرمائی گئی ہے۔

## شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز اوامر کے امتثال اور نواہی سے اجتناب کے علاوہ حقوق العباد کی رعایت اور مخلوق خدا کے ساتھ ہمدردی ومواسات کا تذکرہ فرمارہے ہیں۔ دراصل حقوق اللہ اور حقوق العباد کو بطریق احسن

Marfat.com

ادا کرنا دین ہے اور دین اللہ تعالیٰ، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، آئمہ امت اور عامۃ المسلمین کے ساتھ خیر خواہی اور نصیحت کو کہا جاتا ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات اَلدِّیْنُ النَّصِیْحَۃُ قُلْنَا لِمَنْ قَالَ لِلّٰہِ وَلِرَسُوْلِہٖ وَلِاَئِمَّۃِ الْمُسْلِمِیْنَ وَعَامَّتِھِمْ [۱] سے واضح ہے۔ اس سلسلہ میں جلیل القدر صحابی یوسف الأمہ حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کا ایک سبق آموز واقعہ ہدیہ قارئین ہے۔

ایک مرتبہ آپ کا غلام ایک نہایت خوبصورت، اصیل اور قیمتی گھوڑا صرف تین سو درہم میں خرید لایا۔ ہوسکتا ہے مالک کو ضرورت ہو اور اس نے مجبوراً سستے داموں بیچ دیا ہو۔ غلام نہایت خوش تھا کہ آپ اس نفع بخش سودے سے خوش ہونگے مگر جب آپ نے گھوڑے کی خوبصورتی اور قد کاٹھ کے ساتھ اسکی مالیت کا اندازہ لگایا تو خوش ہونے کی بجائے پریشان ہوگئے اور گھوڑے کے مالک کے گھر تشریف لے گئے اور اسے پانچ سو درہم مزید عطا فرمائے اور ارشاد فرمایا...... تیرا گھوڑا کسی طرح بھی آٹھ سو درہم سے کم قیمت کا نہیں ہے...... اس لئے میں اسے تین سو درہم میں ہرگز نہیں خریدوں گا اور تیری مجبوری سے ناجائز فائدہ نہیں اٹھاؤں گا کیونکہ یہ تقاضائے خیر خواہی کے خلاف ہے۔

جب آپ سے اس کی وجہ دریافت کی گئی تو آپ نے جواباً ارشاد فرمایا:

بَایَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی اِقَامِ الصَّلٰوۃِ وَاِیْتَاءِ الزَّکٰوۃِ وَالنُّصْحِ لِکُلِّ مُسْلِمٍ [۲] یعنی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دست حق پرست پر اس بات کی بیعت کی تھی کہ نماز قائم کروں گا، زکوٰۃ دوں گا اور ہر مسلمان کے ساتھ خیر خواہی کروں گا۔

---

[۱] صحیح مسلم، رقم الحدیث: ۸۲ [۲] صحیح البخاری، رقم الحدیث: ۵۵

Marfat.com

## بینہ نمبر ۱

واضح رہے کہ جب سالک کے لطائف کا تصفیہ اور نفس کا تزکیہ ہو جاتا ہے تو وہ ہر قسم کے حرص و ہوس، نفسانی خواہشات اور ذاتی مفادات سے پاک ہو جاتا ہے۔ البتہ جب کوئی شیخ ناقص، کسی مرید کے ہاں اپنی مطلب برآری اور حصول دولت کے لئے جاتا ہے تو اس پر اللہ تعالیٰ کی معرفت حرام ہو جاتی ہے۔ اس لئے مخلوق خدا سے الفت و محبت، بے لوث اور بے غرض ہونی چاہئے اور ان پر شفقت و رحمت مخلوق خدا اور امت مصطفیٰ علیٰ صاحبہا الصلوات سمجھ کر کرنا چاہئے تاکہ حق تعالیٰ کی رضا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشنودی نصیب ہو سکے۔

## بینہ نمبر ۲

یہ امر بھی ذہن نشین رہے کہ فقیری جبہ و دستار، عمامہ و سجادہ، عبادت و ریاضت عیش و عشرت اور جلب منفعت کا نام نہیں بلکہ درویشی، صبر و سخاوت اور ضیافت و خدمت کو کہا جاتا ہے۔ حضرت سیدنا داؤد علیہ السلام کو بذریعہ وحی خدمت خلق کا حکم ہوا تھا جیسا کہ یَا دَاوُدُ اِذَا رَأَیتَ لِیْ طَالِبًا فَکُنْ لَهٗ خَادِمًا سے عیاں ہے۔
حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے اس مفہوم کو یوں بیان فرمایا:

طریقت بجز خدمت خلق نیست
بہ تسبیح و سجادہ و دلق نیست

یہی وجہ ہے کہ اہل اللہ کے آستانوں پر زائرین کیلئے بالعموم اور علماء و طلباء اور سالکین جادۂ طریقت کیلئے بالخصوص لنگر خانے سے طعام و قیام کا اہتمام ہوتا ہے تاکہ خدمت خلق کے ساتھ ساتھ شریعت و طریقت کی خدمت کا فریضہ بھی ادا ہوتا رہے۔

Marfat.com

## بینہ نمبر ۳:

واضح رہے کہ جو سالک حقوق اللہ کے ساتھ حقوق العباد کو ملحوظ خاطر نہیں رکھتا، وہ عروجی منازل اور روحانی مدارج کو حاصل نہیں کرسکتا۔ حقوق العباد ادا نہ کرنے سے مخلوق خدا کی دل آزاری ہوتی ہے اور لوگوں کی بددعاؤں کا باعث اور قلبی قساوت کا موجب ہوتی ہے..... نفسانی ظلمتیں اور بشری کدورتیں ظاہر و باطن کو زنگ آلود کر دیتی ہیں..... گناہوں کی نجاست، نفس کی مجاورت، معاصی کا ارتکاب اور حقوق العباد سے فرار وانکار، روحانی پرواز میں حائل وحاجب ہوتے ہیں بلکہ نوبت بانیجا رسید آیہ کریمہ اُولٰٓئِکَ کَالْاَنْعَامِ بَلْ ھُمْ اَضَلُّ [1] کے مصداق وہ جانوروں سے بھی بدتر ہوجاتا ہے اَلْعِیَاذُ بِاللّٰہِ سُبْحَانَہٗ

## بینہ نمبر ۴:

حقوق اللہ اور حقوق العباد کے سلسلے میں بندۂ مؤمن کو روزانہ اپنا محاسبہ کرنا چاہئے۔ اگر جملہ حقوق اور جمیع معاملات شریعت مطہرہ اور سنن نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات کے مطابق درست ہوں تو اللہ تعالیٰ کا شکر بجالانا چاہئے ورنہ اس کی ادائیگی وقضا اور معافی کی فکر کرنا چاہئے جیسا کہ حَاسِبُوْا اَنْفُسَکُمْ قَبْلَ اَنْ تُحَاسَبُوْا [2] سے عیاں ہے۔

---

[1] الاعراف ۷:۱۷۹ [2] سنن الترمذی رقم الحدیث: ۲۳۸۳

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۷۱

مکتوب الیہ

## حضرت ملا طاہر بدخشی رحمۃ اللہ علیہ

موضوعات

سالکین کو فتنۂ ہجومِ خلق سے بچنا چاہیے
سالکین کے لئے فکر انگیز ارشادات نبویہ
احوال وکمالات لائقِ ناز نہیں ہوتے

Marfat.com

# مکتوب -۱۷۱

**متن** رؤیتِ عیوب ومشاہدہ استیلاءِ ذنوب وخوف انتقامِ علام الغیوب وقلیل پنداشتن حسناتِ خود را اگرچہ بسیار باشد وکثیر انگاشتن سیئاتِ خود را اگرچہ اندک باشد وترساں ولرزاں بودن از شہرتِ وقبولِ خلق قَالَ علیہ الصلوٰۃ والسلام بِحَسْبِ امْرِءٍ مِنَ الشَّرِّ اَنْ یُّشَارَ اِلَیْہِ بِالْاَصَابِعِ فِیْ دِیْنٍ اَوْ دُنْیَا اِلَّا مَنْ عَصَمَہُ اللّٰہُ

**ترجمہ:** اپنے عیبوں کو مدنظر رکھنا، اپنے گناہوں کے غلبہ کا مشاہدہ کر کے غیبوں کے جاننے والے حق تعالیٰ کے انتقام کا خوف رہنا، اپنی نیکیوں کو قلیل جاننا اگرچہ بسیار ہوں، اپنے گناہوں کو کثیر جاننا اگرچہ کم ہوں، مخلوق میں مقبولیت وشہرت سے لرزاں وترساں رہنا، آدمی کی برائی کیلئے اتنا ہی کافی ہے کہ دین اور دنیا میں انگلیوں سے اس کی طرف اشارہ کیا جائے مگر جسے اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے۔

Marfat.com

# شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ نے نصیحت آموز اور فکر انگیز انمول اسباق و پند و نصائح بیان فرمائے ہیں جو مشائخ روحانیت اور سالکین طریقت کیلئے حرزِ جان اور وظیفہٗ ایمان ہیں۔

درحقیقت تخلیق انسانی کا مقصد حق تعالیٰ کی عبادت و معرفت کا حصول ہے جو دائمی عجز و نیازمندی اور مسکینی و درماندگی کے ساتھ احکام شرعیہ اور سنن نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات کو نہایت اخلاص و للّٰہیت کے ساتھ بجالانا ہے، ان کے بغیر منزل مقصود کا حصول ممکن نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ سالکین طریقت تکبر و نخوت اور تعلّی و تفوّق سے نفرت کرتے ہیں۔ وہ مسندوں اور مصلّوں کیلئے حیلے بہانے تلاش نہیں کرتے اور اگر انہیں کسی مصلحت و حکمت کے تحت مسند مشیخیت پر بٹھا دیا جائے تو بامر مجبوری اس لئے قبول کرتے ہیں تاکہ حکم کی تعمیل کے ضمن میں لوگوں کی رشد و ہدایت اور تعلیم و دعوت کا کام سرانجام دے سکیں...... لیکن بایں ہمہ شہرت و پذیرائی اور فتنۂ ہجوم خلق سے ہمیشہ لرزاں و ترساں بھی رہتے ہیں...... ذاتی مفادات اور نفسانی خواہشات سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے آہ و زاری اور اپنی نیتوں کو صحیح کرنے میں کوشاں رہتے ہیں کیونکہ حق تعالیٰ کے ہاں دین خالص ہی منظور اور اخلاص نیت ہی مقبول و محبوب ہے جیسا کہ آیہ کریمہ اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ [1] اور ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصًا دَخَلَ الْجَنَّةَ [2] سے عیاں ہے۔

ترویج شریعت، احیائے سنت اور تائید ملت کا فریضہ سرانجام دینے والوں کے لئے درج ذیل ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات خضرِ راہ ہے، ملاحظہ ہو

---

[1] الزمر ۳۹:۳ [2] المعجم الکبیر للطبرانی، رقم الحدیث: ۴۹۳۴

Marfat.com

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

اَمَرَنِیْ رَبِّیْ بِتِسْعٍ اَلْاِخْلَاصُ فِی السِّرِّ وَالْعَلَانِیَّةِ وَالْعَدْلُ فِی الرِّضَا وَالْغَضَبِ وَالْقَصْدُ فِی الْغِنٰی وَالْفَقْرِ وَاَنْ اَعْفُوَ عَمَّنْ ظَلَمَنِیْ وَ اَصِلُ مَنْ قَطَعَنِیْ وَاَعْطِیْ مَنْ حَرَمَنِیْ وَاَنْ یَّکُوْنَ نُطْقِیْ ذِکْرًا وَصَمْتِیْ فِکْرًا وَنَظْرِیْ عِبْرَةً[1] یعنی میرے رب تعالیٰ نے مجھے نو باتوں کا حکم فرمایا ہے ۱......میں باطن وظاہر میں اخلاص کو اپنا شعار بناؤں ۲......رضا وغضب میں عدل کروں ۳......غنا وفقر میں میانہ روی اختیار کروں ۴......جو شخص مجھ پر ظلم کرے اسے معاف کردوں ۵......جو مجھ سے قطع تعلق کرے اس سے صلہ رحمی کروں ۶......اسے عطا کروں جو مجھے محروم کرے ۷......میں ذکر الٰہی میں رطب اللسان رہوں ۸......حالت خاموشی میں اس کی آیتوں میں غور وفکر کروں ۹......میں دیدۂ عبرت سے دیکھوں۔

**متن** وعدم اعتناء باحوال ومواجید خود اگرچہ صحیح ومطابق باشد اعتماد نباید کرد و مستحسن نباید پنداشت مجرد تائید دین وتقویت ملت را وترویج شریعت ودعوت خلق را بحق جلّ وعلا چہ ایں قسم تائید گاہ ہست کہ از کافر و فاجر ہم آید

---

[1] القرطبی جزء: ۷/۳۴۶

Marfat.com

ترجمہ: اپنے احوال ومواجید پر توجہ نہ دینا چاہئے اگر چہ وہ صحیح اور مطابق شریعت ہی کیوں نہ ہوں اور نہ ہی ان پر اعتماد کرنا اور مستحسن جاننا چاہئے، محض دین کی تائید، تقویتِ ملت، ترویجِ شریعت اور حق جل وعلا کی طرف مخلوق کو دعوت دینے پر اعتماد نہیں کرنا چاہئے اور انہیں مستحسن نہیں سمجھنا چاہئے کیونکہ اس قسم کی تائید کبھی کافر وفاجر سے بھی ہو جاتی ہے۔

# شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی وضاحت فرمارہے ہیں کہ سالکین طریقت کو ہمیشہ اپنے کرامات وکمالات اور احوال ومواجید کو ملحوظ خاطر رکھنے کی بجائے اپنے عیوب ونقائص اور گناہوں کو ہمہ وقت پیش نظر رکھنا چاہیے تا کہ حق تعالیٰ کے حضور باز پرس اور جواب دہی کا تصور غالب رہے۔ احکام شرعیہ اور اعمال حسنہ پر نازاں وفرحاں نہیں ہونا چاہیے کیونکہ قابل اعتبار اور لائق اعتماد وہی افعال واعمال ہیں جن پر بندۂ مؤمن کو استقامت نصیب ہو جائے۔ مشائخ طریقت فرماتے ہیں استقامت ہزار کرامت سے بہتر ہے۔

ما برائے استقامت آمدیم
نے برائے کرامت آمدیم

کیونکہ دین اسلام کی تائید وتقویت اور سنت وشریعت کی احیاء واشاعت کے جو امور حسنہ استقامت سے محروم ہوں، کفار وفجار وفساق سے بھی لے لئے جاتے ہیں جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات اِنَّ اللّٰہَ لَیُؤَیِّدُ ھٰذَا الدِّیْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ[1] سے عیاں ہے۔

---

[1] صحیح البخاری، رقم الحدیث: ۲۸۳۴

Marfat.com

# متن طمعے درمالِ مرید وتوقع درمنافع دنیوی او پیدانشود که مانعِ رُشد مرید است وباعثِ خرابی پیرچه آنجا ہمه دینِ خالص می طلبند اَلَا لِلّٰہِ الدِّیْنُ الْخَالِصُ

ترجمہ: مرید کے مال میں طمع اور اس سے دنیوی منفعتوں کی امید پیدا نہ ہو کیونکہ یہ مرید کی ہدایت اور پیر کی خرابی کا باعث ہے کیونکہ حق تعالیٰ کے ہاں دین خالص کا مطالبہ کرتے ہیں خبردار اللہ تعالیٰ کے لئے دین خالص ہی ہے۔

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز مشائخ طریقت کی تربیت کیلئے ایسے زریں اصول بیان فرمارہے ہیں جن پر عمل پیرا ہو کر وہ حرص و ہوس کی لعنتوں سے نجات اور قرب ووصل کی لذتوں سے سرشار ہو سکتے ہیں اور متوسلین کے قلوب ونفوس کا تصفیہ وتزکیہ بھی کر سکتے ہیں جبکہ گندم نما، جوفروش پیراور ملنگ لباس خضر میں سادہ لوح شائقین طریقت سے ہمہ وقت نذرانے بٹورنے اور خدمت لینے کے چکروں میں غلطاں وسرگرداں رہتے ہیں۔ یہی وہ ننگ طریقت لوگ ہیں جن کے سینے نور معرفت سے محروم اور قلوب حضور وسرور سے یکسر خالی ہیں، جو تصوف کے پاکیزہ وشفاف چشمہ کو مکدر وبدنام کررہے ہیں۔ علامہ اقبال نے انہی لوگوں کے متعلق کہا تھا

یہی شیخ حرم ہے جو چرا کر بیچ کھاتا ہے
گلیمِ بوذر و دلقِ اویس و چادرِ زہراء

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۷۲

مکتوب الیہ

حضرت شیخ بدیع الدین سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

صورتِ شریعت ......... حقیقتِ شریعت

صورت شریعت کا منتہائے عروج ممکنات ہیں

صفتِ حیات کا اجمالی تذکرہ ، اعیانِ ثابتہ ظلالِ صفات ہیں

Marfat.com

# مکتوب ۔ ۱۷۲

**متن** معلوم اخوی اعزّی باد کہ شریعت را صورتی است وحقیقتی صورتش آنست کہ علمائے ظواہر بہ بیانِ آن متکفل اند وحقیقتش آنکہ صوفیۂ علیّہ بآن ممتاز اند نہایتِ عروج صورتِ شریعت تا نہایتِ سلسلۂ ممکنات است بعدازاں اگر در مراتبِ وجوب سَیر واقع شود صورت باحقیقت ممتزج خواہد بود ........ الخ

**ترجمہ:** میرے عزیز بھائی کو معلوم ہو کہ شریعت کی ایک صورت ہے اور ایک حقیقت ۔ اس کی صورت وہ ہے کہ علمائے ظواہر جس کے بیان کے کفیل ہیں اور اس کی حقیقت وہ ہے کہ صوفیۂ علیہ جس سے ممتاز ہیں ۔ صورت شریعت کی نہایت عروج سلسلہ ممکنات کی نہایت تک ہے اس کے بعد اگر مراتب وجوب میں سیر واقع ہو تو صورت، حقیقت کے ساتھ ممتزج ہو جائے گی......

Marfat.com

# شرح

زیرِ نظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز شریعت وطریقت وحقیقت کے وہ بعض علوم ومعارف اور رموز واسرار بیان فرما رہے ہیں جن سے خال خال اور اقل قلیل عرفائے کاملین کو آگاہی بخشی گئی ہے۔ دراصل حق تعالیٰ کا اپنے بندوں کیلئے دنیوی رشد وہدایت اور اخروی فلاح ونجات کیلئے بیان فرمودہ جادۂ مستقیم کو شریعت کہا جاتا ہے۔ شریعت کی دو قسمیں ہیں

صورتِ شریعت اور حقیقتِ شریعت

قضایائے شرعیہ کی تصدیق کو صورتِ شریعت سے تعبیر کرتے ہیں جبکہ مصداقات قضایائے شرعیہ کے رؤیت وشہود کو حقیقتِ شریعت کہا جاتا ہے...... بالفاظ دیگر صورتِ شریعت، قرآن مجید اور احادیث نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات کو کہتے ہیں۔ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا کلام ہے جو شان العلم اور صفت العلم کا مظہر ہے اور شان العلم اور صفت العلم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مبداء تعین بھی ہے۔ یوں باہمی مناسبت کی بنا پر قرآن وحدیث بصورت وحی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب اطہر پر نازل کیے گئے جیسا کہ آیات کریمہ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ [1] اور بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ [2] سے مفہوم ہوتا ہے...... جبکہ حقیقت شریعت، شان الکلام وشان العلم اور صفت الکلام وصفت العلم ہے۔ صورت شریعت کی تعلیم وتبلیغ اور افہام وتفہیم کی ذمہ داری علمائے کرام پر عائد کی گئی ہے جبکہ حقیقت شریعت کی دعوت وشہود ورؤیت کے کفیل عرفائے کاملین ہیں۔

صورتِ شریعت کا منتہائے عروج، ممکنات ہے۔ جب دائرہ امکان سے

---

[1] البقرہ ۲:۹۷ [2] البقرہ ۲:۴

Marfat.com

آگے مراتب وجوب میں سیر واقع ہو تو صورت، حقیقت کے ساتھ ممتزج ہو جاتی ہے اور صورت وحقیقت کا یہ امتزاج شان العلم تک عروج پر منتہی ہو جاتا ہے جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مبداء تعین ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم صورتِ شریعت کے مصدر اکمل اور حقیقتِ شریعت کے مظہر اتم ہیں (وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ)

**متن** بعد ازاں اگر ترقی واقع شود صورت وحقیقت ہر دو وداع خواہند نمود و معاملۂ عارف بشان الحیٰوۃ خواہد افتاد و این شانِ عظیم الشان را با عالم ہیچ مناسبتی نیست از شیونات حقیقیہ است کہ گردِ اضافت بآن نرسیدہ است تا تعلقی بعالم پیدا کند

**ترجمہ:** اس کے بعد اگر ترقی واقع ہو تو صورت وحقیقت دونوں رخصت ہو جائیں گے اور عارف کا معاملہ شان الحیات سے پڑے گا اور اس عظیم الشان کی شان کو عالم کے ساتھ کوئی مناسبت نہیں ہے بلکہ یہ شیونات حقیقیہ میں سے ہے کہ اسے اضافت کی گرد نہیں پہنچی تا کہ وہ عالم دنیا کے ساتھ کوئی تعلق پیدا کرے۔

## شرح

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ دوران سلوک جب سالک، دائرہ امکان اور شان العلم سے آگے شان الحیات تک رسائی حاصل کر لیتا

Marfat.com

ہے تو شریعت کی صورت و حقیقت دونوں رخصت ہو جاتی ہیں۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں شان الحیات اور صفت الحیات کا اجمالی تذکرہ کر دیا جائے تا کہ فہم مکتوب میں سہولت رہے۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق

## صفت حیات کا اجمالی تذکرہ

علمائے متکلمین اہلسنت کے نزدیک صفت حیات، صفات ذاتیہ حقیقیہ میں سے ہے جو جملہ صفات کی امام و اصل اور ان سے اعلیٰ و اسبق ہے۔ بقول شاعر

از صفاتش یکی حیات آمد
کہ امام ہمہ صفات آمد
او بخود زندہ است پائندہ
زندگان دیگر باو زندہ

لفظ حیات سے حیّ ماخوذ ہے اور حق تعالیٰ حیّ مطلق ہے کہ اسکی حیات، مخلوق کی حیات کی مانند نہیں ہے بلکہ وہ تعالیٰ اول بلا ابتداء اور آخر بلا انتہاء ہے اور حیّ کا معنی زندہ و پائندہ، دائم البقاء اور دیگر مخلوقات کو زندہ رکھنے والا ہے جیسا کہ آیات کریمہ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ[1] اور وَیَبْقٰی وَجْہُ رَبِّکَ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ[2] سے واضح ہے۔

۞ حضرت علامہ دوسی رحمۃ اللہ علیہ قصیدہ بدأالامالی میں یوں ارقام پذیر ہیں

ھُوَ الْحَیُّ الْمُدَبِّرُ کُلِّ اَمْرٍ
ھُوَ الْحَقُّ الْمُقَدِّرُ ذُوالْجَلَالِ

---

[1] البقرہ ۲: ۲۵۵ [2] الرحمان ۵۵: ۲۷

Marfat.com

یعنی وہ تعالیٰ حیّ ہے اور ہر امر کی تدبیر فرمانے والا ہے، وہ حق تعالیٰ ہے صاحب جلال اور جملہ امور کی تقدیر کرنے والا ہے۔

حضرت علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ صفۃ الحیٰوۃ کے متعلق یوں رقمطراز ہیں

اَلْحَیٰوۃُ ھِیَ صِفَۃٌ اَزَلِیَّۃٌ تُوْجِبُ صِحَۃَ الْعِلْمِ یعنی حیات، ازلی صفت ہے جو علم وغیرہا صفات کے وجود کے صحیح ہونے کی موجب ہے۔

شان الحیات، شان العلم سے بلند تر ہے۔ صفت علم اپنی جامعیت کے باوجود صفتِ حیات کے تابع ہے۔ شیون وصفات کا دائرہ صفت حیات پر ختم ہوجاتا ہے اور مقصود کا دروازہ اور مطلوب کا پیش خیمہ یہی صفت حیات ہے۔ حریم حیات میں سیر نظری کرنے والے سالکین اقل ہیں اور حریم حیات میں سیر قدمی سے مشرف ہونے والے عارفین اقل قلیل ہیں۔

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ شان الحیات ایسی عظیم الشان، شان ہے کہ دیگر شیون وصفات اسکے پہلو میں ایسے نسبت رکھتے ہیں جیسے چھوٹی نہر کو دریائے محیط کے ساتھ نسبت ہوتی ہے۔ شیخ ابن العربی قدس سرہٗ العزیز آنجا کلیہ دارد کہ دران اقامت ورزیدہ است[1]

صفت حیات، حقیقت محض ہونے کی بنا پر عالم کے ساتھ کوئی تعلق نہیں رکھتی بلکہ وہ ہر قسم کی نسبت واضافت کے امتزاج وگردوبو سے پاک ہے۔

## بینہ نمبر ۱:

واضح رہے کہ حق تعالیٰ خود بذاتِ اقدس کافی ہے، وہ تعالیٰ کمالاتِ ثمانیہ کے حصول میں صفات ثمانیہ کا محتاج نہیں بلکہ وہ بذات خود زندہ ہے نہ کہ اپنی صفتِ

---

[1] مکتوبات شریف دفتر سوم مکتوب: ۷۳

Marfat.com

حیات کے ساتھ...... بذات خود دانا ہے نہ کہ صفت علم کے ساتھ...... الخ

### بینہ نمبر ۲:

یہ امر بھی ذہن نشین رہے کہ صفات اور شیونات کے درمیان بہت باریک فرق ہے جو محمدی المشرب اولیاء کے علاوہ کسی پر ظاہر نہیں ہوا۔ اللہ تعالیٰ کی شیونات اس کی ذات کی فرع ہیں اور اسکی صفات ان شیونات پر ہی متفرع ہیں۔ معلوم ہوا شیونات اور چیز ہیں اور صفات اور چیز۔ شیونات خارج میں عین ذات ہیں جبکہ صفات خارج میں زائد بر ذات ہیں۔ مقام شیون مواجۂ ذات ہے جبکہ مقام صفات ایسا نہیں ہے۔[1]

### بینہ نمبر ۳:

یہ امر بھی مستحضر رہے کہ اعیان ثابتہ، صفات کے ظلال ہیں اور ممکنات، اعیان ثابتہ کے ظلال ہیں یعنی مبدأ فیاض سے وجود اور اس کے توابع کا فیضان ممکنات تک اعیان ثابتہ کی وساطت سے ہوتا ہے جس طرح شیشے کے اندر چراغ کا نور دوسری اشیاء تک شیشے کے واسطے سے پہنچتا ہے آیہ کریمہ مَثَلُ نُورِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ[2] اسی کی طرف مشیر ہے۔

### بینہ نمبر ۴:

بیہقی وقت حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی قدس سرہٗ العزیز رقمطراز ہیں کہ صفات اور ممکنات کے درمیان اعیان ثابتہ کا واسطہ عالم دنیا تک ہی محدود ہے۔ عالم آخرت میں صفات سے ممکنات کی طرف وجود اور اس کے توابع کا فیضان اعیان

---

[1] مزید تفصیلات کیلئے ملاحظہ ہو البینات شرح مکتوبات جلد اول مکتوب: ۴ [2] النور ۲۴: ۳۵

Marfat.com

ثابتہ کے بغیر ہی ہوگا، یہی وجہ ہے کہ عالم دنیا میں ممکنات پر فنا طاری ہو جاتی ہے جبکہ اخروی عالم میں ممکنات فنا سے محفوظ ہونگے۔[1]

## بینہ نمبر ۵:

واضح رہے کہ معرفت توحید بنیادی فرض ہے جس کے فیضان سے اکثر اہل علم محروم ہوتے ہیں جو بے جا بحث و تمحیص اور مباحثوں و مجادلوں میں حیات مستعار کو ضائع کر دیتے ہیں۔

ع معجزۂ اہلِ فکر فلسفۂ پیچ پیچ

بندۂ مؤمن جس قدر شراب توحید کا متوالا ہوتا ہے اسی قدر فکر دو عالم سے آزاد ہوتا جاتا ہے اور متاع زیست کو راہ حق میں نثار کر دیتا ہے اور آیۃ کریمہ اِنَّ اللّٰہَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ....... بِاَنَّ لَھُمُ الْجَنَّۃَ[2] کی عملی تفسیر ثابت ہوتا ہے۔ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا اِیَّاھَا

## بینہ نمبر ۶:

یہ امر بھی ذہن نشین رہے کہ جس شیخ کی خدمت و صحبت میں مال و دولت کی ہوس پیدا ہو، اس کی صحبت صوفیاء کے لئے زہر قاتل ہے، اس کی مجلس میں آمد و رفت سے کنارہ کشی کرنا چاہئے۔ البتہ جس شیخ کی صحبت سے سالکین کے قلوب، اغیار کی محبت سے آزاد اور بے زار ہوں اور وہ نفی اثبات کا طریقہ سکھا کر توحید کو قلوب میں اتار دے...... وہی سالکین کے لئے موحد زماں، قطب دوراں اور امام برحق ہوتا ہے۔

---

[1] تفسیر مظہری سورۃ الملک [2] التوبہ ۹:۱۱۱

Marfat.com

بقول اقبال مرحوم

تو نے پوچھی ہے امامت کی حقیقت مجھ سے
حق تجھے میری طرح صاحب اسرار کرے
ہے وہی تیرے زمانے کا امام بر حق
جو تجھے حاضر و موجود سے بے زار کرے

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۷۳

مکتوب الیہ

حضرت میر محمد نعمان بدخشی رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

ذاتِ احدیّتِ مجردہ ہی مطلوبِ حقیقی ہے

توحید کا لغوی و اصطلاحی معنیٰ

رؤیتِ باری کے متعلق حضرت امام ربانی کا مؤقف

Marfat.com

# مکتوب ۔۱۷۳

**متن** بدانکہ کلمہ طیبہ لاالہ الا اللہ را دو مقام است نفی و اثبات و ہر کدام نفی و اثبات را دو اعتبار اعتبار اول آنکہ نفی استحقاق عبادت الٰہۂ باطلہ کردہ شود و اثبات استحقاق عبادت معبود بحق نمودہ آید و اعتبار ثانی آنکہ نفی متعلق شود بمقصوداتِ غیر مقصودہ و متعلّقاتِ غیر مطلوبہ و متعلقِ اثبات جز مطلوب حقیقی نباشد و ورائے مقصود اصلی نبود .......

**ترجمہ:** جان لیجیے کہ کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ کے دو مقام ہیں نفی اور اثبات اور نفی و اثبات میں ہر ایک کے دو اعتبار ہیں۔ اعتبار اول یہ کہ معبودان باطلہ کے استحقاق عبادت کی نفی کی جائے اور معبود برحق کے استحقاق عبادت کا اثبات کیا جائے...... اور اعتبار ثانی یہ کہ مقصودات غیر مقصودہ اور متعلقات غیر مطلوبہ کے متعلق کی نفی کی جائے اور سوائے مطلوب حقیقی کے کسی متعلق کا اثبات نہ ہو اور نہ ہی کوئی مقصود اصلی

Marfat.com

ہو۔

# شرح

زیر نظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز توحید خالص کی تحصیل کا تذکرہ فرما رہے ہیں کہ جب کوئی سالک شیخ طریقت کے تلقین فرمودہ طریقہ کے مطابق نفی اثبات کا تکرار کرتا ہے تو اسے معبودان باطلہ کے ساتھ ساتھ مقصوداتِ غیر مقصودہ اور متعلقات غیر مطلوبہ (محدثات وممکنات) کو بھی لائے نفی کے تحت لانا چاہئے تا کہ لامعبود الااللہ کا مفہوم ومعنی اس پر آشکار ہو جائے۔ یونہی جانب اثبات الااللہ کے تکرار کے دوران جملہ اسماء وصفات سے ماوراء ذات احدیت مجردہ (مطلوب حقیقی) کو تلاش کرنا چاہئے تا کہ اسے ماسوا کی گرفتاری سے نجات وچھٹکارا میسر ہو سکے اور لامقصود الااللہ کا مفہوم اس پر عیاں ہو جائے۔ اقبال مرحوم نے خوب کہا

مرد مؤمن در نسازد با صفات
مصطفٰے راضی نشد الّا بذات

۞......محدث کبیر حضرت علامہ ملا علی قاری قدس سرہُ الساری اس کے متعلق یوں ارقام پذیر ہیں:

لَا اِلٰهَ مَعْبُوْدٌ بِالْحَقِّ فِی الْوُجُوْدِ اِلَّا اللّٰهُ وَلِكَوْنِ الْجَلَالَةِ اِسْمًا لِلذَّاتِ الْمُسْتَجْمِعِ لِكَمَالِ الصِّفَاتِ وَعَلَمًا لِلْمَعْبُوْدِ بِالْحَقِّ قِيْلَ لَوْ بُدِّلَ بِالرَّحْمٰنِ لَا يَصِحُّ بِهِ التَّوْحِيْدُ الْمُطْلَقُ یعنی وجود ہستی میں ماسوائے اللہ کے کوئی الٰہ، معبود برحق نہیں کیونکہ اسم اللہ، ذات مستجمع، صفات کمال کا اسم اور معبود برحق

Marfat.com

کا علم ہے۔ اگر اس کی جگہ الرحمٰن لایا جائے تو اس سے توحید مطلق صحیح نہ ہوگی۔

ثُمَّ قِيلَ اَلتَّوْحِيدُ هُوَ الْحُكْمُ بِوَحْدَانِيَّةٍ مَنْعُوتًا بِالتَّنَزُّهِ عَمَّا يُشَابِهُ اِعْتِقَادًا فَقَوْلًا وَعَمَلًا فَيَقِينًا وَعِرْفَانًا فَمُشَاهَدَةً وَعَيَانًا فَثُبُوتًا وَدَوَامًا [1]

پھر کہا گیا ہے کہ توحید (کا لغوی معنی) کسی شیٔ کی وحدانیت کا حکم کرنا ہے اور اصطلاحاً توحید، اللہ تعالیٰ کو اس کی وحدانیت کے ساتھ مشابہ سے اعتقاداً پھر قولاً اور عملاً پھر یقیناً و عرفاناً پھر مشاہدۃً وعیاناً پھر ثبوتاً و دواماً منزہ ثابت کرنا ہے۔

۞.....خواجہء بزرگ حضرت شاہ نقشبند بخاری قدس سرہٗ الساری نے ارشاد فرمایا:

ہر چہ دیدہ شد و شنیدہ شد و دانستہ شد آن ہمہ غیر است [2] یعنی جو کچھ دیکھا گیا جو کچھ سنا گیا اور جو کچھ جانا گیا وہ سب غیر ہے۔

دانائے شیراز حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے اس مفہوم کو یوں منظوم فرمایا:

اے برتر از خیال و قیاس و گمان و وہم
و ز ہر چہ گفتہ اند و شنیدیم و خواندہ ایم

## بلینہ نمبر ۱:

واضح رہے کہ جمیع مخلوقات کے جملہ مبصرات و مشہودات و مسموعات کو لائے نفی کے تحت لانا چاہئے کیونکہ وہ سب غیر حق ہیں۔ ذات احدیت مجردہ کا احاطہ و ادراک کسی بشر کے بس کا روگ نہیں ہے جیسا کہ آیات کریمہ لَا يُحِيطُونَ بِهٖ عِلْمًا [3] اور لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ [4] اس پر نص قاطع ہیں۔

---

[1] مرقات شرح مشکوۃ جلد اول ص ۴۶ [2] دفتر دوم مکتوب:۱ [3] طٰہٰ ۲۰:۱۱۰

[4] الانعام ۶:۱۰۳

Marfat.com

## بینہ نمبر ۲:

حضرات نقشبندیہ رحمۃ اللہ علیہم کے نزدیک کلمہ طیبہ کے تکرار کے دوران لا معبود، لا مطلوب اور لا مقصود تینوں تصورات پر توحید پختہ و راسخ ہو جاتی ہے......البتہ ابتدائے سلوک میں سالکین کو لا موجود کا تصور بھی سکھایا جاتا ہے مگر بعد میں اس تصور سے روک لیا جاتا ہے۔

## بینہ نمبر ۳:

وجودی صوفیاء کلمہ طیبہ کے تکرار کے دوران دائرہ نفی کا اثبات زیادہ کرتے ہیں اور لا الہ ای لا موجود کے تکرار پر زیادہ زور دیتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ان کی قوت خیالیہ پر یہ معنی نقش کالحجر کی مانند راسخ ہو جاتا ہے جس کے نتیجے میں وہ وحدت وجود کا قول کرنے پر مصر ہو جاتے ہیں جبکہ صوفیائے مجددیہ، جانب اثبات الا اللہ کا دائرہ وسیع کرتے ہیں تاکہ مطلوب حقیقی کا استحضار غالب رہے۔ غرضیکہ نفی اور اثبات دونوں توحید کی اساس ہیں۔ اقبال مرحوم نے اس مفہوم کو یوں بیان کیا ہے

لا و الا برگ و سازِ اُمتاں
نفی بے اثبات مرگِ اُمتاں

**متن** رؤیتِ اُخروی حق است امّا تصورِ آں مرا از جا مے برد مردم بوعدۂ رؤیت اخروی مسرور و محظوظ اند و گرفتارئ من بجز غیب الغیب نہ بھگی ہمت

خواہان آنست کہ سر موئی از مطلوب از غیب بشہادت
نیاید واز گوش بآغوش نرسد و رخت از علم بعین نکشد چہ
تواں کرد مرا چنین آفریدہ اند
ع ہر کسے را بہر کارے ساختند

ترجمہ: رؤیت اخروی حق ہے لیکن اس کا تصور مجھے جامہ سے باہر کر دیتا ہے۔لوگ رؤیت اخروی کے وعدہ سے مسرور و محظوظ ہیں اور میری گرفتاری غیب الغیب کے سوا کچھ نہیں بلکہ تمام ہمت اس امر کی خواہاں ہے کہ مطلوب سرِ مو، غیب سے شہادت میں نہ آئے اور گوش سے آغوش تک نہ پہنچے اور رخت علم سے عین تک نہ کھنچے۔کیا کیا جائے میری تخلیق ہی ایسی ہے۔

ع ہر کسی کو کسی کام کے لئے پیدا کیا گیا ہے

# شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز رؤیت باری تعالیٰ کا تذکرہ فرما رہے ہیں کہ ارباب فطرتِ علیا اور اصحاب ہمتِ قصویٰ، شہودِ مراتبِ وجوب و صفات سے ماوراء، احدیتِ ذات مجردہ کے طالب ہوتے ہیں جو ہر قسم کے تقیدات وتعینات اور ادراکات سے وراء الوراء ہے۔ رؤیت باری تعالیٰ کے متعلق صوفیاء کرام کے تین موَقف ہیں۔

✿...... وجودی صوفیاء کہتے ہیں کہ عالم دنیا میں خدا تعالیٰ کا دیدار نہ صرف ممکن ہے

Marfat.com

بلکہ واقع ہے اور اس کے اثبات میں حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام اور حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے واقعات و فرمودات بطور استشہاد پیش کرتے ہیں۔

۞......بعض صوفیاء کا یہ موقف ہے کہ عالم دنیا اور عالم آخرت دونوں جہانوں میں اللہ تعالیٰ کا دیدار نہیں ہوسکتا اور وہ آیات کریمہ و احادیث مبارکہ جن میں دیدار کا وعدہ فرمایا گیا ہے وہ سب متشبہات کے قبیل سے ہیں۔

۞......حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے نزدیک رؤیت باری تعالیٰ عالم دنیا میں ممکن تو ہے مگر واقع نہیں...... حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رؤیت معراج، بہشت میں رؤیت سے متفاوت ہے بلکہ شب معراج کی رؤیت کالرؤیت ہے اس لئے رؤیت اخروی، رؤیت دنیوی سے اقویٰ اور بلند تر ہے۔ گو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حیات دنیوی میں عالم دنیا سے نکال کر عالم بالا میں لے جاکر رؤیت سے مشرف فرمایا گیا مگر حیات دنیوی فنا پذیر ہونے کی بنا پر وہ مقام و مرتبہ نہیں رکھتی جو درجہ و مقام حیات اخروی ابدی رکھتی ہے نیز آخرت ہی محل رؤیت اور جائے دیدار ہے جہاں اس سعادت عظمیٰ سے نوازنے کا وعدہ فرمایا گیا ہے جیسا کہ آیہ کریمہ **وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ o اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ**[1] سے عیاں ہے۔

آپ ایک مقام پر مزید یوں ارقام پذیر ہیں

مؤمنین آخرت میں حق جل شانہ کو دیکھیں گے اور یقین وجدانی کے ساتھ (یہ احساس) پائیں گے کہ ہم حق جل سلطانہ کو دیکھ رہے ہیں اور وہ التذاذ جو رؤیت پر مترتب ہوتا ہے اسے بھی اپنے اندر بدرجہ کمال پائیں گے لیکن انہیں مرئی (خدا تعالیٰ) کا کوئی ادراک نہیں ہوگا اور مرئی سے انہیں کچھ حاصل نہیں ہوگا ماسوائے

---

[1] القیامہ ۷۵:۲۳

Marfat.com

وجدانِ رؤیت اور التذاذِ رؤیت کے ...... مرئی سے کوئی چیز نقد وقت نہیں ہوگی۔

عنقا شکار کس نشود دام باز چیں
کاینجا ہمیشہ باد بدست ست دام را[1]

**بلینہ:**

واضح رہے کہ آیات کریمہ اور احادیث مبارکہ کی رو سے علمائے متکلمین اہل سنت وجماعت کا یہ عقیدہ ہے کہ مؤمنین درجات وکمالات کے تفاوت کے اعتبار سے روز قیامت جنت میں حق تعالیٰ وتقدس کا دیدار کریں گے لیکن اس معنی میں نہیں کہ ذات حقہ کا احاطہ اور اس کی کنہ، ادراک سے متحقق ہو...... بلکہ وہ حق تعالیٰ کی تجلی کی کسی نوع کا مشاہدہ کریں گے نہ کہ مرتبہ احدیت مجردہ کا، کیونکہ وہ تو وراء الوراء ثم وراء الوراء ہے۔ اس معنی کو رؤیت اخروی پر محمول کرنے کا تصور حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کو قلق واضطراب میں ڈال دیتا اور جامے سے باہر کر دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ مطلوب حقیقی کے علم سے عین، گوش سے آغوش اور غیب سے شہادت تک نہ آنے کے قائل ہیں اور آیہ کریمہ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ[2] میں اسی کی طرف اشارہ معلوم ہوتا ہے۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِحَقِيْقَةِ الْحَالِ

---

[1] مکتوبات شریفہ دفتر سوم مکتوب: ۴۴ [2] البقرہ ۲: ۳

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۷۴

مکتوب الیہ

حضرت خواجہ **محمّد اشرف** کابلی رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

مشائخ نقشبندیہ بعد نما قرب کے خواہشمند ہوتے ہیں

شرک کی تفصیلات ، کلمہ تمجید باعثِ حصار ہے

Marfat.com

# مکتوب ۔۱۷۴

**متن** مکتوبِ مرغوبِ اخوی اعزی وصول یافت چوں مُنبیٔ از محبتِ فقراء والتجا بایں طائفہ علیہ بود موجبِ فرحت گشت اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ نقدِ وقت دانند اما بدانند کہ دیوانگانِ این راہ باین معیت تسلی نمی گیرند و باین بُعدِ قرب نما تسکین نمی یابند قربے می خواہند کہ بُعد نما باشد و وصلے می جویند کہ ہجر آسا بود تسویف و تاخیر را تجویز نمی نمایند تعطیل و تاجیل را مستہجن می انگارند ........ الخ

ترجمہ: میرے عزیز بھائی کا مکتوب مرغوب وصول ہوا، جو محبت فقراء سے معمور اور اس بلند طائفہ سے، التجا پر مشتمل تھا موجب راحت ہوا اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ کو نقد وقت جانیں لیکن جان لیں کہ راہ طریقت کے دیوانے اتنی سی معیت سے تسلی نہیں پاتے اور اس قرب نما بعد سے تسکین نہیں پاتے بلکہ وہ ایسا قرب چاہتے ہیں جو بُعد نما ہو اور ایسے وصل کے متلاشی ہیں جو ہجر جیسا ہو۔ وہ ٹال مٹول کو جائز قرار نہیں

Marfat.com

دیتے، بے کاری اور تاخیر کو قبیح جانتے ہیں۔

# شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز مشائخ نقشبندیہ رضی اللہ عنہم کی اولوالعزمی اور بلند ہمتی کا تذکرہ فرما رہے ہیں کہ یہ حضرات قرب نما بُعد اور وصل آسا ہجر پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ هَلْ مِن مَّزِيدٍ کا نعرۂ مستانہ لگاتے ہوئے بعد نما قرب اور ہجر آسا وصل کے خواہش مند ہوتے ہیں۔ اسی لئے خرافاتِ بے ہودہ اور دنیائے مغضوبہ کی طرف ملتفت نہیں ہوتے اور نہ ہی تاخیر و تعطیل اور لایعنی امور میں عمر عزیز جیسی انمول دولت قصویٰ کو ضائع کرتے ہیں۔ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهٗ مَالَا يَعْنِيْهِ [1] اسی امر کا غماز ہے۔ علاوہ ازیں دنیوی کروفر، اغنیاء کے ترنوالوں اور مرغن غذاؤں کے درپے بھی نہیں ہوتے کیونکہ یہ باطنی تلویث اور روحانی تخریب کا باعث ہوتے ہیں۔

## متن

ننگ دارند ازانکہ درملکِ خداوندی جل سلطانہ لات وعُزیٰ را شرکت دہند اے برادر اینجا ہمہ دین خالص می طلبند اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ وغباری از شرکت تجویز نہ فرمایند لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ

**ترجمہ:** عار کرتے ہیں کہ خداوند جل سلطانہٗ کی ملکیت میں لات وعزّٰی کو شریک

---

[1] موطا امام مالک رقم الحدیث: ۱۴۰۲

Marfat.com

کریں۔

اے بھائی! یہاں دین خالص طلب کرتے ہیں خبردار! دین خالص اللہ کیلئے ہی ہے اور شرکت کے غبار کو جائز قرار نہیں دیتے۔ اگر تم نے شرک کیا تو تمہارے اعمال اکارت جائیں گے۔

# شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ اہل اللہ انفسی خواہشات عاطلہ اور آفاقی معبودانِ باطلہ کی شرکت کے گرد وغبار سے بھی پاک ہوتے ہیں۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں شرک کی قدرے تفصیلات بیان کردی جائیں تا کہ فہم مکتوب میں سہولت رہے۔ وَبِاللّٰهِ التَّوْفِيْق

✿......عمدۃ المتکلمین حضرت علامہ سعد الدین تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ شرک کی تعریف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں

اَلْاِشْتِرَاکُ هُوَ اِثْبَاتُ الشَّرِيْکِ فِي الْاُلُوْهِيَّةِ بِمَعْنٰی وُجُوْبِ الْوُجُوْدِ کَمَا لِلْمَجُوْسِ اَوْ بِمَعْنٰی اِسْتِحْقَاقِ الْعِبَادَةِ کَمَا لِعَبَدَةِ الْاَصْنَامِ[1]

یعنی شرک یہ ہے کہ خدا کی الوہیت میں کسی کو شریک کرنا اس طرح کہ کسی کو واجب الوجود مان لینا جیسا کہ مجوسیوں کا عقیدہ ہے یا خدا کے سوا کسی کو عبادت کا حق دار مان لینا جیسا کہ بت پرستوں کا طریق ہے۔

✿......فاضل اجل حضرت سید شریف جرجانی قدس سرہٗ العزیز واجب الوجود کی تعریف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں

هُوَ الَّذِيْ يَکُوْنُ وُجُوْدُهٗ مِنْ ذَاتِهٖ وَلَا يَحْتَاجُ اِلٰی شَيْءٍ اَصْلًا[2]

[1] شرح العقائد النسفیہ: ۷۸ مطبوعہ مکتبہ خیر کثیر کراچی [2] کتاب التعریفات: ۱۰۹

Marfat.com

یعنی واجب الوجود وہ ذات ہے جس کا وجود ذاتی ہوتا ہے اور وہ اپنے وجود میں کسی غیر کا محتاج ہرگز نہیں ہوتا۔

۞......علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں

قَدْ یُقَالُ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی وَالْوَاجِبَ وَالْقَدِیْمَ اَلْفَاظٌ مُتَرَادِفَۃٌ[۱]

اللہ تعالیٰ، واجب الوجود اور قدیم، تینوں مترادف الفاظ ہیں۔

۞......شرح عقائد کے حاشیہ میں مجوس کا مؤقف بایں الفاظ درج ہے

ذَھَبَ الْمَجُوْسُ اِلٰی اَنَّ لِلْعَالَمِ فَاعِلَیْنِ اَحَدُھُمَا اللّٰہُ تَعَالٰی وَھُوَ فَاعِلُ الْخَیْرِ وَخَالِقُ الْحَیْوَانِ النَّافِعِ وَالثَّانِیْ اَلشَّیْطَانُ وَھُوَ فَاعِلُ الشَّرِّ وَخَالِقُ الْحَیْوَانِ الضَّارِ[۲]

یعنی مجوس کا یہ عقیدہ ہے کہ عالم کے دو فاعل ہیں ان میں سے ایک اللہ تعالیٰ ہے اور وہ فاعل خیر اور حیوان نافع کا خالق ہے اور دوسرا شیطان ہے جو فاعل شر اور مضر حیوان کا خالق ہے۔

۞......علامہ محمد عبد العزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ یوں ارقام پذیر ہیں

فَاِنَّھُمْ یَعْتَقِدُوْنَ اِلٰھَیْنِ یَزْدَانُ خَالِقُ الْخَیْرِ وَاَھْرَمَنُ خَالِقُ الشَّرِّ[۳]

یعنی مجوس دو معبودوں کے معتقد ہیں۔ اول یزداں اسے خالق خیر کہتے ہیں، دوم اہرمن جسے خالق شر کہتے ہیں۔

۞......جب کہ علمائے متکلمین اہل سنت کے نزدیک بندوں اور ان کے افعال و اعمال کا خالق حقیقی اور مؤثر حقیقی اللہ تعالیٰ ہی ہے البتہ بندے اپنے افعال کے کاسب ہیں اسی لئے ثواب و عقاب کے حقدار ہیں جیسا کہ آیات کریمہ وَاللّٰہُ خَلَقَکُمْ

---

۱ شرح العقائد النسفیہ: ۳۸ ۲ شرح العقائد: ۸۷ ۳ النبراس: ۲۷۰ مطبوعہ مکتبہ حقانیہ ملتان

Marfat.com

وَمَا تَعْمَلُوْنَ اور لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ سے واضح ہے۔ اسی لئے دو معبودوں کے اتخاذ سے ممانعت فرمائی گئی ہے جیسا کہ آیہ کریمہ لَا تَتَّخِذُوْا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ[1] سے عیاں ہے۔

۞...... معتزلہ بندہ کو خالق افعال مان کر اس کیلئے صفت خالقیت ثابت کرتے ہیں جو صفات مستقلہ میں سے ہونے کی صورت میں الوہیت اور استحقاق عبادت کی مناط و مدار ہے لیکن معتزلہ چونکہ بندے کو مستقل بالذات خالق نہیں مانتے بلکہ غیر مستقل اور حادث مانتے ہیں اس لئے جمہور متکلمین نے انہیں مشرک قرار نہیں دیا البتہ مشائخ ماوراء النہر نے ان کی تضلیل بلیغ ضرور فرمائی ہے اور انہیں مجوس سے بدتر قرار دیا ہے کہ مجوس تو صرف ایک شریک کو ثابت کرتے ہیں اور معتزلہ بندوں کو خالق افعال مان کر بے شمار شرکاء کا اثبات کرتے ہیں۔ چنانچہ علامہ تفتازانی قدس سرہ العزیز تحریر فرماتے ہیں

اِنَّ مَشَائِخَ مَاوَرَاءِ النَّهْرِ قَدْ بَالَغُوْا فِيْ تَضْلِيْلِهِمْ فِيْ هٰذِهِ الْمَسْئَلَةِ حَتّٰى قَالُوْا اِنَّ الْمَجُوْسَ اَسْعَدُ حَالًا مِّنْهُمْ حَيْثُ لَمْ يُثْبِتُوْا اِلَّا شَرِيْكًا وَاحِدًا وَالْمُعْتَزِلَةُ يُثْبِتُوْنَ شُرَكَاءَ لَا تُحْصٰى[2]

## اقسام شرک

شیخ محقق حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ العزیز نے شرک کی تین اقسام بیان فرمائی ہیں

بالجملہ شرک سہ قسم است در وجود و در خالقیت و در عبادت[3]

یعنی شرک کی تین اقسام ہیں اول اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی اور کو واجب الوجود

---

[1] النحل ۱۶:۵۱ [2] شرح العقائد: ۷۸ [3] اشعۃ اللمعات: ۱/۶۱

Marfat.com

ٹھہرانا...... دوم اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی اور کو خالق حقیقی جاننا...... سوم غیر حق تعالیٰ کو مستحق عبادت سمجھنا۔

اس سلسلہ میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز یوں ارقام پذیر ہیں

او تعالیٰ یگانہ است ہم در ذات وہم در صفات وہم در افعال وہیچ کس را در ہیچ امری باو تعالیٰ فی الحقیقت شرکتی نیست چہ وجود وچہ غیر آن ..... صفات وافعال او تعالیٰ در رنگ ذات او سبحانہ بی چگونہ اند وبصفات وافعال ممکنات ہیچ مناسبت ندارند[1]

حق تعالیٰ ذات، صفات اور افعال میں یگانہ ہے اور کوئی بھی کسی امر میں اس تعالیٰ کے ساتھ فی الحقیقت شریک نہیں ہے...... اس تعالیٰ کی صفات وافعال اس سبحانہٗ کی ذات کی مانند بے چون اور بے چگون ہیں اور ممکنات کے صفات وافعال کے ساتھ کوئی مناسبت نہیں رکھتے۔

۞...... امام المفسرین حضرت علامہ ابوعبداللہ انصاری قرطبی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مایہ ناز تفسیر میں شرک کے تین مراتب بیان فرمائے ہیں۔

۱...... اَصْلُہٗ اِعْتِقَادُ شَرِیْکٍ لِلّٰہِ فِیْ اُلُوْھِیَّتِہٖ وَھُوَ الشِّرْکُ الْاَعْظَمُ یعنی اللہ تعالیٰ کی الوہیت میں کسی کو شریک سمجھنا شرک اعظم ہے۔

۲...... اِعْتِقَادُ شَرِیْکٍ لِلّٰہِ تَعَالٰی فِی الْفِعْلِ وَھُوَ مَنْ قَالَ اِنَّ مَوْجُوْدًا مَّا غَیْرُ اللّٰہِ تَعَالٰی یَسْتَقِلُّ بِاِحْدَاثِ فِعْلٍ وَّ اِیْجَادِہٖ یعنی کسی کو اللہ تعالیٰ کے افعال میں اس طرح شریک سمجھنا کہ وہ مستقل اور بالذات اللہ تعالیٰ کے بغیر کوئی کام کرسکتا ہے۔

۳...... اَلشِّرْکُ فِی الْعِبَادَۃِ یعنی کسی کو اللہ تعالیٰ کی عبادت میں شریک کرنا[2]

---

[1] مکتوبات شریفہ دفتر اول مکتوب: ۲۶۶ [2] الجامع لاحکام القرآن جلد پنجم: ۱۸۱

Marfat.com

⚙…… حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز شرک کے متعلق رقمطراز ہیں

او تعالیٰ یکی است کہ شریک ندارد نہ در وجوب وجود نہ در الوہیت و استحقاق عبادت چہ شریک وقتی درکار بود کہ او تعالیٰ کافی نبود و مستقل نباشد وآن علامت نقص است کہ منافی وجوب والوہیت است وچون کافی بود و مستقل باشد شریک بی کارمی ماند وعبث می افتد[1]

اللہ تعالیٰ ایک ہے جو شریک نہیں رکھتا نہ وجوب وجود میں، نہ الوہیت میں اور نہ استحقاق عبادت میں کیونکہ شریک اس وقت درکار ہوتا ہے جب وہ تعالیٰ کافی اور مستقل نہ ہو اور یہ (اللہ تعالیٰ کا کافی و مستقل نہ ہونا) نقص کی علامت ہے جو وجوب اور الوہیت کے منافی ہے اور جب اللہ تعالیٰ کافی و مستقل ہے تو شریک بے کار و عبث ہوگا۔

## بینہ نمبر ا:

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ارشاد فرماتے ہیں شرک کی رسومات اور کفر کے ایام و اوقات کی تعظیم کو شرک میں بڑا رسوخ حاصل ہے بلکہ مستلزمِ شرک اور مستوجب کفر ہے۔ دو دینوں کی تصدیق کرنے والا اہل شرک میں سے ہے اور اسلام و کفر کے احکام کی آمیزش کرنے والا مشرک ہے تبری از کفر شرط اسلام است و بیزاری از شائبہ شرک شرطِ توحید یعنی کفر سے بے زاری اسلام کی شرط ہے اور شرک کے شائبہ سے بیزاری توحید ہے…… کفار کی دیوالی کے دنوں میں جاہل مسلمان خصوصاً ان کی عورتیں کافروں کی رسومات کو بجالاتی ہیں اور اپنی عید کی طرح

[1] مکتوبات شریفہ دفتر سوم مکتوب: ۱۷

Marfat.com

مسرت کا اظہار کرتی ہیں اور کفار کی مانند اپنی بیٹیوں اور بہنوں کو ہدیہ جات بھیجتی ہیں اور اس موسم میں کفار کی طرح اپنے برتنوں کو رنگین کر کے ان میں سرخ چاول ڈال کر بھیجتی ہیں اور اس موسم کا بڑا اعتبار و اہتمام کرتی ہیں ہمہ شرک است و کفر است بدین اسلام، یہ سب شرک ہے اور دین اسلام سے انکار و کفر ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُشْرِكُوْنَ [1] ان میں سے اکثر اللہ پر ایمان بھی لاتے ہیں مگر ساتھ ہی شرک بھی کرتے ہیں [2]

## بینہ نمبر ۲:

جس شخص کے اعمال ریا و سمعہ کے شائبہ سے پاک نہ ہوں اور اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی اور سے اجر طلب کرنے کے گمان (اگر چہ وہ قول اور ذکر جمیل ہی کیوں نہ ہو) سے مبرّا نہیں ہوتا آنکس از دائرہ شرک بیرون نباشد و موحد و مخلص نبود وہ شخص شرک کے دائرے سے باہر نہیں ہوتا اور موحد اور مخلص بھی نہیں ہوتا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اَلشِّرْكُ اَخْفٰى مِنْ دَبِيْبِ النَّمْلِ عَلَى الصَّفَا فِي اللَّيْلَةِ الظَّلْمَآءِ [3] میری امت میں شرک اصغر (ریاء) اس چیونٹی کی رفتار سے بھی زیادہ پوشیدہ ہے جو تاریک رات میں سیاہ پتھر پر چلتی ہے

لاف بی شرکتے مزن کان از نشانی پائے مور
در شب تاریک بر سنگ سیہ پنہان تر است [4]

## بینہ نمبر ۳:

واضح رہے کہ جب تک انسان تعطیل و تشریک، تشبیہ و تعلیل اور تشریک فی

---

[1] یوسف ۱۲:۱۰۶ [2] دفتر سوم مکتوب :۴۱ [3] حلیۃ الاولیاء: ۴/۱۷۱ [4] دفتر سوم مکتوب :۴۱

Marfat.com

التد بیر جیسے اباطیل سے مکمل طور پر چھٹکارا حاصل نہیں کرتا، اسے تنزیہہ کی حقیقت اور توحید خالص میسر نہیں ہوتی۔ من شآء التفصیلات فلیراجع الی المطولات

## بینہ نمبر۴:

یہ امر بھی مستحضر رہے کہ امت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات میں شرک اصغر (ریاکاری) اور دنیوی رغبت کے خدشہ کا اظہار تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا مگر امت کے شرک جلی میں مبتلا ہونے کا کوئی امکان نہیں جیسا کہ احادیث مبارکہ میں ہے

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

اِنِّیْ لَسْتُ اَخْشٰی عَلَیْکُمْ اَنْ تُشْرِکُوْا بَعْدِیْ وَلٰکِنِّیْ اَخْشٰی عَلَیْکُمُ الدُّنْیَا اَنْ تَنَافَسُوْا فِیْھَا[1] یعنی مجھے تمہارے متعلق یہ ڈر نہیں ہے کہ تم میرے بعد شرک کرو گے بلکہ مجھے تمہارے متعلق دنیا کا ڈر ہے کہ اس میں رغبت کرنے لگو گے۔

دوسری روایت میں ہے قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَتَخَوَّفُ عَلٰی اُمَّتِیَ الشِّرْکَ وَالشَّھْوَۃَ الْخَفِیَّۃَ قَالَ اَتُشْرِکُ اُمَّتُکَ مِنْ بَعْدِکَ قَالَ نَعَمْ اَمَا اِنَّھُمْ لَا یَعْبُدُوْنَ شَمْسًا وَلَا قَمَرًا وَلَا حَجَرًا وَلَا وَثَنًا وَلٰکِنْ یُرَاءُوْنَ بِاَعْمَالِھِمْ[2] حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مجھے خدشہ ہے کہ میری امت شرک اور شہوت خفی میں مبتلا نہ ہو جائے۔

عرض کیا، آپ صلی اللہ علیک وسلم کے بعد آپ کی امت شرک کرے گی؟ فرمایا ہاں لیکن وہ سورج، چاند، پتھر اور بت کی عبادت نہیں کریں گے بلکہ وہ لوگوں کو

---

[1] صحیح مسلم، رقم الحدیث: ۴۲۴۹ [2] مسند احمد، رقم الحدیث: ۱۶۴۹۸

Marfat.com

دکھانے کیلئے اعمال کریں گے۔

**متن** واقعہ کہ نوشتہ بودند ظہور جن بود و تصرف باطل
او این قسم ظہور و تصرف او بر طالبان بسیار واقع
می شود غم نیست اِنَّ کَیْدَ الشَّیْطَانِ کَانَ ضَعِیْفًا
واگر باز ظہور کند بتکرارِ کلمہ تمجید لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ
الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ دفع آن مُفسد نمایند

**ترجمہ:** (آپ نے) جو واقعہ لکھا تھا وہ جن کا ظہور اور اس کا باطل تصرف تھا۔ اس قسم کا ظہور اور اس کا تصرف طالبوں پر بہت ہوتا رہتا ہے، بے شک شیطان کا مکر کمزور ہے اگر پھر ظاہر ہو تو کلمہ تمجید لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ کے تکرار سے اس مفسد کو دفع کریں۔

## شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز مکتوب الیہ کے واقعہ کی تعبیر اور اس کا روحانی علاج تجویز فرمارہے ہیں۔ طریقت کے طالب علموں کے ساتھ شیاطین و جنات خاص رغبت رکھتے ہیں، انہیں ڈراتے، بہکاتے اور دوران ذکر و مراقبہ ان پر دباؤ ڈالتے ہیں اور بعض اوقات بیماری کی صورت پیدا کرنے کی بھی بڑی کوشش کرتے ہیں جس کی وجہ سے دوں ہمت اور بزدل لوگ ذکر و مراقبہ اور نماز

Marfat.com

واعمال صالحہ چھوڑ دیتے ہیں حالانکہ ایسی صورت میں طبیبوں کے پاس جانے کی بجائے اپنے شیخ کے ساتھ گہرا رابطہ رکھنا چاہیے اور ان سے اپنا علاج کروانا چاہیے تاکہ شیخ روحانی تصرفات اور باطنی توجہات کے ذریعے جنوں اور شیطانوں کے اثرات کو زائل کردے۔ علاوہ ازیں شیخ کے بتائے ہوئے کلمات حصار بالخصوص کلمہ تمجید کو حرز جاں بنانا چاہیے اور اس کے آخر میں لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَأَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ ملا کر صبح وشام ۲۱، ۲۱ مرتبہ پڑھ کر اپنے آپ کو دم کرنا چاہیے تاکہ سالک محفوظ قلعے میں محصور ہو جائے۔

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۷۵

مکتوب الیہ

حضرت حافظ محمود رحمۃ اللہ علیہ

موضوعات

اربابِ تلوین کی اقسامِ ثلاثہ

لِی مع اللہِ وقتٌ کے مفاہیم

Marfat.com

# مکتُوب - ۱۷۵

**متن** بدانند کہ سالکان راچہ در بدایت وچہ در نہایت از تلوینات احوال چارہ نبود غایت مافی الباب اگر آن تلوین برقلب است سالک از ارباب قلوب است ومسمّٰی بابن الوقت واگر قلب از تلوین برجست واز رقیتِ احوال آزاد گشت وبمقامِ تمکین پیوست این زمان ورودِ احوالِ متلوّنہ برنفس است کہ بمقام قلب بخلافتِ آن نشستہ است

**ترجمہ:** جاننا چاہئے کہ سالکوں کو خواہ وہ بدایت میں ہوں یا نہایت میں تلوینات احوال سے چارہ نہیں ہے۔ اس بارے میں خلاصہ کلام یہ ہے کہ اگر وہ تلوین قلب پر ہے تو سالک اربابِ قلوب میں سے ہے اور ابن الوقت سے موسوم ہے اور اگر قلب تلوین سے نکل گیا اور احوال کی غلامی سے آزاد ہو کر مقام تمکین کے ساتھ پیوست ہو گیا تو اس وقت احوال متلونہ کا ورود نفس پر ہوتا ہے جو مقام قلب میں اس کی خلافت

Marfat.com

کے طور پر بیٹھا ہوا ہے۔

# شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرمارہے ہیں کہ سالکین طریقت (مبتدی ہوں یا منتہی) کے احوال و کیفیات ہمہ وقت متغیر ہوتے رہتے ہیں۔تلوینات احوال، ممکنات کی صفات کے لوازمات میں سے ہیں کیونکہ اسماء وصفات کی تجلیات کا ورود ونزول ہر لحہ ہی ہوتا رہتا ہے جیسا کہ آیہ کریمہ کُلَّ یَوْمٍ هُوَ فِيْ شَأْنٍ[1] سے واضح ہے۔

جب سالکین پر صفات جلالیہ کا پرتو پڑتا ہے تو ان پر بلا وامتحان وامراض نازل ہوتی ہیں اور جب صفات جمالیہ کا پرتو پڑتا ہے تو وہ ہمساز اور دمساز بن جاتے ہیں اسی لئے اغیار ان پر زبان طعن وتنقید دراز کرتے ہیں جبکہ خوش بخت نیازمند مصلحت کے تحت خاموش ہو جاتے ہیں۔اکثر سالکین اصحاب تلوین ہوتے ہیں اس لئے ان پر کبھی سکر کا غلبہ ہوتا ہے اور کبھی صحو کا۔بنابریں نیازمند مریدین کو ہر حال میں تنقید و اعتراض سے اجتناب کرنا چاہئے......اربابِ تمکین ویسے ہی بہت کم ہوتے ہیں۔

## ارباب تلوین کی تین اقسام

فنائے قلب سے پہلے احوالِ مختلفہ (تلوینات) اگر سالک کے قلب میں ظاہر ہوں تو اس قسم کے سالک کو اہل دل اور ابن الوقت (موقع شناس) کہا جاتا ہے۔جب سالک فنائے قلب کے بعد تلوینات سے فارغ ہو جاتا ہے تو احوال متلونہ کا ارتباط اس کے نفس سے ہو جاتا ہے کیونکہ نفس مقام قلب میں اس کی خلافت و

---

[1] الرحمٰن ۵۵:۲۹

Marfat.com

نیابت کے طور پر متمکن ہو جاتا ہے اس قسم کے صاحب تلوین کو ابوالوقت کہنے کی گنجائش ہوتی ہے۔

جب نفس محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے تلوینات سے گذر کر مقام تمکین واطمینان کے ساتھ پیوست ہو جائے تو تلوینات کا ورود قالب پر ہوتا ہے جو عناصر اربعہ اور امور مختلفہ سے مرکب ہے۔ یہ تلوین قالب دائمی ہوتی ہے کیونکہ قالب کے حق میں تمکین متصور نہیں ہے۔

نفس عناصر اربعہ کا خلاصہ ہونے کی وجہ سے لطافت میں لطائف عالم امر (قلب، روح، سر وغیرہا) کے ساتھ مناسبت رکھتا ہے اس لئے نفس اور قلب، سکر کے باعث اپنے احوال میں مستغرق رہتے ہیں بنابریں مجال مخالفت ان میں نہیں رہتی جبکہ عناصر اربعہ (قالب) اپنی کثافت کی وجہ سے احوال متلونہ کے سامنے پگھلتے نہیں بلکہ باہوش اور ہوشیار رہتے ہیں۔ اسی غلبہء صحو کے باعث ان میں استغراق و استہلاک نہیں ہوتا بنابریں مخالفت کا امکان رہتا ہے اسی لئے صوفیائے کاملین اطمینان نفس کے باوصف مجاہدہ کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ تصفیہ قلب اور تزکیہ نفس کے باوجود قالب سے امور مباحہ اور افعال مرخصہ کا اکتساب ہو جاتا ہے۔ اگرچہ امور محرمہ (گناہ) کا ارتکاب نہیں کرتا تاہم گناہ کا خطرہ ضرور رہتا ہے اس لئے وہ گناہوں سے محفوظ تو ہوتا ہے لیکن معصوم نہیں ہوتا۔ معصوم ہونا انبیائے عظام اور ملائکہ کرام (علیہم الصلوات) کے ساتھ خاص ہے۔ اس قسم کا صاحب تلوین اخص خواص میں سے ہوتا ہے، حقیقتاً ابوالوقت بھی یہی ہوسکتا ہے۔

**تنبیہ:**

واضح رہے کہ اہل طریقت کے نزدیک ابوالوقت کو غوث مطلق علی الاطلاق،

Marfat.com

امام وقت اور قیوم بھی کہا جاتا ہے جو حالات کا مرکب نہیں بلکہ راکب ہوتا ہے۔ وہ خود نہیں بدلتا بلکہ دگرگوں ماحول کو بدل کے رکھ دیتا ہے۔ وہ شعلہ خو بجلی کا دامن تھامنے دوڑتا اور سرکش حوادث کی گردنیں جھکانے لپکتا ہے۔ وہ جلال برق و باراں کا مذاق اڑاتا اور گرجتے بادلوں کے سامنے مسکراتا ہے۔ غوث الثقلین حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہُ العزیز نے خوب فرمایا

وَمَا مِنْهَا شُهُوْرٌ اَوْ دُهُوْرٌ
تَمُرُّ وَ تَنْقَضِیْ اِلَّا اَتَالِیْ

نیست شہرے نیست دہرے را مرور
تا نیاید بر درم پیش از ظہور

**متن** معنی حدیث لِیْ مَعَ اللہِ وَقْتٌ کہ ازان سرور علیہ وعلیٰ الہ الصلوات والتسلیمات نقل کردہ اند و جمعی از وقت وقتِ مستمر مراد داشتہ اند و جمعی دیگر وقت نادر راجع باین بیان باشد چہ نسبت بہ بعضی لطائف استمرار است و نسبت بہ بعضی دیگر ندرۃ

**ترجمہ:** حدیث لِیْ مَعَ اللہِ وَقْتٌ جو آں سرور علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات سے نقل کرتے ہیں کا معنی ایک جماعت نے وقت سے دائمی وقت مراد لیا ہے اور دوسری جماعت اس بیان سے وقت نادر کی طرف راجع ہے کیونکہ بعض لطائف

Marfat.com

(روح، سر، خفی، اخفیٰ) کی نسبت استمرار ہے اور بعض دیگر (قلب، نفس، عناصر اربعہ) کی نسبت ندرت ہے۔

# شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز اس امر کی وضاحت فرمارہے ہیں کہ مشائخ طریقت نے ہر کسے ہر فہمے خود بند د خیال کے مصداق اپنے اپنے احوال ومذاق کے مطابق حدیث لِیْ مَعَ اللّٰہِ وَقْتٌ کے مطالب ومفاہیم بیان فرمائے ہیں، بعض صوفیاء نے اس حدیث سے توحید وجودی مراد لی ہے۔ بقول شاعر

لی مع اللہ شان خود فرمودئی
من ندانم بندئی یا خود توئی

بعض صوفیاء نے اس سے توحید شہودی مراد لی ہے...... بعض مشائخ نے اس سے وقت نادرہ کا مفہوم اخذ کیا ہے اور بعض نے استمرار وقت کا قول کیا ہے۔ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز کے نزدیک استمرار وقت کے باوجود وقت نادرہ بھی متحقق ہے جس کا تحقق دوران نماز ہوتا ہے جیسا کہ ارشادات نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات قُرَّۃُ عَیْنِیْ فِی الصَّلٰوۃِ[1] اور اَقْرَبُ مَایَکُوْنُ الْعَبْدُ مِنْ رَّبِّہٖ وَھُوَ سَاجِدٌ[2] سے معلوم ہوتا ہے۔ آیہ کریمہ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ[3] کے مطابق دورانِ نماز حالتِ سجدہ میں مدارج قرب میسر ہوتے ہیں اور جس وقت قرب میں زیادتی ہو اس وقت میں غیر کی گنجائش نہیں ہوگی، واقعہ معراج میں بیان فرمودہ درج ذیل حدیث قدسی بھی اسی طرف مشیر ہے۔

---

۱ سنن نسائی، رقم الحدیث: ۳۸۸۷ ۲ مسلم، رقم الحدیث: ۷۴۴ ۳ العلق ۹۶:۱۹

Marfat.com

یَا مُحَمَّدُ اَنَا وَ اَنْتَ وَمَا سِوَاکَ خَلَقْتُ لِاَجْلِکَ فَقَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ وَمَا اَنَا وَمَا سِوَاکَ تَرَکْتُ لِاَجْلِکَ [1] اے محمد صلی اللہ علیک وسلم میں ہوں اور تم ہو اور تیرے سوا جو کچھ ہے میں نے تیرے لئے تخلیق فرمایا۔ اس پر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کیا اے اللہ! تو ہی ہے، میں نہیں ہوں اور جو کچھ تیرے سوا ہے میں نے اسے تیرے لئے چھوڑ دیا۔

**بلینہ:**

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارقام پذیر ہیں کہ استمرار وقت تحقیق شدہ ہے، سخن اس میں ہے کہ استمرار کے باوجود حالت نادرہ بھی واقع ہے یا نہیں۔ ایک جماعت جسے ندرت وقت کی اطلاع نہیں دی گئی وہ اس کی نفی کے قائل ہو گئے اور دوسری جماعت جسے اس مقام سے بہرہ ور کیا گیا انہوں نے ندرت وقت کا اقرار کر لیا...... حق یہ ہے کہ جس شخص کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل نماز میں جمعیت عطا فرمائی گئی اور اس دولت قرب سے بہرہ ور کیا گیا وہ اقل قلیل ہے۔[2]

---

[1] تشید المبانی [2] مکتوبات شریفہ دفتر اول مکتوب: ۲۸۷

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۷۶

مکتوب الیہ

حضرت مُلّا محمّد صدیق بدخشی رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

صاحبِ قلت کلام لائقِ صحبت ہوتا ہے

اوقات کی حفاظت طریقت کی ضرورت ہے

Marfat.com

# مکتوب ۱۷۶

**متن** پس از محافظتِ اوقاتِ خود چارہ نہ بود تا بامورِ لاطائل تلف نشود شعر خوانی و قصہ پردازی را نصیب اعداء دانستہ بسکوت و حفظِ نسبتِ باطن باید پرداخت اجتماع یاران درین طریق از برائے جمعیت باطن است نہ از برائے تشتّتِ خاطر ......

**ترجمہ:** پس اپنے اوقات کی حفاظت کے بغیر چارہ نہیں تا کہ لایعنی باتوں میں تلف نہ ہوں۔ شعر خوانی اور قصہ گوئی دشمنوں کا نصیب سمجھ کر خاموشی اور نسبتِ باطنی کی حفاظت کرنا چاہیے۔ اس طریقت میں احباب کا اجتماع باطنی جمعیت کے لئے ہوتا ہے نہ کہ قلبی انتشار کے لئے ......

## شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اپنے زیر تربیت مکتوب الیہ کو نصیحت فرما رہے ہیں کہ اگر چہ تمہارا شاعرانہ مزاج تمہیں شعر خوانی اور

Marfat.com

قصہ پردازی پر ابھارتا ہے لیکن اب تمہیں اس قسم کے لایعنی امور کو چھوڑ کر باطنی نسبت کی محافظت اور سکوت و مراقبہ پر مواظبت کرنا چاہیے تاکہ شعر گوئی اور بیت بازی جیسے فضول کاموں میں وقت کا ضیاع نہ ہو بلکہ ذکر و فکر کی بدولت قلبی جمعیت، روحانی سیر اور باطنی طیر میسر ہو اور اپنے ہم نشینوں کے لئے بھی قلبی جمعیت کا باعث ہو۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں خاموشی کے متعلق قدرے معلومات فراہم کردی جائیں تاکہ فہم مکتوب میں سہولت رہے۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق

حق تعالیٰ جل سلطانہ نے اپنی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ سے انسان کو قوت گویائی عطا فرما کر اس کے فوائد و مضرات بھی بیان کر دیئے

ایزد چو بنا کرد بہ حکمت تن و جاں
در ہر عضوے مصلحتِ کرد نہاں
گر مفسدے ندیدہ بودے ز زباں
محبوس نمی کرد بہ دنداں دہاں

جو شخص صدق و اخلاص کے ساتھ اللہ تعالیٰ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے وہ استحضار ذات کے پیش نظر ہمیشہ کلمہ خیر ہی کہتا ہے کیونکہ کلمہ طیبہ صدقہ ہے جو مخلوق خدا کیلئے بالعموم اور مسلمانوں کیلئے بالخصوص رحمت و راحت کا باعث ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِہٖ وَیَدِہٖ [1] سے عیاں ہے۔ بقول اقبال مرحوم

فطرت مسلم سراپا شفقت است
در جہاں دست و زبانش رحمت است

بصورت دیگر بندہ مومن خاموش رہتا ہے کیونکہ اسی میں عافیت و سلامتی اور

---

[1] صحیح البخاری، رقم الحدیث: ۹

Marfat.com

زہد وحکمت ہے۔ اس قسم کا بندہ مومن جامع شریعت وطریقت، نیابت نبوت و خلافت رسالت کا مستحق اور لائق صحبت وقربت ہوتا ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

اِذَا رَأَیْتُمُ الرَّجُلَ اُعْطِیَ زُهْدًا فِی الدُّنْیَا وَقِلَّةَ مَنْطِقٍ فَاقْتَرِبُوْا مِنْهُ فَاِنَّهٗ یُلْقَی الْحِکْمَةَ[1] یعنی جب تم کسی ایسے شخص کو دیکھو جسے دنیا سے بے رغبتی اور قلت کلام عطا کیا گیا ہے تو اس کے قریب ہو جاؤ کیونکہ اسے حکمت القاء کی جاتی ہے۔

حضرت شیخ یزید بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں عالم کے لئے فتنہ یہ ہے کہ اسے سننے کی بجائے بولنا زیادہ پسند ہو اس لئے جب کوئی معقول گفتگو کرنے والا موجود ہو تو سننے میں ہی سلامتی ہے۔

غرضیکہ سالکین کو قلت کلام، قلت طعام، قلت منام اور قلت اختلاط مع الانام کے سنہری اصولوں پر کاربند رہنا چاہئے۔ حجۃ الاسلام حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے احیاء العلوم (جلد ثالث) میں زبان کی بیس آفات تفصیلاً بیان فرمائی ہیں جن کا مطالعہ سالکین طریقت کے لئے نہایت سودمند ہے۔

## بینہ نمبر۱:

واضح رہے کہ نسبت نقشبندیہ میں اخفاء وسکوت کا غلبہ ہے اس لئے اس طریقت کے سالکین مراقبہ کو اولین ترجیح دیتے ہیں اور اپنے شیخ کے بتائے ہوئے اسباق واوقات کی تعمیل وتعمیر میں ہی مشغول رہتے ہیں کیونکہ طریقت میں اپنے شیخ کا فرمان ہی حرف آخر ہوتا ہے۔

---

[1] سنن ابن ماجہ، رقم الحدیث: ۴۰۹۱

Marfat.com

## بینہ نمبر۲:

یہ امر بھی ذہن نشین رہے کہ سالکین کو دورانِ سلوک دوسری نسبت کو اپنی نسبت میں خلط ملط نہیں ہونے دینا چاہیے کیونکہ دیگر مشائخ کی صحبت و اسباق کے تکرار سے باطنی مزاج بگڑ جاتا ہے جس سے منزل کھوٹی اور روحانی موت واقع ہو جاتی ہے۔ اس معاملے میں صوفیائے طریقت تو اس قدر خوددار اور غیور ہوتے ہیں کہ وہ حضرت سیدنا خضر علیہ السلام کی زیارت و ملاقات تو رہی درکنار پانی میں غرق ہونے سے اپنی جان بچانے کیلئے ان کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ دینا بھی گوارا نہیں کرتے۔

چنانچہ عارف باللہ حضرت خواجہ فیض اللہ تیراہی رحمۃ اللہ علیہ کو جب انکے مربی زبدۂ اہل رضا حضرت خواجہ سید محمد عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ یہ حضرت سیدنا خضر علیہ السلام ہیں اگر کچھ مانگنا ہے تو ان سے مانگ لو۔ انہوں نے عرض کیا حضور! میرے خضر تو آپ ہی ہیں مجھے تو جو کچھ لینا ہے آپ ہی سے لینا ہے۔ بلکہ مجھے تو سیدنا خضر علیہ السلام بھی آپ ہی کی برکت سے ملے ہیں۔

مَنِہ پا بیروں ز کوئے وفا
کہ از دوستاں نیرزد جفا

## بینہ نمبر۳:

یہ امر بھی متحضر رہے کہ ایسا سالک درویش جو خدا و مصطفیٰ جل سلطانہ وصلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قرب و حضوری اور ولایت میں قدم رکھتا ہے اس پر فرض ہے کہ وہ فضول کاموں کو چھوڑ کر توبہ واستغفار کرے اور اعمال صالحہ کا حریص ہو کیونکہ اوقات کی حفاظت کرنا راہ طریقت کی ضروریات میں سے ہے۔

Marfat.com

## بینہ نمبر ۴۱

کاشف الحقائق حضرت خواجہ محمد صدیق بدخشی رحمۃ اللہ علیہ وہی مکتوب الیہ ہیں جن کی طرف دفتر اول مکتوب: ۱۳۲ ارسال فرمایا گیا جس میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز نے ان کی جلالی تربیت کرتے ہوئے بوالہوس تک تحریر فرمایا تھا کیونکہ یہ راہ طریقت کو چھوڑ کر امراء کی مجالس اور لباس فاخرہ کے درپے ہو گئے تھے مگر حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز کی فہمائش و سرزنش پر مجالس اغنیاء کو خیرباد کہہ دیا اور آپ کی صحبت و زیر نگرانی سلوک نقشبندیہ طے کیا اور خلافت و اجازت سے نوازے گئے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذَالِكَ

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۷۷

مکتوب الیہ

حضرت شیخ جمال الدین حسین بدخشی رحمۃ اللہ علیہ

موضوع

جوانی میں تین اہم امور کی ترغیب

Marfat.com

# مکتوب - ۱۷۷

**متن** خواجہ جمال الدین حسین عنفوانِ شباب را غنیمت شمرند و مہما امکن صرفِ مرضیاتِ حق نمایند جلّ وعلا یعنی اوّلاً تصحیح عقائد بمقتضائے آرائے صائبہ اہل سنت وجماعت شَکَرَ اللّٰہُ تَعَالٰی سَعْیَھُمْ لازم دانند و ثانیاً عمل بموجب احکام شرعیہ فقہیہ و ثالثاً سلوک طریقہ علیّہ صوفیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم وَمَنْ وُفِّقَ لِھٰذَا فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْ ھٰذَا فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُبِیْنًا

**ترجمہ:** خواجہ جمال الدین حسین آغازِ جوانی کو غنیمت جانیں اور حتی المقدور اسے حق تعالیٰ جل وعلا کی مرضیات میں صرف کریں یعنی اولاً عقائد کو اہل سنت و جماعت شَکَرَ اللّٰہُ تَعَالٰی سَعْیَھُمْ کی درست آراء کے تقاضوں کے مطابق صحیح کرنا لازم

Marfat.com

جانیں ...... ثانیاً احکام شرعیہ فقہیہ کے مطابق عمل کریں ...... ثالثاً طریقہ عالیہ صوفیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کا رستہ اختیار کریں۔ جس شخص کو اس کی توفیق دے دی گئی وہ فوز عظیم پا گیا اور جو شخص اس سے محروم رہا وہ خسران مبین میں پڑ گیا۔

# شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز مکتوب الیہ کو صحت وجوانی کو غنیمت جانتے ہوئے تین اہم ترین امور کی ترغیب دلا رہے ہیں۔

۱...... اپنے عقائد کو متکلمین اہلسنت کے بیان فرمودہ عقائد کے مطابق درست کرنا چاہیے کیونکہ ان بزرگوں کے عقائد قرآن وسنت کے عین مطابق ہیں اور درست عقائد پر ہی نجات کا دارومدار ہے۔

۲...... عقائد حقہ کی روشنی میں احکام شرعیہ فقہیہ کی تعلیم وتحصیل کے بعد ان پر عمل کرنا چاہیے۔

۳...... قرب خدا جل سلطانہ‘ اور باطنی انشراح حاصل کرنے کیلئے کسی شیخ کامل مکمل کی زیر نگرانی تزکیہ نفس اور تصفیہ باطن کا اہتمام کرنا چاہیے تاکہ بندہ مومن شریعت و طریقت کا جامع قرار پائے اور اسے رضائے الٰہی جیسی دولت عظمیٰ نصیب ہوجائے۔

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۷۸

مکتوب الیہ

حضرت مرزا مظفر رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

ہمسایہ کی اقسام ، ہمسایہ کے حقوق

حسنِ معاملات قربِ خداوندی میں معاون ہوتے ہیں

Marfat.com

# مکتوب - ۱۷۸

**متن** مخدوما مکرّما احسان درہمہ جا محمود است علی الخصوص نسبت بجماعہ کہ قربِ جُوار دارند حضرت رسالتِ خاتمیّت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات درادائے حقوقِ جوار آن قدر مبالغہ می فرمودند کہ اصحاب کرام ازان مبالغہ گمان می بردند کہ شاید باہلِ جوار اِرث ہم بدہانند

**مثنوی**

چون چنین بایکدگر ہم سایہ ایم
توچو خورشیدی وما چون سایہ ایم
چہ بُدِی اے مایۂ بے مایگان گرنگہ داری حقِ ہمسایگان

**ترجمہ:** میرے مخدوم ومکرم! احسان ہر جگہ قابل ستائش ہے خصوصاً اس جماعت کے ساتھ جو قرابت دار پڑوسی ہیں۔ حضرت رسالت خاتمیت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات و

Marfat.com

التسلیمات ہمسائے کے حقوق کی ادائیگی میں اس قدر مبالغہ فرماتے تھے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اس مبالغہ سے گمان ہونے لگتا کہ آپ شاید ہمسائیوں کو میراث میں داخل فرمادیں گے۔

ترجمہ شعر: جب ہم ایک دوسرے کے ساتھ ہمسایہ کی طرح ہیں تو تو آفتاب کی مانند ہے اور ہم سایہ کی طرح ہیں

اے مایہء بے مائیگاں! اگر تو ہمسائیوں کے حقوق کی پاسداری کرے تو کیسا ہے؟

# شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز مکتوب الیہ کو محتاجوں کی حاجت برآری اور سائلوں کی دستگیری کرنے کی سفارش فرمارہے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مکتوب الیہ صاحب حیثیت اور اصحاب ثروت میں سے تھے۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں ہمسائیوں کے حقوق کے متعلق قدرے معلومات فراہم کردی جائیں تاکہ فہم مکتوب میں سہولت رہے۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق

انسان فطرۃً مدنی الطبع واقع ہوا ہے اس لئے باہم مل جل کر رہنا پسند کرتا ہے۔ دین اسلام چونکہ دین فطرت ہے، اس لئے شریعت اسلامیہ نے جہاں حقوق اللہ بیان فرمائے ہیں وہاں حقوق العباد کا بھی تذکرہ فرمایا ہے تاکہ انسان ان سنہری اصولوں پر عمل پیرا ہوکر امن و مروّت کے ساتھ حیات مستعار کے ایام گذار سکے اور دوسروں کیلئے بھی سلامتی و عافیت کا باعث ہو۔ اس طرح ایک ایسا جنت نظیر معاشرہ تشکیل پائے گا جو بندگانِ خدا کیلئے امن وامان اور سکون واحسان کا گہوارہ ثابت ہوگا۔

Marfat.com

## ہمسایہ کی اقسام

حضورا کرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اَلْجِیْرَانُ ثَلاَ ثَةٌ فَمِنْهُمْ مَنْ لَهٗ ثَلاَ ثَةُ حُقُوْقٍ وَ مِنْهُمْ مَنْ لَهٗ حَقَّانِ وَمِنْهُمْ مَنْ لَهٗ حَقٌّ وَاحِدٌ وَاَمَّا الَّذِیْ لَهٗ ثَلاَ ثَةُ حُقُوْقٍ فَالْجَارُ الْمُسْلِمُ الْقَرِیْبُ لَهٗ حَقُّ الْاِسْلَامِ وَحَقُّ الْجِوَارِ وَحَقُّ الْقَرَابَةِ وَاَمَّا الَّذِیْ لَهٗ حَقَّانِ فَالْجَارُ الْمُسْلِمُ لَهٗ حَقُّ الْاِسْلَامِ وَحَقُّ الْجِوَارِ وَاَمَّا الَّذِیْ لَهٗ حَقٌّ وَاحِدٌ فَالْجَارُ الْکَافِرُ لَهٗ حَقُّ الْجِوَارِ [1] یعنی پڑوسی تین قسم کے ہیں ان میں سے ایک پڑوسی وہ ہے جس کے تین حق ہے دوسری قسم کے پڑوسی کے دوحق ہیں اور تیسری قسم کے پڑوسی کا ایک حق ہے۔ جس پڑوسی کے تین حقوق ہیں وہ مسلمان قریبی رشتہ دار پڑوسی ہے جس کے لئے اسلام کا حق، پڑوس کا حق اور قرابت کا حق ہے......جس شخص کے دوحق ہیں وہ مسلمان ہمسایہ ہے جس کیلئے اسلام کا حق اور پڑوس کا حق ہے......اور جس پڑوسی کا صرف ایک حق ہے وہ کافر پڑوسی ہے جس کا صرف ہمسائیگی کا حق ہے۔

حضورا کرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا چالیس گھر پڑوسی ہیں[2] حضرت امام زہری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اس سے مراد چاروں طرف چالیس چالیس گھر مراد ہیں۔[3]

## ہمسایہ کے حقوق

حضورا کرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام سے مخاطب ہو کر فرمایا

اَتَدْرُوْنَ مَاحَقُّ الْجَارِ کیا تم جانتے ہو پڑوسی کا کیا حق ہے؟......اگر وہ

---

[1] کنز العمال، رقم الحدیث: ۲۴۹۳۵ [2] المعجم الکبیر للطبرانی، رقم الحدیث: ۱۵۴۹۳

[3] احیاء العلوم جلد ثانی

Marfat.com

تم سے مدد طلب کرے تو اس کی مدد کرو...... اگر تم سے قرض مانگے تو اسے قرض دو...... اگر حاجت مند ہو تو اس کی ضرورت پوری کرو...... اگر بیمار ہو جائے تو اس کی عیادت کرو...... اگر انتقال کر جائے تو اس کے جنازے کے ساتھ جاؤ...... اگر اسے بھلائی پہنچے تو اس کو مبارکباد دو...... اگر کوئی مصیبت پہنچے تو اس کی غم خواری کرو...... اس کی عمارت سے اپنی عمارت بلند نہ کرو اس طرح اس تک ہوا نہیں پہنچے گی البتہ اس کی اجازت سے ایسا کر سکتے ہو...... اگر کوئی پھل خریدو تو اسے تحفہ بھیجو، اگر ایسا نہ کر سکو تو پھل گھر میں پوشیدہ طریقے سے لاؤ اور تمہارا بچہ پھل لے کر باہر نہ جائے کہ اس سے اس کے بچے کو رنج پہنچے گا...... اپنی ہانڈی کی خوشبو سے اسے اذیت نہ دو مگر یہ کہ تم اسے بھی اس سے چلو بھر دیدو...... اپنے گھر کے دھوئیں سے اسے تکلیف نہ دو...... اپنے گھر کی چھت پر ایسے نہ چڑھو کہ اس کی بے پردگی ہو۔ پھر ارشاد فرمایا اَتَدْرُوْنَ مَاحَقُّ الْجَارِ؟ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ لَایَبْلُغُ حَقَّ الْجَارِ اِلَّا قَلِیْلٌ مِمَّنْ رَحِمَهُ اللّٰهُ[1] کیا تم جانتے ہو ہمسایہ کا کیا حق ہے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے پڑوسی کا حق تھوڑے لوگ ہی ادا کر سکتے ہیں کہ جن پر اللہ کا رحم ہو۔

**بلینہ:**

واضح رہے کہ حسن معاملات قرب خداوندی میں بڑے معاون ہوتے ہیں۔ دور حاضر چونکہ نفس پرستی اور خود غرضی کا دور ہے اس لئے مخلوق خدا کے ساتھ بالعموم اور اہل حقوق کے ساتھ بالخصوص بے لوث و بلا معاوضہ احسان و شفقت کرنا چاہئے تا کہ حق تعالیٰ جل سلطانہ کی رضا نصیب ہو۔ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا اِیَّاهَا

---

[1] کنز العمال: ۹/۵۸

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۷۹

مکتوب الیہ

حضرت میر عبد اللہ بن میر محمد نعمان رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

علوم شرعیہ کی تحصیل و تعمیل

داعیانِ حق کے قول و فعل کا تضاد باعثِ فتنہ ہے

Marfat.com

# مکتُوب - ۱۷۹

**متن** موسمِ جوانی را غنیمت دانستہ بتحصیلِ علوم شرعیہ وعمل بمقتضائے آں علوم اشتغال دارند واہتمام نمایند کہ این عمرِ گرامی در مالایعنی صرف نشود و بلہو ولعب تلف نگردد

**ترجمہ:** عہد جوانی کو غنیمت سمجھیں، علوم شرعیہ کی تحصیل اوران علوم کے مطابق عمل میں مشغول رہیں اور اہتمام کریں کہ یہ عمر گرامی لایعنی امور میں بسر نہ ہو اور لہو ولعب میں تلف نہ ہو جائے۔

## شرح

زیر نظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز مکتوب الیہ کو نصیحت وتلقین فرمارہے ہیں کہ ایام شباب کو غنیمت سمجھ کر صحت وتندرستی پر حق تعالیٰ کا شکرادا کر کے علوم شرعیہ کی تحصیل کرنا چاہئے اور تحصیل تعلیم کے بعد اس کی تعمیل وتبلیغ میں بھرپور کوشش کرنا چاہئے کیونکہ سیرت وکردار کی پاکیزگی وپختگی ایسی نعمت

Marfat.com

غیر مترقبہ ہے جو عوام الناس کے قلب ونظر میں انقلاب برپا کر کے ان میں عمل کی تحریک وجذبہ پیدا کرتی ہے نتیجتاً ایک صالح اور مہذب معاشرے کی تعمیر وتشکیل ہوتی ہے جو مخلوق خدا کے لئے باعث راحت وشفقت ہوتا ہے۔ بصورت دیگر داعیان حق کے قول وفعل میں تضاد کے باعث ظاہر بین لوگوں کو حق پر آوازے کسنے کا موقعہ مل جاتا ہے رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ[1] جو منافقانہ روش اور دوغلی پالیسی ہے جس کی بناء پر عامۃ الناس علماء ومشائخ سے نفرت کرتے اور شریعت وطریقت کے نظام سے دور بھاگتے ہیں۔ اَلْعِيَاذُ بِاللّٰهِ سُبْحَانَهٗ

مکتوب الیہ چونکہ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے خلیفہ کے صاجزادے ہیں اس لئے آپ انہیں ان کے والدگرامی کی عدم موجودگی میں ان کے مریدین کی خاطر تواضع کرنے کی نصیحت فرمارہے ہیں اسی بناء پر مشائخ کرام کی ظاہری اور جسمانی عدم موجودگی میں بطور نیابت وخلافت جانشینی کا سلسلہ چلا آرہا ہے تاکہ آستانوں پر آنے والے مہمانوں اور درویشوں کی ظاہری وباطنی ضیافت کا اہتمام ہوتا رہے۔

---

[1] یونس ۱۰: ۸۵

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۸۰

مکتوب الیہ

## حضرت خواجہ ابوالقاسم رحمۃ اللہ علیہ

### موضوعات

خواجہ محمد زاہد وخشی رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف

خواجہ درویش محمد رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف

غیرتِ نسبت کا تقاضا

Marfat.com

# مکتوب - ۱۸۰

**متن** مشیخت پناہی خواجہ خاوند محمود باین حُدود تشریف آوردہ بودند باوّل ملاقات سخن از حضرت مولانا مذکورہ ساختند و گفتند کہ ایشاں از کسے مجاز نہ بودند لہٰذا در اوائل مرید نمی گرفتند و در اواخرِ عمر شروع در شیخی کردند گفتہ شد کہ ایشاں بزرگ بودند و تمام ماوراء النہر بہ بزرگیِ ایشاں قائل ہرگز تجویز نمی تواں کرد کہ بے اجازت ایشاں مرید گرفتہ باشند در اوائل یا در اواخر کہ ایں قسم عمل داخلِ خیانت است بہ اَدنائے مسلم ایں ظن نمی تواں کرد فکیف بہ اکابرِ دین

**ترجمہ:** مشیخت پناہ خواجہ خاوند محمود اس علاقہ میں تشریف لائے پہلی ملاقات میں ہی انہوں نے حضرت مولانا مذکور (حضرت خواجہ درویش محمد رحمۃ اللہ علیہ) کے متعلق

Marfat.com

سخن سازی کرتے ہوئے کہا کہ وہ کسی سے مجاز نہ تھے اس لئے اوائل میں مرید نہیں کیا کرتے تھے آخر عمر میں انہوں نے شیخی شروع کر دی تھی انہیں جواباً کہا گیا کہ وہ بزرگ تھے سارا ماوراء النہران کی بزرگی کا قائل تھا وہ اس بات کو ہرگز پسند نہیں کر سکتے تھے کہ اوائل یا اواخر میں بغیر اجازت کسی کو مرید کریں۔ کیونکہ اس قسم کا عمل خیانت میں داخل ہے۔ جب کوئی ادنی مسلمان یہ گمان نہیں کر سکتا تو اکابر دین کیسے کر سکتے ہیں؟۔

# شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز اپنے شجرہ طریقت میں مذکور دو مشائخ کرام رحمۃ اللہ علیہما کی خلافت و اجازت اور باطنی نسبت پر ایک معترض کے اعتراض کا تذکرہ فرما رہے ہیں کہ ان حضرات کو اپنے شیوخ کرام سے باقاعدہ اجازت و خلافت حاصل تھی۔ وہ دونوں حضرات مخزنِ اسرارِ سرمدی حضرت خواجہ محمد زاہد وخشی اور قطب اوحد حضرت خواجہ درویش محمد رحمۃ اللہ علیہما ہیں۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان دونوں حضرات کا اجمالی تذکرہ کر دیا جائے تاکہ قارئین کی معلومات میں مزید اضافہ ہو۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق

## حضرت خواجہ محمد زاہد وخشی کا مختصر تعارف

آپ کا اسم گرامی محمد زاہد تھا۔ آپ ۱۴ شوال المکرّم ۸۵۲ھ بمقام وخش مضافات حصار علاقہ بخارا میں متولد ہوئے۔ آپ قدوۃ العارفین حضرت خواجہ محمد یعقوب چرخی قدس سرہُ العزیز کے قریبی عزیزوں میں سے تھے۔ ابتداء میں خواجہ چرخی کے کسی خلیفہ سے طریقت نقشبندیہ کے اذکار و اطوار کی تلقین و تعلیم حاصل کر کے

Marfat.com

گوشہ نشین ہو گئے لیکن جونہی قطب الارشاد حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہٗ الغفار کی تربیت وارشاد کا شہرہ سنا تو آپ فوراً عزلت نشینی کو خیر باد کہہ کر خواجہ احرار کے آستانہ عالیہ کی طرف متوجہ ہو گئے۔

زاہد بہ ہشت خلوت و دامن ز پا کشید
چوں از بہار دامن صحراء بہشت شد

ادھر خواجہ احرار فراست باطنی اور اشارہ غیبی پا کر آپ کے استقبال کے لئے بمع احباب ومریدین روانہ ہو گئے۔ رستے میں ایک مقام پر درخت کے سائے تلے خواجہ احرار کی زیارت وقدم بوسی سے مشرف ہوئے۔ خلوت میں اپنے احوال و واردات حضرت خواجہ کے گوش گذار کیے اور بیعت کی درخواست کی تو حضرت خواجہ نے اسی مجلس میں آپ کو توجہات قدسیہ اور تصرفات باطنیہ سے سلوک نقشبندیہ کی تکمیل کروا کر خلافت مطلقہ اور اجازت خاصہ سے نوازا اور وہیں سے رخصت کر دیا۔ یوں آپ حضرت خواجہ کے ہم آغوش سعادت وکمالات ہو کر واپس لوٹے اور حضرت خواجہ کے خلفاء میں ایک ممتاز مقام پر فائز المرام ہوئے اور اپنے مرشد گرامی کے حسب ارشاد طالبان طریقت کی تلقین وتعلیم وتربیت میں مشغول ہو گئے۔ آپ فقر و تجرید، زہد وتفرید اور اتباع سنت میں بلند مقامات پر فائز تھے۔ شاہان وقت بھی آپ کے باطنی تصرفات اور روحانی کمالات کے معترف تھے بلکہ حاکم وخش تو آپ کا مرید تھا۔ یکم ربیع الاول ۹۴۶ھ بمقام وخش آپ کا وصال مبارک ہوا۔ مزار پر انوار وخش میں مرجع خاص وعام ہے۔

## حضرت خواجہ درویش محمد کا مختصر تعارف

آپ کا نام نامی درویش محمد تھا۔ آپ حضرت مولانا زاہد وخشی قدس سرہٗ

Marfat.com

السرمدی کے حقیقی ہمشیرزادے (بھانجے) خلیفہ اعظم اور جانشین تھے۔ پندرہ برس تک زہد و ریاضت اور حالت تجرید وتفرید میں بیابانوں میں گذارے پھر حضرت سیدنا خضر علیہ السلام کی ہدایت پر حضرت خواجہ زاہد قدس سرہُ العزیز کی خدمت فیض درجت میں حاضر ہوئے اوران کی زیرنگرانی سلوک کی تکمیل کی اور خلافت واجازت سے نوازے گئے۔ آپ اوصاف جذبہ واستغراق سے موصوف اور سخاو عطا میں معروف تھے۔ آپ واقف رموز صوری ومعنوی اور جامع علوم ظاہری و باطنی ہونے کی وجہ سے یکتائے روزگار، علوم شرعیہ کے فاضل اجل اور استاذ تھے اور مشائخ نقشبندیہ کی طرح اپنے احوال و کمالات کی پوشیدگی کیلئے علوم ظاہری کی درس و تدریس اور تعلیم وتبلیغ میں مشغول ہوگئے مگر حضرت شیخ نورالدین خوانی رحمۃ اللہ علیہ کے اشارہ سے طالبان طریقت تحصیل کمالات کی خاطر آپ کی طرف متوجہ ہونے لگے۔ آپ کے مکشوفات وتصرفات کے مقتدائے زمانہ مشائخ بھی معترف تھے۔ آپ کا مزار فائض الانوار موضع اسفرار متصل شہر سبز علاقہ ماوراء النہر میں مرجع خلائق ہے۔

## بینہ نمبرا:

واضح رہے کہ معترض حضرت خواجہ خاوند محمود رحمۃ اللہ علیہ جو جانشین شاہ نقشبند قدوۃ الاخیار حضرت خواجہ علاؤالدین عطار قدس سرہُ العزیز کی اولاد امجاد میں سے تھے۔ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز نے ان کے لئے مشیخیت پناہ کا لقب استعمال فرمایا ہے مگر اس کے باوجود حمیت طریقت اور غیرت نسبت کی بناء پر ان کا محاسبہ کرتے ہوئے ان کی تھوڑی سے خبر بھی لے لی تاکہ وہ آئندہ اعتراض کرنے سے احتراز کریں۔ علاوہ ازیں آپ نے یاران طریقت کو اس بات کا درس بھی دیا ہے کہ

Marfat.com

اگر کوئی روباہ صفت ہمارے مشائخ کرام پر زبان طعن دراز کرے تو آداب کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے بطریق احسن اس کی تردید وتغلیط کرنی چاہئے کہ یہی طریقت و نسبت کی غیرت کا تقاضا ہے۔

عارف جامی قدس سرہُ العزیز نے خوب کہا

قاصرے گر کند ایں طائفہ را طعن قصور
حاشا للہ کہ بر آرم بزباں ایں گلہ را
ہمہ شیرانِ جہاں بستۂ ایں سلسلہ اند
روبہ از حیلہ چساں بگسلد ایں سلسلہ را

**بینہ نمبر۲:**

یہ امر بھی مستحضر رہے کہ اگر کوئی بدنہاد حرماں نصیب اہل اللہ کی گستاخی اور بے ادبی کرتا ہے تو حق تعالیٰ، صحابہ کرام اور عشاق کی سنت پر عمل کرتے ہوئے اسے کبھی کھری کھری بھی سنا دینا چاہئے تاکہ اس پر اس کی حقیقت بھی عیاں ہو جائے اور لوگوں کی نظروں میں وہ ذلیل ورسواء بھی ہو جائے۔

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۸۱

مکتوب الیہ

مخدوم زادہ حضرت خواجہ محمد صادق سرھندی رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

قرب و یقین کا انحصار مقاماتِ عشرہ پر ہے

اولیاء کاملین ہمیشہ علماء کے روپ میں ہوتے ہیں

نزولی مدارج میں اہل اللہ دلائل کے محتاج ہوتے ہیں

Marfat.com

## مکتوب الیہ

یہ مکتوب گرامی حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز نے اپنے فرزند کلاں حضرت خواجہ محمد صادق رحمۃ اللہ علیہ کی طرف صادر فرمایا۔ آپ کی ولادت باسعادت ۱۰۰۰ھ سرہند شریف میں ہوئی، عہد طفولیت سے ہی آثار سعادت اور انوار ولایت چہرہ مبارک سے ہویدا تھے۔ آپ کے جد امجد حضرت مخدوم شیخ عبدالاحد چشتی قدس سرہُ العزیز نے بچپن ہی سے اپنی زیر نگرانی تعلیم و تربیت فرمائی، آپ مجموعہ معارف اور اولیائے کبار میں سے تھے۔ آپ کے متعلق جد امجد حضرت مخدوم، حضرت امام ربانی قدس سرہ کو فرمایا کرتے تھے کہ تمہارا یہ بیٹا مجھ سے حقائق و معارف کی ایسی ایسی عجیب باتیں دریافت کرتا ہے کہ ان کا جواب مشکل سے بن پڑتا ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز جب جمادی الثانی ۱۰۰۸ھ خواجہ بیرنگ حضرت خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت بابرکت میں حضرت دہلی میں حاضر ہوئے تو آپ بھی ہمراہ تھے۔ چنانچہ آپ حضرت خواجہ کی نگاہ قبولیت میں آکر ذکر و مراقبہ اور نسبت و جذبہ سے مشرف ہوئے اور صغرسنی کے باوجود حیران کن کمالات ظاہر ہوئے۔ غلبہ جذبات کے باوصف فنون عربیہ حضرت شیخ محمد طاہر بندگی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ اور علوم حکمیہ حضرت مولانا محمد معصوم کابلی رحمۃ اللہ علیہ سے پڑھ کر اٹھارہ برس کی عمر میں علوم نقلیہ و عقلیہ سے فارغ ہوئے اور درس و تدریس میں مشغول ہو گئے۔

صاحب حضرات القدس حضرت مولانا بدرالدین سرہندی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

## مکتوب الیہ

فرماتے ہیں کہ میں نے مطول مع حاشیہ میر، شرح عقائد مع حاشیہ خیالی، تحریر اقلیدس اور شرح مطالع مع حاشیہ میر وغیرہا کتب کا درس آپ سے ہی لیا تھا۔ جب آپ تلوین سے تمکین، سکر سے صحو اور جذب سے سلوک کی طرف آئے تو بعمر اکیس برس بروز جمعۃ المبارک حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز نے آپ کو خلعتِ خلافت سے نوازتے ہوئے اپنی عبائے خاص بھی مرحمت فرمائی اور آپ کو ارشاد وتلقین کی اجازت عامہ سے مشرف فرمایا۔

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ایک مکتوب میں آپ کے متعلق رقمطراز ہیں کہ میرا فرزند مرحوم حق سبحانہ کی آیات میں سے ایک آیت اور رب العالمین کی رحمتوں میں سے ایک رحمت تھا۔ چوبیس برس کی عمر میں اس نے وہ کچھ پایا کہ شاید ہی کسی کو نصیب ہوا ہو، پایۂ مولویت اور علوم عقلیہ ونقلیہ کی تدریس کو حد کمال تک پہنچایا تھا حتی کہ اس کے شاگرد بیضاوی اور شرح مواقف وغیرہ پڑھانے میں درجہ کاملہ رکھتے ہیں اس کی معرفت وعرفان کی حکایت اور شہود وکشف کے قصے بیان سے باہر ہیں...... ولایت موسوی کو نقطۂ آخر تک پہنچایا تھا اور اس ولایت علیا کے عجائب وغرائب بیان کیا کرتا تھا۔ ہمیشہ خاضع و خاشع ملتجی ومتضرع اور متذلل ومنکسر رہتا تھا اور کہا کرتا تھا کہ ہر ایک ولی نے اللہ تعالیٰ سے کوئی نہ کوئی چیز طلب کی ہے میں نے التجا وتضرع طلب کی ہے۔ آپ نے مرض طاعون کی وجہ سے جام شہادت نوش فرمایا۔ حضرت امام ربانی قدس سرہ نے آپ کی مرقد انور پر گنبد تعمیر کروایا تھا۔

Marfat.com

# مکتوب - ۱۸۱

**متن** در جواب گفتیم کہ ترتُّبِ یقین برقرب ست ہر چند قرب بیشتر یقین زیادہ تر و سببِ اکملیتِ آن مقامات نیز اتمیت یقین است نہ امر دیگر و نظر کشفی ہم صحیح است غایۃ مافی الباب حصول قرب مرا لطفِ لطائف راست پس یقین نیز نصیبِ ہمینہا باشد و اکملیتِ آن مقامات چون مترتِب بر اتمیتِ یقین است نیز ایشان را حاصل بود

**ترجمہ:** ہم جواب میں کہتے ہیں کہ یقین قرب پر مترتب ہوتا ہے جتنا قرب بیشتر ہوگا اتنا ہی یقین زیادہ ہوگا۔ ان مقامات کی اکملیت کا سبب بھی یقین کی اتمیت ہے کوئی اور چیز نہیں۔ نظر کشفی بھی صحیح ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ حصول قرب خاص مہربانیوں میں سے سب سے بڑی مہربانی پر ہے پس یقین بھی انہی (عنایات) کے مطابق ہوگا۔ ان مقامات کی اکملیت جب یقین کی اتمیت پر مترتب ہوتی ہے تو وہ بھی ان

Marfat.com

ہی بزرگوں کو حاصل ہوتا ہے۔

# شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہ العزیز ایک سوال کا جواب مرحمت فرما رہے ہیں جس میں مکتوب الیہ نے آپ سے دریافت کیا تھا کہ بعض مشائخ مراتب قرب میں تو ادنیٰ درجہ رکھتے ہیں مگر مقامات عشرہ میں اعلیٰ درجات پر فائز ہوتے ہیں جبکہ بعض مشائخ کرام مراتب قرب میں اعلیٰ درجات پر متمکن ہوتے ہیں مگر مقامات عشرہ میں کم درجہ رکھتے ہیں...... آیا میرا کشف درست نہیں یا مقامات، قرب و یقین پر منحصر نہیں۔

آپ مکتوب الیہ کے کشف کو درست قرار دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ قرب و یقین کا انحصار مقامات عشرہ پر ہی ہے جو سالکین اقرب ہوتے ہیں وہی اکمل ہوتے ہیں اور جو سالکین اقرب نہیں ہوتے وہ اکمل بھی نہیں ہوتے۔ دراصل دوران سلوک سالکین طریقت کو فنا و بقا اور عروج و نزول کی منازل و مدارج سے گذرنا پڑتا ہے کیونکہ حق تعالیٰ کا قرب فنا وغیرہا کے بغیر نصیب نہیں ہوتا اور فنا، مقامات عشرہ (توبہ، توکل، صبر و رضا وغیرہا) کے بغیر متحقق نہیں ہوتی فلہٰذا سالکین کو مقامات عشرہ میں جتنا زیادہ ملکہ و رسوخ حاصل ہوتا جاتا ہے اتنا ہی مراتب قرب میں انہیں کمال حاصل ہوتا جاتا ہے۔ البتہ عروجی منازل میں سالکین مقامات عشرہ کے حصول و رسوخ میں زیادہ کوشش کرتے ہیں تاکہ معاملہ صورت سے گذر کر حقیقت تک پہنچ جائے۔ نزولی مدارج میں مقامات عشرہ کی حقیقت حاصل ہونے کی بناء پر بظاہر سالکین ان کا التزام کم کرتے معلوم ہوتے ہیں مگر حقیقتاً اقربیت کے درجہ پر فائز المرام ہوتے ہیں۔ اس قسم کے سالکین کو ولی را ولی می شناسد کے مصداق اہل اللہ ہی پہچان

Marfat.com

سکتے ہیں۔ عامۃ الناس عدم شناخت کی بناء پر ان پر اعتراض بھی زیادہ کرتے ہیں اور جہالت کی وجہ سے انہیں ناقص سمجھتے ہیں۔

**بلینہ:**

واضح رہے کہ اولیائے مرجوعین اور صوفیائے کاملین ہمیشہ علماء کے روپ میں ہوتے ہیں جو وعظ و تبلیغ اور درس و تعلیم کے ذریعے لوگوں کے قلب و نظر میں انقلاب برپا کر کے انہیں واصل باللہ کرتے ہیں۔ غوث الثقلین سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی، قدوۃ الکاملین حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری، خواجہ خواجگان حضرت خواجہ معین الدین چشتی اور حضرت امام ربانی سیدنا مجدد الف ثانی قدس اللہ ارواحہم اسی قبیل کے معروف اولیاء ہوئے ہیں۔

**متن** اما باید دانست کہ صاحبِ رجوع ہمچنانکہ در قرب و یقین اکمل است در مقامات نیز اکمل است لیکن این کمالاتِ او را مستور ساختہ اند و برائے دعوتِ خلق و حصولِ مناسبت بخلائق کہ سببِ افادہ و استفادہ است ظاہرِ او را ہمچو ظاہرِ عوام الناس گردانیدہ این مقام بالاصالۃ مقامِ انبیاءِ مرسل است علیہم الصلوٰتُ والتسلیمات

Marfat.com

**لہٰذا حضرتِ ابراہیم خلیل الرحمٰن علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام طلب اطمینانِ قلب نمودہ ودر حصولِ یقین در رنگِ عوام الناس محتاج برویۃ بصری گشت**

**ترجمہ:** لیکن جاننا چاہئے کہ صاحب رجوع جس طرح قرب ویقین میں اکمل ہے اسی طرح مقامات میں بھی اکمل ہے لیکن اس کے یہ کمالات مستور رکھے جاتے ہیں اور دعوت خلق کی خاطر اور مخلوق کے ساتھ حصول مناسبت کے لئے جو افادہ اور استفادہ کا سبب ہے، اس کے ظاہر کو عوام الناس کے ظاہر کی طرح بنا دیتے ہیں۔ یہ مقام اصالتاً انبیائے مرسلین علیہم الصلوات والتسلیمات کا مقام ہے اس لئے حضرت ابراہیم خلیل الرحمٰن علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے اطمینان قلب طلب کیا اور حصول یقین میں عوام الناس کی مانند رؤیت بصری کے محتاج ہوئے۔

## شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز اس امر کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ عروجی منازل میں کشف وشہود کی کثرت ہوتی ہے، بنا بریں سالکین طریقت عامۃ الناس میں ممتاز معلوم ہوتے ہیں جبکہ نزولی مدارج میں یقین وقرب پوشیدہ ہو جاتے ہیں اس لئے وہ عامۃ الناس کی مانند دلائل وشواہد کے محتاج ہوتے ہیں۔ دراصل یہ نبوت ورسالت کا مقام ہے۔ جدالانبیاء سیدنا ابراہیم علیہ السلام یقین کے اعلیٰ مراتب پر فائز ہونے کے باوجود دلائل وبراہین کے خواہاں ہوئے تاکہ اطمینان قلب میسر ہو جائے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے:

Marfat.com

وَاِذْ قَالَ اِبْرَاهِیْمُ رَبِّ اَرِنِیْ کَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰی قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰی وَلٰکِنْ لِّیَطْمَئِنَّ قَلْبِیْ [1]

اور جب عرض کی ابراہیم علیہ السلام نے اے میرے پروردگار! مجھے دکھا تو مُردوں کو زندہ کیسے کرتا ہے؟ فرمایا کیا تجھے یقین نہیں؟ عرض کی یقین تو ہے لیکن چاہتا ہوں کہ میرا قلب مطمئن ہو جائے۔

حضرت علامہ قرطبی رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں: وَذَالِکَ اَنَّ الْاِسْتِفْھَامَ بِکَیْفَ اِنَّمَا ھُوَ سُوَالٌ عَنْ حَالَۃِ شَیْءٍ مَوْجُوْدٍ مُتَقَرِّرَ الْوُجُوْدِ عِنْدَ السَّائِلِ وَالْمَسْئُوْلِ [2] یعنی حضرت ابراہیم علیہ السلام اس بات میں ہرگز متردد نہیں تھے کیونکہ کیف سے سوال ہو رہا ہے اور کیف سے سوال اس موجود شئی کی حالت دریافت کرنے کیلئے کیا جاتا ہے جس کا وجود سائل اور مسئول دونوں کے نزدیک یقینی ہوتا ہے۔

ایسے ہی حضرت سیدنا عزیر علیہ السلام نے بھی حصول یقین کے باوصف حق تعالیٰ سے دلائل کا مطالبہ کیا تھا۔

## بینہ نمبر ا:

واضح رہے کہ امیرالمومنین سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا قول گرامی لَوْ کُشِفَ الْغِطَاءُ مَا ازْدَدْتُّ یَقِیْنًا (اگر غیبی اشیاء سے حجابات اٹھا دیئے جائیں پھر بھی میرا یقین زیادہ نہیں ہوگا) تکمیلی مراتب سے قبل عروجی منازل سے تعلق رکھتا ہے۔

---

[1] البقرہ ۲:۲۶۰ [2] الجامع لاحکام القرآن جلد سوم: ۲۹۹

Marfat.com

## بینہ نمبر ۲:

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ عروجی منازل میں جملہ عقائد کلامیہ ہم پر بدیہی تھے اوران معتقدات کے متعلق یقین، محسوسات کے یقین سے بھی زیادہ تھا مگر نزولی مدارج میں وہ یقین مستور ہوگیا اب ہم بھی عامۃ الناس کی مانند دلائل کے محتاج ہیں۔

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۸۲

مکتوب الیہ

حضرت ملا محمد صالح کولابی رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

کمالِ یقین، کمالِ قرب پر مرتب ہوتا ہے

اہلِ ایمان کی اقسام ثلاثہ

قلبی وسواس سے نجات کے طریقے

Marfat.com

# مکتوب ۱۸۲

**متن** جمعے از درویشان نشستہ بودند سخنے از خطرات و وساوسِ طالبان درمیان آوردند درین ضمن حدیثے مذکور شد کہ روزے بعضے از اصحاب خیر البشر علیہ و علیہم الصلوات والتسلیمات پیش آنسرور از خطراتِ سوءِ خود شکایت کردند آن سرور فرمود علیہ الصلوٰۃ والسلام ذٰلِکَ مِنْ کَمَالِ الْاِیْمَانِ این فقیر را در آن وقت معنی این حدیث چنین بخاطر گذشت واللّٰہ سُبحانہ اَعلم بحقیقۃِ الحال کہ کمالِ ایمان عبارت از کمالِ یقین است وکمال یقین مترتِب بر کمالِ قرب وہرچند قلب ومافوق اُورا از لطائف قربِ الٰہی جل شانہ بیشتر پیدا شود ایمان و یقین زیادہ ترخواہد بود وبے تعلقیِ او بقالب افزون ترخواہد

Marfat.com

# گشت این زمان خطرات در قالب بیشتر ظہور خواہد یافت و وساوس نامناسب تر لائح خواہد گردید پس ناچار سبب خطراتِ سوء کمال ایمان بود

**ترجمہ:** درویشوں کی ایک جماعت بیٹھی ہوئی تھی کہ طالبان طریقت کے وسواس وخطرات کے متعلق گفتگو چل پڑی۔ اس ضمن میں ایک حدیث مذکور ہوئی کہ ایک روز خیر البشر علیہ الصلوات والتسلیمات کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے بعض نے آں سرور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اپنے برے خطرات کی شکایت کی۔ آں سرور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ذٰلِکَ مِنْ کَمَالِ الْاِیْمَانِ (یہ کمال ایمان میں سے ہے) اس وقت اس حدیث کے معنی اس فقیر کے دل میں یوں آئے وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ اَعْلَمُ بِحَقِیْقَةِ الْحَالِ کہ کمال ایمان، کامل یقین سے عبارت ہے اور کمال یقین، کمالِ قرب پر مترتب ہے۔ قلب اور اس سے بالا لطائف (روح، سر، خفی، اخفیٰ) کو قرب الٰہی جل شانہ جس قدر بیشتر حاصل ہوگا ایمان ویقین اسی قدر زیادہ تر ہوگا اور قالب کے ساتھ ان کی بے تعلقی زیادہ ہوگی۔ اس وقت قالب میں خطرات بیشتر ظہور پذیر ہونگے اور نامناسب تر وسوسے ظاہر ہونگے پس لازماً بُرے خطرات کا سبب کمالِ ایمان ہوگا۔

## شرح

زیر نظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ایک حدیث کی

Marfat.com

عارفانہ انداز میں الہامی تشریح فرمار ہے ہیں کہ سالکین طریقت جب کسی شیخ کامل مکمل کے زیر ہدایت وتربیت سلوک طے کرتے ہیں تو شیخ کی توجہات قدسیہ، اذکار و اوراد اور سنت وشریعت کی پابندی کے باعث ان کے عالم امر کے جواہر خمسہ کی تطہیر و تنویر ہوجاتی ہے، اس لئے وہ عالم بالا کی طرف متوجہ وملتفت ہوجاتے ہیں اور اپنی لطافت ونورانیت کی بدولت عالم وجوب کی طرف پرواز کر جاتے ہیں۔ جتنا قرب زیادہ ہوگا اتنا ہی یقین وایمان کامل ہوگا جبکہ قالب میں کثافت وثقالت کی وجہ سے ظلمت وکدورت رہ جاتی ہے اس لئے اس پر شیطانی وسواس اور نفسانی خطرات کا غلبہ شروع ہوجاتا ہے۔ یوں لطائف خمسہ کا تکمیل وتطہیر کے بعد شیطانی حملوں سے محفوظ ہوجانا کمال ایمان ہے جس کا تذکرہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات ذٰلِکَ مِنْ کَمَالِ الْاِیْمَانِ میں فرمایا گیا ہے۔

## بیّنات

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارقام پذیر ہیں کہ سالکین طریقت کی طرح اہل ایمان کی بھی تین اقسام ہیں

۱.....مبتدی ۲.....متوسط ۳.....منتہی

مذکورہ بالا حدیث شریف میں منتہی اہل ایمان کا ذکر ہے جن کے لئے قلبی خطرات اور صدری وسواس نقصان دہ نہیں ہوتے کیونکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو خیرالبشر صلی اللہ علیہ وسلم کی پہلی صحبت میں ہی وہ کمالات میسر ہوجاتے تھے جو اولیائے امت کو شاید ہی انتہاء میں میسر ہوتے ہوں چنانچہ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز رقمطراز ہیں:

Marfat.com

صحابہ کرام .... را در اول صحبت خیر البشر علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات آن کمالات میسر می شد کہ اولیائے امت را در نہایت شاید میسر شود [1]

البتہ مبتدی اور متوسط سالکین کے لئے وسواس وخطرات زہر قاتل ہیں اس لئے انہیں استغفار، کلمہ طیبہ، تیسرا کلمہ، آیۃ الکرسی اور معوذتین کی کثرت کرنا چاہئے۔

o...... صوفیاء فرماتے ہیں کہ جب شیطانی وسواس پیدا ہوں تو سالکوں کو باطن پر اسم اللہ کی ضرب لگانا چاہئے تاکہ شیطان کا حملہ اثر انداز نہ ہو، یوں بار بار ضربیں لگانے سے شیطانی حملے کمزور اور ناپید ہو جاتے ہیں۔ اسی لئے اہل اللہ کی صحبت و معیت لازم ہے جیسا کہ آیہ کریمہ کُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِیْنَ سے عیاں ہے۔ لیکن یہ اوراد و اذکار اور ضربیں اسی وقت کارآمد اور فائدہ بخش ثابت ہوتی ہیں جب سالکین اخلاص نیت اور صدق دل کے ساتھ یہ امور سرانجام دیتے ہیں ورنہ وسواس وخیالات سے چھٹکارا حاصل نہیں ہوتا۔ بقول کسے

بر زباں تسبیح و در دل گاؤ خر

o...... واضح رہے کہ وہ صوفیاء جن کے لطائف خمسہ کی تطہیر و تکمیل ہو جاتی ہے مگر صدری وسواس اور قلبی خطرات ان کے قالب پر اثر انداز ہوتے ہیں اس قسم کے اہل تطہیر صوفیاء اول تو گناہوں سے محفوظ ہو جاتے ہیں یا گناہ کرتے کرتے بچ جاتے ہیں۔ اگر کبھی ان سے گناہ کا ارتکاب ہو جائے تو فوراً توبہ کر لیتے ہیں۔

o...... یہ امر ذہن نشین رہے کہ وسواس وخطرات سے نجات حاصل کرنے کے لئے سالکین طریقت کو اعمال واذکار کے دوران ان کے معانی ومفاہیم ملحوظ رکھنے چاہئیں تاکہ حق تعالیٰ کے جمال وجلال اور عظمت و کبریائی کا استحضار رہے۔ ایسا کرنے سے

---

[1] دفتر اول مکتوب: ۹۰

Marfat.com

انوار و تجلیات کا ورود اور عجز و نیاز پیدا ہوتا ہے یوں خیالات منتشر نہیں ہوتے بلکہ ارتکاز توجہ نصیب ہوتی ہے۔

o...... جونہی وسوسہ آئے تو اسے فوراً جھٹک کر استغفار و تلاوت و دیگر اذکار میں مشغول ہو جانا چاہئے۔

o...... وضو اور غسل سے بھی وسوسوں سے چھٹکارا حاصل کیا جا سکتا ہے۔

o...... اہل اللہ کی صحبت میں حاضر ہو جانا چاہئے جنہیں حق تعالیٰ کی طرف سے ردائے حفاظت نصیب ہوتی ہے تاکہ سالکین بھی حفاظت کے حصار میں آ جائیں۔

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۸۳

مکتوب الیہ

حضرت ملاّ محمّد معصوم کابلی رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

سالک کے لئے دنیوی تعلقات کے نقصانات

اپنی طریقت کی غیرت، نسبت کے پختہ ہونے کی علامت ہے

Marfat.com

# مکتوب ۔۱۸۳

**متن** امید است کہ تعلقاتِ شتّٰی و توجہاتِ پراگندہ کہ بر ظاہر استیلاء یافتہ اند مانع نسبتِ باطن نباشند معَ ذالک سعی نمایند کہ تخفیفی کہ در تفرقۂ ظاہر میسّر آید مبادا کہ در باطن سرایت کند و از وصول بمطلب باز دارد عیاذاً باللّٰہ سُبحانہٗ مِنْ ذالک

**ترجمہ:** امید ہے کہ مختلف تعلقات اور منتشر توجہات جو آپ پر بظاہر غلبہ پا گئے ہیں باطنی نسبت میں مانع نہیں ہونگے بایں ہمہ کوشش کریں کہ ظاہری تفرقہ میں تخفیف میسر آجائے مبادا وہ باطن میں سرایت کر جائے اور مطلوب حقیقی تک رسائی سے باز رکھے۔ عیاذاً باللہ سُبحانہٗ مِنْ ذالکَ

## شرح

زیرِ نظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز اس امر کی تلقین و تعلیم فرما رہے ہیں کہ سالکین طریقت کو ابتدائے سلوک میں قصداً دنیوی تعلقات

Marfat.com

میں مشغولیت سے قدرے کنارہ کش رہنا چاہئے تاکہ قلبی توجہات کو ارتکاز اور باطنی نسبت کو استحکام میسر ہو۔ بصورت دیگر دنیوی امور میں کلیۃً مصروفیت نسبت کیلئے باعث ضرر ہوتی ہے جو بالآخر تدریجاً سلب ہوجاتی ہے۔یوں انسان گمراہی و بے ہودگی کی اتھاہ گہرائیوں میں گرجاتا ہے۔ اَلْعِیَاذُ بِاللّٰہِ سُبْحَانَہٗ

البتہ اسباق طریقت کے تکرار سے شیخ کی نسبت منتقل و مستحکم ہوتی رہتی ہے۔ اپنے سلسلہ طریقت کے ساتھ گہری وابستگی ،لگاؤ، وفا اور غیرت ،نسبت کے پختہ ہونے کی علامت وشرط ہے جو زندگی میں پیش آمدہ حوادث ومصائب میں دستگیری کرتی ہے اور قبر وحشر میں بھی ممد ومعاون ثابت ہوگی۔ (ان شاءاللہ)

کسی شاعر نے کیا خوب کہا

خواہم کہ ہمیشہ در وفائے تو زیم
خاکے شوم و بزیرِ پائے تو زیم
مقصودِ منِ خستہ ز کونین توئی
از بہرِ تو میرم از برائے تو زیم

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۸۴

مکتوب الیہ

## حضرت ملا محمد قلیج اللہ بن قلیج خان

### موضوعات

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت ہی اصل کام ہے

شیخ کے ساتھ وفاداری بشرط استواری لازم ہے

مشائخ نقشبندیہ خلفاء راشدین کی متابعت کا خصوصی التزام کرتے ہیں

Marfat.com

# مکتوب ۔۱۸۴

**متن** اے فرزند آنچہ فردا بکار خواہد آمد متابعتِ صاحبِ شریعت است علیہ الصلوٰۃ والسلام والتحیہ احوال و مواجید و علوم و معارف و اشارات و رموز اگر بآں متابعت جمع شوند فبہا و نعمت والا جز خرابی و استدراج ہیچ نیست سید الطائفہ جنید را بعد از فوت شخصے بخواب دید و از حالش پرسید جنید در جوابِ او گفت طَاحَتِ الْعِبَارَاتُ وَفَنِيَتِ الْاِشَارَاتُ وَمَا نَفَعَنَا اِلَّا رُكَيْعَاتٌ رَكَعْنَاهَا فِيْ جَوْفِ اللَّيْلِ

**ترجمہ:** اے فرزند! جو کچھ کل کام آئے گا وہ صاحب شریعت صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت ہے۔ احوال و مواجید، علوم و معارف اور اشارات و رموز کو اگر اس متابعت کے ساتھ جمع فرمادیں تو بہت اچھا ہے ورنہ بجز خرابی اور استدراج کے کچھ نہیں ہے۔ سید الطائفہ جنید بغدادی قدس سرہٗ العزیز کو وفات کے بعد کسی شخص نے خواب میں

Marfat.com

دیکھا اوران کا حال دریافت کیا تو حضرت جنید نے اسے جواباً فرمایا...... جملہ عبارات اکارت گئیں اوراشارات فنا ہو گئے، ہمیں توان رکعتوں نے ہی فائدہ دیا جو ہم رات کے پچھلے پہر ادا کیا کرتے تھے۔

# شرح

زیرنظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز متابعت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات پر کاربند اور اسباق طریقت کا پابند رہنے کی نصیحت فرمارہے ہیں۔ دراصل دوران سلوک سالکین طریقت پر سنت و شریعت اور اوراد و وظائف کی بدولت حقائق و معارف کا انکشاف اور کیفیات واحوال کا ورود ہوتا ہے، جو ان کی معلومات میں مزید اضافے کا باعث ہوتے ہیں۔ جن کو اہل اللہ یاران طریقت میں بیان کرتے اور کتب میں تحریر بھی فرمادیتے ہیں۔ بسا اوقات سالکین ان اسرار واشارات میں اسقدر مشغول ہو جاتے ہیں کہ منزل مقصود سے توجہ ہٹ جاتی ہے جو ان کے لئے خسارے کا باعث بنتی ہے۔ چونکہ اس قسم کے اسرار وحقائق اطفالِ طریقت کیلئے کھلونوں کی حیثیت رکھتے ہیں، بنابریں طالبان طریقت کوانہیں نا قابل اعتبار واعتماد سمجھ کر شریعت مطہرہ اور سنت نبویہ کی پابندی کرنا چاہئے۔ بقول شاعر

کار کن بگزر از گفتار

کاندریں راہ کار دارد کار

**بینہ نمبر ۱**

واضح رہے کہ اگر دوران سلوک احوال ومواجید میسر نہ بھی ہوں، محض سنت و شریعت کی پابندی اور اپنے مرشد و مربی کی محبت ہی سالک کے قلب میں موجزن

Marfat.com

رہے تو ایسا سالک مبارکباد کا مستحق ہے۔ ان شاء اللہ وفاداری بشرط استواری کے زریں اصول کے تحت وہ بالآخر واصل باللہ ہو جاتا ہے۔ فھو المقصود

**بینہ نمبر۲:**

سلطان طریقت، سید الطائفہ حضرت شیخ جنید بغدادی قدس سرہٗ العزیز جو عمر بھر جلیل القدر مشائخ کی تربیت فرماتے رہے اور اسرار طریقت کی گتھیاں سلجھاتے رہے، ان کے لئے بھی نوافل تہجد ہی سودمند ثابت ہوئے جو اتباع سنت ہونے کی بنا پر باعث قربت ہیں جیسا کہ ارشادات نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات میں ہے

اَفْضَلُ الصَّلٰوۃِ بَعْدَ الْمَفْرُوْضَۃِ صَلٰوۃٌ فِیْ جَوْفِ اللَّیْلِ[1] یعنی فرض نمازوں کے بعد سب سے افضل نماز رات کے آخری حصہ میں ادائے نماز (نوافل تہجد) ہے۔

دوسری روایت میں ہے اَقْرَبُ مَا یَکُوْنُ الرَّبُّ مِنَ الْعَبْدِ فِیْ جَوْفِ اللَّیْلِ الْاٰخِرِ[2] یعنی بندۂ مومن کو رب تعالیٰ کا سب سے زیادہ قرب، رات کے آخری حصہ میں نصیب ہوتا ہے۔

**متن** فَعَلَیْکُمْ بِمُتَابَعَتِہٖ وَمُتَابَعَۃِ خُلَفَائِہِ الرَّاشِدِیْنَ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ وَاِیَّاکُمْ وَمُخَالَفَۃَ شَرِیْعَتِہٖ قَوْلاً وَ

---

[1] مسند احمد، رقم الحدیث: ۸۱۵۱ [2] سنن الترمذی، رقم الحدیث: ۳۵۰۳

Marfat.com

عَمَلاً وَاعْتِقَادًا فَاِنَّ الْاُوْلٰی یُمْنٌ وَبَرَکَۃٌ وَ الثَّانِیَۃَ شُوْمٌ وَھَلَکَۃٌ

**ترجمہ:** پس تم پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کی متابعت لازم ہے۔ قولی، عملی اور اعتقادی طور پر شریعت کی مخالفت سے بچیں کیونکہ پہلی چیز (متابعت) باعث یمن و برکت ہے اور دوسری چیز (مخالفت) باعث بربادی و ہلاکت ہے۔

## شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کی اعتقادی اور قولی وفعلی متابعت اور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت سے اجتناب کرنے کی تلقین فرما رہے ہیں کیونکہ قرآن وحدیث میں اہل ایمان کو انہی کی اطاعت وسنت کی پیروی کرنے کی تاکید فرمائی گئی ہے جیسا کہ آیہ کریمہ یَآ اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْآ اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ [1] اور عَلَیْکُمْ بِسُنَّتِیْ وَسُنَّۃِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِیْنَ الْمَھْدِیِّیْنَ تَمَسَّکُوْا بِھَا وَعَضُّوْا عَلَیْھَا بِالنَّوَاجِذِ [2] سے عیاں ہے۔

علاوہ ازیں راہ سنت ہی صراط مستقیم ہے جس پر کاربند رہنے کا حکم دیا گیا ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علٰی صاحبہا الصلوات ھٰذَا صِرَاطِیْ مُسْتَقِیْمًا فَاتَّبِعُوْہُ [3] سے آشکارا ہے اور یہی انعام یافتہ بندوں کا راستہ ہے، سورہ فاتحہ میں یہی دعا سکھائی گئی ہے جیسا کہ آیات کریمہ اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْھِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ

---

[1] النساء ۴:۵۹ [2] مشکوٰۃ: ۳۰ [3] مشکوٰۃ: ۳۰

Marfat.com

وَالشُّهَدَاءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰئِكَ رَفِيْقًا[1] اور اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ[2] سے واضح ہے۔

## بینہ نمبرا:

واضح رہے کہ مشائخ نقشبندیہ رضی اللہ عنہم متابعت نبوی علی صاحبہا الصلوات کے بعد صحابہ کرام کی بالعموم اور خلفائے راشدین کی بالخصوص اتباع کا التزام کرتے ہیں کیونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خلفائے راشدین کے طریقہ کو سنت فرمایا ہے۔

## بینہ نمبر۲:

یہ امر مستحضر رہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت سراسر یمن و برکت ہے اور سنت وشریعت کی مخالفت میں ہلاکت و بربادی اور بے برکتی و رسوائی ہے۔ اَلْعِيَاذُ بِاللّٰهِ سُبْحَانَهٗ

## بینہ نمبر۳:

یہ امر بھی ذہن نشین رہے کہ اہل طریقت کے نزدیک اپنی نسبت کی حفاظت اور اسباق طریقت پر مداومت اہم ترین امور ہیں اس لئے سالکین طریقت کو ہر حال میں انہی کو فوقیت واوّلیت وترجیح دینا چاہئے۔ بعدازاں دیگر امور تصنیف وتالیف وغیرہا میں مشغول ہونا چاہئے۔ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا اِيَّاهَا

---

[1] النساء۴:۶۹ [2] الفاتحہ ۱:۷

Marfat.com

**بینہ نمبر ۴:**

واضح رہے کہ حق تعالیٰ سبحانہ مختارِ مطلق اور موجدِ حقیقی ہے اس لئے جملہ امور اسی کے اختیار و ایجاد سے ظہور پذیر ہوتے ہیں۔ البتہ بندہ باذن اللہ ان امور میں مختار و مجاز ہوتا ہے جیسا کہ آیات کریمہ **قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ**[۱] اور **قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ**[۲] سے عیاں ہے۔

---

۱ آل عمران۳:۱۵۴ ۲ النساء۴:۷۸

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۸۵

مکتوب الیہ

حضرت شیخ منصور عرب رحمۃ اللہ علیہ

موضوع

قلبِ سلیم ہی باعثِ رحمت ہوتا ہے

Marfat.com

# مکتوب ۔ ۱۸۵

**متن** آنچہ بر ماو شما لازم است سلامتِ قلب است از گرفتاریِ مادونِ حق سُبحانہ، واین سلامتی بر تقدیری میسّر گردد کہ غیرِ اُو را سبحانہٗ بر دلِ خطورے نماند اگر فرضاً ہزار سال حیات وفا کند غیر بر دل نگذرد

**ترجمہ:** جو کچھ ہم اور تم پر لازم ہے وہ حق سبحانہٗ کے ماسوا کی گرفتاری سے اپنے قلب کی سلامتی ہے اور یہ سلامتی اسی صورت میسر ہوتی ہے کہ اس سبحانہٗ کے غیر کا دل پر کوئی گذر نہ رہے۔ اگر بفرض محال ہزار برس بھی زندگی وفا کرے پھر بھی دل پر غیر کا گذر نہ ہو۔

## شرح

زیر نظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز مکتوب الیہ کو جادہ شریعت پر استقامت گزیں اور متوجہ الی اللہ رہنے کی دعا دے رہے ہیں کیونکہ سالکین جس قدر حق تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اسی قدر اغیار کی محبت سے بیزار اور ماسوا کی گرفتاری سے نجات پاتے ہیں۔ اہل طریقت اسی کو سلامتیٔ قلب اور فنا کہتے

Marfat.com

ہیں۔ روزِ قیامت قلبِ سلیم ہی باعث مغفرت اور موجب رحمت ہوگا۔

**بلینہ:**

واضح رہے کہ ہزار برس ماسوی اللہ کے نسیان کا قول حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز کی اپنی فنائیت تامہ اور محویت کلیہ کا بیان ہے جس سے آپ ہی مختص وممتاز ہیں۔ وَاللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ بِحَقِیْقَۃِ الْحَالِ

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۸۶

مکتوب الیہ

حضرت خواجہ عبدالرحمٰن مفتی کابلی رحمۃ اللہ علیہ

موضوعات

حضرت امام ربانی رضی اللہ عنہ کے تقسیمِ بدعت سے انکار کی توجیہات

تکبیر تحریمہ سے قبل لسانی نیت بدعت ہے

طریقتِ نقشبندیہ کا انحصار سنت نبوی اور اقتدار صحابہ پر ہے

حجیّتِ قیاس اور اس کی تفصیلات

Marfat.com

# مکتُوب - ۱۸۶

**متن** گفتہ اند کہ بدعت بر دو نوع است حسنہ و سیئہ حسنہ آن عمل نیک را گویند کہ بعد از زمان آنسرور و خلفاء راشدین علیہ وعلیہم من الصلوات اتمہا ومن التحیات اکملہا پیدا شدہ باشد و رفع سنت نماید سیئہ آنکہ رافع سنت باشد این فقیر در ہیچ بدعتی ازین بدعتہا حسن و نورانیۃ مشاہدہ نمیکند و جز ظلمت و کدورت احساس نمی نماید اگر فرضاً عمل مبتدع را امروز بواسطہ ضعف بصارت بطراوت و نضارت بیند فردا کہ حدید البصر گردند دانند کہ جز خسارت و ندامت نتیجہ نداشت بیت

بوقت صبح شود ہمچو روز معلومت
کہ باکہ باختہ عشق در شب دیجور

## سید البشر میفرماید علیه و علی آله الصلوات والتسلیمات مَنْ اَحْدَثَ فِیْ اَمْرِنَا هٰذَا مَالَیْسَ مِنْهُ وَهُوَ رَدٌّ چیزیکه مردود باشد حسن از کجا پیدا کند

**ترجمہ:** بعض علماء کہتے ہیں کہ بدعت دوقسم کی ہے حسنہ اور سیئہ ۔ بدعت حسنہ اس نیک عمل کو کہتے ہیں جو حضور اکرم اور خلفائے راشدین عَلَیْهِ وَعَلَیْهِمْ مِنَ الصَّلَوَاتِ اَتَمُّهَا وَمِنَ التَّسْلِیْمَاتِ اَکْمَلُهَا کے زمانہ ظاہری میں ظاہر ہوا ہو اور رفع سنت نہ کرے اور بدعت سیئہ وہ ہے جو رافع سنت ہو مگر یہ فقیر ان بدعتوں میں سے کسی بدعت میں حسن ونورانیت مشاہدہ نہیں کرتا اور سوائے ظلمت وکدورت کے کچھ محسوس نہیں ہوتا اگر بالفرض کوئی بدعت آج ضعف بصارت کی بناء پر تازہ اور خوش نما دکھائی دیتی ہے کل جو حدت بصر دے دیں گے تو سوائے خسارہ وشرمندگی کے کچھ نتیجہ برآمد نہیں ہوگا۔ حضرت سید البشر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات فرماتے ہیں مَنْ اَحْدَثَ فِیْ اَمْرِنَا هٰذَا مَالَیْسَ مِنْهُ وَهُوَ رَدٌّ جو چیز ہی مردود ہو اس میں حسن کہاں سے ظاہر ہوگا؟۔

## شرح

زیرِ نظر مکتوب گرامی حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے معرکہ آراء مکاتیب شریفہ میں سے ہے جس میں آپ نے تقسیم بدعت سے انکار فرمایا ہے۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں بدعت کی قدرے تفصیلات بیان کردی جائیں تا کہ

Marfat.com

فہم مکتوب میں سہولت رہے۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق

﴿ ...... محدث کبیر حضرت ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ بدعت کا لغوی معنی بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں

اَلْبِدْعَۃُ کُلُّ شَیْئٍ عُمِلَ عَلٰی غَیْرِ مِثَالٍ سَابِقٍ [1] یعنی عہد گذشتہ میں جس چیز کی مثال نہ ہو اسے معمول بنالیا جائے، وہ بدعت کہلاتا ہے۔

﴿ ...... شارح بخاری حضرت علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ یوں ارقام پذیر ہیں

اَلْبِدْعَۃُ اَصْلُھَا مَا اُحْدِثَ عَلٰی غَیْرِ مِثَالٍ سَابِقٍ [2] یعنی بدعت کی اصل یہ ہے کہ ایسے امور کو ایجاد کرلیا جائے جس کی سابقہ دور میں نظیر نہ ملتی ہو۔

﴿ ...... فاضل اجل حضرت سید شریف جرجانی رحمۃ اللہ علیہ بدعت کی تعریف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

اَلْبِدْعَۃُ ھِیَ الْاَمْرُ الْمُحْدَثُ الَّذِی لَمْ یَکُنْ عَلَیْہِ الصَّحَابَۃُ وَالتَّابِعُوْنَ وَلَمْ یَکُنْ مِمَّا اقْتِضَاہُ الدَّلِیْلُ الشَّرْعِیُّ [3] یعنی بدعت ایسے نو ایجاد امر کو کہا جاتا ہے جس پر صحابہ وتابعین کرام رضی اللہ عنہم کا تعامل نہ ہو اور نہ ہی اس پر کوئی دلیل شرعی ہو۔

﴿ ...... حضرت علامہ ملا علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ یوں تحریر فرماتے ہیں:

فِی الشَّرْعِ اِحْدَاثُ مَا لَمْ یَکُنْ فِیْ عَھْدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ [4] یعنی شریعت میں بدعت اس نئے کام کو کہا جاتا ہے جو عہد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات میں نہیں تھا۔

---

[1] مرقات علیٰ مشکوٰۃ جلد اول: ۱۲۹ [2] فتح الباری شرح بخاری جلد چہارم: ۲۵۳

[3] کتاب التعریفات: ۱۹ [4] مرقات علیٰ مشکوٰۃ جلد اول: ۱۷۹

Marfat.com

✿......حضرت علامہ اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

اِنَّ الْبِدْعَةَ هِيَ الْفِعْلَةُ الْمُخْتَرَعَةُ فِي الدِّيْنِ عَلٰى خِلَافِ مَاكَانَ عَلَيْهِ النَّبِيُّ وَكَانَتْ عَلَيْهِ الصَّحَابَةُ وَالتَّابِعُوْنَ [1] یعنی بدعت اس فعل کو کہتے ہیں جو سنت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات کے خلاف وضع کیا جائے یونہی وہ صحابہ وتابعین کرام رضی اللہ عنہم کے طریقہ کے مخالف ہو۔

✿......حضرت علامہ عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی بیان فرمودہ محدثات کی دو اقسام نقل فرمائی ہیں، ملاحظہ ہوں

اَلْمُحْدَثَاتُ ضَرْبَانِ مَا اَحْدَثَ مُخَالِفًا كِتَابًا اَوْ سُنَّةً اَوْ اَثْرًا اَوْ اِجْمَاعًا فَهٰذِهٖ بِدْعَةٌ ضَلَالَةٌ وَمَا اَحْدَثَ مِنَ الْخَيْرِ لَا يُخَالِفُ شَيْئًا مِنْ ذَالِكَ فَهٰذِهٖ مُحْدَثَةٌ غَيْرُ مَذْمُوْمَةٍ [2] یعنی محدثات کی دو قسمیں ہیں ایسے امور جو قرآن یا سنت یا اثر یا اجماع کے مخالف ہوں وہ بدعت ضلالہ ہیں اور جو امور ان (کتاب وسنت واثر واجماع) کے مخالف نہ ہوں وہ محدثات محمودہ ہیں۔

جبکہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات میں مَنْ اَحْدَثَ فِيْ اَمْرِنَا هٰذَا مَالَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ [3] میں "مَالَيْسَ مِنْهُ" کی قید لگا کر اس امر کی صراحت فرمادی گئی کہ جو چیز دین اسلام کے خلاف ہو وہی قابل رد ہے اور جو چیز اسلام سے مزاحم و متصادم نہ ہو محدثات محمودہ میں سے ہے جسے حدیث میں سنت حسنہ فرمایا گیا ہے۔ بنابریں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز بدعت کی تقسیم کے قائل نہیں اور آپ کے نزدیک كُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ کی تخصیص مناسب نہیں بلکہ آپ کے نزدیک كُلُّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ عام مخصوص البعض قرار پاتا ہے اسی لئے آپ اِحْدَاث فِي الدِّيْن

---

[1] تفسیر روح البیان جلد نہم: ۲۴
[2] فتح الباری شرح بخاری جلد اول: ۳۰۲
[3] ابوداؤد جلد ثانی: ۲۸۷

Marfat.com

(خلاف کتاب وسنت وغیرہا) کو بدعت فرماتے ہیں اور ہر بدعت کو ضلالت وگمراہی کا سرچشمہ خیال کرتے ہیں۔

✿......آپ علیہ الرحمہ ایک مکتوب میں ارقام پذیر ہیں

نور سنت سنیہ را علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ ظلمات بدعتہا مستور ساختہ اند و رونق ملت مصطفویہ را علیٰ مصدرہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کدورت امور محدثہ ضائع دانیدہ عجب تر آنکہ جمعی آن محدثات را امور مستحسنہ میدانند وآں بدعتہا را حسنات می انگارند و تکمیل دین و تتمیم ملت ازاں حسنات می جویند و دراتیان آں امور ترغیب می نمایند هَدَاهُمُ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ سَوَاءَ الصِّرَاطِ مگر نمی دانند کہ دین پیش ازین محدثات کامل شدہ بود و نعمت تمام گشتہ و رضاء حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ بحصول پیوستہ کَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ[1] الخ پس کمال دین ازیں محدثات جستن فی الحقیقت انکار نمودن است بمقتضائے ایں آیہ کریمہ[2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتوں کے نور کو بدعات کی تاریکیوں نے چھپادیا ہے اور ملت مصطفوی علیٰ مصدرها الصلوٰۃ والسلام والتحیہ کی رونق کو ان نوایجاد امور کی کدورتوں نے ضائع کردیا ہے۔ کتنے تعجب کی بات ہے کہ ایک جماعت، ان بدعات کو مستحسن جانتی ہے اور ان کو نیکیاں سمجھتی ہے اور ان کے ذریعے سے دین و ملت کی تکمیل وتتمیم کرنا چاہتی ہے اور ان امور کے بجالانے کی ترغیب دیتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو سیدھے راستے کی ہدایت دے۔ یہ لوگ نہیں جانتے کہ دین ان بدعات سے پہلے مکمل ہو چکا ہے اور اللہ کی نعمتیں پوری ہو چکی ہیں اور اس کی رضا انکے حصول کے ساتھ ملی ہوئی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا آج میں نے تمہارے

[1] المائدۃ ۵: ۳ [2] دفتر اول مکتوب: ۲۶۰

Marfat.com

لئے تمہارے دین کو مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لئے دین اسلام کو پسند کر لیا۔ پس دین کا کمال ان بدعات میں سمجھنا در حقیقت اس آیہ کریمہ کے مضمون سے انکار کرنا ہے۔

۞ ......آپ ایک دوسرے مقام پر یوں تحریر فرماتے ہیں:

گذشتگان در بدعت حسنے دیدہ باشند کہ بعض افراد آنرا مستحسن داشتہ اندا ما ایں فقیر دریں مسئلہ بایشاں موافقت ندارد و ہیچ فرد بدعت را حسنہ نمیداند و جز ظلمت و کدورت دراں احساس نمی نماید قَالَ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ کُلُّ بِدْعَۃٍ ضَلَالَۃٌ و می یابد کہ دریں غربت وضعفِ اسلام سلامتی منوط باتیانِ سنت است و خرابی مربوط تحصیلِ بدعت ہر بدعت کہ باشد را در رنگِ کلند میداند کہ ہدم بنیاد اسلام می نماید و سنت را در رنگِ کوکب درخشاں می یابد کہ در شب دیجورِ ضلالت ہدایت می فرماید علماء وقت را حق سبحانہ وتعالیٰ توفیق دہاد کہ بحسنِ ہیچ بدعت لب نکشایند و باتیان ہیچ بدعت فتویٰ ندہند اگرچہ آں بدعت در نظر شاں در رنگ فلقِ صبح روشن در آید چہ تسویلات شیطان را در ماورائے سنت سلطان عظیم است [1]

ترجمہ: بعض اگلے لوگوں نے بدعات میں کوئی حسن دیکھا ہوگا کہ اس کے بعض افراد کو انہوں نے مستحسن قرار دیا۔ یہ فقیر ان سے اس مسئلہ میں اتفاق نہیں رکھتا اور کسی فرد بدعت کو "حسنہ" نہیں جانتا اور سوائے ظلمت و کدورت کے ان میں کچھ محسوس نہیں ہوتا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ہر بدعت گمراہی ہے۔ فقیر کے نزدیک اسلام کی اس غربت و کمزوری کے زمانے میں سلامتی سنت سے، اور خرابی بدعت سے وابستہ ہے۔ خواہ کوئی بدعت ہو، بدعت اس فقیر کو کدال کی صورت میں

---

[1] دفتر دوم مکتوب: ۲۳

Marfat.com

نظر آتی ہے کہ جو اسلام کی بنیاد کو ڈھا رہی ہے اور سنت کو ایک درخشاں ستارے کے رنگ میں پاتا ہے جو گمراہی کی شب تاریک میں رہنمائی کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ علماء وقت کو توفیق دے کہ کسی بدعت کے حسنہ ہونے کے متعلق زبان نہ کھولیں اور کسی بدعت کے کرنے کا فتویٰ نہ دیں اگرچہ وہ بدعت ان کی نظر میں ''فلق صبح'' کی مانند روشن ہو کیونکہ شیطانی مکر کو ماورائے سنت (بدعت) میں بڑا تسلط ہے۔

سطور بالا سے یہ امر بخوبی واضح ہو چکا ہے کہ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہٗ العزیز بدعت کی قسم اول (بدعت حسنہ) پر بدعت کا اطلاق نہیں کرتے بلکہ آپ بدعت کا اطلاق صرف دوسری قسم (بدعت سیئہ) پر ہی کرتے ہیں اور ہر بدعت کو كُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ[1] کے تحت رکھتے ہیں۔ آپ کے اس مؤقف پر جن لوگوں نے اعتراض و انکار کیا ہے وہ آپ کے علو مرتبت اور سموّ منزلت سے بے خبر ہیں۔ اگر دیانت داری سے اس مسئلے پر غور کیا جائے تو مندرجہ ذیل نتائج سامنے آتے ہیں۔

## تقسیم بدعت سے انکار کی توجیہات

۱...... حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ترویجِ سنت اور تخریب بدعت پر مامور تھے اور وہ دور بدعات وخرافات کے سیلاب کا دور تھا اور آپ بدعت سے سخت متنفر تھے۔ فقہاء نے بدعات کی تقسیم کر کے بعض بدعتوں کو جائز، مستحب، واجب وغیرہا قرار دیا اور علمی موشگافیوں کی طرف مائل ہو گئے جبکہ حضرت امام ربانی فکری و علمی انقلاب لانے اور دین اسلام کی تجدید و تعمیر میں مصروف تھے۔ آپ کی نظر آئندہ ہزار سال کی طرف مرکوز تھی اور آپ کو ملت اسلامیہ کی ڈوبتی کشتی کو بچانے کی فکر دامن گیر تھی۔

۲...... آپ مشاہدہ و یقین کی آخری منزل پر فائز تھے۔ آپ کا علم، لدنی اور حضوری

---

[1] ابوداؤد ۲/۲۷۹

Marfat.com

تھا۔ آپ مقام فقاہت سے نہیں بلکہ مقام امامت وولایت سے اس تقسیم کی نفی فرما رہے تھے۔ آپ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں اس قدر فنا ہو چکے تھے کہ جس قول و فعل کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی نسبت نہ ہوتی اس میں آپ کو کوئی حسن و جمال نظر نہ آتا۔ عشق و محبت کی دنیا میں نسبت اور رابطے کو جو اہمیت حاصل ہے وہ اصحاب قلوب سے پوشیدہ نہیں۔

۳...... جن علمائے امت نے بدعت کی تقسیم فرمائی ہے وہ ''كُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ'' میں لفظ بِدْعَةٍ کو عام مخصوص البعض قرار دیتے ہیں اور حضرت امام ربانی ''كُلُّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ'' میں لفظ ''مُحْدَثَةٍ'' کو عام مخصوص البعض قرار دیتے ہیں اور حقیقت بھی یہی ہے کہ اگر ''مُحْدَثَةٍ'' کی تخصیص کر دی جائے تو بدعت کی تقسیم کی ضرورت ہی باقی نہیں رہ جاتی۔

۴...... حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز اس امت کے مجدد اعظم ہیں۔ آپ کا بدعت حسنہ کی مطلق نفی فرمانا سدالباب کے قبیل سے ہے تاکہ عوام بدعت حسنہ کا سہارا لے کر بدعت ضلالہ میں نہ پھنس جائیں لہٰذا آپ نے تجدیدی حکمتوں کے پیش نظر یہی مناسب جانا کہ سرے سے بدعت کا دروازہ ہی بند کر دیا جائے۔

۵...... بدعت حسنہ اور بدعت ضلالہ میں فرق کرنا علمائے محققین کی ذمہ داری ہے۔ آپ نے احتیاطی تدابیر کے تحت بدعت کی تقسیم، تفریق اور تعیین کا حق عوام کے سپرد نہیں فرمایا تاکہ اس کی آڑ میں اہل ہوس، دین میں فتنہ و فساد کا دروازہ نہ کھول دیں جیسا کہ علماء سوء نے اس تقسیم سے ناجائز فائدہ اٹھایا جن کے متعلق آپ نے یوں نشاندہی فرمائی

*علماء ایں وقت رواج دہندہائے بدعت اند و محو کنندہائے سنت.... بجواز بلکہ*

Marfat.com

باستحسان او فتویٰ می دہند مردم را بر بدعت دلالت می نمایند [۱]

ترجمہ: اس زمانہ کے اکثر علماء خود ہی بدعت کے رواج دینے والے اور سنت کے مٹانے والے ہیں...... یہ لوگوں کی بدعت کی طرف راہنمائی کرتے ہیں اور بدعت کو شرعاً جائز بلکہ مستحسن قرار دے کر فتویٰ دیتے ہیں۔

۶...... آپ مجتہد ہیں اور آپ کا یہ قول اجتہاد کے قبیل سے ہے جیسا کہ آپ نے تشہد میں رفع سبابہ کا انکار فرمایا ہے۔ جس کی توجیہہ کرتے ہوئے حضرت مرزا مظہر جان جاناں شہید دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا

حضور مجدد رضی اللہ عنہ کا ترک رفع سبابہ بناء بر اجتہاد ہے'' [۲]

۷...... آپ کے نزدیک سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے اس قول ''نِعْمَ الْبِدْعَةُ هٰذِهٖ'' [۳] میں بدعت کا لغوی حقیقی معنی مراد ہے کیونکہ دور فاروقی میں بدعت کی تقسیم اور اس جیسی دیگر مصطلحات کا قطعی نام ونشان تک نہ تھا۔ نیز خلیفہ دوم کا عمل ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ وَ سُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ [۴]

سنت ہے نہ کہ بدعت حسنہ، لہٰذا حدیث کے ان الفاظ کو بدعت کی تقسیم پر محمول کرنا تکلف سے خالی نہیں۔ (فافہم)

۸...... حضرت امام ربانی نے میر محب اللہ کی طرف ایک مکتوب میں لکھا کہ

بدعت دو حال سے خالی نہیں ہے یا وہ سنت کی رافع ہوگی یا رفع سنت سے ساکت ہوگی۔ ساکت ہونے کی صورت میں وہ بالضرور سنت پر زائد ہوگی جو درحقیقت اس کو منسوخ کرنے والی ہے کیونکہ نص پر زیادتی نص کی ناسخ ہے۔ پس

[۱] دفتر دوم مکتوب: ۵۴ [۲] کلمات طیبات فارسی: ۲۹ [۳] صحیح بخاری، رقم الحدیث: ۱۸۷۱
[۴] ابن ماجہ، رقم الحدیث: ۴۲

Marfat.com

معلوم ہوا کہ بدعت خواہ کسی قسم کی ہو، سنت کی رافع اور اس کی نقیض ہوتی ہے، نہ اس میں خیر ہے نہ حسن۔ ہائے افسوس انہوں نے بدعت کے حسنہ ہونے کا کس طرح حکم دے دیا؟

## بدعت حسنہ......رافع سنت ہے

۹......حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ ارقام پذیر ہیں ملاحظہ ہو!

''جاننا چاہیے کہ بعض بدعتیں جن کو علماء ومشائخ نے حسن سمجھا ہے جب ان کو اچھی طرح ملاحظہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ سنت کو رفع کرنے والی ہیں مثلاً میت کے کفن دینے میں عمامہ کو بدعت حسنہ کہتے ہیں حالانکہ یہی بدعت، رافع سنت ہے کیونکہ عدد مسنون (تین کپڑوں) پر زیادتی نسخ ہے اور نسخ عین رفع ہے اور ایسے ہی مشائخ نے شملہ دستار کو بائیں طرف چھوڑنا پسند کیا ہے، حالانکہ شملہ کا دونوں کندھوں کے درمیان چھوڑنا سنت ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ بدعت، رافع سنت ہے۔[1]

۱۰......آپ کے نزدیک جو کام، مقصود شرع کے مطابق ہو اور صدر اول میں اس کی کوئی مثال یا اصل ثابت ہو تو اس کو بدعت حسنہ کی بجائے سنت کہا جائے گا جیسا کہ حدیث میں ہے:

مَنْ سَنَّ فِی الْاِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً فَلَهٗ اَجْرُهَا......الخ[2]

لہٰذا حدیث سے ثابت شدہ تقسیم سنت میں لفظ سنت حسنہ کا اطلاق بدعت حسنہ کے اطلاق سے بدرجہا اولیٰ ہے۔ (فتدبر)

قطب شام حضرت امام عبدالغنی نابلسی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

اِنَّ الْبِدْعَةَ الْحَسَنَةَ الْمُوَافِقَةَ لِمَقْصُوْدِ الشَّرْعِ تُسَمّٰی سُنَّةً

ترجمہ: جو بدعت حسنہ مقصود شرع کے مطابق ہو اس کو بھی سنت ہی کہا جائے گا۔

---

[1] دفتر اول مکتوب: ۱۸۶ [2] مشکوٰۃ: ۳۳

Marfat.com

۱۱...... اس مفہوم کے پیش نظر حضرت امام ربانی اور بعض علماء کے درمیان لفظ بدعت کے بارے میں اختلاف محض لفظی ہے اور وہ یہ کہ قسم اول پر بدعت کا اطلاق کرنا چاہئے یا نہیں؟

اس لفظی نزاع کی وضاحت کرتے ہوئے حضرت شاہ محمد مظہر فاروقی مجددی رحمۃ اللہ علیہ بن حضرت شاہ احمد سعید دہلوی رحمۃ اللہ علیہ یوں تحریر فرماتے ہیں:

می فرمودند کہ بدعت حسنہ نزد امام ربانی قدس سرہ داخل سنت است اطلاق بدعت برآں نمی فرمایند بموجب کُلُّ بِدْعَۃٍ ضَلَالَۃٌ ونزاع درمیان ایشاں وعلماء کہ بوجود حسن در بدعت قائل اند لفظی است [1]

ترجمہ: حضرت شاہ احمد سعید دہلوی فرمایا کرتے تھے کہ بدعت حسنہ حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک داخل سنت ہے۔ حضرت مجدد علیہ الرحمہ کُلُّ بِدْعَۃٍ ضَلَالَۃٌ کے مطابق اس پر بدعت کا لفظ نہیں بولتے اور آپ کے اور ان علماء کے درمیان جو بدعت حسنہ کے قائل ہیں صرف لفظی نزاع ہے۔

۞...... اسی ضمن میں معرب مکتوبات حضرت علامہ محمد مراد مکی رحمۃ اللہ علیہ کے ایک مفصل مضمون کا اردو ترجمہ پیش خدمت ہے، ملاحظہ ہو

معرب مکتوبات امام ربانی (محمد مراد مکی عفی عنہ) کہتا ہے کہ حضرت امام ربانی قدس سرہ نے اپنے مکاتیب شریفہ میں سے بہت سے مقامات پر بدعت کے متعلق بہت شدید رویہ اختیار فرمایا ہے اور آپ اس کے حقدار بھی تھے کیونکہ اگر آپ بدعت کے معاملہ میں یوں شدت نہ فرماتے تو سارا ہندوستان اور ماوراء النہر کا علاقہ بدعت کے اندھیروں میں ڈوب جاتا۔ بدعت کے بارے میں آپ کا یہ رویہ دوسرے علماء

---

[1] مقامات سعیدیہ: ۱۲۵

Marfat.com

اسلاف رحمہم اللہ کے اس قول کے خلاف نہیں کہ بدعت دو قسم پر ہے۔ ''حسنہ اور سیئہ'' کیونکہ حسنہ سے ان کی مراد ہر ایسی چیز ہے جس کے لئے صدر اول میں اصل موجود ہو اگرچہ اشارۃً ہی ہو جیسے مساجد کے منابر بنانا، مدارس اسلامیہ قائم کرنا، مسافر خانے تعمیر کرنا، کتابوں کی تدوین اور دلائل کی ترتیب اور اسی طرح اور بھی کئی مثالیں ہیں اور بدعت سیئہ وہ ہے کہ صدر اول میں اس کی کوئی اصل نہ ہو۔

حضرت امام ربانی علیہ الرحمہ بدعت کی قسم اول پر بدعت کا اطلاق نہیں کرتے کیونکہ اس کی اصل صدر اول میں موجود ہوتی ہے، لہٰذا ایسا شخص مبتدع اور محدث بھی نہیں کہلائے گا بلکہ آپ بدعت کا اطلاق صرف دوسری قسم پر ہی کرتے ہیں۔ دراصل اس دوسری قسم کا مرتکب ہی مبتدع اور محدث کہلانے کا سزاوار ہے اور اس بناء پر بھی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مطلقاً فرمایا...... كُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ

خلاصہ کلام یہ ہے کہ بدعت حسنہ اور سیئہ کے مسئلہ میں حضرت امام ربانی قدس سرہ اور دوسرے علماء کرام کے درمیان محض نزاع لفظی ہے کہ قسم اول پر بدعت کا اطلاق کرنا چاہیے یا نہیں۔ الغرض علماء جسے بدعت حسنہ کہتے ہیں امام ربانی کے نزدیک وہ سنت میں داخل ہے۔[1]

☆...... حضرت شاہ عبدالغنی محدث دہلوی علیہ الرحمہ حدیث ''مَنْ اَحْدَثَ فِیْ اَمْرِنَا هٰذَا'' (الخ) کے تحت فرماتے ہیں

وَلِهٰذَا قَالَ الشَّيْخُ الْمُجَدِّدُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اِنَّ الْعُلُوْمَ الَّتِیْ وَسَائِلُ لِاَمْرِ الدِّيْنِ كَالصَّرْفِ وَالنَّحْوِ دَاخِلَةٌ فِی السُّنَّةِ وَلَا يُطْلَقُ عَلَيْهَا اِسْمُ الْبِدْعَةِ فَاِنَّ الْبِدْعَةَ عِنْدَهٗ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ لَيْسَ فِيْهَا حُسْنٌ اَلْبَتَّةَ [2]

---

[1] حاشیہ مکتوبات شریفہ، دفتر اول مکتوب:۱۸۶۔ از مولانا نور احمد مرحوم امرتسری مطبوعہ نقوش پریس لاہور [2] حاشیہ انجاح الحاجہ علیٰ سنن ابن ماجہ:۳

Marfat.com

یعنی اسی بناء پر حضرت شیخ مجدد رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ ایسے علوم جو حصول دین کے ذرائع اور وسائل ہیں جیسے علم صرف ونحو، وہ سنت میں داخل ہیں اور حضرت شیخ مجدد ان پر بدعت کا اطلاق نہیں کرتے کیونکہ آپ کے نزدیک بدعت میں بالکل کوئی حسن نہیں ہے۔

مذکورہ بالا بحث و تحقیق سے یہ امر روز روشن کی طرح ظاہر ہوگیا کہ مسئلہ بدعت میں حضرت امام ربانی اور دوسرے علماء اہلسنت کے درمیان ہرگز کوئی بنیادی و حقیقی اختلاف نہیں بلکہ صرف لفظی نزاع ہے۔ مفہوم و مراد سب کے نزدیک ایک ہی ہے صرف انداز بیان اور اطلاق الفاظ میں فرق ہے۔

**بلینہ:**

حضرت علامہ محمد مراد مکی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ مسئلہ بدعت کے متعلق علمائے متقدمین اور آپ کے درمیان نزاع لفظی ہے مگر وہ علمائے متاخرین (ہم عصر اور ہم وطن علماء) جنہوں نے بدعت حسنہ کے دامن کو اتنا وسیع کردیا ہے کہ بہت سی بدعات سیئہ کو بدعات حسنہ میں داخل کردیا ہے (کفن میت میں عمامہ اور شملہ دستار کو بائیں طرف لٹکانا وغیرہا) جن کی اصل صدر اول میں نہیں پائی جاتی اور نہ ہی علمائے متقدمین نے ان کو بدعت حسنہ میں شمار کیا ہے۔ ان علمائے متاخرین اور آپ کے درمیان مسئلہ بدعت میں اختلاف لفظی نہیں بلکہ معنوی اور حقیقی اختلاف ہے۔ آپ نے مکاتیب عدیدہ میں بدعت کی علت کی بناء پر مولود خوانی سے منع فرمایا ہے لیکن یہ ممانعت شریعت مطہرہ سے متصادم خرافات اور طریقہ و انداز کی وجہ سے ہے...... نہ کہ اصل میلاد سے ...... جیسا کہ آپ نے حضرت خواجہ حسام الدین احمد رحمۃ اللہ علیہ کو لکھا:

Marfat.com

درباب مولود خوانی اندراج یافتہ بود درنفس قرآن خواندن بصوتِ حسن و در قصائد نعت ومنقبت خواندن چہ مضائقہ است ممنوع تحریف وتغیر حروف قرآن است والتزام رعایت مقاماتِ نغمہ وتردید صوت بآن بطریق الحان باتصفیق مناسب آن کہ در شعر نیز غیر مباح است اگر بر نہجے خوانند کہ تحریفے در کلماتِ قرآنی واقع نشود ودر قصاید خواندن شرائطِ مذکورہ متحقق نگردد وآن راہم بغرضِ صحیح تجویز نمایند چہ مانع

یعنی آپ نے مولود خوانی کے متعلق تحریر فرمایا کہ اچھی آواز کے ساتھ تلاوت قرآن اور نعت ومنقبت کے قصیدے پڑھنے میں کیا مضائقہ ہے...... ممنوع تو قرآنی حروف میں تحریف وتغییر کرنا، قصیدہ خوانی میں قواعد موسیقی کی رعایت کا التزام کرنا، الحان کے طریقہ سے آواز کو حلق میں پھیرنا اور اس کے مناسب تالیاں بجانا ہے جو کہ شعر میں بھی مباح نہیں ہے۔ اگر اس طریقہ سے مولود خوانی کریں کہ قرآنی کلمات میں کوئی تحریف واقع نہ ہو اور قصائد خوانی میں مذکورہ شرائط (سر، تال، وغیرہا) متحقق نہ ہوں اور اس کو بھی صحیح غرض سے تجویز کریں تو (مولود خوانی کے جائز ہونے میں) کونسی چیز مانع ہے؟[1]

**متن** **در تکفینِ میت عمامہ را بدعتِ حسنہ گفتہ اند باآنکہ ہمیں بدعت رافع سنت است چہ زیادتی بر عددِ مسنون کہ سہ ثوب باشد نسخ است ونسخ عین رفع**

---

[1] دفتر سوم مکتوب: ۷۲

Marfat.com

**ترجمہ:** متاخرین علماء، میت کے کفن میں دستار کو بدعت حسنہ کہتے ہیں حالانکہ یہ بدعت رافع سنت ہے کیونکہ عدد مسنون جو تین کپڑے ہیں ان پر زیادتی نسخ ہے اور نسخ عین رفع ہے۔

# شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ کفن میت میں عمامہ کو بدعت حسنہ قرار دینے سے رفع سنت لازم آتا ہے کیونکہ مرد کے کفن میں تین کپڑے مسنون ہیں جیسا کہ ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کُفِّنَ فِیْ ثَلَاثَۃِ اَثْوَابٍ بِیْضٍ سَحُوْلِیَّۃٍ لَیْسَ فِیْھَا قَمِیْصٌ وَلَا عَمَامَۃٌ [1] یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تین سفید سحولی کپڑوں میں کفن دیا گیا جن میں نہ قمیص تھی نہ عمامہ۔

ایک روایت میں ہے کہ جب حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کفن کے کپڑوں کی تعداد دریافت کی گئی فَقَالَتْ فِیْ ثَلَاثَۃِ اَثْوَابٍ سَحُوْلِیَّۃٍ [2] تو انہوں نے فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تین سحولی کپڑوں میں کفن دیا گیا تھا۔

اسی طرح حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

کُفِّنَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ ثَلَاثَۃِ اَثْوَابٍ نَجْرَانِیَّۃٍ اَلْحُلَّۃُ ثَوْبَانِ وَقَمِیْصُہُ الَّذِیْ مَاتَ فِیْہِ [3] یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

---

[1] بخاری کتاب الجنائز باب الکفن بلاعمامۃ جلد اول ۱۶۹

[2] (صحیح مسلم کتاب الجنائز فصل فی کفن المیت فی ثلاثۃ اثواب جلد اول ۳۰۶) [3] ابوداؤد ۲/۹۶ مکتبہ رحمانیہ لاہور

Marfat.com

تین نجرانی کپڑوں میں کفن دیا گیا جن میں دو کپڑے حلہ تھے اور ایک قمیص تھی جس میں آپ نے وصال فرمایا تھا۔

۞......خلیفہ رسول سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے وصال سے قبل ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کفن نبوی کے متعلق دریافت فرمایا: قَالَتْ فِیْ ثَلَاثَۃِ اَثْوَابٍ بِیْضٍ سَحُوْلِیَّۃٍ ..... فَنَظَرَ اِلٰی ثَوْبٍ عَلَیْہِ کَانَ یُمَرَّضُ فِیْہِ رَدْعٌ مِنْ زَعْفَرَانَ فَقَالَ اِغْسِلُوْا ثَوْبِیْ ھٰذَا وَزِیْدُوْا عَلَیْہِ ثَوْبَیْنِ فَکَفِّنُوْنِیْ فِیْھِمَا... وَفِیْ رِوَایَۃٍ فِیْھَا[1] یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تین سفید سحولی کپڑوں میں کفن دیا گیا......پھر سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے ان کپڑوں کی طرف دیکھا جن میں آپ بیمار ہوئے تھے وہ زعفران سے آلودہ تھے تو آپ نے فرمایا میرے اس کپڑے کو دھو لینا اور اس کے ساتھ مزید دو کپڑے ملا کر مجھے ان میں کفن دینا۔

دوسری روایت میں یوں ہے:

فَقَالَ اِذَا اَنَا مِتُّ فَاغْسِلُوْا ثَوْبِیْ ھٰذَا وَضُمُّوْا اِلَیْہِ ثَوْبَیْنِ جَدِیْدَیْنِ فَکَفِّنُوْنِیْ فِیْ ثَلَاثَۃِ اَثْوَابٍ[2] یعنی سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا جب میرا انتقال ہو جائے تو میرے اس کپڑے کو دھو کر اس کے ساتھ مزید دو نئے کپڑے ملا کر مجھے تین کپڑوں کا کفن دینا۔

فقہائے احناف رحمہم اللہ کے نزدیک مرد میت کا کفن تین کپڑے ہی ہے یعنی کَفَنُ الرَّجُلِ سُنَّۃٌ قَمِیْصٌ وَاِزَارٌ وَلِفَافَۃٌ بغیر گریبان اور آستین کے قمیص، ازار اور لفافہ، جن میں عمامہ نہیں ہوتا کیونکہ تُکْرَہُ الْعِمَامَۃُ فِی الْاَصَحِّ[3] کیونکہ اصح قول کے مطابق میت کو عمامہ باندھنا مکروہ ہے۔

---

[1] صحیح بخاری کتاب الجنائز جلد اول: ۱۸۶ [2] مسند احمد: ۷/۴۵

[3] نور الایضاح مع مراقی الفلاح: ۲۱۲

Marfat.com

**تنبیہ:**

واضح رہے کہ کفن میں عدد مسنون تین کپڑے ہی ہیں اس لئے ان میں عمامہ کی زیادتی سے عدد مسنون نہیں رہتا بلکہ جفت ہو جاتا ہے جو خلاف سنت اور بدعت ہے اور بدعت رافع سنت ہے جیسا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَا اَحدَثَ قَومٌ بِدعَةً اِلَّا رُفِعَ مِثلُهَا مِنَ السُّنَّةِ فَتَمَسُّکٌ بِسُنَّةٍ خَیرٌ مِن اِحدَاثِ بِدعَةٍ[1] یعنی جب کوئی قوم بدعت ایجاد کرتی ہے تو اسی کے مطابق اس قوم سے سنت اٹھالی جاتی ہے لہذا سنت پر عمل کرنا اجرائے بدعت سے بہتر ہے۔

دوسری حدیث میں یوں ہے

مَا ابتَدَعَ قَومٌ بِدعَةً فِیْ دِینِهِم اِلَّا نَزَعَ اللهُ مِن سُنَّتِهِم مِثلَهَا ثُمَّ لَا یُعِیدُهَا اِلَیهِم اِلیٰ یَومِ القِیَامَةِ[2] یعنی کوئی قوم اپنے دین میں بدعت شروع نہیں کرتی مگر اللہ تعالیٰ اس جیسی ایک سنت اس قوم سے اٹھالیتا ہے پھر اس سنت کو قیامت تک ان کی طرف واپس نہیں لوٹاتا۔ اَلعِیَاذُ بِاللهِ مِنهَا

**متن** ہم چنیں مشائخ ارسال فش را بجانب دستِ چپ مستحسن داشتہ اند و سنت در فش ارسال آن بین الکتفین است پر ظاہر است کہ ایں بدعت رافع سنت است

---

[1] مشکوٰۃ:۳۱ [2] مشکوٰۃ:۳۱

Marfat.com

**ترجمہ:** اسی طرح مشائخ نے شملہ دستار کو بائیں جانب لٹکانا مستحسن رکھا ہے حالانکہ شملہ کا دونوں کندھوں کے درمیان چھوڑنا سنت ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ بدعت رافع سنت ہے۔

# شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ عمامہ کا شملہ بائیں طرف لٹکانا بدعت ہے جس سے رفع سنت لازم آتا ہے بلکہ شملہ کو دونوں کندھوں کے درمیان لٹکانا سنت ہے جیسا کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اعْتَمَّ سَدَلَ عِمَامَتَهٗ بَيْنَ كَتِفَيْهِ[1] یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب عمامہ باندھتے تو اس کا شملہ دونوں مبارک کندھوں کے درمیان لٹکا لیتے۔

۞ ...... حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بھی دستار کا شملہ بائیں جانب لٹکانا بدعت ہے۔[2]

**بلینہ:**

واضح رہے کہ جن علمائے متاخرین نے شملہ عمامہ کو بائیں طرف لٹکانا مستحسن قرار دیا ہے شاید ان کا اس سے مقصود مُردوں کے ساتھ مشابہت ہو حالانکہ یہ عمل رافع سنت ہے جو بدعت تک لیجانے والا اور حرام تک پہنچانے والا ہے۔ انہوں نے یہ نہیں دیکھا کہ مردوں کے ساتھ مشابہت افضل ہے یا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ

---

[1] مشکوٰۃ: ۳۷۴ [2] اشعۃ اللمعات مترجم: ۵/۵۷۲

Marfat.com

علیہ وسلم کی متابعت افضل ہے کیونکہ آپ وہ ذات انور ہیں جو مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا کے شرف سے مشرف ہیں۔ لہٰذا اگر وہ مُردوں کے ساتھ مشابہت کے خواہاں ہیں تو پھر بھی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہی مشابہت کے لئے دوسروں سے افضل واولیٰ ہیں۔ بنابریں امت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت ومتابعت ہی کرنا چاہیے تاکہ مرتبۂ محبوبیت نصیب ہو سکے جیسا کہ آیہ کریمہ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ سے عیاں ہے۔ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا اِیَّاھَا

**متن** علماء در نیت نماز مستحسن داشتہ اند کہ باوجود ارادۂ قلب بزبان نیز باید گفت وحال آنکہ ازان سرور علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام ثابت نشدہ است نہ بروایت صحیح و نہ بروایت ضعیف و نہ از اصحاب کرام وتابعین عظام کہ بزبان نیت کردہ باشند بلکہ چون اقامت می گفتند تکبیر تحریمہ میفرمودند پس نیت بزبان بدعت باشد واین بدعت را حسنہ گفتہ اند واین فقیر میداند کہ این بدعت چہ جائے رفع سنت کہ رفع فرض مینماید چہ در تجویز آن اکثر مردم بزبان اکتفا مینمایند واز

Marfat.com

## غفلت قلبی باک ندارند پس درین ضمن فرضی از فرائض نماز کہ نیت قلبی باشد متروک میگردد و بفسادِ نماز میرساند

ترجمہ: بعض علماء نے نماز کی نیت میں مستحسن جانا ہے کہ باوجود قلب کے ارادہ کے زبان سے بھی نیت کہنی چاہئے حالانکہ آنحضرت علیہ وعلی آلہ الصلوٰۃ والسلام والتحیہ سے کسی صحیح حدیث یا ضعیف روایت سے ثابت نہیں ہوا اور نہ ہی اصحاب کرام و تابعین عظام سے، کہ انہوں نے زبان سے نیت کی ہو، بلکہ جب اقامت ہوتی تھی تو وہ ساتھ ہی تکبیر تحریمہ کہتے تھے۔ لہٰذا زبان سے نیت کرنا بدعت ہے اور اس بدعت کو حسنہ کہا گیا ہے حالانکہ یہ فقیر جانتا ہے کہ یہ بدعت رفع سنت تو بجائے خود رہا یہ تو فرض کو بھی رفع کرتی ہے کیونکہ اس تجویز میں اکثر لوگ زبانی نیت پر ہی اکتفا کرتے ہیں اور دل کی غفلت پر کچھ نہیں ڈرتے کہ اس ضمن میں نماز کے فرضوں میں سے ایک فرض جو نیت قلبی ہے متروک ہو جاتا ہے اور نماز کے فاسد ہونے تک پہنچا دیتا ہے۔

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز نے ابتدائے نماز میں تکبیر تحریمہ سے قبل زبان کے ساتھ نیت کرنے کو بدعت قرار دیا ہے کیونکہ اس سے رفع فرض لازم آتا ہے جو فساد نماز کا موجب ہے۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں نیت کے متعلق قدرے تفصیلات بیان کر دی جائیں تا کہ فہم مسئلہ میں سہولت رہے۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق

---

[1] مرقات جلد اول: ۳۵

Marfat.com

## نیت کا لغوی و شرعی معنی

لغتِ عرب میں نیت کا معنی قصد کرنا ہے جیسا کہ قاموس میں ہے نَوَی الشَّیْئَ اس نے کسی چیز کا قصد کیا۔

محدث کبیر حضرت ملا علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ نیت کی شرعی تعریف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں

تَوَجُّهُ الْقَلْبِ نَحْوَ الْفِعْلِ اِبْتِغَاءً لِوَجْهِ اللهِ وَالْقَصْدُ بِهَا تَمْيِيْزُ الْعِبَادَةِ عَنِ الْعَادَةِ [۱] یعنی اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے کسی فعل کی طرف قلب کا متوجہ کرنا نیت کہلاتا ہے تاکہ عبادت، عادت سے متمیّز ہو جائے۔

نیت کی تعریف یوں بھی کی گئی ہے

فَاَمَّا مَعْنَى النِّيَّةِ فَهِيَ عَزْمُ الْقَلْبِ عَلٰى فِعْلِ الْعِبَادَةِ تَقَرُّبًا اِلَى اللهِ وَحْدَهٗ [۲]

یعنی نیت کا معنی اللہ وحدہٗ کا قرب حاصل کرنے کی خاطر ادائے عبادت کیلئے قلب کا عزم کرنا ہے۔

## حکم نیت کے متعلق اختلافِ فقہاء

اِنَّ النِّيَّةَ لَازِمَةٌ فِي الصَّلٰوةِ فَلَوْ تُرِكَتْ بَطَلَتِ الصَّلٰوةُ بِاِتِّفَاقِ الْمَذَاهِبِ اِنَّ الْمَالِكِيَّةَ وَالشَّافِعِيَّةَ اِتَّفَقُوْا عَلٰى اَنَّ النِّيَّةَ رُكْنٌ مِنْ اَرْكَانِ الصَّلٰوةِ فَلَوْ لَمْ يَنْوِ الصَّلٰوةَ فَاِنَّهٗ لَا يُقَالُ لَهٗ قَدْ صَلّٰى اَصْلاً وَالْحَنَفِيَّةُ وَالْحَنَابَلَةُ اِتَّفَقُوْا عَلٰى اَنَّهَا شَرْطٌ بِمَعْنٰى اَنَّهٗ اِنْ لَمْ يَأْتِ بِهَا فَاِنَّهٗ يَكُوْنُ قَدْ صَلّٰى صَلَاةً

---

[۱] الفقہ علی المذاہب الاربعہ: ۲۰۹ [۲] الفقہ علی المذاہب الاربعہ مطبوعہ المکتبہ التجاریۃ الکبریٰ مصر: ۲۱۰

Marfat.com

بَاطِلَةً وَبِذَالِکَ تُعْلَمُ اَنَّ النِّیَّۃَ بِالْمَعْنٰی الْمُتَقَدَّمِ فَرْضٌ اَوْ شَرْطٌ لَا بُدَّ مِنْہُ عَلٰی کُلِّ حَالٍ ۔[1]

یعنی بے شک نیت نماز میں لازم ہے۔اگر نیت چھوڑ دی گئی تو تمام مذاہب کے نزدیک نماز باطل ہوجائے گی...... حضرات مالکیہ اور شافعیہ رحمۃ اللہ علیہم اس امر پر متفق ہیں کہ نیت ارکان نماز میں سے ایک رکن ہے۔پس اگر کسی نے نماز کی نیت نہیں کی تو اس کی نماز ہرگز نہیں ہوگی۔جبکہ فقہائے حنفیہ وحنابلہ کا یہ متفقہ مسلہ ہے کہ نیت نماز کیلئے شرط ہے بایں معنی کہ اگر شرط مفقود ہوئی تو نماز باطل ہوجائے گی۔اس سے یہ حقیقت عیاں ہوئی کہ نیت سابقہ معنی کے اعتبار سے فرض ہو یا شرط بہرحال یہ نماز کیلئے ضروری ہے۔

## لسانی نیت سنت سے ثابت نہیں

فقہائے احناف کے نزدیک نیت شرائط نماز میں سے ہے جو قلب کا فعل ہے اس لئے تکبیر تحریمہ سے پہلے لسانی نیت کرنے سے شرط مفقود ہوجاتی ہے جو مشروط (نماز) کے فاقد وفاسد ہونے کا باعث ہوتی ہے۔چونکہ لسانی نیت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کی سنت نہیں ہے اور نہ ہی تابعین عظام اور فقہائے اربعہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے اقوال سے ثابت ہے اس لئے یہ بدعت ہے چنانچہ اس سلسلہ میں فقہائے کرام اور علمائے اعلام کے فرمودات ملاحظہ ہوں۔

۞...... حضرت امام ابن ھمام ارقام پذیر ہیں:

قَالَ بَعْضُ الْحُفَّاظِ لَمْ یَثْبُتْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِطَرِیْقٍ صَحِیْحٍ وَلَا ضَعِیْفٍ اَنَّہٗ کَانَ یَقُوْلُ عِنْدَ الْاِفْتِتَاحِ اُصَلِّیْ کَذَا وَلَا عَنْ اَحَدٍ مِّنَ الصِّحَابَۃِ وَالتَّابِعِیْنَ بَلِ الْمَنْقُوْلُ اَنَّہٗ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی

Marfat.com

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ اِلَی الصَّلٰوۃِ کَبَّرَ وَھٰذِہٖ بِدْعَۃٌ [1]

یعنی بعض حفاظ حدیث نے کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے صحیح یا ضعیف، کسی حدیث سے یہ ثابت نہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز شروع کرتے وقت یہ الفاظ فرماتے ہوں اُصَلِّی کَذَا (کہ میں فلاں نماز ادا کرنے لگا ہوں) اور نہ ہی کسی صحابی یا تابعی (رضی اللہ عنہم) سے زبان کے ساتھ نیت کرنا ثابت ہے بلکہ احادیث مبارکہ میں یہی منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب ادائے نماز کیلئے کھڑے ہوتے تو تکبیر تحریمہ کہتے تھے۔ اس لئے زبان کے ساتھ نیت کرنا بدعت ہے۔

۞ ......حضرت علامہ احمد قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ ارقام پذیر ہیں:

لَمْ یَنْقُلْ اَحَدٌ اَنَّہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَلَفَّظَ بِالنِّیَّۃِ وَلَا عَلَّمَ اَحَدًا مِنْ اَصْحَابِہٖ التَّلَفُّظَ بِھَا وَلَا اَقَرَّہٗ عَلٰی ذَالِکَ بَلِ الْمَنْقُوْلُ عَنْہُ فِی السُّنَنِ اَنَّہٗ قَالَ مِفْتَاحُ الصَّلٰوۃِ الطُّھُوْرُ وَتَحْرِیْمُھَا التَّکْبِیْرُ وَتَحْلِیْلُھَا التَّسْلِیْمُ [2]

یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا زبان کے ساتھ لفظاً نیت کرنا منقول نہیں اور نہ ہی آپ نے صحابہ کرام میں سے کسی کو تلفظ بالنیۃ کی تعلیم دی اور نہ ہی آپ نے اس کی تلقین فرمائی۔ بلکہ کتب سنن میں آپ کا ارشاد گرامی منقول ہے کہ نماز کی کلید طہارت ہے، اس کی تحریم تکبیر (تکبیر تحریمہ) ہے اور اس کی تحلیل تسلیم ہے۔

۞ ......صاحب کبیری تحریر فرماتے ہیں:

وَفِی الْکِفَایَۃِ عَنْ شَرْحِ الطَّحَاوِیْ اَلْاَفْضَلُ اَنْ یَّشْتَغِلَ قَلْبُہٗ بِالنِّیَّۃِ وَلِسَانُہٗ بِالذِّکْرِ یَعْنِیْ التَّکْبِیْرِ وَیَدُہٗ بِالرَّفْعِ [3] یعنی کفایہ میں شرح طحاوی

---

[1] فتح القدیر مع الکفایہ جلد اول: ۲۳۲ مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

[2] المواہب اللدنیہ جلد چہارم: ۷۲ [3] کبیری شرح منیہ: ۲۹۶، فتح القدیر مع الکفایہ: ۲۳۲

Marfat.com

کے حوالہ سے نقل ہے کہ افضل یہ ہے کہ نمازی کا قلب نیت میں، زبان ذکر یعنی تکبیر تحریمہ میں اور ہاتھ اٹھنے میں مشغول ہوں۔

۞ ...... حضرت حافظ ابن قیم رقمطراز ہیں

كَانَ اِذَا قَامَ اِلَى الصَّلٰوةِ قَالَ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا قَبْلَهَا وَلَا تَلَفَّظَ بِالنِّيَّةِ اَلْبَتَّةَ وَلَا قَالَ اُصَلِّيْ لِلّٰهِ صَلٰوةً كَذَا مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ اَرْبَعَ رَكْعَاتٍ اِمَامًا اَوْ مَاْمُوْمًا وَلَا قَالَ اَدَاءً وَلَا قَضَاءً وَلَا فَرْضَ الْوَقْتِ وَهٰذِهٖ عَشْرُ بِدَعٍ لَمْ يَنْقُلْ عَنْهُ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ اَحَدٌ قَطُّ بِاَسْنَادٍ صَحِيْحٍ وَلَا ضَعِيْفٍ وَلَا مُسْنَدٍ وَلَا مُرْسَلٍ لَفْظَةً وَاحِدَةً مِّنْهَا اَلْبَتَّةَ بَلْ وَلَا عَنْ اَحَدٍ مِنَ الصِّحَابَةِ وَلَا اِسْتَحْسَنَهٗ اَحَدٌ مِنَ التَّابِعِيْنَ وَلَا الْاَئِمَّةُ الْاَرْبَعَةُ وَاِنَّمَا غَرَّ بَعْضَ الْمُتَاَخِّرِيْنَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الصَّلٰوةِ اِنَّهَا لَيْسَتْ كَالصِّيَامِ لَا يَدْخُلُ فِيْهَا اَحَدٌ اِلَّا بِذِكْرٍ فَظَنَّ اَنَّ الذِّكْرَ تَلَفُّظُ الْمُصَلِّيْ بِالنِّيَّةِ وَاَنَّ مُرَادَ الشَّافِعِيِّ بِالذِّكْرِ تَكْبِيْرَةُ الْاِحْرَامِ لَيْسَ اِلَّا وَكَيْفَ يَسْتَحِبُّ الشَّافِعِيُّ اَمْرًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ صَلَاةٍ وَاحِدَةٍ وَلَا اَحَدٌ مِنْ خُلَفَائِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَهٰذَا هَدْيُهُمْ وَسِيْرَتُهُمْ فَاِنْ اَوْجَدْنَا اَحَدَ حَرْفًا وَاحِدًا عَنْهُمْ فِيْ ذَالِكَ قَبِلْنَاهُ ...... وَلَا سُنَّةَ اِلَّا مَا تَلَقَّوْهُ عَنْ صَاحِبِ الشَّرْعِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [1]

یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب ادائے نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو اللہ اکبر کہہ کر نماز شروع فرما دیتے اور اس سے قبل کچھ نہ کہتے اور نہ زبان کے ساتھ نیت فرماتے اور نہ یوں کہتے کہ میں اللہ تعالیٰ کے لئے فلاں نماز پڑھنے لگا ہوں میرا

---

[1] زاد المعاد فی ہدی خیر العباد جلد اول ص: ۱۹۶

Marfat.com

رخ بجانب قبلہ چار رکعات بحیثیت امام یا مقتدی اور نہ ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم ادا یا قضا اور وقت فرض کے الفاظ فرماتے۔

اس طرح تکبیر تحریمہ سے پہلے ان الفاظ کے ساتھ نیت کرنے والا نمازی دس بدعتوں کا مرتکب ہوتا ہے کیونکہ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ان الفاظ میں سے کوئی لفظ سند صحیح یا ضعیف یا مسند اور مرسل کے ساتھ کسی نے قطعاً نقل نہیں کیا بلکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے کسی صحابی سے بھی منقول نہیں ہے اور نہ ہی تابعین کرام اور ائمہ اربعہ میں سے کسی نے اسے مستحب کہا ہے۔

البتہ بعض متاخرین کو حضرت امام شافعی رضی اللہ عنہ کے اس قول سے مغالطہ ہوا کہ نماز روزوں کی طرح نہیں ہے کہ جس میں کوئی نمازی ذکر کے بغیر داخل نہیں ہوتا۔ پس ان متاخرین فقہاء کو لفظ ذکر سے نمازی کا زبان کے ساتھ نیت کرنے کا گمان ہوا ہے حالانکہ ذکر سے حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی مراد تکبیر تحریمہ کے سوا کچھ بھی نہیں اور امام شافعی کسی ایسے کام کو کیسے مستحب قرار دے سکتے ہیں جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک نماز میں بھی نہیں کیا اور نہ ہی آپ کے خلفائے عظام اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے کسی نے کیا ہے اور یہی ان کا راستہ اور سیرت ہے۔ اگر ہم ان سے ایک حرف بھی کتب احادیث میں پاتے تو اسے بسر وچشم قبول کرتے۔

۞......حضرت ملا علی قاری کے نزدیک بھی تَلَفُّظ بِالنِّیَّةِ کرنے والا بدعتی ہے چنانچہ آپ فرماتے ہیں

لَا یَجُوْزُ التَّلَفُّظُ بِالنِّیَّةِ فَاِنَّهٗ بِدْعَةٌ وَالْمُتَابَعَةُ كَمَا تَكُوْنُ فِي الْفِعْلِ تَكُوْنُ فِي التَّرْكِ اَیْضًا فَمَنْ وَاظَبَ عَلٰی فِعْلٍ لَمْ یَفْعَلْهُ الشَّارِعُ فَهُوَ

Marfat.com

مُبْتَدِعٌ [1] یعنی زبان کے ساتھ نیت کرنا جائز نہیں بلکہ یہ بدعت ہے۔متابعت جیسے کسبِ فعل میں ہوتی ہے ایسے ہی ترکِ فعل میں بھی ہوتی ہے لہٰذا جس شخص نے ایسے فعل پر مواظبت کی جسے حضرت شارع علیہ السلام نے نہیں کیا وہ بدعتی ہے۔

## بیّنات

واضح رہے کہ نیت قلب کا فعل ہے اور اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُرِیْدُ الْحَجَّ ......الخ کے الفاظ دعا ہیں جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابتدائے احرام میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو سکھائے۔ چنانچہ علامہ احمد قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں وَلَقَدْ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَکْثَرَ مِنْ ثَلَاثِیْنَ اَلْفَ صَلٰوۃٍ فَلَمْ یُنْقَلْ عَنْہُ اَنَّہٗ قَالَ نَوَیْتُ اُصَلِّیْ صَلَاۃَ کَذَا وَکَذَا وَتَرْکُہٗ سُنَّۃٌ کَمَا اَنَّ فِعْلَہٗ سُنَّۃٌ [2] یعنی حضور اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی ظاہری حیاتِ طیبہ میں تیس ہزار سے زائد نمازیں ادا فرمائیں مگر آپ سے کہیں بھی یہ منقول نہیں کہ آپ نے بایں الفاظ زبان کے ساتھ نیت فرمائی ہو نَوَیْتُ اُصَلِّیْ صَلَاۃَ کَذَا وَکَذَا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا کسی فعل کو ترک کرنا بھی سنت ہے جیسا کہ آپ کا کسی فعل کو کرنا سنت ہے۔

۞......یہ امر ذہن نشین رہے کہ لسانی نیت چونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ و تابعین کرام اور آئمہ مجتہدین رضی اللہ عنہم اجمعین سے ثابت نہیں ہے اس لئے یہ سنت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات نہیں بلکہ بعض مشائخ کی سنت ہے جو لائق اعتبار نہیں۔ چنانچہ حضرت امام حسن بن عمار حنفی ارقام پذیر ہیں

فَمَنْ قَالَ مِنْ مَّشَائِخِنَا اَنَّ التَّلَفُّظَ بِالنِّیَّۃِ سُنَّۃٌ لَمْ یُرِدْ بِہٖ سُنَّۃَ

---

[1] مرقات: ۳۴ [2] مرقات جلد اول: ۳۷، المواہب اللدنیہ جلد چہارم: ۷۳

Marfat.com

النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَلْ سُنَّةُ بَعْضِ الْمَشَائِخِ [۱]

اسی طرح حضرت ملاعلی قاری تحریر فرماتے ہیں:

وَالنِّيَّةُ بِالْقَلْبِ لِاَنَّهُ عَمَلُهُ وَالتَّكَلُّمُ لَامُعْتَبَرَ بِهِ [۲]

۞...... یہ امر بھی مستحضر رہے کہ حقیقت نیت چونکہ عالم کسب سے نہ ہونے کی بناء پر غیر اختیاری ہے اس لئے اگر سالکین طریقت بعض اعمال صالحہ میں یوں نیت کر لیں کہ جو نیت ہمارے شیخ مکرم کی ہے وہی نیت ہماری ہے تو اس طرح شیخ کے صدق نیت کی بدولت مریدین کے اعمال بھی شرف قبولیت پا جائیں گے جیسا کہ حضرت سیدنا علی المرتضیٰ اور حضرت سیدنا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہما کے عمل سے ثابت ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی المرتضیٰ کو مخاطب ہو کر فرمایا بِمَا اَهْلَلْتَ يَا عَلِيُّ قَالَ بِمَآ اَهَلَّ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [۳] یعنی اے علی! احرام باندھتے وقت کیا نیت کی تھی انہوں نے عرض کیا جو نیت میرے نبی مکرم نے کی ہے وہی میری نیت ہے۔

یونہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو فرمایا: بِمَا اَهْلَلْتَ فَقُلْتُ اَهْلَلْتُ كَاِهْلَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [۴] یعنی اے ابوموسیٰ! کس نیت سے احرام باندھا ہے انہوں نے عرض کیا میں نے اسی نیت سے احرام باندھا ہے جس نیت سے میرے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے باندھا ہے۔

۞...... کاشف اسرار طریقت خواجہ محمد موسیٰ بن خواجہ عیسیٰ نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں:

---

۱ مراقی الفلاح:۸۳ ۲ مرقات:۳۶ ۳ بخاری جلد اول:۲۱۱ ۴ بخاری جلد اول:۲۱۱

Marfat.com

که چه نیت باشد و نیت برائے صلوٰۃ شرط است نماز وقتی درست باشد که نیت درست شود کَمَا قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم اَلْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ و عبداللہ سہل تستری رحمۃ اللہ علیہ می گوید النیۃ النور و محمد بن جعفر مکی رحمۃ اللہ علیہ می گوید در حروفات نیت و فرمودہ نیت آنست کہ آن حرف النون اشارۃ الی النور و حرف الیاء اشارۃ الی ید اللہ و حرف التاء اشارۃ الی ہدایت اللہ فان النیۃ نسیم الروح و ریحان و جنت نعیم پس ہمہ عملہا موقوف بہ نیت است و نیت از عالم کسب نباشد اما از عالم عطاء و خلعت الٰہی باشد از ینجا بود کہ بشر حافی بر جنازہ حسن بصری نماز نگذارد و گفت نیت را نیافتم ایں چنیں نیت در نماز باید[1]

یعنی اے عزیز! حقیقت نماز کے متعلق تو سماعت کرلیا اب نیت کا راز سنیے۔ اہل ظاہر کو کیا معلوم کہ نیت کیا ہے۔نیت نماز کے لئے شرط ہے، نماز تب ہی درست ہوگی جب نیت درست ہوگی جیسا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔حضرت عبداللہ سہل تستری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نیت ایک نور ہے اور شیخ محمد بن جعفر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ لفظ نیت تین حروف کا مجموعہ ہے اس کا حرف نون نور کی طرف اشارہ ہے، حرف یاء ید اللہ کی طرف اشارہ ہے اور حرف تاء ہدایت اللہ کی طرف اشارہ ہے۔پس نیت خوشبوئے روح، پھول اور جنت نعیم ہے اس لئے تمام اعمال نیت پر ہی موقوف ہیں اور نیت عالم کسب سے نہیں بلکہ یہ عطائے ربانی اور خلعت الٰہی ہے۔یہی وجہ ہے کہ جب حضرت شیخ بشر

[1] نوادر المعارف:۵۶ قلمی نسخہ

Marfat.com

حافی، حضرت خواجہ حسن بصری (رحمۃ اللہ علیہما) کی نماز جنازہ میں شریک نہ ہوئے تو استفسار پر فرمایا کہ مجھے حضور نیت میسر نہ تھا۔ اس طرح کی نیت نماز میں ہونی چاہئے۔
(من شاء التفصیلات فلیراجع الیٰ مذاق العارفین المجلد الرابع)

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کمالاتِ نبوت سے متصف اور حقائق الٰہیہ سے متحقق ہونے کی بناء پر علمائے راسخین اور عرفائے کاملین کے سرخیل ہیں اور مقام مشاہدہ و امامت اور مرتبہ یقین و مجددیت پر فائز المرام ہونے کی بدولت آپ پر حقائق شریعت اور اسرار نیت آشکارا ہوئے، اس لئے آپ کی مجددانہ تحقیقات، انفرادی شان اور عارفانہ تخلیقات، امتیازی مقام رکھتی ہیں۔ وَ لِلّٰہِ الْحَمْد

**متن** فَعَلَیْکُمْ بِالْاِقْتِصَارِ عَلٰی مُتَابَعَۃِ سُنَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَالْاِکْتِفَاءِ عَلٰی اِقْتِدَاءِ اَصْحَابِہِ الْکِرَامِ فَاِنَّھُمْ کَالنُّجُوْمِ بِاَیِّھِمْ اِقْتَدَیْتُمْ اِھْتَدَیْتُمْ

**ترجمہ:** پس تم پر سنت رسول اللہ علیٰ صاحبہا الصلوات کی متابعت پر اقتصار اور اقتداء صحابہ کرام پر اکتفاء کرنا لازم ہے کیونکہ وہ ستاروں کی مانند ہیں (ان میں سے) جس کی اقتداء کرو گے ہدایت پاؤ گے۔

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز سنت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات کی

Marfat.com

متابعت پر اقتصار اور اقتدائے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین پر اکتفاء کرنے کی تاکید فرمارہے ہیں کیونکہ متابعت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات مرتبۂ محبوبیت اور اتباع صحابہ رضائے الٰہی اور حصول جنت کا موجب ہیں جیسا کہ آیات کریمہ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ [1] اور وَالَّذِیْنَ اتَّبَعُوْھُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ وَاَعَدَّلَھُمْ جَنّٰتٍ......الخ [2] سے واضح ہے۔

اسی طرح ایک اور مقام پر یوں ارقام پذیر ہیں

علو این طریقہ علیہ و رفعت طبقۂ نقشبندیہ بواسطۂ التزام سنت است و اجتناب از بدعت لہٰذا اکابرِ این طریقۂ علیہ از ذکر جہر اجتناب فرمودہ بذکر قلبی دلالت نمودہ اند و از سماع و رقص و وجد و تواجد کہ در زمانِ آنسرور علیہ الصلوٰۃ والسلام و در زمانِ خلفائے راشدین نبودہ علیہم الرضوان منع فرمودہ و خلوت و اربعین کہ در صدرِ اول نبودہ بجائے آن خلوت در انجمن اختیار کردہ لاجرم نتائج عظیمہ برین التزام مترتب گشتہ است و ثمراتِ کثیرہ بر آن اجتناب متفرع شدہ از ینجاست کہ نہایت دیگراں در بدایت این بزرگواراں مندرج است و نسبتِ ایشاں فوقِ ہمہ نسبت ہا آمدہ ......

نقشبندیہ عجب قافلہ سالار اند     کہ برند از رہِ پنہاں بحرم قافلہ را
از دلِ سالکِ رہ جاذبۂ شان     می برد وسوسۂ خلوت و فکرِ چلہ را

اس طریقہ علیہ کی بزرگی اور طبقہ نقشبندیہ کی رفعت، التزام سنت کی وساطت اور اجتناب بدعت کی بدولت ہے۔ لہٰذا اس طریقہ علیہ کے اکابرین نے ذکر جہر سے اجتناب فرما کر ذکر قلبی کی تلقین فرمائی ہے اور سماع، رقص، وجد اور تواجد جو سرور عالم

---

[1] آل عمران ۳: ۳۱    [2] التوبہ ۹: ۱۰۰

Marfat.com

علیہ الصلوٰۃ والسلام کے عہد نبوت اور خلفائے راشدین علیہم الرضوان کے دور خلافت میں نہ تھے، ان سے منع فرمایا۔ گوشہ نشینی اور چلہ کشی جو دور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین میں نہ تھے کی بجائے خلوت درانجمن کو اختیار فرمایا۔ یقیناً اس التزام سنت پر عظیم نتائج مترتب ہوئے ہیں اور اس اجتناب بدعت سے کثیر ثمرات حاصل ہوئے ہیں۔ اسی وجہ سے کہا گیا ہے کہ دوسروں کی انتہاء ان بزرگوں کی ابتداء میں درج ہے اور ان کی نسبت تمام نسبتوں پر غالب آگئی ہے......

انہی وجوہات کی بنا پر آپ نے طریقہ نقشبندیہ کو بعینہٖ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا طریقہ قرار دیا ہے چنانچہ آپ کا ارشاد گرامی ملاحظہ ہو

این طریق بعینہٖ طریق اصحاب کرام است رضی اللہ تعالیٰ عنہم [1]

چونکہ سماع ورقص، وجد و تواجد، گوشہ نشینی اور خلوت گزینی جیسے امور زمانہ رسالت علیٰ صاحبہا الصلوات، عہد خلفاء اربعہ اور دور صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین میں نہ تھے۔ یہ سب بعد کی ایجادات ہیں۔ خواجگان نقشبندیہ التزام سنت، تخریب بدعت اور عمل بعزیمت کا خصوصی اہتمام وانصرام کرتے ہیں۔ اس لئے یہ حضرات کسی رقاص، مکار اور دجال سے کوئی نسبت نہیں رکھتے۔ ناصر الدین، قطب الارشاد حضرت خواجہ عبیداللہ احرار قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرماتے ہیں

خواجگانِ ایں سلسلہ علیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم بہر زراقے ورقاصے نسبت ندارند کارخانہ ایشاں بلند است [2]

بقول شاعر

---

[1] دفتر اول مکتوب: ۶۶ [2] دفتر اول مکتوب: ۲۴۳

Marfat.com

سُر کیسی ، ساز کیسا ، کیسی بزمِ سامعین
سوزِ دل کافی ہے ہم کو یار منانے کیلئے

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں سنت کے متعلق قدرے معلومات فراہم کردی جائیں تاکہ فہم مسئلہ میں سہولت رہے۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق

## سنت کی تعریفات

حضرت شیخ دکتور عبدالکریم زیدان نے الوجیز فی اصول الفقه میں سنت کی تین تعریفات بیان فرمائی ہیں جو بتغیر یسیر ہدیہ قارئین ہیں۔

لغت عرب میں سنت کے معانی چہرہ، عادت، طریقہ، سیرت اور طبیعت وغیرہا آتے ہیں۔

۞...... اَلسُّنَّۃُ الطَّرِیْقَۃُ الْمَحْمُوْدَۃُ الْمُسْتَقِیْمَۃُ وَلِذَالِکَ قِیْلَ فُلَانٌ مِّنْ اَھْلِ السُّنَّۃِ مَعْنَاہُ مِنْ اَھْلِ الطَّرِیْقَۃِ الْمُسْتَقِیْمَۃِ الْمَحْمُوْدَۃِ[1] یعنی سنت پسندیدہ راہ راست کو کہتے ہیں اسی لئے کہا جاتا ہے کہ فلاں شخص اہل سنت میں سے ہے یعنی سیدھے پسندیدہ راستہ والوں سے ہے۔

۞......اصطلاح فقہاء میں سنت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے فرض اور واجب کے علاوہ منقول نفلی عبادات یا مندوب افعال وعبادات کو کہا جاتا ہے اور کبھی کلام فقہاء میں سنت کا اطلاق بدعت کے مقابل بھی ہوتا ہے جیسے کہا جاتا ہے فُلَانٌ عَلٰی سُنَّۃٍ اِذَا عَمِلَ وِفْقَ عَمَلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَفُلَانٌ عَلٰی بِدْعَۃٍ اِذَا عَمِلَ عَلٰی خِلَافِ ذَالِکَ یعنی فلاں شخص سنت پر ہے جب اس کا عمل، عمل نبوی علٰی صاحبہا الصلوات کے موافق ہو اور فلاں شخص بدعت پر ہے جب اس کا عمل، عمل نبوی صلی اللہ

---

[1] لسان العرب: ۲۲۶

Marfat.com

علیہ وسلم کے خلاف ہو۔

✪.....علمائے اصولیین نے سنت کی تعریف یوں کی ہے

اَلسُّنَّةُ مَاصَدَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ الْقُرْآنِ مِنْ قَوْلٍ اَوْ فِعْلٍ اَوْ تَقْرِيْرٍ[1] یعنی قرآن مجید کے علاوہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے صادر ہونے والے قول، فعل یا تقریر کو سنت کہا جاتا ہے۔

اس اعتبار سے سنت، فقہی دلائل اور تشریعی مصادر میں سے ایک دلیل اور مصدر ہے۔

## تشریعی اعتبار سے سنت کی اقسام

سنت کی ذات و ماہیت کے اعتبار سے تین اقسام ہیں۔

۱.....سنت قولیہ ۲.....سنت فعلیہ ۳.....سنت تقریریہ

### سنت قولیہ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ اقوال مقدسہ جو آپ نے مختلف مواقع پر مختلف اغراض و مقاصد کی خاطر ارشاد فرمائے عموماً انہی اقوال نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات پر حدیث کا اطلاق ہوتا ہے۔ وَالْحَدِيْثُ يُطْلَقُ عَلٰى قَوْلِ الرَّسُوْلِ خَاصَّةً[2] اس اعتبار سے سنت قولیہ اور حدیث باہم مترادف ہیں۔ چند اقوال مقدسہ پیش خدمت ہیں

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ ...... طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ وَّمُسْلِمَةٍ ...... لَايُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ

---

[1] مسلم الثبوت مع شرح فواتح الرحموت.....الوجیز: ۱۶۱ [2] نورالانوار: ۱۷۹

Marfat.com

## سنت قولیہ کی تشریعی حیثیت

اقوال نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات تبھی تشریعی مصدر ہوتے ہیں جب ان میں بیان احکام اور تشریعی حیثیت مقصود ہو۔ لیکن جب یہ محض دنیوی امور سے متعلق ہوں تو ان کا تشریع سے کوئی تعلق نہیں ہوتا کیونکہ ان کا مبنیٰ وحی نہیں ہوتا، اس لئے یہ احکام کے دلائل میں سے نہ کوئی دلیل بن سکتے ہیں اور نہ ہی احکام شرعیہ کے استنباط کے لئے ماخذ اور نہ ہی اس قسم کے اقوال کی متابعت امر لازم ہوتی ہے۔ جیسا کہ مروی ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو تأبیر نخل نہ کرنے کا مشورہ دیا کیونکہ دوسرے درختوں پر عمل تلقیح نہیں کیا جاتا تھا بلکہ ہوائیں خود ہی اس عمل کو انجام دیتیں جیسا کہ آیہ کریمہ وَاَرْسَلْنَا الرِّیٰحَ لَوَاقِحَ [۱] سے عیاں ہے۔ لیکن جب بعض صحابہ کرام نے آئندہ برس کم پھل آنے کی بابت عرض کیا (کیونکہ درخت عرصہ دراز سے عمل تابیر کے عادی تھے اور انہیں اپنی طبعی حالت پر آنے کے لئے کچھ وقت درکار تھا) تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اجازت دیتے ہوئے فرمایا اَنْتُمْ اَعْلَمُ بِاَمْرِ دُنْیَاکُمْ [۲] کیونکہ یہ دنیوی امور ہیں جنہیں تم بہتر سمجھتے ہو۔

## سنت فعلیہ

یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے افعال طیبہ ہیں جیسے نماز کو اس کی ہیئت اور ارکان کے ساتھ ادا کرنا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک گواہ اور مدعی سے قسم لے کر فیصلہ فرمانا وغیرہا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے افعال طیبہ دو قسم کے ہیں کچھ تو تشریعی احکام کا مصدر

---

۱ الحجر ۲۲:۱۵ ۲ صحیح مسلم، رقم الحدیث: ۴۳۵۸

Marfat.com

بن سکتے ہیں اور کچھ تشریعی ماخذ نہیں بن سکتے۔

(الف) افعال طبعیہ وہ افعال ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بشری جبلّت اور انسانی فطرت کے اعتبار سے صادر ہوئے جیسے خورد و نوش، نشست و برخاست وغیرہا۔ یہ افعال تشریعی ماخذ نہیں ہوتے کہ ان کی پابندی کرنا امت پر لازم ہو البتہ مکلفین کے لئے مباح ضرور ہوتے ہیں۔ اس قسم کی متابعت احسن امر ہے اسی لئے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اس متابعت کے بہت حریص ہوتے تھے۔

كَانَ شَدِيْدُ الْاِتِّبَاعِ الْاٰثَارِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَنَّهٗ يَنْزِلُ مَنَازِلَهٗ وَيُصَلِّيْ فِيْ كُلِّ مَكَانٍ صَلّٰى فِيْهِ وَيُبَرِّكُ نَاقَتَهٗ فِيْ مَبَرَّكِ نَاقَتِهٖ وَنَقَلُوْا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ تَحْتَ شَجَرَةٍ فَكَانَ اِبْنُ عُمَرَ يَتَعَاهَدُهَا بِالْمَاءِ[1]

یعنی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما آثار نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات کی متابعت کا بھی بہت اہتمام فرماتے یہاں تک کہ انہی منازل پر دوران سفر قیام فرماتے جن جن مقامات پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قیام فرمایا اور جہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا فرمائی وہیں نماز ادا کرتے اور جس مقام پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی بیٹھی اسی مقام پر اپنی اونٹنی کو بٹھاتے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ ایک درخت کے نیچے استراحت فرمائی تھی، اسی لئے آپ اسے ہمیشہ پانی دیتے تاکہ محبوب کی یادگار سرسبز و شاداب رہے۔

اقبال مرحوم نے خوب کہا

---

[1] تہذیب الاسماء للنووی جلد اول ص: ۲۷۹

Marfat.com

کیفیت ہا خیزد از صہبائے عشق
ہست ہم تقلید از اسمائے عشق
کامل بسطام در تقلید فرد
اجتناب از خوردن خربوزہ کرد
عاشقی محکم شوار تقلید یار

ایسے ہی دنیوی امور جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے انسانی ملکہ ومہارت کے طور پر آپ سے صادر ہوئے تشریعی ماخذ نہیں بن سکتے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان افعال مبارکہ کو امت پر لازم نہیں فرمایا کیونکہ ان کا مبنیٰ وحی نہیں ہوتا بلکہ تجربہ ہوتا ہے جیسے غزوہ بدر کے موقعہ پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلامی لشکر کے لئے ایک معین مقام پر پڑاوٴ ڈالنے کا ارادہ فرمایا تو بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا

اَرَأَیْتَ ھٰذَا الْمَنْزِلَ أَمَنْزِلًا اَنْزَلَکَهُ اللهُ لَیْسَ لَنَا اَنْ نَتَقَدَّمَهُ وَلَا نَتَأَخَّرَ عَنْهُ أَمْ هُوَ الرَّأْیُ وَالْحَرْبُ وَالْمَکِیْدَةُ ؟ قَالَ بَلْ هُوَ الرَّأْیُ وَ الْحَرْبُ وَالْمَکِیْدَةُ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللهِ فَاِنَّ ھٰذَا لَیْسَ بِمَنْزِلٍ [1]

یعنی کیا اس مقام پر اللہ تعالیٰ نے قیام کا حکم فرمایا ہے یا یہ آپ کی ذاتی رائے اور حربی چال ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا یہ میری جنگی رائے اور حربی تدبیر ہے۔ اس پر وہ صحابی عرض گذار ہوئے ...... یہ جگہ پڑاوٴ کے لئے مناسب نہیں اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دوسرے مقام پر لشکر کے پڑاوٴ ڈالنے کا مشورہ دیا اور اس کی متعدد وجوہات عرض کیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی اس رائے

---

[1]

Marfat.com

کوشرف قبولیت سے نوازا۔

اسی قسم میں بذریعہ دعویٰ واقعات کا اثبات بھی شامل ہے جن میں غور وخوض کیا جاتا ہے کیونکہ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اندازے سے فیصلہ ہوتا ہے۔ یہ امت کے لئے تشریعی حیثیت نہیں رکھتا البتہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا بذریعہ دلائل وقوع دعویٰ کے ثابت ہو جانے پر فیصلہ دے دینا امت کے لئے قانونی حیثیت رکھتا ہے۔ اسی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ کہہ کر فرمایا تم میرے پاس جھگڑے چکانے کے لئے آتے ہو ممکن ہے تم میں کوئی چرب زبان اپنا موقف احسن انداز کے ساتھ بیان کر دے اور میں اس کے مطابق فیصلہ کر دوں ......

(ب) وہ افعال مبارکہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص ہونے کی بناء پر آپ کی خصوصیات میں سے ہیں۔ امت ان افعال میں آپ کے ساتھ شریک نہیں ہے اس لئے ان افعال میں متابعت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات درست نہیں۔ جیسے بیک وقت چار سے زائد نکاح کی بندۂ مومن کو اجازت نہیں ہے، ایسے ہی صیام وصال سے ممانعت وارد ہوئی ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ عَنِ الْوِصَالِ فِی الصَّوْمِ فَقَالَ لَهٗ رَجُلٌ اِنَّكَ تُوَاصِلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَاَیُّكُمْ مِّثْلِیْ اِنِّیْ اَبِیْتُ یُطْعِمُنِیْ رَبِّیْ وَیَسْقِیْنِیْ [1]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صیام وصال سے منع فرمایا تو ایک شخص عرض گذار ہوا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیک وسلم) آپ خود تو وصال کے روزے رکھتے ہیں۔ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں میری مثل کون ہے؟...... میں تو شب اپنے رب کے حضور بسر کرتا

[1] مشکوۃ ص: ۱۷۵

Marfat.com

ہوں وہ مجھے کھلا پلا دیتا ہے۔

(ج) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ افعال طیبہ جن کی بابت معلوم ہو کہ یہ قرآن مجید میں مجمل نص کی وضاحت کے لئے آئے ہیں تو آپ کی وہ وضاحت امت کے لئے تشریعی حیثیت رکھتی ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس وضاحتی فعل کا حکم اسی نص کے حکم کی مانند ہوگا جو کسی فعل کے وجوب اور ندب وغیرہا کو واضح کرتا ہے۔

آپ کا فعل مبارک کسی مجمل کی وضاحت (بیان) کے لئے یا تو صریح قول سے ہوتا ہے یا قرائن احوال کے ساتھ معلوم ہوتا ہے۔ صریح قول کی مثال آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی صَلُّوْا كَمَا رَأَيْتُمُوْنِيْ اُصَلِّيْ ہے جو ارشاد ربانی وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ [1] مجمل حکم کی وضاحت ہے۔ یونہی ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات خُذُوْا عَنِّيْ مَنَاسِكَكُمْ [2] ارشاد ربانی وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا [3] کی وضاحت ہے۔

ایسے ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا چور کا ہاتھ کلائی سے کاٹنے کا حکم دینا ارشاد ربانی وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْا اَيْدِيَهُمَا [4] قرینہء حال کی مثال ہے۔

(د) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ افعال مقدسہ جو آپ نے ابتداءً انجام دیئے اور ان کی واجب، مندوب اور مباح ہونے کے اعتبار سے شرعی حیثیت معلوم ہوگئی وہ امت کے لئے تشریعی حیثیت رکھتے ہیں اور مکلفین کے حق میں آپ کے ان افعال کا حکم آیہ کریمہ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ [5] کے مطابق ثابت ہو جائے گا۔

(ہ) وہ افعال طیبہ جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سرانجام دیئے لیکن ان کی شرعی

---

[1] انعام ۶:۷۲ [2] معرفۃ السنن والآثار للبیہقی، رقم الحدیث: ۳۰۷۳ [3] آل عمران ۳:۹۷

[4] المائدہ ۵:۳۸ [5] الاحزاب ۳۳:۲۱

Marfat.com

حیثیت معلوم نہ ہو...... البتہ یہ معلوم ہو کہ ان افعال کے اکتساب سے قربت مقصود ہے جیسے بعض عبادات کو بغیر مواظبت کے بجالانا...... تو اس قسم کا فعل امت کے حق میں مستحب ہوگا اور اگر کسی فعل میں قربت (ثواب) مقصود ہونے کا بھی علم نہ ہو تو اس قسم کا فعل امت کے حق میں مباح کی حیثیت رکھتا ہے جیسے مزارعت اور خرید و فروخت وغیرہا۔

## سنت تقریریہ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں کسی صحابی نے کوئی قول کیا...... یا کسی صحابی سے کوئی فعل سرزد ہوا...... یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عدم موجودگی میں کسی صحابی سے کوئی قول و فعل صادر ہوا اور آپ کو اس کا علم ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع نہ فرمایا تو اس قول یا فعل کو سنت تقریریہ کہتے ہیں۔ آپ کا سکوت اس فعل کے جواز و اباحت پر دلالت کرتا ہے۔ اگر وہ قول و فعل ناجائز ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ضرور اس کی ممانعت فرمادیتے کیونکہ رسول علیہ السلام کی یہ شان نہیں کہ وہ کسی باطل یا ناپسندیدہ قول و فعل پر خاموش رہتے، جیسے حربیوں کے بچوں کا مسجد میں کھیلنا اور آپ کا کھیل کود سے منع نہ کرنا سنت تقریریہ کی مثال ہے۔

لیکن کسی فعل پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا استبشار و استحسان اور اظہار خوشنودی محض سکوت و عدم انکار سے اظہر و اکدّ ہے جیسے منافقین حضرت اسامہ کی گہری سیاہ رنگت اور ان کے والد گرامی حضرت زید رضی اللہ عنہما کے گورا رنگ ہونے کی وجہ سے طعن کیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ یہ دونوں حضرات مسجد (نبوی) میں ایک ہی چادر اوڑھے ہوئے استراحت کر رہے تھے مگر چادر کے چھوٹا ہونے کی بناء پر دونوں کے قدم نظر آرہے تھے۔ قیافہ شناس نے دونوں کے قدم دیکھ کر کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ

Marfat.com

یہ قدم اصل اور فرع (باپ اور بیٹے) کے ہیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ انور خوشی و سرور سے تمتما اٹھا فَظَهَرَ السُّرُوْرُ عَلٰى وَجْهِ الرَّسُوْلِ عَلَيْهِ السَّلَام [1]

۞ ...... جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو یمن کا قاضی بنا کر بھیجنے کا ارادہ فرمایا تو آپ نے ان سے مخاطب ہو کر کہا...... جب کوئی مقدمہ پیش آ گیا تو کیسے فیصلہ کرو گے؟ انہوں نے عرض کیا میں کتاب اللہ کی روشنی میں فیصلہ کرونگا۔ فرمایا اگر کتاب اللہ میں نہ پاؤ تو؟...... عرض کیا میں سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق فیصلہ کروں گا۔ فرمایا اگر سنت رسول اللہ اور کتاب اللہ میں نہ پاؤ تب؟...... عرض گزار ہوئے میں اپنی رائے سے اجتہاد کروں گا اور حقیقت تک رسائی حاصل کرنے میں کوتاہی نہیں کروں گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سینے کو تھپکتے ہوئے فرمایا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ وَفَّقَ رَسُوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَا يَرْضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ [2] خدا تعالیٰ کی حمد و ستائش ہے جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نمائندے کو وہ توفیق ارزانی فرمائی جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خوش کرے۔

حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم زیارت نبوی اور صحبت مصطفوی علیٰ صاحبہا الصلوات کی بدولت تصفیہ قلوب اور تزکیہ نفوس سے شادکام تھے اس لئے ہر قسم کی نفسانی خواہشات اور ذاتی اغراض سے پاک تھے علاوہ ازیں سنت تقریریہ چونکہ صحابہ کرام کے اقوال و افعال ہیں جن پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سکوت و استبشار کی مہر تصدیق ثبت ہے، اس لئے اصولیین حنفیہ نے ان پر بھی سنت کا اطلاق کیا ہے۔

حضرت ملا جیون صدیقی رحمۃ اللہ علیہ ارقام پذیر ہیں

---

[1] حاشیہ اصول الفقہ لدکتور حسین حامد حسان: ۲۱۳ [2] ابوداؤد جلد ثانی ص: ۱۵۰

Marfat.com

اَلسُّنَّةُ تُطْلَقُ عَلٰی قَوْلِ الرَّسُوْلِ وَفِعْلِهٖ وَسُکُوْتِهٖ وَعَلٰی اَقْوَالِ الصَّحَابَةِ وَاَفْعَالِهِمْ [۱] رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قول، فعل وسکوت اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اقوال وافعال پر سنت کا اطلاق ہوتا ہے۔

اس سلسلہ میں چند احادیث نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات ملاحظہ ہوں۔

۞ تَرَکْتُ فِیْکُمْ اَمْرَیْنِ لَنْ تَضِلُّوْا مَا تَمَسَّکْتُمْ بِهِمَا کِتَابُ اللّٰهِ وَسُنَّةُ رَسُوْلِهٖ [۲] میں نے تم میں دو چیزیں چھوڑی ہیں جب تک ان دونوں پر مضبوطی سے عامل رہو گے کبھی گمراہ نہ ہو گے وہ اللہ کی کتاب اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے۔

۞ ...... اِقْتَدُوْا بِالَّذَیْنِ مِنْ بَعْدِیْ اَبِیْ بَکْرٍ وَعُمَرَ [۳] میرے بعد حضرت ابوبکر اور حضرت عمر (رضی اللہ عنہما) کی اقتداء کرنا۔

۞ ...... عَلَیْکُمْ بِسُنَّتِیْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِیْنَ الْمَهْدِیِّیْنَ [۴] تم پر میری اور میرے ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کی سنت لازم ہے۔

۞ ...... اَصْحَابِیْ کَالنُّجُوْمِ فَبِاَیِّهِمِ اقْتَدَیْتُمْ اِهْتَدَیْتُمْ [۵] میرے صحابہ ستاروں کی مانند ہیں ان میں سے جس کی اقتداء کرو گے تو ہدایت ہی پاؤ گے۔

غرضیکہ سنت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات کی متابعت اور اقتدائے صحابہ رضی اللہ عنہم پر کفایت کرنا ہی احوط واسلم وافضل واولیٰ ہے اور اسی پر طریقت نقشبندیہ کا مدار وانحصار ہے۔

---

[۱] نورالانوار:۱۷۹ [۲] مشکوٰۃ: ۳۱ [۳] مشکوٰۃ:۵۶۰ [۴] مشکوٰۃ:۳۰

[۵] مشکوٰۃ:۵۵۴

Marfat.com

**متن** اَمَّا الْقِیَاسُ وَالْاِجْتِھَادُ فَلَیْسَ مِنَ الْبِدْعَۃِ فِیْ شَیْءٍ فَاِنَّہٗ مُظْھِرٌ لِمَعْنَی النُّصُوْصِ لَا مُثْبِتُ اَمْرٍ زَائِدٍ فَاعْتَبِرُوْا یَا اُولِی الْاَبْصَارِ

**ترجمہ:** لیکن قیاس اور اجتہاد کوئی بدعت نہیں کیونکہ وہ نصوص کے معنی کو ظاہر کرتے ہیں کسی زائد امر کو ثابت نہیں کرتے پس اہل بصیرت کو عبرت حاصل کرنا چاہیے۔

# شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے ایک سوال مقدر کا جواب تحریر فرمایا ہے کہ جس طرح کفن میت میں عدد مسنون پر زیادتی، شملہٗ دستار کو بائیں طرف چھوڑنا اور ابتدائے نماز میں لسانی نیت، محدثات اور رافعِ سنت ہیں، کیا قیاس و اجتہاد بھی بدعت ہیں؟ آپ فرماتے ہیں کہ قیاس واجتہاد بدعت نہیں بلکہ یہ نصوص شرعیہ کے اجمال وابہام کی تفصیل واظہار کرتے ہیں کسی امر زائد کو ثابت نہیں کرتے۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ قیاس کے متعلق قدرے معلومات فراہم کردی جائیں۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق

## قیاس کا لغوی وشرعی معنی

علامۃ الدہر حضرت ملا جیون حنفی صدیقی رحمۃ اللہ علیہ قیاس کے لغوی اور شرعی معنی کے متعلق یوں رقمطراز ہیں

اَلْقِیَاسُ فِی اللُّغَۃِ اَلتَّقْدِیْرُ.... ھُوَ اِبَانَۃُ مِثْلِ حُکْمِ اَحَدِ الْمَذْکُوْرَیْنِ

Marfat.com

بِمِثْلِ عِلَّتِهِ الْاٰخَرِ فَاخْتِيْرَ لَفْظُ الْاِبَانَةِ لِاَنَّ الْقِيَاسَ مُظْهِرٌ لَا مُثْبِتٌ[1]

یعنی لغت عرب میں قیاس تقدیر (اندازہ لگانا) کو کہتے ہیں جیسے قَسَسْتُ الثَّوْبَ بِالذِّرَاعِ میں نے کپڑا میٹر سے ناپا......اصل کی علت کی مانند فرع میں علت کے پائے جانے کی وجہ سے فرع میں اصل کے مماثل حکم کو ظاہر کرنا قیاس کہلاتا ہے۔ اس تعریف میں لفظ ابانۃ اس لئے لایا گیا تا کہ معلوم ہو جائے کہ قیاس مظہر للحکم ہے، مثبت للحکم نہیں۔

۞......حضرت علامہ نظام الدین شاشی رحمۃ اللہ علیہ قیاس کی شرعی تعریف کرتے ہوئے ارقام پذیر ہیں اَلْقِيَاسُ الشَّرْعِيُّ هُوَ تَرَتُّبُ الْحُكْمِ فِيْ غَيْرِ الْمَنْصُوْصِ عَلَيْهِ عَلٰى مَعْنًى هُوَ عِلَّةٌ لِذَالِكَ الْحُكْمِ فِي الْمَنْصُوْصِ عَلَيْهِ یعنی اشتراکِ علت کی بنا پر منصوص علیہ کے حکم کو غیر منصوص علیہ میں جاری کرنا قیاس شرعی کہلاتا ہے۔

## حجیتِ قیاس

دین اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے، جو انسان کے تمام شعبہ ہائے حیات کے متعلق رہنمائی کرتا ہے۔ البتہ احکام اسلامیہ دو قسم کے ہیں کچھ تو صراحۃً کتاب و سنت میں موجود ہیں انہیں منصوص کہا جاتا ہے اور کچھ کتاب وسنت میں صراحۃً مذکور نہیں جن کا مجتہدین علت مشترکہ کی بناء پر منصوص علیہ پر قیاس کر کے استنباط و استخراج کرتے ہیں۔ بنابریں قیاس اصول اربعہ اور حجج شرعیہ میں سے ایک مصدر و ماخذ ہے جو احکام کا اثبات نہیں بلکہ احکام کا اظہار کرتا ہے اسی لئے جمہور اصولیین اور فقہاء کرام اس کی حجیت شرعیہ کے قائل ہیں۔ چند ایک امثلہ ہدیۂ قارئین

[1] نور الانوار: ۲۲۸

Marfat.com

ہیں۔

۞......ارشاد باری تعالیٰ ہے: فَاعْتَبِرُوْا یَا اُولِی الْاَبْصَارِ[1] اے دانش مندو! عبرت حاصل کرو۔ اس آیت مبارکہ میں اعتبار کا لفظ عبور سے مشتق ہے جیسے کہا جاتا ہے عبرتُ النھر یعنی میں دریا عبور کر کے ایک کنارے سے دوسرے کنارے کی طرف منتقل ہو گیا۔

حضرت ملاجیون رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں:

لِاَنَّ الْاِعْتِبَارَ رَدُّ الشَّیْئِ اِلٰی نَظِیْرِہٖ فَکَاَنَّہٗ قَالَ قِیْسُوا الشَّیْئَ عَلٰی نَظِیْرِہٖ[2] یعنی کسی شئی کو اس کی نظیر (مثال) کی طرف لوٹا دینا اعتبار ہے گویا فرمایا گیا کہ شئی کو اس کی مثال پر قیاس کرو۔

۞......قبیلہ بنی فزارہ کا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض گذار ہوا اِنَّ اِمْرَأَتِیْ جَآءَتْ بِوَلَدٍ اَسْوَدَ فَقَالَ ھَلْ لَکَ مِنْ اِبِلٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ مَا اَلْوَانُھَا قَالَ حُمْرٌ قَالَ ھَلْ فِیْھَا مِنْ اَوْرَقَ قَالَ اِنَّ فِیْھَا لَوُرْقًا قَالَ فَاَنّٰی تُرَاہُ قَالَ عَسٰی اَنْ یَکُوْنَ نَزَعَہٗ عِرْقٌ قَالَ وَھٰذَا عَسٰی اَنْ یَکُوْنَ نَزَعَہٗ عِرْقٌ[3]

یعنی میری بیوی نے سیاہ رنگ کا بچہ جنا ہے۔ فرمایا کیا تمہارے پاس اونٹ ہیں؟ عرض کیا ہاں۔ فرمایا ان کے رنگ کون کون سے ہیں؟ عرض گذار ہوا کہ سرخ۔ فرمایا کیا ان میں کوئی گندمی رنگ کا بھی ہے؟ عرض کی ہاں! گندمی رنگ کا بھی ہے۔ فرمایا وہ کہاں سے آ گیا؟ عرض کی ممکن ہے وہ کسی رگ کے فساد کی وجہ سے ایسا ہو گیا ہو۔ آپ نے جواباً ارشاد فرمایا وہی رگ کا فساد یہاں بھی پایا جا سکتا ہے۔

مذکورہ بالا روایت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نوزائیدہ بچے کے سیاہ

---

[1] الحشر ۵۹:۲ [2] نور الانوار: ۲۲۸ [3] سنن ابی داؤد رقم الحدیث: ۱۹۲۷

Marfat.com

رنگ کو اونٹ کے گندمی ہونے پر قیاس فرما کر امت کے لئے قیاس کی اجازت مرحمت فرمادی۔

۞ ......حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے خلیفہ رسول سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت کو نماز کی امامت پر قیاس فرما کر کہا رَضِیَہُ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِدِیْنِنَا اَفَلَا نَرْضَاہُ لِدُنْیَانَا [۱] جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو ہمارے دین (امامت نماز) کے لئے پسند فرمایا ہے تو ہم اپنے دنیوی معاملات کے لئے انہیں پسند کیوں نہ کریں؟ یونہی جب سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے مانعین زکوٰۃ کے خلاف قتال کرتے وقت زکوٰۃ کو نماز پر قیاس کرتے ہوئے کہا وَاللّٰہِ لَاُقَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَیْنَ الزَّکٰوۃِ وَالصَّلٰوۃِ تو تمام صحابہ کرام نے صدیقی رائے کی تائید کرتے ہوئے مانعین زکوٰۃ کے خلاف جہاد وقتال فرمایا۔ [۲]

۞ ......امیر المومنین سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے سیدنا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی طرف ایک مکتوب میں قیاس کرنے کی جو نصیحت فرمائی وہ ملاحظہ ہو

اَلْفَھْمُ اَلْفَھْمُ فِیْمَا یَخْتَلِجُ فِیْ صَدْرِکَ مِمَّا لَمْ یَبْلُغْکَ فِی الْکِتَابِ وَالسُّنَّۃِ اَعْرِفِ الْاَشْبَاہَ وَالْاَمْثَالَ ثُمَّ قِسِ الْاُمُوْرَ عِنْدَ ذَالِکَ فَاعْمِدْ اِلٰی اَحَبِّھَا اِلَی اللّٰہِ وَاَشْبَھِھَا بِالْحَقِّ فِیْمَا تَرٰی [۳]

یعنی خوب غور وفکر کرو اس مسئلہ کے متعلق جو تمہیں پیش آئے اور اگر اس کا حکم کتاب وسنت میں نہ ہو تو اشباہ وامثال میں غور وخوض کرکے ایک معاملہ کو دوسرے معاملہ پر قیاس کرو پھر اس پر اعتماد کرنا جسے تم اللہ تعالیٰ کے ہاں زیادہ محبوب پاؤ اور وہ

---

۱ شرح مسند ابی حنیفہ:۱/۵۳ ۲ اصول الفقہ لدکتور حسین حامد حسان:۲۵۹

۳ السنن الصغیر بیہقی جلد ۸:۴۵۴

Marfat.com

حق کے ساتھ زیادہ مشابہت رکھتی ہو۔

۞......حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے جب کوئی مسئلہ دریافت کیا جاتا تو وہ اسے قرآن مجید سے اخذ کرتے اگر قرآن کریم میں نہ ملتا تو سنت نبوی علی صاحبہا الصلوات سے مستنبط کرتے۔ اگر سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی نہ ملتا تو حضرات ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کے ارشادات عالیہ سے اخذ کرتے۔ بہ روایتے جس امر پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم متفق ہوتے اس سے اخذ کرتے فَاِنْ لَمْ یَکُنْ فِیْهِ اَمْرٌ بِرَأْیِهٖ اگر وہاں بھی نہ ملتا تو پھر اس معاملے میں اپنی رائے (قیاس) سے کام لیتے۔[1]

۞......استخراجِ مسائل کے سلسلے میں حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا طریق کار ملاحظہ ہو

اِنَّمَا اَعْمَلُ اَوَّلاً بِکِتَابِ اللّٰهِ ثُمَّ بِسُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ اَقْضِیَةِ اَبِیْ بَکْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ وَعَلِیٍّ ثُمَّ اَقْضِیَةِ الصَّحَابَةِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ ثُمَّ اَقِیْسُ بَعْدَ ذَالِکَ[2]

یعنی میں پہلے کتاب اللہ پر عمل کرتا ہوں...... پھر سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر...... پھر حضرات ابوبکر، عمر، عثمان اور علی رضی اللہ عنہم کے فیصلوں پر...... پھر دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے فیصلوں پر...... پھر اس کے بعد قیاس کرتا ہوں۔

ایک اور مقام پر آپ یوں فرماتے ہیں اِنِّیْ اُقَدِّمُ الْعَمَلَ بِالْکِتَابِ ثُمَّ بِالسُّنَّةِ ثُمَّ بِاَقْضِیَةِ الصِّحَابَةِ مُقَدَّمًا مَااتَّفَقُوْا عَلٰی مَا اخْتَلَفُوْا وَحِیْنَئِذٍ اَقِیْسُ[3]

میں کتاب اللہ پر عمل سب سے مقدم رکھتا ہوں، پھر سنت نبوی علی صاحبہا

[1] سنن دارمی: ۳۳ [2] اصول اربعہ فی تردید الوہابیہ: ۱۱۲ [3] الخیرات الحسان

Marfat.com

الصلوات پر، پھر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے متفقہ فیصلوں پر، پھر صحابہ کرام کے مختلف فیہ اقوال پر، پھر سب سے آخر میں قیاس کرتا ہوں۔

واضح رہے کہ فقہائے حنفیہ کے نزدیک مجتہدین صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی روایت فرمودہ احادیث نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات پر عمل کرنا قیاس کے مقابلے میں اولیٰ ہے جیسا کہ روایت میں ہے کہ ایک مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو نماز پڑھا رہے تھے کہ ایک اعرابی رضی اللہ عنہ ادائے نماز کے لئے آئے اور ضعف بصر کی وجہ سے گڑھے میں گر گئے تو بعض مقتدی صحابہ کرام بتقاضائے بشریت ہنس پڑے۔ نماز سے فراغت کے بعد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مَنْ ضَحِکَ مِنْکُمْ قَہْقَہَۃً فَلْیُعِدِ الْوُضُوْءَ وَالصَّلٰوۃَ جَمِیْعًا تم میں سے جو قہقہہ لگا کر ہنسا ہے وہ وضو اور نماز دونوں کا اعادہ کرے۔ حالانکہ قیاس کا تقاضا یہ تھا کہ وضو نہ ٹوٹتا کیونکہ نقض طہارت کی علت خروج نجاست ہے لیکن اس قیاس کو ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے ترک کر دیا گیا اور حدیث پاک پر عمل کیا گیا[1]

ایسے ہی حفظ وعدالت میں معروف رواۃ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی روایات اگر مجتہدین صحابہ کرام کے قیاس کے مخالف ہوں تو قیاس پر عمل کرنا اولیٰ ہے جیسا کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اَلْوُضُوْءُ مِمَّا مَسَّتْہُ النَّارُ آگ پر پکائی گئی چیز کے استعمال سے وضوء کرنا ہوگا تو اس پر حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے انہیں کہا اَرَأَیْتَ لَوْ تَوَضَّأْتَ بِمَآءٍ سَخِیْنٍ اَکُنْتَ تَتَوَضَّأُ مِنْہُ فَسَکَتَ آپ کی اس بارے میں کیا رائے ہے کہ اگر آپ گرم پانی سے وضو کریں تو کیا آپ کو دوبارہ وضوء کرنا پڑے گا؟ ..... اس پر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ خاموش ہو گئے۔

---

[1] اصول الشاشی مع حاشیہ: ۷۵

Marfat.com

اِنَّمَا رَدَّهٗ بِالْقِيَاسِ اِذْ لَوْ كَانَ عِنْدَهٗ خَبَرٌ لَرَوَاهُ حالانکہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بذریعہ قیاس اس روایت کو مسترد کر دیا۔ حضرت امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے معانی الآثار میں متعدد روایات نقل فرمائی ہیں جن میں روایت ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کا حکم منسوخ ہے۔[1]

**بلینہ:**

واضح رہے کہ جو قیاس شریعت مطہرہ، سنت نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات، اقوال صحابہ اور فتاویٰ آئمہ کے مخالف ہو وہ ناقابل اعتبار اور مذموم قیاس ہے۔ ایسے ہی قیاس کے متعلق امیر المؤمنین سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا ارشاد گرامی ہے اِيَّاكُمْ وَاَصْحَابَ الرَّأْيِ[2] اہل رائے سے بچو! حضرت امام اعظم علیہ الرحمہ کا قول گرامی ہے اَلْبَوْلُ فِي الْمَسْجِدِ اَحْسَنُ مِنْ بَعْضِ قِيَاسَاتِهِمْ[3] لوگوں کے بعض قیاس مسجد میں بول کرنے سے بھی بدتر ہوتے ہیں۔

---

[1] اصول الشاشی: ۷۵ وغیرہا [2] اصول سرخسی جلد ثانی: ۱۳۴ [3] تہذیب التہذیب: ۳۴۳/۱۱

من شاء التفصيلات فليراجع الى المطوّلات

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۸۷

مکتوب الیہ

حضرت خواجہ محمّد اشرف کابلی رحمۃ اللہ علیہ

موضوعات

تصوّر شیخ کی اہمیّت

کلمہ طیبہ تصوّرِ شیخ کا بیّن ثبوت ہے

Marfat.com

# مکتوب - ۱۸۷

**متن** بدانند کہ حصولِ رابطۂ شیخ مر مرید را بے تکلف و بے تعمل علامتِ مناسبتِ تام است درمیان پیر و مرید کہ سببِ افادہ و استفادہ است و ہیچ طریقے اقرب بوصول از طریقِ رابطہ نیست

**ترجمہ:** جاننا چاہیے کہ مرید کے لئے تکلف اور تصنع کے بغیر رابطہ شیخ کا حصول پیر اور مرید کے درمیان کامل مناسبت کی علامت ہے جو افادہ اور استفادہ کا سبب ہے اور وصول الی اللہ کیلئے طریق رابطہ (تصور شیخ) سے زیادہ اقرب ترین کوئی راستہ نہیں ہے۔

## شرح

زیر نظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز تصور شیخ کی اہمیت وفضیلت کا تذکرہ فرما رہے ہیں کیونکہ تصور شیخ وصول الی اللہ کیلئے سب سے زیادہ مؤثر واقرب طریقہ ہے۔ درحقیقت جب کوئی سالک راہ سلوک طے کرتا ہے تو عالم وجوب کے ساتھ عدمِ مناسبت کی وجہ سے عالم وجوب کے فیوض وبرکات سے محروم

Marfat.com

رہتا ہے۔لہٰذا درمیان میں ذوجھتین واسطہ ہونا چاہیے جس کا غیب الغیب کے ساتھ بے کیف اتصال بھی ہو اور عالم شہادت کی طرف مراجعت کی بدولت منصب دعوت وارشاد پر متمکن بھی ہو، جس کی وساطت سے سالک عالم قدس کے انوار وتجلیات اور فیوض وبرکات سے مالا مال ہو سکے، اسی کو شیخ کامل مکمل کہتے ہیں۔

بقول شاعر

زاں روئے کہ چشم تست احول
مقصود تو پیر تست اول

جس کی صحبت وزیارت مرید کیلئے فضل وفتوحات کا باب اول ہوتی ہے بصورت دیگر شیخ کی صورت کو قلب میں محفوظ رکھنا رابطہ (تصور شیخ) کہلاتا ہے جو سالک کیلئے منفعت کے اعتبار سے ذکر سے بھی زیادہ سودمند ہوتا ہے اور یہ دولت عظمیٰ اور نعمت قصویٰ بغیر کسی تکلف کے ہزاروں میں سے کسی ایک کو نصیب ہوتی ہے۔ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا اِیَّاھَا

**بلینہ:**

واضح رہے کہ کلمہ طیبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ پڑھتے وقت رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی معین ومشخص ذات انور کا تصور، رابطہ (تصور شیخ) کا بیّن ثبوت ہے۔کتب احادیث میں شمائل نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات کا بالالتزام تذکرہ اسی امر کا غماز ہے۔علاوہ ازیں تعلیم وتدریس کے دوران شاگردوں کا استاد کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کرنا بھی تصور استاد پر ہی موقوف ہوتا ہے۔ یوں ہی دوران سلوک افاضہ واستفاضہ کیلئے اپنے شیخ کا تصور اور زیارت، مریدین کیلئے باعث قرب ہے۔

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۸۸

مکتوب الیہ

حضرت خواجہ محمّد صدّیق بدخشی رحمۃ اللہ علیہ

موضوعات

عالمِ امر کے لطائفِ ثلاثہ قلب کے ماتحت ہوتے ہیں
صاحبِ تصرّف شیخ مرید کا مشرب تبدیل کر سکتا ہے
ظاہری اثرات اور باطنی برکات کا باہمی تعلق

Marfat.com

# مکتُوب ۔ ۱۸۸

**متن** محبت آثارا اختفائے بعضے از لطائف در مرتبۂ قلب مقصور براں لطائف است کہ قلب متضمنِ آنہا است نہ آن لطائف کہ در ماورائے قلب تحقق دارند کہ اختفائے آنہا در مرتبۂ قلب معنی ندارد

**ترجمہ:** اے محبت کے نشان والے ! بعض لطائف کا مرتبۂ قلب میں پوشیدہ رہنا صرف انہی لطائف پر موقوف ہے جو قلب کے ضمن میں ہیں نہ کہ ان لطائف کا جو ماورائے قلب متحقق ہیں کیونکہ ان کا مرتبۂ قلب میں پوشیدہ ہونا کوئی معنی نہیں رکھتا۔

## شرح

زیر نظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز تین سوالات کے جوابات مرحمت فرمارہے ہیں سوال اول کا جواب ملاحظہ ہو۔

جب کوئی سالکِ راہِ طریقت کسی شیخ کامل مکمل کے زیرِ نگرانی باقاعدہ سلوک

Marfat.com

طے کرتا ہے اور سنت وشریعت کی پابندی کے ساتھ اذکار واوراد کا التزام کرتا ہے تو انوار وتجلیات اور فیوض و برکات کا ورود ونزول اس کے قلب پر شروع ہو جاتا ہے...... ماسوی اللہ اور اشیائے متکثرہ اس کے زاویہء یادداشت سے گم ہو جاتے ہیں......اور محبت الٰہیہ اس کے قلب ونظر پر مستولی ہو جاتی ہے جسے اہل طریقت فنائے قلبی سے موسوم کرتے ہیں (جبکہ فنائے نفس کے دوران سالکین کو اپنا آپ بھی بھول جاتا ہے)۔

جبھی جا کے مکتبِ عشق میں درسِ مقامِ فنا لیا
جو لکھا پڑھا تھا نیاز نے سبھی صاف دل سے بھلا دیا

لطیفہ قلب کی جامعیت کی بناء پر لطیفہ روح اور لطیفہ سر، قلب کے ماتحت ہوتے ہیں اس لئے ان میں بھی لطیفہ قلب کی برکات واثرات نفوذ وسرایت کر جاتے ہیں۔ چونکہ لطائف ثلاثہ (قلب، روح، سر) مکلّف بالشرع ہیں اس لئے ان تینوں لطائف کے دوران سالکین عبادات واعمال صالحہ کے بڑے حریص ہوتے ہیں جبکہ لطیفہ خفی اور لطیفہ اخفیٰ قلب کے ماتحت نہیں بلکہ اس سے ماوراء ہوتے ہیں۔

**متن** شخصے را کہ استعدادش تا مرتبۂ قلب یا روح است پیرِ صاحبِ تصرّف تواند او را بمراتبِ فوق رسانید اما ایں جا دقیقہ ایست کہ بحضور تعلق دارد بتحریر بیانِ آن متعسّر است

**ترجمہ:** جس شخص کی استعداد مرتبہ قلب یا روح تک ہے صاحب تصرف پیر اسے

Marfat.com

اعلیٰ مراتب تک پہنچا سکتا ہے۔ لیکن یہاں ایک باریک نکتہ ہے جو روبرو ہونے سے تعلق رکھتا ہے اسے تحریر میں لانا دشوار ہے۔

# شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز سوال دوم کا جواب مرحمت فرمارہے ہیں، چونکہ تخلیق استعداد حق تعالیٰ سبحانہ کا کام ہے اس لئے شیخ کسی مرید میں روحانی استعداد تو پیدا نہیں کر سکتا البتہ کسی صاحب استعداد مرید کو صاحب تصرف شیخ توجہات قدسیہ اور تصرفات باطنیہ کے ذریعے مراتب عالیہ پر پہنچا بھی سکتا ہے اور کسی دوسرے مشرب سے نکال کر محمدی المشرب بھی بنا سکتا ہے مگر صاحب تصرف شیخ خال خال ہوتے ہیں۔ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے اپنے صاحبزادہ کلاں حضرت خواجہ محمد صادق قدس سرہٗ العزیز کو بذریعہ تصرف موسوی المشرب سے محمدی المشرب بنا دیا تھا۔

## متن چوں ظاہر برنگِ باطن متلوِن شود و باطن بلونِ ظاہر منصبغ گردد چہ دشوار است کہ احکام ظاہر در باطن واحوال باطن در ظاہر پیدا آید

**ترجمہ:** جب ظاہر، باطن کے رنگ سے رنگین ہو جائے اور باطن، ظاہر کے رنگ سے رنگا جائے تو کیا دشوار ہے کہ ظاہری احکام باطن میں اور باطنی احوال ظاہر میں نمایاں ہو جائیں۔

Marfat.com

# شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز سوال سوم کا جواب تحریر فرما رہے ہیں دراصل ظاہراور باطن کا باہم چولی دامن کا ساتھ ہے۔ ظاہر کے اثرات باطن پر مرتب ہوتے ہیں اور باطنی برکات ظاہر سے عیاں ہوتی ہیں۔ چونکہ علمائے حقیقت اورعرفائے طریقت کے ظاہر، باطن سے اور باطن، ظاہر سے رنگین ہوتے ہیں اس لئے ان کی ذوات نہایت پرکشش اور شخصیات جاذبِ نظر ہوتی ہیں۔ بنابریں وہ لوگوں کے لئے سراپا رشد وہدایت اور باعثِ برکت ورحمت ہوتے ہیں۔ شاید حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے ارشادگرامی ''جس کو ہماری چپ سے فائدہ نہیں اس کو ہمارے بولنے سے بھی فائدہ نہیں'' کا یہی مفہوم ہو۔

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۸۹

مکتوب الیہ

حضرت خواجہ شرف الدین حسین بدخشی رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

اہلُ اللہ کی محبت حصولِ برکات کی موجب ہے
دنیوی امور فانی ہونے کی وجہ سے لائق اعتبار نہیں
سالکین طریقت کے لئے پانچ اہم نصیحتیں

Marfat.com

# مکتُوب - ۱۸۹

**متن** مکتوب شریف فرزندے ارجمندے اعزے ارشدے شرف الدین حسین وصول یافت موجب فرحت و باعثِ بہجت گردید چہ نعمتی است کہ باوجودِ گرفتاریہائے لاطائل فقراءِ دوراز کاراز یاد نرفتہ اند این معنی یاد از شدتِ مناسبت می دہد کہ سببِ افادہ واستفادہ است

**ترجمہ:** فرزند ارجمند، عزیز وسعادت مند شرف الدین حسین کا مکتوب شریف وصول پایا جو فرحت وشادمانی کا موجب وباعث ہوا۔ کتنی عظیم نعمت ہے کہ بے فائدہ تعلقات میں گرفتاریوں کے باوجود، دور دراز فقراء کی یاد کو فراموش نہیں کیا۔ اس قسم کی یاد سے اہل اللہ کے ساتھ گہری مناسبت کا پتہ چلتا ہے جو افادہ واستفادہ کا سبب ہے۔

Marfat.com

# شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ اہل دنیا کے قلوب کا دنیوی مصروفیات کے باوجود اہل اللہ کی یاد سے معمور ہونا ان کے ساتھ گہری مناسبت کا آئینہ دار ہے۔ یہی شدتِ مناسبت اور غایت ارادت اہل اللہ سے فیوض و برکات اور دعاؤں کے حصول کا موجب ہوتی ہے۔ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا اِیَّاھَا

**متن** اے فرزند بطراوتِ دنیائے دنی فریفتہ نشوی و بکروفر بے معنیِ او مفتون نگردی کہ بے مدار و بے اعتبار است امروز اگر ایں معنی معقولِ شما نشود فردا البتہ معقول خواہد شد و فائدہ نخواہد داشت

**ترجمہ:** اے فرزند کمینی دنیا کی تازگی پر فریفتہ نہ ہو اور اس کے بے کار کرّ و فر پر شیدا نہ ہو کیونکہ وہ ناپائیدار اور بے اعتبار ہے آج اگر یہ بات تمہاری سمجھ میں نہیں آتی لیکن کل ضرور سمجھ میں آجائے گی مگر بے سود ہوگی۔

# شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز یہ نصیحت فرما رہے ہیں کہ دنیوی جاہ و

Marfat.com

جلال کا شیفتہ اور ظاہری شان وشوکت پر فریفتہ نہیں ہونا چاہیے کیونکہ جملہ دنیوی امور فانی ہونے کی وجہ سے قابل اعتماد اور لائق اعتبار نہیں ہیں اس لئے ان کے ساتھ قلبی محبت اور باطنی تعلق استوار نہیں کرنا چاہیے۔ اگرچہ یہ بات عقل عیار کی سمجھ سے بالا ہے مگر کل روز قیامت حقیقت بے نقاب ہونے پر سوائے کف افسوس ملنے کے کچھ بھی حاصل نہ ہوگا۔

بقول شاعر

گوشش از بارِ دُر گراں شدہ است
نشود نالۂ و فُغانِ مرا

**متن** باید کہ سبقِ باطن را از اَجلّ نِعَمِ خداوندی جل شانہٗ دانستہ بتکرارِ آن مولع وحریص باشند و پنج وقت نماز را بجماعت بے کسل وفتور ادا نمایند واز چہل یکے زکٰوۃ را بمنت بفقراء ومساکین رسانند واز محرّمات ومشتبہات اجتناب دارند و برخلائق مشفق ومہربان باشند طریق نجات ورُستگاری اینست

**ترجمہ:** آپ کو چاہیے کہ باطنی سبق کو خداوند تعالیٰ کی بزرگ ترین نعمتوں میں سے جان کر اس کے تکرار پر حریص رہیں اور پانچ وقت نماز کو بغیر غفلت وفتور کے ادا کریں اور زکوٰۃ کے چالیسویں حصے کو احسان مندی کے ساتھ فقراء ومساکین تک

Marfat.com

پہنچائیں اور محرمات ومشتبہات سے اجتناب کریں اور مخلوق پر مشفق ومہربان رہیں نجات اور خلاصی کا یہی طریقہ ہے۔

# شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز پانچ ایسی نصیحتیں فرمارہے ہیں جن پر عمل پیرا ہو کر سالکینِ طریقت دنیوی برکات اور اُخروی نجات سے سرفراز ہو سکتے ہیں۔

**نصیحتِ اول** ...... جب کوئی طالب صادق اَلْمُرِیْدُ لَا یُرِیْدُ اِلَّا اللّٰہ کے جذبہ سے سرشار ہو کر کسی شیخ کامل مکمل کی خدمت بابرکت میں بیعت وتربیت کی خاطر حاضر ہوتا ہے تو شیخ روحانی نسبت اور باطنی سبق اس کے قلب میں القاء فرمادیتا ہے جس کے مسلسل تکرار اور سنت وشریعت پر مواظبت کی بدولت بالآخر وہ واصل باللہ ہو جاتا ہے۔

**نصیحتِ دوم** ...... میں پنج وقتہ نماز کو بغیر کسی سستی وغفلت کے باجماعت ادا کرنے کی تلقین فرمائی گئی ہے تاکہ معاملہ صورت نماز سے گذر کر حقیقت نماز تک پہنچ جائے اور سالک اَلصَّلٰوۃُ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِیْنَ[1] کے مرتبہ پر فائز المرام ہو جائے۔

**نصیحتِ سوم** ...... میں فریضۂ زکوٰۃ کو نہایت عاجزی وانکساری اور منت وزاری کے ساتھ ادا کرنے کی تلقین فرمائی گئی ہے تاکہ یہ عملِ خیر شرفِ قبولیت پاسکے، کیونکہ صدقات پہلے دستِ قدرت میں جاتے ہیں بعد ازاں فقراء ومساکین کو ملتے ہیں۔

**نصیحتِ چہارم** ...... میں محرّمات ومشتبہات سے احتراز کی تلقین فرمائی گئی ہے کیونکہ مشتبہات کا مرتکب حرام کردہ اشیاء کی طرف خواہ مخواہ ملتفت ہو جاتا ہے

---

[1] روح المعانی: ۱/۶۶

Marfat.com

جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات مَنْ وَقَعَ فِی الشُّبُهَاتِ وَقَعَ فِی الْحَرَامِ [1] ......الخ سے عیاں ہے بلکہ مشائخ نقشبندیہ تو بر بنائے تقویٰ وورع مباحات سے بھی اجتناب کرنے کی تاکید فرماتے ہیں۔

نصیحتِ پنجم...... میں مخلوق خدا کے ساتھ شفقت ونرمی کے ساتھ پیش آنے کی تلقین فرمائی گئی ہے کیونکہ مخلوق پر ظلم واستبداد، قہر خداوندی کا موجب اور رحمت باری سے محرومی کا باعث ہوتا ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات لَا یَرْحَمُ اللّٰهُ مَنْ لَا یَرْحَمُ النَّاسَ [2] سے واضح ہے۔

---

[1] صحیح مسلم، رقم الحدیث: ۲۹۹۶ [2] صحیح بخاری، رقم الحدیث: ۶۸۲۸

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۹۰

مکتوب الیہ

حضرت ابن مہر محمد نعمان بدخشی رحمۃ اللہ علیہما

## موضوعات

دائمی ذکر طریقتِ نقشبندیہ میں ہی ممکن ہے

طریقتِ نقشبندیہ کا طریقۂ ذکر، اسمِ اللہ کا ذکر بے کیف کرنا چاہیے

شیخ کے صرف شجرۂ طریقت اور تبرکات سے وصل نصیب نہیں ہوتا

خوابِ کی شرعی حیثیت

Marfat.com

# مکتوب ۔ ۱۹۰

**متن** دوامِ ذکر در طریقۂ حضرات خواجگان قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم در ابتداء میسر می گردد و بطریق اندراج النہایہ فی البدایہ حاصل می شود پس اختیار ایں طریقہ علیہ مر طالب را اولیٰ وانسب باشد بلکہ واجب ولازم پس بر تو باد کہ قبلۂ توجہ را از ہمہ سو گردانیدہ بکلیت بجنابِ عالی اکابر ایں طریقہ علیہ اقبال نمائے و ہمتی از باطنِ شریف ایشاں خواہی

**ترجمہ:** حضرات خواجگان قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے طریقہ میں دوام ذکر ابتداء میں ہی اندراج النہایہ فی البدایہ کے طریق پر حاصل ہو جاتا ہے پس طالب کے لئے اس طریقہ عالیہ کو اختیار کرنا بہت ہی بہتر و مناسب بلکہ واجب اور لازم ہے لہٰذا آپ پر لازم ہے کہ قبلہ توجہ کو تمام اطراف سے ہٹا کر کلیۃً اس طریقہ عالیہ کے اکابر کی جناب کی طرف مرکوز کر دیں اور ان کے باطن شریف سے ہمت و توجہ طلب کریں۔

Marfat.com

# شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز طریقت نقشبندیہ کے ذکر کی افضلیت بیان فرمارہے ہیں۔ درحقیقت حق تعالیٰ کا ذکر ایسی نعمت کبریٰ اور دولت قصویٰ ہے جس کی کثرت کی بدولت بندۂ مؤمن دارین کی سعادتوں اور کونین کی عظمتوں سے مالامال ہوجاتا ہے۔ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے جمیع سلاسل طریقت کے پیر ماذون اور جملہ نسبتوں کے امین ہونے کے باوجود مشائخ نقشبندیہ کے اختیار فرمودہ ذکر کی فضیلت وفوقیت کا قول کیا ہے، کیونکہ دائمی ذکر بطریق اندراج النہایہ فی البدایہ طریقت نقشبندیہ میں ہی ممکن ہے۔ اس لئے طالبان طریقت پر واجب اور لازم ہے کہ وہ طریقت نقشبندیہ کو اختیار کریں تاکہ دوام ذکر کی نعمت عظمیٰ سے سرفراز ہوسکیں۔

## بینہ نمبر ۱:

واضح رہے کہ طریقت نقشبندیہ میں دائمی ذکر نقشبندیوں کے مرشد اول سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی وساطت سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جاری و ساری ہوا جیسا کہ ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَذْکُرُ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ اَحْیَانِہٖ[1] یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمہ وقت اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول رہتے تھے۔ دائمی ذکر قلب سے ہی ممکن ہے جو کلام وطعام وغیرہا کے دوران بھی جاری رہتا ہے، منقطع نہیں ہوتا۔

---

[1] سنن ابن ماجہ، رقم الحدیث: ۲۹۸

Marfat.com

شیخ المحدثین حضرت شاہ عبدالغنی مجددی مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ مذکورہ بالا حدیث کی شرح کرتے ہوئے رقمطراز ہیں

كَانَ يَذْكُرُ اللهَ ...... الخ ...... لَا يُتَصَوَّرُ هٰذَا الذِّكْرُ اِلَّا بِالْقَلْبِ فَاِنَّ الذِّكْرَ اللِّسَانِيَّ لَا يُتَصَوَّرُ فِيْ كُلِّ اَحْيَانٍ لِاَنَّ الْاِنْسَانَ لَا يَخْلُوْا اِمَّا اَنْ يَّكُوْنَ نَائِمًا اَوْ يَقْظَانَ فَالنَّائِمُ يَكُوْنُ غَافِلًا عَنْ ذِكْرِ اللِّسَانِ وَ كَذَالِكَ الْيَقْظَانُ اِذَا كَانَ فِي الْقَاذُوْرَاتِ فَذِكْرُ اللِّسَانِ هٰهُنَا مَكْرُوْهٌ بِخِلَافِ الذِّكْرِ الْقَلْبِيِّ فَاِنَّ تَعَلُّقَ الْقَلْبِ بِجَنَابِ الْبَارِيْ فِي النَّوْمِ وَ الْيَقْظَةِ سَوَاءٌ ...... وَلِذَا قَالَ شَيْخُنَا الْمُجَدِّدُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَلْحَالَةُ الْمَنَامَةُ فَوْقَ حَالَةِ الْيَقْظَةِ لِعَدَمِ تَعَلُّقِ الْبَاطِنِ بِالظَّاهِرِ وَحَالَةُ السُّكْرَاتِ فَوْقَ حَالَةِ الْمَنَامِ وَحَالَةُ الْبَرْزَخِ فَوْقَ حَالَةِ السُّكْرَاتِ وَحَالَةُ الْعَرَصَاتِ فَوْقَ حَالَةِ الْبَرْزَخِ وَحَالَةُ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَوْقَ حَالَةِ اَهْلِ الْعَرَصَاتِ لِاَنَّهُمْ يَرَوْنَ اللهَ عِيَانًا [1]

یعنی كَانَ يَذْكُرُ اللهَ ...... الخ ...... ذکر قلبی کے بغیر محصور نہیں ہوسکتا اور ذکر لسانی ہمہ وقت متصور نہیں ہوسکتا، کیونکہ انسان دو حالتوں سے خالی نہیں ہوتا، عالم خواب میں ہوگا یا عالم بیداری میں، عالم خواب میں ذکر لسانی سے غافل ہوتا ہے ایسے ہی بیت الخلاء کے اندر عالم بیداری میں ذکر لسانی سے غافل ہوتا ہے کیونکہ ذکر قلبی کے برعکس وہاں ذکر باللسان مکروہ ہے۔ جبکہ عالم خواب اور عالم بیداری میں دونوں حالتوں میں قلب کا تعلق باللہ مساوی ہوتا ہے اسی لئے ہمارے شیخ سیدنا مجدد الف ثانی قدس سرہٗ فرماتے ہیں باطن کے ظاہر کے ساتھ عدم تعلق کی بنا پر حالت

---

[1] انجاح الحاجہ حاشیہ سنن ابن ماجہ: ۲۶

Marfat.com

نیند، حالت بیداری سے فوق ہے، حالت سکرات، عالم خواب سے فوق ہے اور عالم برزخ، حالت سکرات سے بالا ہے عرصۂ قیامت کی حالت، حالت برزخ سے بالا ہے اور اہل جنت کی حالت، حالت عرصات سے بڑھ کر ہے۔

کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کو عیاناً دیکھیں گے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا لِلَّذِیْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰی وَزِیَادَةٌ [1] لفظ زیادہ کی حدیث میں رویت باری تعالیٰ سے تفسیر کی گئی ہے اور ان تمام اشیاء کا تعلق قلبی ذوق سے ہے نہ کہ ایسے شخص کیلئے جو محض ظاہری استقامت رکھتا ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ [2] سے عیاں ہے اور حدیث شریف میں ہے خَیْرُ الذِّکْرِ الْخَفِیُّ [3]...... بہترین ذکر خفی ہے اور بہترین رزق وہ ہے جو بھوک کیلئے کافی ہو اور دوسرے مقام پر ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات ہے لَفَضْلُ الذِّکْرِ الْخَفِیِّ الَّذِیْ لَا یَسْمَعُهُ الْحَفَظَةُ سَبْعُوْنَ ضِعْفاً [4] یعنی ایسا ذکر خفی جسے ملائکہ حفظہ بھی نہ سن سکیں ستر درجے افضل ہے اور روز قیامت اللہ تعالیٰ مخلوق کو حساب و کتاب کیلئے جمع فرمائے گا تو ملائکہ حفظہ اعمال نامے لے کر حاضر ہونگے اللہ تعالیٰ ملائکہ کو مخاطب ہو کر فرمائے گا اس بندہ مؤمن کے اعمال میں سے کوئی چیز بچ تو نہیں گئی ملائکہ عرض گذار ہونگے ہم نے اپنی دانست اور یادداشت کے مطابق اس کے ہر عمل کو شمار بھی کر لیا ہے اور لکھ بھی لیا ہے پھر اللہ تعالیٰ اس بندہ مؤمن سے مخاطب ہو کر فرمائے گا اِنَّ لَکَ عِنْدِیْ حَسَنَةً لَا تَعْلَمُهُ وَاَنَا اَجْزِیْکَ بِهٖ وَهُوَ الذِّکْرُ الْخَفِیُّ میرے پاس تیری ایک ایسی نیکی بھی ہے جسے تو بھی نہیں جانتا اور میں تجھے اس کی جزا دیتا ہوں اور وہ نیکی ذکر خفی ہے اس حدیث کو حضرت امام سیوطی نے بدور سافرہ میں اور حضرت

---

[1] یونس ۱۰:۲۶ [2] الشعراء ۲۶:۸۹ [3] مسند احمد بن حنبل، رقم الحدیث: ۱۳۹۷

[4] مرکاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ جلد دوم: ۳۷۷

Marfat.com

ابویعلی موصلی نے ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے۔[1]

## بینہ نمبر۲:

یہ امر بھی ذہن نشین رہے کہ بعض طالبان طریقت جمیع سلاسل طریقت کے جامع، مشائخ نقشبندیہ کی خدمت میں دیگر سلاسل طریقت میں بیعت ہونے پر اصرار کرتے ہیں، ایسے سالکین کو دیگر سلاسل میں بیعت کرنے کے باوجود نقشبندی ذکر ہی القاء و تلقین کرنا چاہیے تاکہ اسے بھی نقشبندی فقیر کے ہاتھ پر شرف بیعت کی بدولت دائمی ذکر نصیب ہو سکے۔ حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ العزیز اور حضرت سیدنا خواجہ معین الدین اجمیری قدس سرہٗ العزیز نے شیخ المشائخ حضرت خواجہ یوسف ہمدانی قدس سرہٗ العزیز کی خدمت فیض درجت میں حاضر ہو کر نسبت نقشبندیہ اور دائمی ذکر کی ہی خیرات مانگی تھی۔

## بینہ نمبر۳:

یہ امر بھی مستحضر رہے کہ نقشبندی صوفیاء کو اپنے شیخ کامل مکمل کی طرف کلیۃً متوجہ و ملتفت رہنا چاہیے تاکہ ان کی توجہات قدسیہ کی بدولت دائمی ذکر میسر ہو سکے۔ بقول شاعر

اے خواجہ بکوئے اہل دل منزل کن
در پہلوئے اہل دل دلے حاصل کن
خواہی کہ بہ بینی جمال محبوب ازل
آئینہ تو دل است رو در دل کن

---

[1] انجاح الحاجہ حاشیہ سنن ابن ماجہ: ۲۶

Marfat.com

**متن** باید کہ متوجہ قلب صنوبری گردی کہ آن مضغہ ہمچو حجرہ ایست مر قلب حقیقی را و اسم مبارک اللہ را بر آن قلب بگزرانی و درین وقت بقصد ہیچ عضوے را حرکت ندہی و بکلیت متوجہ قلب نشینی و در متخیلہ صورتِ قلب را جا ندہی و بآن ملتفت نباشی چہ مقصود توجہ بقلب است نہ تصویرِ صورت آن

**ترجمہ:** آپ کو چاہیے کہ دوران ذکر قلب صنوبری کی طرف متوجہ ہوں کہ وہ مضغہَ گوشت، قلب حقیقی کیلئے حجرہ کی مانند ہے اوراسم مبارک ''اللہ'' کو اس قلب پر گذاریں اوراس وقت قصداً کسی عضو کو حرکت نہ دیں اور کلیۃً قلب کی طرف متوجہ ہو کر بیٹھیں اور قوت متخیلہ میں صورت قلب کو جگہ نہ دیں اور نہ ہی اس کی طرف ملتفت ہوں کیونکہ مقصود قلب کی طرف توجہ کرنا ہے نہ کہ صورتِ قلب کا تصور کرنا۔

## شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز نے طریقت نقشبندیہ کے ذکر کا طریقہ بیان فرمایا ہے کہ سالکین کو دوران ذکر قلب صنوبری (مضغہَ گوشت) وغیرہا کسی عضو کو قصداً حرکت نہیں دینا چاہیے اور نہ ہی قلب صنوبری کی صورت کا خیال کرنا چاہیے، بلکہ محض قلب کی طرف متوجہ رہنا چاہیے اور اسی پر اسم مبارک اللہ، اللہ کا

Marfat.com

خیال گذارنا چاہیے جو بالآخر شیخ کی توجہات قدسیہ اور کثرتِ ذکر کی بنا پر قلب حقیقی (لطیفۂ قلب) میں سرایت کر کے طردِ کسلت اور رفعِ غفلت کا باعث ہوتا ہے۔ **فھو المقصود**

یہ ایسا عجیب طریقہ ہے کہ سالک پر سوئے ہوئے بھی غفلت طاری نہیں ہوتی بلکہ وصال کے بعد بھی صوفی یادِ خدا سے لمحہ بھر کیلئے بھی غافل نہیں ہوتا۔

**بینہ نمبر ۱:**

واضح رہے کہ ابتدائے سلوک میں ذکر دوام اسم ذات یعنی استحضارِ اسم ذات ہوتا ہے جو منتہائے سلوک میں استحضار ذات پر منتج ہوتا ہے، اسی کو دوام حضور مع اللہ کہتے ہیں۔ حضرت خواجہ خاقانی رحمۃ اللہ علیہ نے خوب کہا

پس از سی سال ایں معنی محقق شد بخاقانی
کہ یک دم باخدا بودن بہ از ملک سلیمانی

عارف کھڑی میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اس مفہوم کو یوں بیان فرمایا

جے محبوب پیارا اک دن وسے نال اساڈے
جاناں میں ہما پکھیرو پھاتا جال اساڈے

**بینہ نمبر ۲:**

یہ امر مستحضر رہے کہ سلسلہ نقشبندیہ اشخاص وافراد کے لحاظ سے نہیں بلکہ سبق کے اعتبار سے سب سے اوسع واعلیٰ ہے۔

**بینہ نمبر ۳:**

یہ امر بھی ذہن نشین رہے کہ مشائخ نقشبندیہ پہلے روز ہی مریدوں کے قلوب

Marfat.com

میں لفظ اللہ نقش کر دیتے ہیں۔امام الطریقہ حضرت شاہ نقشبند بخاری قدس سرہٗ العزیز کو جب کسی درویش نے آوی میں آگ دہکانے کے دوران برتنوں پر اسم اللہ نقش کرتے ہوئے دیکھا تو وہ آپ کے حضور یوں عرض گذار ہوا

یا شہِ نقشبند نقشِ مرا بہ بند
نقش چناں بہ بند کہ گویند نقشبند

**متن** ومعنی لفظ مبارک اللہ را بے چونی و بے چگونگی ملاحظہ نمائی و ہیچ صفت را بآں منضم نسازی و بحاضر و ناظر نیز ملحوظ نکنی تا از ذروۂ حضرتِ ذات تعالیٰ و تقدس بحضیضِ صفات فرو دنیائی و ازانجا بشہودِ وحدت در کثرت نیفتی

ترجمہ: لفظ مبارک "اللہ" کے معنی کو بے مثل و بے کیف ملاحظہ کریں اور کسی صفت کو اس کے ساتھ شامل نہ کریں اور اس کے حاضر و ناظر ہونے کو بھی ملحوظ نہ رکھیں تا کہ حضرتِ ذات تعالیٰ و تقدس کی بلندی سے صفات کی پستی میں نہ اتریں اور وہاں سے کثرت میں وحدت کا مشاہدہ کرنے میں نہ پڑ جائیں۔

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز دوران ذکر اسم مبارک اللہ کو بے

Marfat.com

چون اور بے چگون ملحوظ خاطر رکھنے کی تعلیم فرمارہے ہیں، کیونکہ جب سالک، حق تعالیٰ سبحانہ کی ذات بحت کوملحوظ رکھتا ہےاوراس کی ذات بےمثل و بے کیف کا تصور کرتا ہےتو اسے ذات تعالیٰ تک رسائی نصیب ہوجاتی ہے۔ اوراگر دوران ذکر صفات کی طرف ملتفت ہوتا ہےتو جس صفت کی طرف متوجہ ہوگا اسی صفت تک رسائی میسر ہوگی۔ لہٰذا اسی صفت پر قناعت کر بیٹھنے کی وجہ سے ذات تک رسائی سے محروم رہے گا جو دوں ہمت اور کم ظرف ہونے کی علامت ہے، کیونکہ مقصود ذات ہے، صفات نہیں۔ اسی لیے خواجگان نقشبندیہ پہلے روز ہی صفات کی بجائے اسم ذات کا سبق دیتے ہیں تاکہ سالکین چون وچگون کائنات اور صفات کی طرف التفات ہی نہ کریں۔ چونکہ اشیائے کائنات، صفات واسماء وافعال کے ظلال ہیں اس لئے ذات کو چھوڑ کر صفات کی طرف متوجہ ہونے والے سالکین، کائنات کی شکلوں، صورتوں، رنگینیوں اور کثرتوں میں گم ہوکر اپنی منزل کھوٹی کر بیٹھتے ہیں اور واصل باللہ ہونے سے محروم رہ جاتے ہیں۔

**تنبیہ:**

واضح رہے کہ اگر دوران ذکر بے تکلف صورتِ شیخ نمودار ہو جائے تو سالکین کو اسے بھی قلب کی طرف لے جا کر قلب کی طرف ہی متوجہ رہنا چاہیے تاکہ اس کی توجہ منتشر نہ ہو بلکہ قلب پر ہی مرکوز رہے کیونکہ شیخ بالذات مقصود نہیں بلکہ شیخ، مقصود حقیقی تک پہنچنے کا وسیلۂ جلیلہ ہے۔

Marfat.com

**متن** میدانی کہ پیر کیست پیر آنکس است کہ از و طریقِ وصول بجنابِ قدس خداوندی جل شانہٗ استفادہ نمائی و مددہا و اعانت ہا درین طریق یابی مجرد کلاہ و دامنی و شجرہ کہ عُرف شدہ است از حقیقت پیری و مریدی خارج است و داخلِ رسوم و عادات مگر آنکہ جامہ تبرک از شیخ کامل و مکمل بدست آری و باعتقاد و اخلاص باد زندگانی نمائی احتمال ثمرات و نتائج دریں صورت نیز قوی است

**ترجمہ:** آپ جانتے ہیں کہ پیر کون ہے؟ پیر وہ شخصیت ہے کہ جس سے آپ خداوند تعالیٰ جل شانہٗ کی بارگاہ قدس تک پہنچنے کا طریقہ سیکھیں اور راہ طریقت میں اس سے امداد و اعانت حاصل کریں صرف ٹوپی، چادر اور شجرہ جو مروّج ہو گیا ہے پیری مریدی کی حقیقت سے خارج ہے اور رسوم و عادات میں داخل ہے۔ مگر وہ متبرک کپڑا جو شیخ کامل و مکمل سے دستیاب ہو، اس اعتقاد و اخلاص کے ساتھ پہن کر زندگی بسر کریں تو اس صورت میں بھی ثمرات و نتائج کا قوی احتمال ہے۔

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز اس امر کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ

Marfat.com

شیخ کون ہوتا ہے۔ بندۂ مؤمن کا مقصود حقیقی حق تعالیٰ ہے اور اس تک رسائی حاصل کرنے کا ذریعہ شیخ کامل و مکمل ہے جیسا کہ ارشاد ربانی وَابْتَغُوْا اِلَیْهِ الْوَسِیْلَةَ [1] سے عیاں ہے۔ اس لئے طالب مولیٰ کو کسی ایسے دانائے راہ مرد کی تلاش کرنا چاہیے جس سے شرف بیعت اور اخذ نسبت کے بعد اس کی توجہات قدسیہ اور تصرفاتِ باطنیہ، طالب کو حریم قدس جل سلطانہٗ تک پہنچا دیں۔ محض کسی شیخ کے شجرہ طریقت، چادر اور ٹوپی وغیرہ سے مقصود حقیقی حاصل نہیں ہوتا بلکہ یہ سب رسومات و عادات ہیں جن کا حقیقت مشیخیت سے کوئی تعلق نہیں۔ البتہ اہل اللہ کے ملبوسات و تبرکات باعثِ خیر و برکت ضرور ہوتے ہیں جو کتاب و سنت سے ثابت ہیں۔

**متن** بدانی کہ منامات و واقعات شایانِ اعتماد و اعتبار نیست اگر کسی خود را در خواب یا در واقعہ بادشاہ دید یا قطبِ وقت یافت فی الحقیقت نہ چنین است اگر بیرون خواب و واقعہ اگر بادشاہ شود یا قطب گردد مسلّم است پس از احوال و مواجید ہر چہ در بیداری و افاقت ظاہر شود گنجائش اعتماد دارد و الا فلا

**ترجمہ:** آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ خواب اور واقعات اعتماد و اعتبار کے قابل نہیں ہیں۔ اگر کوئی شخص اپنے آپ کو خواب یا واقعہ میں بادشاہ دیکھے یا قطب وقت پائے وہ

[1] المائدہ ۵:۳۵

Marfat.com

حقیقت میں ایسا نہیں ہے اگر خواب اور واقعہ سے باہر بادشاہ ہو جائے یا قطب بن جائے تو مسلّم ہے۔ اس لئے احوال و مواجید میں سے بیداری اور عالم ہوش میں اگر کچھ ظاہر ہو تو اعتماد کی گنجائش رکھتا ہے، ورنہ نہیں۔

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز سالکین طریقت کی ایک غلط فہمی کا ازالہ فرما رہے ہیں کہ دوران سلوک سنت و شریعت اور ذکر و فکر کی پابندی کی وجہ سے ایسے واقعات اور خوابیں آتی ہیں جن میں وہ اپنے آپ کو اعلیٰ مراتب پر فائز پاتا ہے، اس لئے وہ بزعم خویش خود کو اپنے مرشد و مربی سے بے نیاز سمجھنا شروع کر دیتا ہے اور اس زعم باطل میں مبتلا ہو جاتا ہے کہ اب مجھے مزید کسی تربیت اور ریاضت و مجاہدہ کی ضرورت نہیں، یوں وہ منزل مقصود تک رسائی سے محروم رہ جاتا ہے۔

اس لئے اس قسم کے خواب اور واقعات لائق اعتبار نہیں، البتہ عالم بیداری میں کسی سالک کے ساتھ ایسا واقعہ پیش آ جائے تو قابل اعتماد ہوتا ہے کیونکہ اچھے خواب سالکین طریقت کی بلند روحانی استعداد کی خبر دیتے ہیں۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں واقعات اور منامات کے متعلق قدرے معلومات فراہم کر دی جائیں تاکہ فہم مکتوب میں سہولت رہے۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق

### واقعات

واقعات جمع ہے واقعہ کی جو حادثہ، حال، کارزار، جنگ، عرصۂ قیامت وغیرہا کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ جبکہ اصطلاح صوفیاء میں واقعہ اس امر کو کہا جاتا ہے جو سالک کے قلب میں واقع ہو، خواہ بیداری کی حالت میں ہو یا نیند کے عالم

Marfat.com

میں......لیکن یہ ضروری ہے کہ اس وقت سالک کے حواس ظاہری معطل ہوں۔ یاد رہے کہ صوفیائے کرام رحمۃ اللہ علیہم واقعات کے مشاہدے میں نیند کے محتاج نہیں ہوتے کیونکہ وہ مشغولیتِ اذکار اور محویتِ مراقبات کی وجہ سے مسدود الحواس ہو جاتے ہیں۔ ان کے ظاہری حواس دنیا کی طرف سے بند ہو جاتے ہیں اور باطنی حواس خالق کی طرف کھل جاتے ہیں پھر پردۂ غیب سے ان پر القاو الہام کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ ذالکَ فضل اللہ یوتیہ من یشآء

## منامات

منامات جمع ہے منام کی جو نوم سے ماخوذ ہے جس کا معنی نیند ہے۔ فاضل اجل علامہ شریف جرجانی رحمۃ اللہ علیہ نوم کی تعریف کرتے ہوئے رقم طراز ہیں

اَلنَّوْمُ حَالَةٌ طَبِیْعَةٌ تَتَعَطَّلُ مَعَهَا الْقُوٰی بِسَبَبِ تَرَقِّی الْبُخَارَاتِ اِلَی الدِّمَاغِ[1] یعنی نوم ایسی طبعی حالت کو کہا جاتا ہے جس میں دماغ کی طرف بخارات اٹھنے کی وجہ سے قوائے جسمانی معطل ہو جاتے ہیں۔

۞......علامہ راغب اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ خواب کے متعلق تحریر فرماتے ہیں

اَلرُّؤْیَا مَایُرٰی فِی الْمَنَامِ[2] جو چیز عالم نیند میں دکھائی جائے اسے خواب کہا جاتا ہے۔

۞......عارفِ باللہ حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ خواب کی تعریف کرتے ہوئے ارقام پذیر ہیں اَلرُّؤْیَاهِیَ مُطَالَعَةُ النَّفْسِ فِی الصُّوَرِ الْمُنْطَبِعَةِ فِی الْحِسِّ الْمُشْتَرَکِ مِنْ اُفُقِ الْمُتَخَیِّلَةِ عِنْدَ غَفْلَتِهَا وَ فَرَاغِهَا عَنْ مُطَالَعَةِ الْمَحْسُوْسَاتِ فِی النَّوْمِ اَوِالْاِغْمَاءِ اَوْنَحْوِ ذَالِکَ[3] یعنی نفس

[1] کتاب التعریفات: ۱۰۹ [2] المفردات: ۲۰۹ [3] تفسیر مظہری جلد پنجم: ۱۳۷

Marfat.com

انسان جب نیند یا بے ہوشی یا استغراق وغیرہا کی حالت میں جسم ظاہری کی تدبیر سے فارغ وغافل ہو جاتا ہے تو اسے قوت خیالیہ کے افق سے حس مشترک میں منعکس صورتیں دکھائی دیتی ہیں جسے خواب کہا جاتا ہے۔

## خواب کی اقسام

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب کی تین اقسام بیان فرمائی ہیں

اَلرُّؤْيَا ثَلَاثٌ فَالرُّؤْيَا الْحَسَنَةُ بُشْرٰى مِنَ اللّٰهِ وَالرُّؤْيَا يُحَدِّثُ بِهَا الرَّجُلُ نَفْسَهٗ (حَدِيْثُ النَّفْسِ) وَالرُّؤْيَا تَحْزِيْنٌ مِّنَ الشَّيْطَانِ (تَخْوِيْفٌ مِّنَ الشَّيْطَانِ) [1]

یعنی خواب کی تین قسمیں ہیں۔ اول...... اچھا خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارت ہوتا ہے...... دوم...... آدمی اپنے آپ سے گفتگو کرتا ہے (اسے حدیث نفس اور منتشر الخیالی کہا جاتا ہے)۔ سوم...... شیطان کی طرف سے ڈرانا ہے۔

## قسم اول

صاحب تفسیر مظہری علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ خواب کی اقسام ثلاثہ یوں رقم طراز ہیں

وَاَمَّا الَّتِيْ هِيَ صَحِيْحَةٌ فَهِيَ اِلْهَامٌ وَّ اَعْلَامٌ مِّنَ اللّٰهِ لِعَبْدِهٖ عَلٰى شَيْءٍ مِمَّا فِيْ خَزَائِنِ الْغَيْبِ اَوْ عَلٰى شَيْءٍ مِنْ مَكْنُوْنَاتِ صِفَاتِهٖ وَاَحْوَالِهٖ وَدَرَجَاتِ الْقُرْبِ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى حَتّٰى تَكُوْنَ لَهٗ بَشَارَةٌ [2]

---

[1] مستدرک للحاکم، رقم الحدیث: ۸۱۷۴ [2] تفسیر مظہری جلد پنجم: ۱۳۷

Marfat.com

یعنی نیک خواب وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اپنے بندے کیلئے غیبی خزانوں میں سے کسی چیز پر الہام واطلاع ہوتی ہے یا اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندے کیلئے پوشیدہ صفات، خفیہ احوال اور درجات قرب پر آگاہی واطلاع کرنا ہوتا ہے یہاں تک کہ وہ چیز بندۂ مومن کیلئے بشارت بن جاتی ہے۔ جیسا کہ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

اِنَّ رُؤْیَا الْمُؤْمِنِ کَلَامٌ یُکَلِّمُ بِہِ الْعَبْدَ رَبُّہٗ فِی الْمَنَامِ [1] یعنی بندۂ مومن کا خواب کلام ہوتا ہے جو اپنے رب سے خواب میں کرتا ہے۔

انبیائے کرام علیہم الصلوات کے خواب اسی قبیل سے ہوتے ہیں کیونکہ وہ شیطانی اثرات اور وہمی معارضات سے معصوم ہوتے ہیں اور نیند ان کی مبارک آنکھوں تک محدود رہتی ہے اور ان کے قلوب جاگتے ہیں۔ بنابریں وہ الہامی حقائق کو خیالی اختراعات سے متمیز کر لیتے ہیں۔

نیز آپ اولیائے کاملین رحمۃ اللہ علیہم کے خوابوں کے متعلق یوں تحریر فرماتے ہیں

رُؤْیَا الصُّلَحَاءِ اَعْنِی الْاَوْلِیَاءَ الَّذِیْنَ زَکُّوْا اَنْفُسَھُمْ بِالرِّیَاضَاتِ وَاَزَالُوْا عَنْھَا الْکُدُوْرَاتِ الْجِبِلِّیَّۃَ وَتَنَزَّھُوْا عَنْ ظُلُمَاتِ الذُّنُوْبِ وَالْاٰثَامِ وَتَجَلّٰی بَوَاطِنُھُمْ بِاِقْتِبَاسِ اَنْوَارِ النُّبُوَّۃِ صَالِحَۃٌ صَادِقَۃٌ .... فَرُؤْیَا الْاَوْلِیَاءِ شَبِیْھَۃٌ بِالْوَحْیِ وَلِذٰلِکَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رُؤْیَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّۃٍ وَّاَرْبَعِیْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّۃِ [2] یعنی اولیائے کرام رحمۃ اللہ علیہم نے ریاضات شاقہ کے ذریعے اپنے نفوس کا تزکیہ، جبلی کدورات کا ازالہ اور گناہوں کی تاریکیوں سے اپنے آپ کو پاک کیا ہوتا ہے اور انوار نبوت کے اقتباس سے اپنے بطون کو منور کیا ہوتا ہے اس لئے ان کے خواب صالح اور صادق

---

[1] فتح الباری جز ۱۹: ۴۴۸ [2] تفسیر المظہری

Marfat.com

ہوتے ہیں۔ اسی بنا پر اولیاء کرام کے خواب وحی کے مشابہہ ہوتے ہیں اسی لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن کا خواب نبوت کے چھیالیس حصوں میں سے ایک حصہ ہوتا ہے۔

انبیائے کرام علیہم الصلوات کے خواب وحی قطعی ہوتے ہیں اسی لئے حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام اپنے لخت جگر کو ذبح کرنے کیلئے تیار ہو گئے جیسا کہ اِنِّیٓ اَرٰی فِی الْمَنَامِ اَنِّیٓ اَذْبَحُکَ[1] سے عیاں ہے۔

اولیائے کرام رحمۃ اللہ علیہم کے خواب وحی کے ساتھ مشابہت رکھنے کی وجہ سے صادق ہوتے ہیں مگر نادرۃً معاملہ برعکس بھی ہو جاتا ہے جس کی وجوہات درج ذیل ہو سکتی ہیں۔

۱...... مشتبہہ لقمہ کھانے کی وجہ سے کدورت لاحق ہو جاتی ہے۔

۲...... زائد از ضرورت کھا لینے سے کدورت پیدا ہو جاتی ہے۔

۳...... ارتکاب معصیت (گناہ صغیرہ) کی وجہ سے کدورت پیدا ہو جاتی ہے کیونکہ اہل اللہ معصوم نہیں ہوتے۔

۴...... عامۃ الناس کے ساتھ مخالطت کی وجہ سے آئینہ قلب مکدر ہو جاتا ہے۔

## قسم ثانی

خواب کی دوسری قسم حدیث نفس ہے

مَاتَرَاهُ النَّفْسُ مِنْ صُوَرِ الْاَشْيَاءِ الَّتِیْ رَأَتْهَا فِی الْيَقْظَةِ اَوْ تَفَكَّرَ وَاخْتَرَعَهَا الْمُتَخَيِّلَةُ مِنْ غَيْرِ اَصْلٍ لَهَا فِی الْوَاقِعِ وَتُسَمّٰى تِلْكَ الرُّؤْيَا حَدِيْثُ النَّفْسِ[2] یعنی انسان خواب میں ان چیزوں کی صورتیں دیکھتا ہے جو اس

---

[1] الصافات ۱۰۲:۳۷ [2] المظہری جلد پنجم: ۱۳۷

Marfat.com

نے عالم بیداری میں دیکھی ہوتی ہیں یا وہ تفکر وتدبر کے دوران خلاف اصل صورتیں اختراع کرتا ہے جن کی واقع میں کوئی اصل نہیں ہوتی۔ اس رؤیا کو حدیث نفس سے موسوم کیا جاتا ہے۔

## قسم ثالث

مَا اَلْقَاهُ الشَّیْطَانُ فِیْ خَیَالِہٖ وَتَمَثَّلَ لَہٗ تَخْوِیْفًا اَوْ مُلَاعَبَۃً فَاِنَّ الشَّیْطَانَ یَجْرِیْ مِنَ الْاِنْسَانِ مَجْرَی الدَّمِ وَتُسَمّٰی تِلْکَ الرُّؤْیَا اَلرُّؤْیَا السُّوْءُ وَتَخْوِیْفُ الشَّیْطَانِ وَالْحُلُمُ [1] یعنی جو شیطان، انسان کے خیال میں القاء کرتا ہے اور اسے ڈرانے یا اس کا دل بہلانے کیلئے مثالی صورت میں متمثل ہو کر آتا ہے کیونکہ شیطان خون کی مانند جسم انسانی میں گردش کرتا ہے۔ ایسے خواب کو رؤیا سوء، تخویف الشیطان اور حلم کہا جاتا ہے۔

## خواب کے اعتبار سے انسانوں کے درجات

خواب دیکھنے کے اعتبار سے انسانوں کے تین درجات ہیں۔ جن کی تفصیلات کیلئے حضرت علامہ مظہری اور حضرت علامہ عسقلانی علیہما الرحمہ کی بیان فرمودہ تصریحات بتغییر یسیر پیش خدمت ہیں۔

انبیائے کرام علیہم الصلوات کے خواب وحی ہونے کے لحاظ سے قطعی اور صادق ہوتے ہیں البتہ بعض خواب قابل وضاحت اور لائق تعبیر ہوتے ہیں۔

اہل اللہ کے خواب اجزائے نبوت ہونے کی بنا پر زیادہ تر صادق ہوتے ہیں اس لئے ان کے بعض خوابوں کی تعبیر کی ضرورت بھی نہیں ہوتی جبکہ عامۃ الناس کے

---

[1] المظہری جلد پنجم: ۱۳۷

Marfat.com

خواب خیالات فاسدہ اور نفسانی کدورات وغیرہا کی بناپر اکثر فاسد اور اضغاث احلام ہوتے ہیں، البتہ بعض صادق بھی ہوتے ہیں اس لئے ان کی بھی تین اقسام ہیں۔

۱......مستورین: اس قسم کے لوگوں کے خواب صادق اور اضغاث احلام دونوں برابر ہوتے ہیں۔

۲......فساق: ان کے خواب صادق کم اور اضغاث احلام زیادہ ہوتے ہیں۔

۳......کفار: ان کے خواب بہت کم صادق ہوتے ہیں جس طرح سیدنا یوسف علیہ السلام کے قیدی ساتھیوں کے خواب اور شاہ مصر کا خواب۔ مختصر یہ کہ جس طرح کافر بہت کم صادق ہوتے ہیں اسی طرح ان کے خوابوں کا صادق ہونا بھی نادر الوقوع ہوتا ہے۔

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۹۱

مکتوب الیہ

حضرت میرزا عبدالرحیم خانِ خاناںؒ رحمۃ اللہ علیہ

موضوعات

متابعت انبیاء ہی باعثِ وصل ہے
جملہ امور شرعیہ میں سہولت رکھی گئی ہے

Marfat.com

# مکتُوب ۱۹۱

**متن** سعادت ابدی ونجاتِ سرمدی مربوط بمتابعتِ انبیاءاست صَلَوَاتُ اللّٰہِ تعالیٰ وَتَسلِیمَاتُہٗ سُبحَانَہٗ عَلیٰ اَجمَعِہِم عُمُومًا وَعَلیٰ اَفضَلِہِم خصوصًا اگر فرضاً ہزار سال عبادت کردہ شود وریاضاتِ شاقہ ومجاہداتِ شدیدہ بجاآوردہ اگر بنور متابعت ایں بزرگواراں منور نگردد بجوئے نمی خرند و بخوابِ نیم روزے کہ سراسر غفلت وتعطیل است کہ بامرِ ایں برگزیدگان واقع شود برابر نمی اندازند ومثل سَرَابٍ بِقِیعَۃٍ می شمرند

**ترجمہ:** سعادتِ ابدی اور نجات سرمدی انبیائے کرام (ان تمام پر عموماً اور ان کے افضل پر خصوصاً اللہ تعالیٰ کے صلوات وتسلیمات ہوں) کی متابعت کے ساتھ مربوط

Marfat.com

ہے بفرضِ محال اگر کوئی شخص ہزار برس عبادت کرے اور ریاضات شاقہ اور مجاہداتِ شدیدہ بجالائے لیکن ان بزرگوں (انبیائے کرام علیہم الصلوات) کے نور متابعت سے منور نہ ہوا سے جَو سے بھی نہیں خریدتے اور قیلولہ جو سراسر غفلت و تعطل ہے جو ان برگزیدہ شخصیات کے حکم کے مطابق کیا جائے تو اس وقت کے مجاہدات اس قیلولہ کے برابر نہیں ہو سکتے (بلکہ) وہ چٹیل میدان کی مثل شمار ہونگے۔

# شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز انبیائے کرام علیہم الصلوات کی بالعموم اور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی بالخصوص متابعت کی تلقین فرما رہے ہیں۔

دراصل انبیائے کرام علیہم الصلوات حق تعالیٰ کے ایسے برگزیدہ بندے ہیں کہ جن کی ذُواتِ مقدسہ کو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی رشد و ہدایت اور وعظ و نصیحت کیلئے نمونہ بنایا ہے اس لیے ان سے صادر ہونے والے جملہ اعمال و افکار اور عبادات و اطوار بندوں کیلئے باعث رشد و ہدایت اور ذریعہ نجات و برکت ہیں۔ جبکہ بندوں کے اپنے ذاتی وضع کردہ افکار و مجاہدات اور عبادات و ریاضات انوار و برکات سے یکسر محروم ہوتے ہیں اس لئے ان پر عمل پیرا ہو کر انسان واصل باللہ نہیں ہو سکتے۔ بس انبیائے کرام علیہم الصلوات کے پیروکار ہی دینوی خیر و اصلاح اور اُخروی نجات و فلاح سے مالا مال ہو سکتے ہیں۔

Marfat.com

# متن کمالِ عنایتِ خداوندی جلّ سلطانہٗ آن است کہ در جمیعِ تکلیفاتِ شرعیہ و ماموراتِ دینیہ نہایتِ یسر و غایتِ سہولت را مُراعات فرمودہ است

ترجمہ: خداوند تعالیٰ جل سلطانہ کی کمالِ عنایت یہ ہے کہ اس نے تمام تکلیفاتِ شرعیہ اور ماموراتِ دینیہ میں نہایت آسانی اور انتہائی سہولت کی رعایت فرمائی ہے۔

## شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی وضاحت فرمارہے ہیں کہ عبادات وصدقات، مطعومات ومشروبات اور مناکحات وملبوسات جیسے تمام ماموراتِ دینیہ اور احکام شرعیہ میں حق تعالیٰ سبحانہٗ نے اپنے بندوں کیلئے آسانی و سہولت رکھی ہے جیسا کہ آیہ کریمہ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ [1] اور ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات اِنَّ الدِّيْنَ يُسْرٌ [2] سے عیاں ہے اس لئے بندۂ مؤمن کو بغیر کسی کراہت قلبی اور غفلت جسمانی کے امور شرعیہ اور سنن نبویہ علیٰ صاحبہا لصلوات پر کاربند ہونا چاہیے تاکہ اسے رضائے الٰہی جیسی نعمت کبریٰ اور دولت قصویٰ حاصل ہو سکے جیسا کہ آیہ کریمہ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ [3] سے واضح ہے۔

---

۱ البقرہ ۲:۱۸۵ ۲ صحیح البخاری، رقم الحدیث: ۳۸ ۳ التوبہ ۹:۷۲

Marfat.com

**بلینہ:**

واضح رہے کہ جولوگ تکلیفات شرعیہ میں اس قدر سہولتوں اور رعایتوں کے عمل پیرانہیں ہوتے وہ امراض قلبیہ اور علل معنویہ میں مبتلا ہیں۔ان کے قلوب حقیقت تصدیق اوران کے نفوس حقیقت ایمان سے محروم ہیں کہ جن پر عبادات شرعیہ اور احکامات دینیہ گراں اور شاق گذرتے ہیں۔

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۹۲

مکتوب الیہ

حضرت شیخ بدیع الدین سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ

موضوعات

جزوی فضیلت اور اس کی تفصیلات

حضرت امام ربانی رضی اللہ عنہ پر اعتراض کے جوابات

Marfat.com

# مکتوب ۔ ۱۹۲

**متن** بدان اَرشَدَكَ اللهُ تَعَالٰی لَا نُسَلِّمُ ارشدک که این عبارت مستلزمِ تفضیل است باآنکه لفظ ہم نیز واقع شده است وَلَو سُلِّمَ گوئیم که این سخن وسخنان دیگر که دران عرضداشت واقع شده است از جملہ واقعات است که به پیرِ خود نوشته ومقرر این طائفہ است که ہرچه از وقائع رومیدہد صحیح باشد یاسقیم بے تحاشی به پیرِ خود اظہار می نمایند چه در غیر صحیح نیز احتمال تاویل وتعبیر است پس از اظہار آن چاره نبود

**ترجمہ:** اے بھائی! اللہ تعالیٰ تجھے ہدایت عطا فرمائے ہم تسلیم ہی نہیں کرتے کہ اس عبارت سے (سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر) فضیلت لازم آتی ہے جب کہ لفظ

Marfat.com

''ہم'' بھی اس میں واقع ہوا ہے اور اگر تسلیم کرلیا جائے تو یہ بات اور اس جیسی دوسری باتیں جو اس عرضداشت میں تحریر ہوئی ہیں وہ ان واقعات میں سے ہیں جو اپنے پیر بزرگوار کو لکھے گئے اور اس گروہ صوفیہ کے نزدیک یہ بات طے شدہ ہے کہ جو کچھ واقعات میں سے ظاہر ہوتا ہے صحیح ہو یا غلط بلاتکلف اپنے پیر کی خدمت میں اظہار کرتے رہیں کیونکہ غیر صحیح میں بھی تاویل وتعبیر کا احتمال ہے بس اس کے اظہار کے بغیر چارہ نہیں ہے۔

# شرح

زیرنظر مکتوب گرامی میں ایک استفسار کا جواب دیا گیا ہے جس میں مکتوب الیہ نے دفتر اول مکتوب :۱۱ کی وضاحت طلب کی تھی حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ارشاد فرماتے ہیں کہ عروجی سیر کے دوران جب میرا گذر مقام محبوبیت سے ہوا تو ''خود را ہم بانعکاسِ آں مقام رنگین ومنقش یافت'' اس فقیر نے مقام محبوبیت کے انعکاس سے اپنے آپ کو رنگین ومنقش پایا جو سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے مقام سے قدرے بلند تھا۔[۱]

اس مکتوب کا بنظر غائر مطالعہ کرنے سے چند اُمور سامنے آتے ہیں

اس جملہ میں ''ہم'' کا لفظ استعمال فرمایا گیا جس کا اردو میں ترجمہ ''بھی'' ہے یہ ارشاد نہیں فرمایا کہ میں اس مقام محبوبیت میں متمکن ہوا یا اس میں داخل ہوا۔

یہ بھی نہیں فرمایا کہ میں نے اپنے آپ کو اس مقام سے رنگین ومنقش پایا بلکہ یہ فرمایا کہ اس مقام کے انعکاس (پرتو) سے اپنے آپ کو رنگین پایا جیسے اگر کوئی چیز آفتاب کے عکس سے روشن ہوجائے تو یہ نہیں کہہ سکتے کہ وہ چیز آفتاب ہوگئی ہے۔

---

۱؎ دفتر اول مکتوب: ۱۱

Marfat.com

جس سے حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر آپ کی فضیلت و برتری کا وہم از خود مرتفع ہو جاتا ہے۔ نیز وصولِ مقام میں اور پرتوِ مقام سے رنگین ہونے میں کتنا فرق ہے، اہل علم سے پوشیدہ نہیں۔

آپ ایک دوسرے مقام پر یوں رقمطراز ہیں

شخصے کہ خود را از حضرت صدیق رضی اللہ عنہ افضل داند امر او از دو حال خالی نیست زندیق محض است یا جاہل صرف ...... کسیکہ حضرت امیر را افضل از حضرت صدیق گوید از جرگۂ اہلسنت می براید فکیف کہ خود را افضل داند [1]

جو شخص اپنے آپ کو حضرت صدیق رضی اللہ عنہ سے افضل سمجھے اس کا معاملہ دو حال سے خالی نہیں ہے یا تو وہ زندیق محض ہے یا جاہل مطلق...... صرف وہ شخص جو حضرت امیر (علی رضی اللہ عنہ) کو حضرت صدیق رضی اللہ عنہ سے افضل سمجھتا ہے وہ اہل سنت کے گروہ سے نکل جاتا ہے تو پھر اس شخص کا کیا حال ہوگا جو اپنے آپ کو سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے افضل سمجھے۔

برسبیل تنزل اگر تسلیم بھی کر لیا جائے تو یہ اس قسم کے احوال و مشاہدات میں سے ہے جن کا صوفیائے طریقت کے مسلّم قاعدہ کے مطابق صحیح ہوں یا غلط من وعن اپنے شیخ کی خدمت میں عرض کرنا مریدین پر لازم ہوتا ہے تا کہ شیخ اس واقعہ کی مناسب تعبیر فرما کر سالک کو بذریعہ توجہات وتصرفات راہِ سلوک کی تکمیل کروا سکے۔

صوفیائے محققین کے نزدیک عارفین کے دو مقام ہوتے ہیں

| | |
|---|---|
| مقام استقرار | مقام عبور |

عارف کا مبدأ فیض (اسم مربی) اس کا مقام استقرار کہلاتا ہے۔ جہاں اسے قرار و تمکن اور اقامت نصیب ہوتا ہے اور جہاں سالک کو قرار و تمکن نہ ہو بلکہ وہاں

---

[1] دفتر اول مکتوب: ۲۰۲

Marfat.com

سے صرف اس کا مُرور وگذر ہو، اسے مقام عبور کہا جاتا ہے جو سالک کا محض حال و مشاہدہ ہے، دلیل فضیلت نہیں بلکہ صاحب مقام استقرار، صاحب مقام عبور سے افضل ہے کیونکہ وہ وہاں فائز المرام ہے۔

**بلینہ:**

واضح رہے کہ اس مکتوب شریف میں اسی مکتوب گرامی کی وضاحت فرمائی گئی ہے جس کی بعض عبارات کو غلط مفہوم کا لبادہ پہنا کر کچھ بدنہاد اور شر پسند عناصر نے حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے خلاف جہانگیر بادشاہ کو بھڑکایا تھا، نتیجتاً اس نے آپ کو قلعہ گوالیار میں محبوس کر دیا تھا۔

علاوہ ازیں علماء وقت کو بھی دھوکہ دیا گیا تھا جو بلا تحقیق آپ قدس سرہٗ العزیز کی مخالفت پر کمر بستہ ہو گئے مگر حقیقت حال آشکارا ہونے پر بعض نے توبہ و معذرت کر لی تھی۔

(مزید تفصیلات کے لئے البینات شرح مکتوبات جلد اول مکتوب: ۱۱ ملاحظہ فرمائیں)

## متن حَلِ دیگر آنکہ تجویز نمودہ اند کہ اگر در جزئی از جزئیات غیر نبی را بر نبی فضل متحقق شود باکے نیست بلکہ واقع است

**ترجمہ:** علماء اس کا دوسرا حل بھی تجویز کرتے ہیں کہ اگر جزئیات میں سے کسی جزئی میں غیر نبی کو نبی (علیہ السلام) پر فضیلت متحقق ہو جائے تو کوئی مضائقہ نہیں ہے بلکہ

Marfat.com

ایسا واقع ہے۔

# شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ولی کی حضرت نبی علیہ السلام پر جزوی فضیلت کا تذکرہ فرمارہے ہیں دراصل جب کوئی سالک راہ طریقت کسی شیخ کامل مکمل کے زیرنگرانی شریعت محمدیہ اور سنت مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوات کی تعمیل، اوامر کا اکتساب اور نواہی سے اجتناب کرتا ہے تو محض عنایت ایزدی سے اس پر فضل و فتوحات کے ابواب کھلتے ہیں اور اسے بلند ترین مدارج ومنازل اور کمالات نصیب ہوتے ہیں۔

ان روحانی عروجات وکمالات کے دوران اگر کسی صاحب استعداد سالک کو کسی نبی علیہ السلام کے مقام سے بلند عروج وکمال نصیب ہوجائے تو اس قسم کی جزوی فضیلت ممکن بلکہ واقع ہے چونکہ اس بندۂ مومن سالک کو یہ کمال ومرتبہ اپنے نبی علیہ السلام پر ایمان لانے اور ان کی متابعت بجالانے سے حاصل ہوا ہے اس لئے اس نبی علیہ السلام کو اس کمال سے پورا پورا حظ واجر ملے گا جیسا کہ ارشادات نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات مَنْ سَنَّ فِي الْاِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً فَلَهٗ اَجْرُهَا وَاَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا [۱] اور مَنْ دَلَّ عَلٰى خَيْرٍ فَلَهٗ مِثْلُ اَجْرِ فَاعِلِهٖ [۲] سے عیاں ہے۔ لیکن وہ ولی (سالک) اس کمال کے حصول میں گومقدم اور پیش رو ہے مگر امتی کو متبع اور خادم وطفیلی ہوکر اسے یہ مرتبہ نصیب ہوا ہے جہاں اپنے نبی علیہ السلام کے ساتھ ہمسری اور برابری کا شائبہ بھی نہیں کیونکہ ہمسری کا دعویٰ کفر ہے۔[۳] بلکہ اسے انبیاء

---

۱ صحیح مسلم، رقم الحدیث: ۱۶۹۱ ۲ صحیح مسلم، رقم الحدیث: ۳۵۰۹

۳ مکتوبات شریفہ دفتر سوم مکتوب: ۸۷

Marfat.com

و اصدقاء اور شہداء وصلحاء کی معیت میسر ہوگی جیسا کہ آیہ کریمہ مَن یُّطِعِ اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِکَ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْھِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّھَدَآءِ وَالصّٰلِحِیْنَ[1] سے واضح ہے۔

سراج الملۃ والدین علامہ دوسی رحمۃ اللہ علیہ قصیدہ بدء الامالی میں رقمطراز ہیں

وَ لَمْ یَفْضُلْ وَلِیٌّ قَطُّ دَھْرًا
نَبِیًّا اَوْ رَسُوْلًا فِیْ انْتِحَالٖ

یعنی کسی زمانے میں کوئی ولی کسی نبی یا رسول (علیہ السلام) سے افضل نہیں ہوا۔

حجۃ الاسلام حضرت امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ عقیدۃ الطحاوی میں تحریر فرماتے ہیں۔

لَا نُفَضِّلُ وَاحِدًا مِّنَ الْاَوْلِیَاءِ عَلٰی اَحَدٍ مِّنَ الْاَنْبِیَاءِ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ وَنَقُوْلُ نَبِیٌّ وَاحِدٌ اَفْضَلُ مِنْ جَمِیْعِ الْاَوْلِیَآءِ یعنی ہم اولیائے کرام میں سے کسی ولی کو انبیائے عظام علیہم الصلوات میں سے کسی نبی پر فضیلت نہیں دیتے بلکہ ہم کہتے ہیں کہ ایک نبی علیہ السلام بھی جمیع اولیاء سے افضل ہے۔

امام اہلسنت علامہ ابوشکور سالمی رحمۃ اللہ علیہ ارقام پذیر ہیں

قَالَ اَھْلُ السُّنَّۃِ وَالْجَمَاعَۃِ اَنَّ النَّبِیَّ اَفْضَلُ وَاِنْ کَانَتْ دَرَجَتُہٗ اَدْوَنَ مِنْ دَرَجَاتِ النُّبُوَّۃِ[2]

اہل سنت وجماعت فرماتے ہیں کہ نبی علیہ السلام ولی سے افضل ہے اگرچہ درجات نبوت میں اس کا درجہ ادنی ہو۔

قدوۃ الکاملین سیدنا داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں

یک نفس انبیار فاضل تراز ہمہ روزگار اولیار[3]

---

۱ النساء ۴: ۶۹ ۲ التمہید ۷۵ ۳ کشف المحجوب ۲۵۸

Marfat.com

حضرت نبی علیہ السلام کا ایک سانس مبارک ولی رحمۃ اللہ علیہ کی ساری زندگی سے فاضل تر ہے۔

چنانچہ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ولی کی نبی علیہ السلام پر جزوی فضیلت کے متعلق رقمطراز ہیں ملاحظہ ہو!

بلے فضلِ کُلی بر کل مخصوص بآن سرورست علیہ وعلیٰ الہ الصلوٰۃ والسلام اما کمالے باشد کہ راجع بفضلِ جزئی بود رواست کہ مخصوص بہ بعضے انبیائے کرام وملائکہ عظام باشد علیٰ نبینا وعلیہم الصلوات والتسلیمات وہیچ قصورے در فضل کلی او نہ کند علیہ وعلیٰ الہٖ الصلوٰۃ والسلام در احادیثِ صحاح آمدہ است کہ بعضے از کمالات در افرادِ امتان باشد کہ انبیاء رغبطۂ آن نمایند علیہم الصلوات والتسلیمات وحال آنکہ فضلِ کلی مر انبیاء را ست بر جمیع افراد امتان ونیز در حدیث آمدہ است کہ شہداء فی سبیل اللہ بہ چند چیز بر انبیاء مزیت دارند شہداء را احتیاج بغسل نیست وانبیاء را غسل باید داد و بر شہداء نماز جنازہ نیامدہ است چنانچہ مذہب امام شافعی ست و بر انبیاء نماز جنازہ باید کرد ودر قرآن فرمودہ کہ شہداء را شما موتیٰ نہ پندارید کہ احیاء اند وانبیاء را موتیٰ فرمودہ این ہمہ فضائل جزئیہ اند قصورے در فضل کلی انبیاء ندارند [1]

یعنی ہاں کل پر کلی فضیلت آں سرور علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ مخصوص ہے لیکن وہ کمال جو جزوی فضیلت کی طرف راجع ہے جائز ہے کہ وہ بعض انبیاء کرام اور ملائکہ عظام علیٰ نبینا وعلیہم الصلوات والتسلیمات کے ساتھ مخصوص ہوں اور ان علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کی فضیلت کلی میں کوئی قصور واقع نہ ہو۔ احادیث صحیحہ میں آیا ہے کہ امتیوں کے افراد میں بعض کمالات ایسے ہوتے ہیں کہ جن پر

---

[1] مکتوبات امام ربانی دفتر سوم مکتوب: ۱۲۲

Marfat.com

انبیائے کرام علیہم الصلوات والتسلیمات بھی رشک کرتے ہیں۔

عَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ لَأُنَاسًا مَاهُمْ بِاَنْبِیَاءَ وَلَا شُهَدَآءَ یَغْبِطُهُمُ الْاَنْبِیَاءُ وَالشُّهَدَاءُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ بِمَکَانِهِمْ مِنَ اللّٰهِ قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ تُخْبِرُنَا مَنْ هُمْ قَالَ هُمْ قَوْمٌ تَحَابُّوْا بِرُوْحِ اللّٰهِ عَلٰی غَیْرِ أَرْحَامٍ بَیْنَهُمْ وَلَا اَمْوَالٍ یَتَعَاطَوْنَهَا فَوَاللّٰهِ اِنَّ وُجُوْهَهُمْ لَنُوْرٌ وَاِنَّهُمْ عَلٰی نُوْرٍ لَا یَخَافُوْنَ اِذَا خَافَ النَّاسُ وَلَا یَحْزَنُوْنَ اِذَا حَزِنَ النَّاسُ وَقَرَأَ هٰذِهِ الْاٰیَةَ اَلَا اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ[1] حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ کے بندوں میں ایسے لوگ بھی ہیں جو انبیاء وشہداء نہیں لیکن روز قیامت بارگاہ الوہیت میں ان کے مقامات عالیہ کو ملاحظہ فرما کر انبیائے کرام اور شہداء عظام علیہم الصلوات ان پر رشک فرمائیں گے۔لوگوں نے عرض کیا یارسول اللہ ہمیں بتایئے کہ وہ کون ہیں؟...... فرمایا کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو رحم کے رشتوں اور مالی لین دین کے علاوہ فقط رضائے الٰہی کیلئے باہم محبت کریں گے۔قسم بخدا انکے چہرے نورانی ہونگے اوران کے اوپر نور ہوگا وہ نہیں ڈریں گے جب لوگوں کو خوف ہوگا، وہ غم نہیں کھائیں گے جبکہ لوگ غمگین ہونگے پھر یہ آیت مبارکہ تلاوت فرمائی اَلَا اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ[2]

حالانکہ انبیائے کرام علیہم الصلوات کو امتوں کے تمام افراد پر کلی فضیلت حاصل ہے نیز حدیث میں آیا ہے کہ شہداء فی سبیل اللہ چند چیزوں میں انبیائے کرام علیہم الصلوات پر فضیلت ومزیت رکھتے ہیں ذَکَرَ الْقُرْطُبِیُّ فِیْ تَفْسِیْرِهٖ رُوِیَ

---

[1] سنن ابی داود، رقم الحدیث: ۳۰۶۰
[2] یونس ۱۰:۶۲

Marfat.com

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اَكْرَمَ اللهُ تَعَالٰى الشَّهِيْدَ بِخَمْسِ كَرَامَاتٍ لَمْ يُكْرِمْ بِهَا اَحَدٌ مِّنَ الْاَنْبِيَاءِ وَلَا اَنَا اَحَدُهَا..... اِنَّ جَمِيْعَ الْاَنْبِيَاءِ قَبَضَ اَرْوَاحَهُمْ مَلَكُ الْمَوْتِ وَهُوَ الَّذِىْ سَيَقْبِضُ رُوْحِىْ وَاَمَّا الشُّهَدَاءُ فَاللهُ هُوَ الَّذِىْ يَقْبِضُ اَرْوَاحَهُمْ بِقُدْرَتِهٖ كَيْفَ يَشَاءُ وَلَا يُسَلِّطُ عَلٰى اَرْوَاحِهِمْ مَلَكَ الْمَوْتِ وَالثَّانِىْ ........ اِنَّ جَمِيْعَ الْاَنْبِيَاءِ قَدْ غُسِّلُوْا بَعْدَ الْمَوْتِ وَاَنَا اُغَسَّلُ بَعْدَ الْمَوْتِ وَالشُّهَدَاءُ لَا يُغَسَّلُوْنَ وَلَا حَاجَةَ لَهُمْ اِلٰى مَاءِ الدُّنْيَا وَالثَّالِثُ..... اِنَّ جَمِيْعَ الْاَنْبِيَاءِ قَدْ كُفِّنُوْا وَاَنَا اُكَفَّنُ وَالشُّهَدَاءُ لَا يُكَفَّنُوْنَ بَلْ يُدْفَنُوْنَ فِىْ ثِيَابِهِمْ وَالرَّابِعُ ..... اِنَّ الْاَنْبِيَاءَ لَمَّا مَاتُوْا سُمُّوْا اَمْوَاتًا وَاِذَا مِتُّ يُقَالُ قَدْ مَاتَ وَالشُّهَدَاءُ لَا يُسَمُّوْنَ مَوْتٰى وَالْخَامِسُ ....... اِنَّ الْاَنْبِيَاءَ تُعْطٰى لَهُمُ الشَّفَاعَةُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَشَفَاعَتِىْ اَيْضًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاَمَّا الشُّهَدَاءُ فَاِنَّهُمْ يَشْفَعُوْنَ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ فِيْمَنْ يَشْفَعُوْنَ [1]

شہداء کو غسل کا احتیاج نہیں اور انبیائے کرام علیہم الصلوات کو غسل دینا چاہیے...... شہداء کیلئے نماز جنازہ نہیں ہے جیسا کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ہے اور انبیاء کرام کی نماز جنازہ ادا کرنی چاہیے ...... اور قرآن مجید میں فرمایا کہ شہداء کو مردہ نہ جانو کہ وہ زندہ ہیں (وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ) [2] اور انبیائے کرام علیہم الصلوات کو موتٰی فرمایا (اِنَّكَ مَيِّتٌ وَاِنَّهُمْ مَيِّتُوْنَ) [3] یہ سب جزوی فضائل ہیں جو انبیائے کرام علیہم الصلوات کے فضل کلی میں کوئی قصور (کمی) پیدا نہیں کرتے۔

---

[1] تفسیر القرطبی: ۴/۲۷۶ [2] آل عمران ۳: ۱۶۹ [3] الزمر ۳۹: ۳۰

Marfat.com

ایک مقام پر حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز یوں رقمطراز ہیں ملاحظہ ہو!

ہیچ ولی از اولیائے این امت کہ خیرُ الامم است باوجودِ افضلیتِ پیغمبر خویش بمرتبہ ہیچ نبی از انبیاء نرسد اگرچہ او را بواسطہ متابعت پیغمبر خویش از مقام مابہ الافضیلت نصیبے حاصل شود فضل کلی انبیاء را است اولیاء طفیلی اند[1] یعنی یہ امت جو خیر الامم ہے کے اولیاء میں سے کوئی ولی اپنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی افضلیت کے باوجود نبیوں علیہم الصلوات میں سے کسی نبی علیہ السلام کے مرتبہ تک نہیں پہنچ سکتا اگرچہ اسے (ولی کو) اپنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت کی وساطت سے وہ مابہ الافضلیت مقام حاصل ہوا ہے پھر بھی کلی فضیلت انبیاء علیہم الصلوات کو ہی ہے اولیاء علیہم الرحمۃ والرضوان طفیلی ہیں۔

عروۃ الوثقیٰ حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی قدس سرہُ العزیز کا اس سلسلہ میں ایک سوال کا جواب ملاحظہ ہو!

سوال: آنکہ مقرر و مبیّن ست کہ فضلِ کلی مر انبیاء را است علیہم الصلوٰۃ و السلام بر جمیع افرادِ امت و در حدیث صحیح آمدہ است کہ بعضے کمالات در بعضے افرادِ اُمت ست کہ مزیت بر انبیاء دارد کالشُّھَدَآءِ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ احتیاج بغسل ندارند و بلفظ موتیٰ نخواندہ و انبیاء بغسل محتاج اند و لفظ موتیٰ خواندہ

جواب: این فضل راجع بفضلِ جزئی ست کہ دراں محذور نیست ہر حائک و حجّام بصنعت بر عالمِ ذی فتون فضل دارد و فضلِ کلی مر انبیاء و عالم را است[2] یعنی یہ امر مسلم اور واضح ہے کہ انبیائے کرام علیہم الصلوات کو تمام افراد امت پر کلی فضیلت حاصل ہے اور صحیح حدیث میں آیا ہے کہ بعض کمالات بعض افراد امت میں ایسے ہیں جو انبیائے کرام علیہم الصلوات پر فضیلت و مزیت رکھتے ہیں جیسا کہ شہداء فی سبیل

---

[1] مکتوبات شریفہ دفتر اول مکتوب: ۲۸۷ [2] مکتوبات معصومیہ دفتر سوئم مکتوب: ۲۴

Marfat.com

اللہ غسل کی حاجت نہیں رکھتے اور وہ لفظ موتیٰ سے نہیں پکارے جاتے اور انبیائے کرام علیہم الصلوات (بعد از وصال مبارک) غسل کے محتاج ہیں اور ان کے لئے لفظ موتی بولا جاتا ہے.....اس کا جواب یہ ہے کہ یہ فضیلت، جزوی فضیلت کی طرف راجع ہے کہ اس میں کوئی استحالہ نہیں ہر جولاہا اور حجام اپنے ہنر و پیشہ کے اعتبار سے صاحب فنون عالم پر فضیلت رکھتا ہے اور کلی فضیلت انبیائے کرام علیہم الصلوات اور عالم کیلئے ہی ہے۔

سوال: نبی ہر چند افضل است از ولی اما لازم ہست کہ ہر چہ ولی می داند از معارف نبی را نیز معلوم باشد یا نہ، و ایضاً ہر معارفے کہ نبی را باشد لازم ہست کہ مرسل را باشد یا نہ ...... الخ

جواب: فضل کلی مر انبیاء راست علیہم الصلوات والتسلیمات. بر اولیاء ہیچ ولی بمرتبہ ہیچ نبی نرسد لیکن در فضل جزئی مناقشہ نیست اگر بعضے از مزایا و معارف خاص بہ ولی باشد موجب فضل کلی نبود مجوز است بلکہ واقع است ہر گاہ در ولی و نبی فضل جزوی واقع باشد اگر نبی نسبت برسول بہ بعضے از مزایا و معارف مخصوص بود بطریق اولیٰ جائز باشد ہر چند فضل کلی مرسل را بود چنانچہ قصہ حضرت موسیٰ و حضرت خضر را علیٰ نبینا و علیہم الصلوۃ والسلام خود نوشتہ اند[1] یعنی کلی فضیلت تو انبیائے کرام علیہم الصلوات کو اولیاء اللہ رحمۃ اللہ علیہم پر حاصل ہے اور کوئی ولی کسی نبی کے مرتبہ کو نہیں پہنچتا لیکن جزوی فضیلت میں کوئی تنازع نہیں ہے۔ اگر بعض فضائل و معارف ولی ہی کیلئے خاص ہوں تو وہ کلی فضیلت کا باعث نہیں ہوتے، یہ جائز بلکہ واقع ہے۔ جب ولی اور نبی علیہ السلام میں جزوی فضیلت واقع ہوتی ہے تو اگر نبی بعض فضائل و معارف میں رسول (علیہ السلام) کی بہ نسبت مخصوص ہو تو یہ بطریق اولیٰ جائز ہوگا

---

[1] مکتوبات معصومیہ دفتر دوم مکتوب: ۳۶

Marfat.com

اگرچہ کلی فضیلت رسول کیلئے ہی ہوگی جیسا کہ حضرت موسیٰ وحضرت خضر علیٰ نبینا وعلیہم الصلوات والتسلیمات کا قصہ ہے۔

نبیرۂ امام ربانی علامہ عبدالاحد وحدت فاروقی رحمۃ اللہ علیہ فضیلت جزئی کے متعلق ارقام پذیر ہیں

قَالَ فِی الْجَوَاهِرِ الْمَنْظُوْمَةِ شَرْحِ فِقْهِ الْاَكْبَرِ لِلْاِمَامِ الْاَعْظَمِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ سَأَلَ رَجُلٌ عَنْ أَبِي حَنِيْفَةَ هَلْ يَجُوْزُ اَنْ يَعْلَمَ النَّبِيُّ مِنَ الْعُلُوْمِ وَالْمَعَارِفِ مَالَا يَعْلَمُهُ الرُّسُلُ وَهَلْ يَحْصُلُ لِلْوَلِيِّ مِنَ الْمَزَايَا وَالْمَعَارِفِ مَالَا يَحْصُلُ لِلنَّبِيِّ فَأَجَابَ عَنْهُ رِضْوَانُ اللهِ عَلَيْهِ أَلْفَضْلُ ثَابِتٌ لِلْمُرْسَلِ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَالْاَنْبِيَاءُ عَلٰى مَنْ سِوَاهُمْ وَلَايَصِلُ أَحَدٌ مِّنَ الْأَنْبِيَاءِ مَرْتَبَةَ أَحَدٍ مِّنَ الْمُرْسَلِيْنَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَلَايَصِلُ أَحَدٌ مِّنَ الْأَوْلِيَاءِ مَرْتَبَةَ أَحَدِ الْأَنْبِيَاءِ وَلٰكِنْ لَا مُنَاقَشَةَ فِي الْفَضْلِ الْجُزْئِيِّ انتهٰى

مِنْهَا قَالَ الْآمِدِيُّ فِي الْبَدَائِعِ يَجُوْزُ فَضْلُ الْجُزْءِ لِلْوَلِيِّ عَلَى النَّبِيِّ

مِنْهَا قَالَ اَبُو السَّعِيْدِ فِيْ تَفْسِيْرِهٖ يَجُوْزُ فَضْلُ الْمَفْضُوْلِ عَلَى الْاَفْضَلِ جُزْئِيًّا

مِنْهَا قَالَ فِيْ مَوْضِعٍ اٰخَرَ فِيْ تَفْسِيْرِهِ الْمَذْكُوْرِ وَكَفٰى بِهِمُ الشُّهَدَاءُ شَرَفًا أَنْ لَمْ يَجِئْ اِطْلَاقُ الْأَمْوَاتِ عَلَيْهِمْ وَقَدْ جَاءَ ذَالِكَ الْاِطْلَاقُ عَلَى الْاَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ الصَّلٰوٰتُ وَالتَّسْلِيْمَاتُ

مِنْهَا مَاأَشَارَ اِلَيْهِ الْمُحَقِّقُ الدَّوَانِيُّ فِيْ شَرْحِ الْعَقَائِدِ مِنْ جَوَازِ

Marfat.com

فَضْلٍ لِلْمَفْضُوْلِ عَلَى الْفَاضِلِ بِالْفَضْلِ الْجُزِيِّ

مِنْهَا مَا وَقَعَ فِيْ حَوَاشِي التَّجْرِيْدِ نَقْلًا عَنِ الصِّدِّيْقِ الْأَكْبَرِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ حَقِّ الْإِمَامِ الْمَهْدِيِّ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ هُوَ يَفْضُلُ بَعْضَ النَّبِيِّيْنَ أَيْ فَضْلًا جُزْئِيًّا وَأَمَّا ادِّعَاءُ لُزُوْمِ الْفَضْلِ الْكُلِّيِّ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ فَمَرْدُوْدٌ بَاطِلٌ لَا يَتَصَدّٰى لَهٗ اِلَّا جَاهِلٌ [1]

یعنی جواہر المنظومہ شرح الفقہ الاکبر للامام الاعظم رضی اللہ عنہ میں ہے کہ ایک شخص نے حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے سوال کیا کہ کیا کوئی نبی علیہ السلام ان علوم و معارف کو جان سکتا ہے جن کا رسل عظام کو علم نہ ہوا اور کیا کسی ولی کو وہ علوم و معارف حاصل ہو سکتے ہیں جو کسی نبی علیہ السلام کو حاصل نہ ہوں تو آپ رضی اللہ عنہ نے جواباً فرمایا فضیلت تو رسل عظام کو انبیائے کرام علیہم الصلوات پر ثابت ہے اور انبیائے کرام کو غیر انبیاء پر۔ انبیائے کرام میں سے کوئی نبی بھی کسی مرسل کے مرتبہ کو نہیں پہنچ سکتا اور نہ ہی اولیائے کرام میں سے کوئی ولی کسی نبی کے مرتبہ کو پہنچ سکتا ہے لیکن فضیلت جزئی میں کوئی بحث نہیں ہے۔

حضرت علامہ آمدی رحمۃ اللہ علیہ بدائع میں فرماتے ہیں کہ ولی کی نبی علیہ السلام پر جزوی فضیلت جائز ہے۔

حضرت ابوسعید اپنی تفسیر میں تحریر فرماتے ہیں کہ مفضول کی افضل پر جزوی فضیلت جائز ہوتی ہے۔

تفسیر مذکورہ میں ایک اور مقام پر ارقام پذیر ہیں کہ شہداء کے لئے یہی شرف کافی ہے کہ ان پر اموات کا اطلاق نہیں ہوا (وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ

---

[1] الجنات الثمانیہ: ۸۸، ۸۹

Marfat.com

اللہِ اَمْوَاتٌ )[1] حالانکہ انبیائے کرام علیہم الصلوات والتسلیمات پر میت کا اطلاق ہوا ہے (اِنَّکَ مَیِّتٌ وَّاِنَّھُمْ مَّیِّتُوْنَ )[2]

حضرت محقق دوانی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح عقائد میں لکھا ہے کہ مفضول کی فاضل پر جزوی فضیلت جائز ہے۔

حواشی تجرید میں حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ کے متعلق سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ سیدنا امام مہدی رضی اللہ عنہ کو بعض انبیائے کرام علیہم الصلوات پر جزوی فضیلت حاصل ہے۔ رہا یہ امر کہ فضیلت کلی کے لزوم کا دعویٰ کرنا وہ مردود اور باطل ہے ہم اس سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں، اس کے درپے تو کوئی جاہل ہی ہوگا۔

**بلینہ:**

واضح رہے کہ غوث الثقلین سیدنا عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ العزیز کے قول خُضْنَا فِیْ بَحْرٍ لَمْ یَقِفْ عَلٰی سَاحِلِهِ الْاَنْبِیَاءُ (ہم نے اس بحر میں غوطہ لگایا جس کے کنارے پر انبیائے کرام علیہم الصلوات بھی کھڑے نہیں ہوئے) سے بھی فضیلت جزوی ہی مفہوم ہوتی ہے لیکن مقولہ اَلْکُلُّ اَعْظَمُ مِنَ الْجُزْءِ کے مصداق کلی فضیلت انبیائے کرام علیہم الصلوات کو ہی حاصل ہوتی ہے۔ کتب عقائد میں ہے لَایَبْلُغُ وَلِیٌّ دَرَجَةَ الْاَنْبِیَآءِ قَطُّ [3] کوئی ولی نبی کے درجہ کو ہرگز نہیں پہنچ سکتا۔

---

[1] البقرہ۲:۱۵۴ [2] الزمر۳۹:۳۰ [3] عقائد نسفی

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۹۳

مکتوب الیہ

سیادت پناہ حضرت شیخ فرید بخاری رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

تمام اقوال وافعال اور اصول وفروع میں علماء اہل سنت کی متابعت لازم ہے ، اہل سنت ہی ناجی جماعت ہے متکلمین اہلِ سنت کے بیان کردہ اعتقادات کی سرِ مو مخالفت باعث ہلاکت ہے ، کفار کی شکست باعث عزت ہوتی ہے کفار کے لئے دعائے ضرر جائز ہے

Marfat.com

# مکتوب ۔۱۹۳

**متن** نخستین ضروریات بر ارباب تکلیف تصحیح عقائد است بروفق آراء صواب نمائی این بزرگواران است وفرقۂ ناجیہ ہم ایشان واتباع ایشان اند وایشانند کہ برطریق آن سرور واصحابہ آن سرور صلوات اللہ تسلیماتہ علیہ وعلیہم اجمعین وازعلوم کہ ازکتاب وسنت مستفادند ہمان معتبراند کہ این بزرگواران از کتاب و سنت اخذ کردہ اند فہمیدہ زیرا کہ ہر مبتدع وضال عقائد فاسدۂ خود را بزعم فاسد خود از کتاب و سنت اخذ میکند پس ہر معنی از معانی مفہومہ ازینہا معتبر نباشد

**ترجمہ:** مکلفینِ شریعت پر سب سے پہلے ضروری (امر) ہے کہ علمائے اہل سنت و جماعت شَکَرَاللّٰہُ تَعَالٰی سَعْیَہُمْ کی آراء کے موافق عقائد کی تصحیح ہے کیونکہ

Marfat.com

اخروی نجات ان بزرگوں کی مطلوب تک پہنچانے والی صائب آراء کی متابعت کے ساتھ وابستہ ہے۔ ناجی گروہ یہی بزرگ اور ان کے متبعین ہیں اور یہی لوگ ہیں جو آں سرور اور آپ کے اصحاب (صلوات اللہ وتسلیمات علیہ وعلیہم اجمعین) کے طریقہ پر ہیں کتاب وسنت سے مستفید وہی علوم معتبر ہیں جو ان بزرگوں نے کتاب و سنت سے اخذ کئے اور سمجھے ہیں کیونکہ ہر بدعتی اور گمراہ اپنے فاسد عقائد کو اپنے فاسد خیال کے ساتھ کتاب وسنت سے ہی اخذ کرتا ہے لہٰذا کتاب وسنت سے مفہوم شدہ ہر معنی قابل اعتبار نہیں ہوتا۔

# شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز شریعت مطہرہ کے مکلفین اور طریقت صوفیاء کے سالکین کو نصیحت فرما رہے ہیں کہ جملہ ضروریاتِ شریعت وطریقت میں سے اعتقادِ صحیح بنیادی حیثیت رکھتا ہے اور وہ علمائے اہل سنت و جماعت کی کتاب وسنت کی روشنی میں بیان فرمودہ اقوال وافعال اور اصول وفروع میں متابعت وملازمت ہے کیونکہ انہوں نے یہ مفاہیم ومعانی، آثارِ صحابہ اور اقوالِ سلف صالحین (رضی اللہ عنہم) سے اخذ کیے ہیں، اس لیے نجات ابدی اور فلاح سرمدی اہلسنت وجماعت کے ساتھ ہی مخصوص ہے۔

شیخ الاسلام امام بزدوی رحمۃ اللہ علیہ کنز الاصول میں رقم طراز ہیں

اَلْعِلْمُ نَوْعَانِ عِلْمُ التَّوْحِیْدِ وَالصِّفَاتِ وَعِلْمُ الشَّرَائِعِ وَالْاَحْکَامِ وَاَصْلٌ فِی النَّوْعِ الْاَوَّلِ ھُوَالتَّمَسُّکُ بِالْکِتَابِ وَالسُّنَّۃِ وَمُجَانَبَۃُ الْھَوٰی وَالْبِدْعَۃِ وَلُزُوْمِ طَرِیْقِ السُّنَّۃِ وَالْجَمَاعَۃِ الَّذِیْ کَانَ عَلَیْہِ الصَّحَابَۃُ وَالتَّابِعُوْنَ وَمَضٰی عَلَیْہِ الصَّالِحُوْنَ وَھُوَ الَّذِیْ کَانَ عَلَیْہِ اَدْرَکْنَا

Marfat.com

مَشَائِخِنَا وَكَانَ عَلٰى ذَالِكَ سَلَفُنَا اَعْنِیْ اَبَا حَنِيْفَةَ وَاَبَا يُوْسُفَ وَمُحَمَّدَ وَعَامَةَ اَصْحَابِهِمْ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ [1]

یعنی علم کی دو قسمیں ہیں

توحید و صفات کا علم — شرائع و احکام کا علم

اصل علم نوعِ اول میں ہی منحصر ہے اور وہ کتاب و سنت کا تمسک اور نفسانی خواہشات و بدعات سے اجتناب ہے اور اہل سنت و جماعت کے طریقہ پر ملازمت ہے۔ اہل سنت و جماعت وہ طریقہ ہے جس پر صحابہ کرام، تابعین عظام اور سلف صالحین تھے اور اسی طریقہ پر ہم نے اپنے مشائخ و اسلاف یعنی امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف، امام محمد (رحمۃ اللہ علیہم) اور ان کے دیگر اصحاب کو پایا ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ایک مقام پر یوں ارقام پذیر ہیں

بمقتضائے آرائے صائبہ اہل سنت و جماعت کہ فرقہ ناجیہ اند و نجات بے اتباع این بزرگواراں متصور نیست و اگر سر مو مخالفت است خطر در خطر است این سخن بکشف صحیح و الہام صریح نیز بہ یقین پیوستہ است احتمال تخلف ندارد [2]

یعنی اہل سنت و جماعت کی درست آراء کے مطابق عقائد کا ہونا ضروری ہے کیونکہ یہی ناجی گروہ ہے ان بزرگوں کی متابعت کے بغیر نجات متصور نہیں ہے اگر بال برابر بھی ان کی مخالفت ہوئی تو خطرہ ہی خطرہ ہے۔ یہ بات کشفِ صحیح اور الہامِ صریح سے بھی یقین کے ساتھ پیوستہ ہوگئی ہے جس میں خطاء کا کوئی احتمال نہیں ہے۔ قطب ربانی حضرت امام عبدالوہاب شعرانی قدس سرہُ العزیز ارشاد فرماتے ہیں

يَجِبُ عَلَيْهِ ذَالِكَ لِئَلَّا يَضِلَّ فِیْ نَفْسِهٖ وَيُضِلَّ غَيْرَهٗ [3]

یعنی بندۂ مومن پر واجب ہے کہ وہ اہل سنت و جماعت کے ساتھ متمسک رہے

---

[1] المتون المعتبرہ:۹ [2] دفتر اول مکتوب:۵۹ [3] میزان کبریٰ جلد اول:۲۲

Marfat.com

تا کہ نہ خود گمراہ ہو اور نہ دوسروں کی گمراہی کا باعث بنے۔

**متن** در مسئلہ از مسائلِ اعتقادیہ ضروریہ خلل رفت از دولتِ نجاتِ اخروی محروم است و اگر در عملیات مساہلہ رود و محتمل کہ بے توبہ ہم درگزرانند و اگر مواخذہ ہم کنند آخر کار نجات است پس عمدۂ کار تصحیح عقائد است

**ترجمہ:** اگر مسائل اعتقادیہ ضروریہ میں سے کسی مسئلہ میں خلل واقع ہو گیا تو اُخروی نجات کی دولت سے محرومی ہے اور اگر اکتسابِ اعمال میں سستی ہو گئی تو ممکن ہے کہ توبہ کے بغیر بھی معاف کر دیں اور اگر مؤاخذہ بھی کیا گیا، آخر کار نجات ہو ہی جائے گی لہٰذا عمدہ کام عقائد کی تصحیح ہے۔

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز عقائد ضروریہ کی اہمیت بیان فرما رہے ہیں کہ متکلمین اہل سنت و جماعت کے بیان فرمودہ اعتقادات سے اگر سرِ مو مخالفت بھی پائی گئی تو اُخروی نجات کا معاملہ مخدوش ہو جائے گا ہاں! اگر اکتسابِ اعمال میں غفلت ہو گئی تو ارحم الراحمین اور غنیٔ مطلق کی بارگاہ قدس سے نجات کی امید ہے یونہی احوال و مواجید بھی عقائد اہل سنت کے ساتھ معارضہ کی مجال نہیں رکھتے کیونکہ یہ سب اعمال و اذکار کا ثمرہ ہوتے ہیں۔ قدوۃ الاخیار حضرت خواجہ عبید اللہ

Marfat.com

احرار قدس سرہٗ الغفار ارشاد فرماتے ہیں۔

اگر تمام احوال و مواجید را بما بدھند وحقیقت ما را بعقائدِ اہل سنت وجماعت متحلی نسازند جز خرابی ہیچ نمی دانیم واگر تمام خرابی ہا را بر ما جمع کنند وحقیقتِ ما را بعقائدَ اہل سنت وجماعت بنوازند باکے نداریم

**متن** دریں وقت کشتن کافر لعین گوبند وال بسیار خوب واقع شد و باعثِ شکستِ عظیم بر ہنود مردود گشت بہر نیت کہ کشتہ باشند و بہر عرض کہ ہلاک کردہ خواری کفار خود نقدِ وقتِ اہل اسلام است این فقیر پیش ازاں کہ ایں کافر را بکشند در خواب دیدہ بود کہ بادشاہ وقت کلۂ سرِ شرک را شکستہ والحق کہ آن گبر رئیس اہل شرک بود و امام اہل کفر خذلھم اللّٰہ سُبحانہٗ

**ترجمہ:** اس وقت کافر لعین گوبند وال کا قتل بہت خوب واقع ہوا اور ہنود مردود کی عظیم شکست کا باعث ہوا جس نیت سے بھی مارا گیا اور جس غرض سے بھی ہلاک ہوا کفار کی رسوائی اہل اسلام کے لئے عزت کا موجب ہے اس فقیر نے کافر کے قتل ہونے سے پہلے خواب میں دیکھا تھا کہ بادشاہ نے شرک کے سردار کا خیمہ توڑ دیا ہے

Marfat.com

واقعی وہ اہل شرک کا بہت بڑا رئیس اور اہل کفر کا امام تھا اللہ سبحانہ انہیں رسوا کرے۔

# شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ہنود مردود کے مذہبی رہنما کے قتل پر خوشی کا اظہار فرما رہے ہیں اور اسے مشرکوں کی شکست عظیم قرار دیا ہے درحقیقت آپ کی تحریک احیائے دین اور آپ کے معاون ارکانِ سلطنت "جرگہ مدان دولت اسلام" کامیابی سے ہمکنار ہو رہے تھے اور دین اسلام کو پھر سے انگڑائی لینے کا موقعہ مل رہا تھا اور مطلق العنان بادشاہ اکبر کی وفات کے بعد جہانگیر بادشاہ اسلام کی طرف مائل ہو رہا تھا اس لئے اس نے غیرتِ ایمانی اور حمیتِ اسلامی کی بناء پر متعصب ہندو لیڈر گرو ارجن کو قتل کروا دیا کیونکہ فساد اور بغاوت کرنے والے غیر مسلموں کو عموماً، ان کے رہنماؤں کو خصوصاً تہ تیغ کرنے اور ان کی کمین گاہوں کو مسمار کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ جیسا کہ ارشاد ربانی ہے

فَاضْرِبُوا فَوْقَ الْاَعْنَاقِ وَاضْرِبُوا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ [1]

یعنی کافروں کی گردنوں کے اوپر مارو اور ان کے جوڑ جوڑ پر ضرب لگاؤ۔

دوسرے مقام پر ارشاد باری تعالیٰ ہے

فَقَاتِلُوا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ [2]

یعنی کفر کے سرغنوں سے لڑو۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کے خرانٹ اور خبیث طبع بوڑھوں کو قتل کرنے کا حکم دیا ہے جیسا کہ حدیث میں ہے

اُقْتُلُوا شُيُوخَ الْمُشْرِكِينَ [3]

---

[1] الانفال ۸:۱۲ [2] التوبہ ۹:۱۲ [3] ابوداؤد، رقم الحدیث: ۲۲۹۶

Marfat.com

یونہی مسجد ضرار جلائی اور گرائی گئی کیونکہ وہ مسلمانوں کے خلاف ساز باز اور تفرقہ اندازی کا مرکز تھی جیسا کہ سورہ توبہ میں مذکور ہے۔

**بینہ نمبرا:**

واضح رہے کہ زیرنظر متن کی تصحیح میں معرب مکتوبات حضرت مولانا نوراحمد امرتسری رحمۃ اللہ علیہ کو تسامح ہوا ہے۔ انہوں نے فارسی وعربی قاعدہ کے مطابق یوں سمجھا ہے "کافر لعین گوبند وآلِ اُو" حالانکہ انہوں نے حاشیہ پر گرو گوبند کو محی الاسلام اورنگ زیب عالمگیر رحمۃ اللہ علیہ کا ہم عصر لکھا ہے اور سلطان اورنگ زیب، جہانگیر بادشاہ کے پوتے ہیں ان کا عہد سلطنت حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے وصال مبارک کے بعد کا ہے۔

جبکہ علامہ امرتسری رحمہ اللہ کے تصحیح فرمودہ متن سے پہلے کی اشاعتوں میں یہ جملہ یوں مرقوم ہے۔

دریں وقت کشتنِ کافرِ لعین گویند وال بسیار خوب [1]

اس سلسلہ میں عصر حاضر کے عظیم محقق پروفیسر محمد اقبال مجددی مدظلہٗ ارقام پذیر ہیں

حقیقت یہ ہے کہ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ نے کسی سکھ گرو کا نام نہیں لکھا بلکہ سکھوں کے مذہبی مرکز گویند وال کو ہدف تنقید بنایا ہے کہ اس مرکز گویند وال میں رہنے والے کافر کے قتل کا واقعہ بہت خوب ہے، گویند وال سکھوں کا فکری و مذہبی مرکز تھا وہاں ان کے اہم گردوارے موجود ہیں۔ گرو امرداس (۱۵۵۲......۱۵۷۴ء) کا گردوارہ بھی یہیں ہے اور ان کی مذہبی کتاب گرنتھ بھی اسی مقام پر زیرنگرانی گرو ارجن (۱۵۸۱......۱۶۰۴ء) مرتب ہوئی تھی گویا گویند وال سکھوں کا مذہبی وفکری مرکز

---

[1] مکتوبات شریفہ مطبوعہ مطبع مرتضوی دہلی: ۱۸۹۰ء

Marfat.com

تھا اسی لئے احمد شاہ درانی نے ایک حملے کے دوران اسے جلا کر خاکستر کر دیا تھا گویا حضرت مجدد الف ثانی کا اشارہ سکھوں کے پانچویں گرو ارجن کے قتل سے متعلق ہے جو ۱۶۰۴ء کو ہوا، گرو گوبند سنگھ کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔[1]

## بینہ نمبر ۲:

یہ امر بھی ذہن نشین رہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار کی فوجوں کو منتشر و مغلوب کرنے کیلئے جہاں لشکر سپاہ کی تنظیم و تجہیز فرمائی ہے وہاں بارگاہ ایزدی میں فتح و نصرت کیلئے لشکر دعا کا بھی اہتمام فرمایا ہے تاکہ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ[2] کا مفہوم بھی عیاں ہو جائے اور کفار کی تخریب و تفریق کیلئے دعائے مضرت بھی فرمائی ہے تاکہ وہ مسلمانوں کی ہیبت و رعب سے مرعوب بھی ہو جائیں جیسا کہ کتب سیر میں مذکور ہے

اَللّٰهُمَّ شَتِّتْ شَمْلَهُمْ وَفَرِّقْ جَمْعَهُمْ وَخَرِّبْ بُنْيَانَهُمْ وَخُذْهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ یعنی اے اللہ کفار کی جمعیت کو منتشر کر دے، ان کی جماعت میں تفرقہ ڈال دے، ان کے گھروں کو برباد کر دے اور ان کی ایسی گرفت فرما جیسے غالب طاقتور گرفت کرتا ہے۔

## متن بہر حال از حقیقتِ مسائل شرعیہ اطلاع دادن ضروریست ایں واقع نشود عہدہ بر ذمۂ علماء و

---

۱ مقدمہ البینات شرح مکتوبات: ۷۰، مقامات مظہری: ۴۶ ۲ الانفال ۸: ۱۰

Marfat.com

مقربانِ حضرتِ بادشاہ است چہ سعادت کہ دریں گفتگو جمعی بآزار رسند انبیاء علیہم الصلوات والتحیات در تبلیغ احکامِ شرعیہ چہ آزار ہا کہ نکشیدہ اند و چہ محنت ہا کہ ندیدہ

**ترجمہ:** بہرحال مسائل شرعیہ کی حقیقت کی اطلاع دینا ضروری ہے جب تک اطلاع نہ دی گئی حضرت بادشاہ کے مقربین اور علماء اس ذمہ داری سے عہدہ برآنہیں ہونگے۔ کتنی بڑی سعادت ہے کہ اس گفتگو کے پہنچانے میں ایک گروہ اذیتیں برداشت کرے۔ انبیاء کرام علیہم الصلوات والتحیات نے احکام شرعیہ کی تبلیغ میں کونسی تکلیفیں برداشت نہ کیں اور کونسی مصیبتیں انہیں پیش نہ آئیں۔

## شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز تاکید فرمارہے ہیں کہ غیر شرعی رسومات، ناشائستہ حرکات، عوامی مشکلات اور نامساعد حالات سے حاکم وقت کو مطلع کرنا باشعور اور صائب الرائے علماء و وزراء کی ذمہ داری ہے تاکہ بادشاہ ان کی اصلاح و تلافی کیلئے مناسب اقدام کرسکے۔

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۹۴

مکتوب الیہ

حضرت شیخ صدرِ جہاں رحمۃ اللہ علیہ

موضوع

علماءِ سوء بدترین مخلوق ہیں

Marfat.com

## مکتوب الیہ

یہ مکتوب گرامی صدر جہاں رحمۃ اللہ علیہ کی طرف صادر فرمایا گیا۔آپ مضافات قنوج کے رہنے والے تھے۔شیخ عبدالغنی رحمۃ اللہ علیہ سے اکتساب علم کیا۔آپ شریف الطبع، دین کا درد رکھنے والے زبردست عالم دین تھے۔کچھ عرصہ ممالک محروسہ کے مفتی بھی رہے۔دور اکبری میں اہم عہدوں پر فائز رہے۔توران کے سفیر بھی رہے، بعدازاں منصب صدارت پر سرفراز ہوئے۔آپ نے ایک سو بیس برس عمر پائی اور ۱۰۲۷ھ میں اپنے وطن میں وفات پائی۔آپ کے نام دو مکتوب ملتے ہیں مکتوب:۱۹۵ بھی آپ کے نام تحریر کیا گیا۔

Marfat.com

# مکتوب ۱۹۴

**متن** معلوم شریف است کہ در قرن سابق ہر فسادے کہ پیدا شد از شومیِ علماءِ سُوء بظہور آمد دریں باب تتبّعِ تمام مرعی داشتہ از علماء دیندار انتخاب نمودہ اقدام خواہند فرمود علماء سُوء لُصوصِ دین اند مطلبِ ایشاں حُبِ جاہ و ریاست و منزلت نزدِ خلق است وَالعِیَاذُ بِاللّٰہِ سُبحَانَہٗ مِنْ فِتْنَتِہِمْ

**ترجمہ:** آپ کو معلوم ہے کہ سابقہ دور میں جو فساد پیدا ہوا وہ علمائے سوء کی بدبختی کی وجہ سے ظاہر ہوا اس سلسلہ میں پوری چھان بین کو مدنظر رکھ کر دیندار علماء کا انتخاب کر کے پیش قدمی فرمائیں! علمائے سوء، دین کے چور ہیں ان کا مطلب جاہ و ریاست کی محبت اور مخلوق کے ہاں قدر و منزلت ہے اللہ سبحانہٗ ان کے فتنہ سے پناہ میں رکھے۔

Marfat.com

# شرح

زیرِ نظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز علمائے سوء کی مذمت بیان فرمارہے ہیں اور برصغیر میں پیدا ہونے والے فتنوں کا ذمہ دار انہیں ہی ٹھہرارہے ہیں جن کو آپ نے نہایت جرأت وحکمت وغیرت اسلامی کے ساتھ بیخ وبن سے اکھاڑ پھینکا تھا۔ آپ کی تجدیدی کاوشیں بارآور ہوئیں۔ جہانگیر بادشاہ اکبر سے مختلف ثابت ہوا۔ آپ نے بارہ مطالبات کیے تھے جنہیں جہانگیر نے قبول کرلیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ اس نے تعلیمات اسلامیہ اور احکام شرعیہ سے آگاہی کیلئے جید علماء کا مطالبہ کیا تھا۔ آپ مکتوب الیہ کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ چونکہ دور اکبری میں جاہ پسند اور دنیادار علمائے سوء کی وجہ سے ہندوستان میں دین اسلام کا حلیہ بگڑا تھا اس لئے نہایت چھان بین کے بعد متقی، متدین اور متشرع علماء کا انتخاب کرنا چاہیے بلکہ ایک مکتوب میں آپ ارشاد فرماتے ہیں ''ایک ہی دیندار، عالم آخرت اس کام کیلئے کافی ہے'' کیونکہ بدترین مخلوق برے علماء ہیں اور بہترین مخلوق اچھے علماء ہیں جیسا کہ حدیث میں ہے اَلَا اِنَّ شَرَّ الشَّرِّ شِرَارُ الْعُلَمَاءِ وَاِنَّ خَيْرَ الْخَيْرِ خِيَارُ الْعُلَمَاءِ [1]

---

[1] سنن الدارمی، رقم الحدیث: ۳۷۸

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۹۵

مکتوب الیہ

حضرت شیخ صدرِ جہاں رحمۃ اللہ علیہ

موضوع

انسان اپنے محسن کے اخلاق و اطوار اپنا لیتا ہے

Marfat.com

# مکتوب - ۱۹۵

**متن** احسان سلاطین چونکہ نسبت بکافۂ خلائق حاصل است بضرورت دلہائے خلائق بحکم جُبِلَتِ الْخَلَائِقُ عَلٰی حُبِّ مَنْ اَحْسَنَ اِلَیْھِمْ بجانب محسنان مائل است پس ناچار بواسطہ این ارتباط جبی اخلاق واوضاع بادشاہاں بعموم خلائق عَلٰی تَفَاوُتِ دَرَجَاتِ الْاِحْسَانِ ساریست از خیر وشر وصلاح وفساد ماناکہ ازینجا گفتہ اند اَلنَّاسُ عَلٰی دِیْنِ مُلُوْکِھِمْ

**ترجمہ:** چونکہ سلاطین کا احسان تمام مخلوق کو حاصل ہوتا ہے مخلوق کے دل جُبِلَتِ الْخَلَائِقُ عَلٰی حُبِّ مَنْ اَحْسَنَ اِلَیْھِمْ (مخلوق اپنے محسن کی محبت پر پیدا کی گئی ہے) اپنے محسنوں کی طرف مائل ہوتے ہیں لہٰذا ناچار اس جبی ربط کی وجہ سے بادشاہوں کے اخلاق واطوار خواہ خیر وشر ہوں یا صلاح وفساد احسان کے درجوں کے تفاوت کے مطابق مخلوق میں جاری وساری ہوجاتے ہیں۔ شاید اسی لئے کہتے ہیں

Marfat.com

رعایا اپنے بادشاہوں کے طور طریقے پر ہوتی ہے۔

# شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی وضاحت فرمارہے ہیں کہ انسانی جبلت میں یہ چیز داخل ہے کہ وہ اپنے محسن خواہ صالح ہو یا طالع، کے عادات واطوار کو اپنا لیتی ہے، یوں اس کی شخصی زندگی کی تعمیر وتخریب میں اس کے محسن کا بڑا عمل دخل ہوتا ہے۔ چونکہ بادشاہِ وقت رعایا کی فلاح و بہبود وغیرہا کیلئے اصلاحات نافذ کرتا ہے جس سے لوگ بہرہ مند ہوتے ہیں، اس لئے لوگ بحیثیت قوم اجتماعی طور پر متاثر ہوتے ہیں۔ سابقہ حکمران جلال الدین اکبر چونکہ خود ملحد و بے دین تھا اس لئے اس کے گمراہ گر اخلاق واطوار رعایا میں سرایت کر گئے، نتیجتاً رعایا الحاد و بے دینی کی اتھاہ گہرائیوں میں گر گئی لیکن اس کا جانشین جہانگیر بادشاہ اکبر سے مختلف واقع ہوا، ہماری تجدیدی کاوشیں کارگر ثابت ہوئیں ہیں، دین اسلام نے انگڑائی لی ہے، بادشاہِ وقت اسلام کی طرف مائل ہوا ہے اس لئے اعلیٰ عہدوں پر فائز وزراء وعلماء پر لازم ہے کہ وہ فرصتِ اول میں اسے اسلامی تعلیمات سے آگاہ کریں۔ مبادہ وہ پھر غیر شرعی خرافات کی طرف مائل ہو جائے اور مسلمان پھر اسی اضطراب والتہاب میں مبتلاء ہو جائیں۔ اَلْعِیَاذُ بِاللّٰهِ سُبْحَانَهٗ

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۹۶

مکتوب الیہ

## حضرت شیخ منصور عرب رحمۃ اللہ علیہ

### موضوعات

راہِ سلوک سات قدم ہے ، تجلیٔ ذاتی کے دو معانی

راہِ سلوک اجمالاً دو قدم ہے ، فنائے اتم کی اقسام

Marfat.com

# مکتُوب - ۱۹۶

**متن** این راہ کہ ما در صددِ قطعِ آنیم ہمگی ہفت گام است دو گام بعالمِ خلق تعلق دارد و پنجگام بعالمِ امر بگامِ اول کہ سالک در عالمِ امر می زند تجلیٔ افعال رومی دہد و بگام دوم تجلیِ صفات و بگام سیوم شروع در تجلیات ذاتیہ می اُفتد

**ترجمہ:** یہ راہ کہ ہم جس کو طے کرنے کے در پے ہیں سات قدم ہے۔ دو قدم عالم خلق کے ساتھ تعلق رکھتا ہے اور پانچ قدم عالم امر سے۔ قدم اول، جو سالک عالم امر میں رکھتا ہے اس میں تجلی افعال ظاہر ہوتی ہے۔ دوسرے قدم میں تجلی صفات اور تیسرے قدم پر تجلیات ذاتیہ رونما ہوتی ہیں۔

## شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے راہ سلوک کو سات قدم کہا ہے۔ عالم خلق کے دو قدم سے لطیفہ نفس اور عناصر اربعہ مراد ہیں

Marfat.com

اور عالم امر کے پانچ قدم سے قلب، روح، سرّ، خفی اور اخفیٰ لطائف خمسہ مراد ہیں۔ طریقت نقشبندیہ مجددیہ میں طئی سلوک عالم امر کے لطائف سے شروع کرتے ہیں جبکہ دیگر سلاسل مقدسہ میں عالم خلق سے شروع کرتے ہیں۔ جب سالک کا لطیفہ قلب ماسوی اللہ کی گرفتاری سے آزاد اور گناہوں کی آلائشوں سے پاک ہو جاتا ہے تو اس میں انوار و تجلیات کے ظہور کی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے۔ اس لئے وہ حق تعالیٰ کی افعالی تجلیات کا مظہر بن جاتا ہے۔ حضرت مولانا روم مست بادۂ قیوم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

رو تو زنگار از رخ خود پاک کن
بعد ازاں آن نور را ادراک کن

حضرت بیدل رحمۃ اللہ علیہ نے اس مفہوم کو یوں بیان فرمایا ہے

فیض خواہی در وداع الفت زنگار کوش
چوں صفات آئینات گیرد جہان دیگری

**بینہ نمبر ا:**

واضح رہے کہ جب عالم امر کے لطائف میں فنائیت حاصل ہو جائے تو ولایت صغریٰ نصیب ہوتی ہے اور ان لطائف کا عروج آسمانوں تک ہوتا ہے اور جب لطائف عالم خلق (قالبیہ و نفس) کو بذریعہ سلطان الاذکار و غیرہا فنائیت حاصل ہوتی ہے تو اسے ولایت کبریٰ کہتے ہیں ان لطائف کا عروج عرش سے اوپر تک ہوتا ہے۔ ولایتِ صغریٰ میں فیضانِ ولایت نصیب ہوتا ہے جبکہ ولایتِ کبریٰ میں فیضان نبوت میسر ہوتا ہے۔

Marfat.com

## بینہ نمبر ۲:

یہ امر بھی مستحضر رہے کہ لطیفہ قلب پر تجلیات افعالیہ، لطیفہ روح پر تجلیات صفاتیہ اور لطیفہ سرّ پر تجلیات ذاتیہ شیونیہ کا ورود ہوتا ہے۔ لطیفۂ خفی میں تجلیات صفات سلبیہ کا فیض نصیب ہوتا ہے جو اعتبارات کی طرف راجع ہیں جبکہ تجلیِ شان جامع ذاتِ بحتِ احدیت کا فیض، لطیفہ اخفیٰ میں میسر ہوتا ہے۔

## بینہ نمبر ۳:

یاد رہے کہ تجلی ذاتی کا اطلاق دو قسم پر آتا ہے

اول......بمعنی عام دوم......بمعنی خاص

تجلی ذاتی بمعنائے عام وہ تجلی ہوتی ہے جو صفاتِ ثمانیہ زائدہ سے بلندتر ہوتی ہے جیسے تجلی شیونات واعتبارات۔

تجلی ذاتی بمعنائے خاص وہ تجلی ہوتی ہے جو تجلیٔ شیونات واعتبارات سے بھی بلندتر ہوتی ہے اور وہ ذات بحت حق تعالیٰ کے ساتھ مربوط ہوتی ہے۔ اس مکتوب شریف میں تجلی ذاتی سے مراد تجلی ذاتی بمعنائے عام مراد ہے۔

## بینہ نمبر ۴:

یہ امر بھی ذہن نشین رہے کہ جو سالک لطیفہ سرّ میں فنائیت سے مشرف ہو جاتا ہے اسے خلافت مقیدہ سے نواز کر بیعت کی اجازت مرحمت فرما دی جاتی ہے تا کہ دوسروں کو ذکر وفکر کی تلقین و تعلیم کے دوران اس کی خود بھی تکمیل ہو جائے اور وہ مرتبہ بقا تک رسائی حاصل کر لے جبکہ خلیفہ مطلق بقا اور تزکیۂ نفس سے مشرف ہو چکا ہوتا ہے۔

Marfat.com

**متن** ایں راہ دو خُطوہ است مراد ازاں عالم خلق و عالم امر داشتہ اند عَلٰی سَبِیْلِ الْاِجْمَالِ وَ تَیْسِیْرًا لِلْاَمْرِ عَلٰی نَظَرِ الطُّلَّابِ بہر گامی ازیں گامہائی ہفت گانہ از خود دور می افتد و بحق سبحانہٗ نزدیک

**ترجمہ:** یہ راہ دوم قدم ہے اس سے مراد اجمالی طور پر عالم خلق اور عالم امر لیتے ہیں تا کہ طالبوں کی نظر میں یہ کام آسان دکھائی دے۔ ان سات قدموں میں سے ہر قدم پر سالک خود سے دور اور حق سبحانہٗ سے نزدیک ہوتا جاتا ہے۔

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے راہ سلوک کو اجمالاً دو قدم قرار دیا ہے تا کہ سالکین نہایت جوش و جذبہ کے ساتھ سلوک طے کرنے کیلئے کمر ہمت باندھ لیں اور سنت و شریعت پر کاربند اور اوراد و وظائف کے پابند ہو جائیں تا کہ وہ دوران سلوک، نفسانی خواہشات اور بشری نقائص سے دور ہو جائیں اور انہیں حق تعالیٰ کا قرب بلا کیف حاصل ہو جائے۔ بقول شاعر

به نشیں به گدایاں در دوست که هر کس
بنشت بایں طائفه شاهی شد و برخواست

Marfat.com

## بینہ نمبر ۱:

واضح رہے کہ ایسا مرشد گرامی جو کمالات نبوت میں رسوخِ کامل رکھتا ہو وہ اپنے مریدین کو مراتبِ ظلال طے کروائے بغیر کمالاتِ اصلیہ تک پہنچا سکتا ہے، جیسا کہ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز نے اپنے فرزند ارجمند عروۃ الوثقیٰ حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی قدس سرہُ العزیز کو مراتب ظلال طے کروائے بغیر یکبارگی کمالاتِ اصلیہ تک پہنچا دیا تھا۔ یونہی حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہُ العزیز کے متعلق منقول ہے کہ آپ صرف ایک ہفتہ میں مریدین کو فنائے قلب سے مشرف فرما دیتے تھے اور جو مرید ایک ماہ آپ کی خدمت بابرکت میں رہتا تھا اسے فنائے نفس نصیب ہو جاتی تھی۔

## بینہ نمبر ۲:

یاد رہے کہ عالم خلق اور عالم امر کے لطائفِ عشرہ طے کرنے کے بعد فنائیتِ تامہ حاصل ہوتی ہے جس پر بقائے اکمل مترتب ہوتی ہے۔ بقا میں سالکین کے اندر انعکاساتِ عالم وجوب کی قبولیت کی استعداد پیدا ہو جاتی ہے اس لئے جس قدر فنا میں رسوخ وملکہ زیادہ ہوگا اسی قدر بقا کامل تر ہوگی اور یہی فنا و بقا ولایت خاصہ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کے حصول کا باعث ہوتی ہے۔ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا اِيَّاهَا

## بینہ نمبر ۳:

اہل طریقت کے نزدیک فنائے اتم کی دو قسمیں ہیں

اول......وہ فنائے اتم جو لطیفہ کو ہی حاصل ہوتی ہے

دوم......وہ فنائے اتم جو عارف کو نصیب ہوتی ہے

Marfat.com

یہاں اس مکتوب میں فنائے اتم سے مراد فنائے اول نہیں بلکہ فنائے دوم ہے کیونکہ یہ معارف، انتہائی معارف میں سے ہیں۔

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۹۷

مکتوب الیہ

## حضرت پہلوان محمود رحمۃ اللہ علیہ

### موضوعات

دنیا اور اہلِ دنیا کی مذمت

ترکِ دنیا اربابِ جمعیت کی صحبت کے بغیر دشوار ہے

Marfat.com

# مکتُوب ۔ ۱۹۷

**متن** سعادت مند کسے است کہ دلش از دُنیا سرد شدہ باشد و بحرارتِ محبتِ حق سبحانہٗ تعالیٰ گرم محبتِ دنیا سرِ گناھں است و ترکِ آن سَرِ جمیعِ عباداتِ چہ دنیا مغضوبہ حق است سبحانہٗ

ترجمہ: سعادت مند وہ شخص ہے کہ جس کا دل دنیا سے سرد ہو گیا ہو اور محبتِ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی حرارت سے گرم ہو گیا ہو دنیا کی محبت گناہوں کی جڑ ہے اور اس کا چھوڑنا جمیع عبادات کا سرچشمہ ہے کیونکہ دنیا حق سبحانہٗ کی مغضوبہ ہے۔

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز دنیا اور اہل دنیا کی مذمت بیان فرما رہے ہیں کیونکہ دنیوی مال ومنال، شاہی جاہ وجلال، اور عارضی عزت وشہرت وغیرہا یادِ حق سے غافل کر دیتے ہیں۔ یاد خدا سے غافل کر دینے والی اشیاء قابل اعراض

Marfat.com

اور لائقِ اجتناب ہیں جیسا کہ آیہ کریمہ فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى عَنْ ذِكْرِنَا[1] سے عیاں ہے۔ اہل اللہ فرماتے ہیں کہ جو چیز بھی یادِ خدا سے غافل کردے وہی دنیا ہے۔

چیست دنیا از خدا غافل بدن
نے قماش و نقرہ و فرزند و زن

دنیا اللہ تعالیٰ کی مغضوبہ ہونے کی وجہ سے لائق ملامت اور اہل دنیا قابلِ لعنت ہیں جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات اَلدُّنْيَا مَلْعُوْنَةٌ وَمَلْعُوْنٌ مَا فِيْهَا اِلَّا ذِكْرُ اللّٰهِ وَمَا وَالَاهُ[2] سے عیاں ہے۔

مولانا روم مست بادۂ قیوم رحمۃ اللہ علیہ نے اس مفہوم کو یوں منظوم فرمایا

اھلِ دنیا چہ کہین و چہ مہین
لعنۃُ اللہ علیھم اجمعین

جبکہ نواہی سے اجتناب، اوامر کا اکتساب اور اعمال صالحہ بجا لانے والے ذاکرین ایسے ازلی سعادت مند ہوتے ہیں جن کے قلوب دنیوی نجاستوں سے پاک اور محبت الٰہیہ سے آباد ہوتے ہیں۔ سنت و شریعت کی پابندی اور سلطان الاذکار کرنے کی بدولت ان کے جسم کا بال بال یاد الٰہی سے سرشار ہوتا ہے

ذراتِ وجودم ہمہ را دوست گرفت
باقی نماند برمن جز پوست

ان کے انفاس قدسیہ اور توجہات عالیہ کی بوباس فضاؤں کو لطیف اور زمین کو شریف بنادیتی ہے اس لیے اہل اللہ کے ملبوسات متبرک اور مقامات مقدس ہوتے ہیں۔

---

[1] النجم ۲۹:۵۳ [2] سنن ترمذی، رقم الحدیث: ۲۳۲۲، ابن ماجہ، رقم الحدیث: ۴۱۰۲

Marfat.com

## بینہ نمبرا:

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز فرماتے ہیں کہ ترک دنیا کی حقیقت یہ ہے کہ دنیا کی رغبت ترک ہو جائے اور ترکِ رغبت اسی وقت متحقق ہوتا ہے جب اس کا ہونا نہ ہونا مساوی ہو جائے۔ اس کا حصول اربابِ جمعیت کی صحبت کے بغیر دشوار ہے۔

## بینہ نمبر۲:

واضح رہے کہ جب کوئی سالک کسی اہل جمعیت شیخ کامل مکمل کے زیر تربیت عروجی مدارج اور نزولی مراتب طے کرتا ہے تو وہ رفعِ غفلت کی بنا پر ذکر سے گذر کر مذکور کے مشاہدہ میں مستغرق ہو جاتا ہے اور بقول شاعر اس کی کیفیت کچھ یوں ہوتی ہے۔

وہ اسے یاد کرے جس نے بھلایا ہو کبھی
ہم نے اسے بھلایا نہ کبھی یاد کیا

حضور مع اللہ بلا غیبوبۃ کے مرتبہ پر فائز المرام عارف کو اگر کسی عمل خیر کی دعوت دی جائے تو حَسَنَاتُ الْاَبْرَارِ سَیِّئَاتُ الْمُقَرَّبِیْنَ کے مقولہ کے مطابق وہ عمل خیر اس عارف کیلئے مشاہدہ میں رکاوٹ بنتا ہے کیونکہ وہ مذکور کے جلوؤں میں محو ہوتا ہے۔

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۱۹۸

مکتوب الیہ

حضرت میرزا عبدالرحیم خانِ خاناںؒ رحمۃ اللہ علیہ

موضوعات

سکریہ علوم و معارف کے مطالعہ سے احتراز کرنا چاہیے

تواضع اور استغنا، فقر کے لوازمات میں سے ہیں

Marfat.com

# مکتوب ۔ ۱۹۸

## متن فتوحاتِ مکیہ مفتاحِ فتوحاتِ مدنیہ باد

ترجمہ: فتوحاتِ مکیہ، فتوحاتِ مدینہ کی کلید ہو۔

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز مکتوب الیہ کو نصیحت فرما رہے ہیں کہ ایسی کتب جن کے علوم ومعارف، مکشوفات والہامات، شریعت مطہرہ سے بظاہر متصادم ہوں، کے مطالعہ سے احتراز کرنا چاہئے۔ کیونکہ یہ توحید وجودی کے احوال ومواجید پر مشتمل ہوتے ہیں۔ حضرات انبیائے کرام علیہم الصلوات نے توحید وجودی کی تعلیم وتبلیغ نہیں فرمائی......

چونکہ یہ صوفیائے کرام کے الہامات ہیں اور الہام ظنی ہوتا ہے جبکہ انبیائے کرام علیہم الصلوات کے علوم وحی ہوتے ہیں اور وحی قطعی ہوتی ہے اس لئے فتوحات مکیہ کی بجائے فتوحاتِ مدنیہ (احادیث نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات) کا مطالعہ کرنا چاہیے اور سنت مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوات کی متابعت کا التزام کرنا چاہیے، جو حق تعالیٰ کی رضا ومحبوبیت کا باعث ہے جیسا کہ آیہ کریمہ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ [1]

---

[1] آل عمران ۳:۳۱

Marfat.com

سے عیاں ہے۔

**بینہ نمبر ا:**

واضح رہے کہ فتوحاتِ مکیہ اور فصوص الحکم حضرت محی الدین ابن عربی قدس سرہٗ العزیز کی معروف تصانیف لطیفہ ہیں جو وحدت الوجود کے علوم و معارف پر مشتمل ہیں۔ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عربی قدس سرہٗ العزیز مقربینِ بارگاہ میں سے ہیں اس لئے ان کے ادب و احترام کو ملحوظ رکھنا چاہیے البتہ ان کے بیان کردہ معارف عجیبہ سے احتراز کرنا چاہیے یہی احوط و اسلم رستہ ہے۔

ما را بانص کار است نہ بفص فتوحاتِ مدنیہ از فتوحات مکیہ مستغنی ساختہ است [1]

**متن** مخدوما فقراء را باَغنیاء آشنائی کردن دریں زمان بسیار متعسّر است اگر فقراء بگفتن یا نوشتن راہِ تواضع و حسنِ خُلق کہ از لوازمِ فقر است پیش میگیرند کوتہ اندیشاں از سُوءِ ظنِ خود می انگارند کہ طامع و محتاج اند لاجرم درین ظن خَسِرَ الدُّنیَا وَ الْاٰخِرَۃُ می گردند واز کمالاتِ ایں بزرگواراں محروم می مانند و اگر فقراء

---

[1] دفتر اول مکتوب: ۱۰۰

Marfat.com

**باستغناء حرف می زنند قاصرِ نظراں از بدخلقی خود قیاس می کنند کہ متکبر و بد خُلق اند نمی دانند کہ استغناء نیز از لوازمِ فقر است کہ جمعِ ضدین اینجا از استحالہ برآمدہ است**

**ترجمہ:** میرے مخدوم! فقیروں کا امیروں کے ساتھ دوستی کرنا اس دور میں بہت مشکل ہے اگر فقراء گفتگو یا تحریر میں تواضع اور حسنِ خلق کی روش سے پیش آئیں جو فقر کے لوازمات میں سے ہے تو کوتاہ اندیش اپنی بدگمانی سے خیال کرتے ہیں کہ وہ لالچی اور محتاج ہیں یقیناً اس بدگمانی کی وجہ سے دنیا و آخرت کے خسارہ میں پڑ جائیں گے اور ان بزرگوں کے کمالات سے محروم رہ جائیں گے اور اگر فقراء استغناء برتیں تو کم نظر اپنی بدخلقی پر قیاس کرتے ہوئے انہیں متکبر اور بدخلق سمجھتے ہیں۔ وہ یہ نہیں جانتے کہ استغناء بھی فقر کے لوازمات میں سے ہے کیونکہ جمعِ ضدین اس مقام پر حل ہو جاتے ہیں۔

## شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز تواضع اور استغناء کو فقر کے لوازمات قرار دے رہے ہیں۔ دراصل علمائے راسخین اور عرفائے کاملین حق تعالیٰ کے اخلاق وصفات سے متخلق ومتصف ہوتے ہیں اس لئے وہ صفات الٰہیہ کے مظہر ہوتے ہیں۔ بنابریں لوگوں کی رشد وہدایت اور تعلیم وتربیت کیلئے کبھی جمالی انداز میں تواضع و محبت سے پیش آتے ہیں اور کبھی اُمراء وعمائدینِ سلطنت کے تکبر وتبختر کو روندنے کیلئے

Marfat.com

جلالی انداز میں استغناء سے پیش آتے ہیں۔

نہیں فقر و سلطنت میں کچھ امتیاز ایسا
وہ سپاہ کی تیغ بازی یہ نگاہ کی تیغ بازی

اس لئے جو کوتاہ بین اور حرماں نصیب اپنے اوپر قیاس کرتے ہوئے اہل اللہ پر حریص و متکبر ہونے کے فتوے داغتے ہیں وہ اہل اللہ سے بدگمان ہو کر دنیوی خسران اور اُخروی حرمان کا شکار ہو جاتے ہیں جیسا کہ آیہ کریمہ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ[1] سے عیاں ہے بقول شاعر

از قیاسش خندہ آمد خلق را
کو چہ خود پنداشت صاحب دلق را
کارِ پاکان را قیاس از خود مگیر
گرچہ ماند در نوشتن شیر و شیر

## بینہ نمبر ۱،

حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ارقام پذیر ہیں کہ حضرت شیخ ابوسعید خراز رحمۃ اللہ علیہ کا قول عَرَفْتُ رَبِّیْ بِجَمْعِ الْاَضْدَادِ ارباب فکر ونظر کے نزدیک محال ہے اس لئے آپ استغناء کا اظہار کرتے ہوئے فرمارہے ہیں کہ ولایت کے اطوار، نظر و خرد سے بالا ہیں اس لئے عقلاء کی تنقید کی فکر نہیں کرنی چاہیے۔

## بینہ نمبر ۲،

واضح رہے کہ حق تعالیٰ اعتبارات وشیونات، تقدیسات وتنزیہات کا مستجمع ہے۔

---

[1] الحجرات ۴۹: ۱۲

Marfat.com

بنابریں اس کی صفات متغائر ہیں جیسا کہ آیہ کریمہ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ [1] سے عیاں ہے۔ جب بندۂ مومن اس کی صفاتِ متغائرہ سے متصف ومتخلق ہوتا ہے تب ہی اس پر جمع اضداد کے مقولہ کی حقیقت کھلتی ہے۔ بقول اقبال مرحوم

قہاری و غفاری و قدوسی و جبروت
یہ چار عناصر ہوں تو بنتا ہے مسلمان

---

[1] الحدید ۵۷:۳

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۱۹۹

مکتوب الیہ

حضرت ملا محمد امین کابلی رحمۃ اللہ علیہ

موضوع

تزکیہ نفس اور معرفتِ الٰہیہ
اہل اللہ کی صحبت پر موقوف ہے

Marfat.com

# مکتوب - ۱۹۹

**متن** اظہارِ طلب وِردے از اوراد نمودہ بودند بناءً عَلٰی ذَالِكَ اخوی ارشدی مولانا محمد صدیق را فرستادہ شد تا بذکرے ازیں طریقہ علیہ مشغول سازد و بآنچہ امر فرماید در امتثال آں سعی بلیغ خواہند نمود امید است کہ مُثمرِ نتائج گردد چوں مجرّد نوشتن کفایت نمی کرد و تعلق بحضورِ صحبت داشت بنا براں تصدیع اخوی مشار الیہ را دادہ شد

**ترجمہ:** آپ نے اوراد میں سے کسی ورد کی طلب کا اظہار کیا تھا اس لئے سعادت مند بھائی مولانا محمد صدیق کو بھیجا جاتا ہے تاکہ وہ آپ کو طریقہ عالیہ کے ذکر میں مشغول کر دیں وہ جو کچھ حکم دیں اس کی تعمیل میں بھرپور کوشش کریں امید ہے کہ نتیجہ خیز ثابت ہوگا چونکہ محض لکھنا کفایت نہیں کرتا بلکہ حضورِ صحبت سے تعلق رکھتا ہے اس لئے مشار الیہ بھائی کو تکلیف دی گئی ہے۔

Marfat.com

# شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز اہل اللہ کی صحبت و مجالست کی تلقین فرما رہے ہیں کیونکہ محض اوراد و وظائف سے برکات اور مطالعۂ کتب سے علوم تو حاصل ہو جاتے ہیں مگر تزکیہ نفس اور معرفتِ خداوندی جل سلطانہٗ اہل اللہ کی صحبت پر ہی موقوف ہے بلکہ دورانِ سلوک ہر سبق کیلئے شیخ کی توجہ ضروری ہوتی ہے۔

بقول شاعر

اے عالم دانا کہ بدیں علم غروری
نزدیک بمطلوب نۂ بلکہ تو دوری
تاخانۂ دل را نہ کنی مخزنِ توحید
حق را نشناسی تو بدیں کنز و قدوری

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۲۰

مکتوب الیہ

حضرت ملا شکیبی اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ

موضوعات

شیخِ کامل کے بغیر طیِّ سلوک باعثِ ضلالت ہے
شیخِ ناقص کی صحبت زہرِ قاتل ہے
راہ نامسلوک جذب کا رستہ ہے

Marfat.com

# مکتُوب ۔ ۲۰۰

**متن** ہر کہ از ایشاں باتمیز بود یعنی قوتِ جذب نداشت واستیلائے محبت درحقِ وَے مفقود بود چون راہ نداشت اعداءِ دین او را از راہ بردند و ہلاکش ساختند وبموتِ ابدی گرفتارش گردانیدند

**ترجمہ:** ان میں سے جو باتمیز تھا یعنی جذبہ کی قوت نہیں رکھتا تھا اور غلبہء محبت اس کے حق میں مفقود تھا چونکہ راہبر نہیں رکھتا تھا اس لئے دشمنانِ دین نے اسے رستہ سے بہکا دیا، ہلاک کر دیا اور ابدی موت میں گرفتار کر دیا۔

## شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز یہ نصیحت فرمارہے ہیں کہ راہ سلوک کو شیخ کامل مکمل کے بغیر طے کرنا باعث ضلالت وگمراہی ہے کیونکہ دورانِ سلوک رحمانی خطرات، شیطانی تلبیسات اور انوار و الوان کے درمیان امتیاز کرنا کسی راہ بین اور راہ دان شیخ طریقت کا ہی کام ہے جیسا کہ آیات کریمہ

Marfat.com

لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ [1] وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ [2] اور وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا [3] سے واضح ہے۔ بقول دانائے شیراز حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ

دریں ورطہ کشتی فرو شد ہزار
کہ پیدا نشد تختہ بر کنار

جب مرشد کامل کی دستگیری نصیب ہو جائے تو اس کی صحبت وارشاد کے جملہ آداب وشرائط کوملحوظ خاطر رکھتے ہوئے ''مردہ بدست غسال'' کے مصداق اپنے آپ کو اس کے حوالے کر دینا چاہیے اور ہر قسم کے اعتراض وانکار سے کلیۃً اجتناب کرنا چاہیے جیسا کہ آیہ کریمہ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِیْ فَلَا تَسْئَلْنِیْ عَنْ شَیْءٍ [4] سے عیاں ہے۔ بقول شاعر

چوں گرفتی پیر را تسلیم شو
ہم چو موسیٰ زیرِ حکم خضر رو

## بینہ نمبر ا

واضح رہے کہ سنت وشریعت کا باغی اور راہ طریقت سے نابلد شیخ، ناقص ہوتا ہے اس کی مثال نیم حکیم جیسی ہوتی ہے جو وصول الی اللہ کی راہ میں حائل اور سالکین کی طلب وشوق میں فتور کا باعث ہوتا ہے اس کی صحبت زہر قاتل اور اس سے طریقہ اخذ کرنا اپنی استعداد وصلاحیت کو ضائع کرنا ہوتا ہے وہ خود بھی گمراہ ہوتا ہے اور دوسروں کو بھی گمراہ کر دیتا ہے۔

---

[1] الاعراف ۷:۱۶ [2] الحجر ۱۵:۳۹ [3] الکہف ۱۸:۱۷ [4] الکہف ۱۸:۷۰

Marfat.com

اے بسا ابلیس آدم روئے ہست
پس بہ ہر دست نباید داد دست

## بینہ نمبر۲:

یہ امر بھی مستحضر رہے کہ وصول الی اللہ کیلئے تین بنیادی ارکان واساسی امور ہیں جو سالکین کے پیش نظر رہنے چاہئیں

۱..... فضلِ خدا ۲..... شیخ کامل مکمل

۳..... حق تعالیٰ کا عطا فرمودہ علم وشعور اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا اِیَّاھَا

(شیخ کامل کی علامات البینات شرح مکتوبات جلد دوم مکتوب نمبر ۶۱ میں ملاحظہ فرمائیں)

**متن** مخدوما اکابر طریقۂ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم ہمیں راہِ نامسلوک را اختیار کردہ اند وآں راہِ نامعہود در طریقہ این بزرگواراں راہِ معہود گشتہ است وعالم، عالم را ازیں راہ بتوجہ وتصرف بمطلب می رسانند ایں طریق را وصول لازم است اگر مُراعاتِ آدابِ پیرِ مقتدا نمودہ آید چہ دریں طریق پیر وجواں در وصول برابر اند ونساء وصبیان متساوی

Marfat.com

**ترجمہ:** میرے مخدوم! طریقہ نقشبندیہ کے اکابرین قدس اللہ اسرارہم نے اسی راہِ نامسلوک کو اختیار فرمایا ہے اور وہ غیر مقررہ طریقہ ان بزرگوں کے طریقہ میں مقررہ رستہ ہو گیا ہے اور انہوں نے جہانوں کے جہان اس رستہ سے توجہ اور تصرف کے ذریعے مقصود تک پہنچا دیئے ہیں۔ اس طریقے میں وصول لازم ہے بشرطیکہ شیخ مقتداء کے آداب کی رعایت کی جائے اس طریقے میں بوڑھے، جوان، خواتین اور بچے وصل میں برابر ہیں۔

# شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے وصول الی اللہ کے دو رستوں کا ذکر فرمایا ہے۔

اول......راہِ مسلوک دوم......راہِ نامسلوک

راہ مسلوک کو سلوک کا رستہ کہا جاتا ہے اور راہِ نامسلوک کو جذب کا رستہ کہتے ہیں اکثر متقدمین اولیائے کرام رحمۃ اللہ علیہم نے راہِ اول کے ذریعے سلوک طے کیا۔ اس رستہ میں عالم خلق کے لطائف سے سلوک شروع کرواتے ہیں۔ پہلے نفس کا تزکیہ کرواتے ہیں آخر میں تصفیہ قلب کی دولت قصویٰ عطا فرما دیتے ہیں۔ ریاضات شاقہ، مجاہداتِ شدیدہ اور ترکِ حیوانات وغیرہا کی بنا پر اس کا دورانیہ کافی طویل ہوتا ہے۔

جبکہ راہِ دوم میں ترتیب و تفصیل نہیں بلکہ غلبہ محبت اور جذبہ درکار ہوتا ہے۔ اس میں عالم امر کے لطائف سے سلوک شروع کرواتے ہیں۔ سنت و شریعت کا پابند بنا کر توجہات قدسیہ اور تصرفات باطنیہ کے ذریعے واصل باللہ کر دیتے ہیں۔ انہی راہ نامسلوک والوں کو نقشبندی بزرگ کہا جاتا ہے۔ امام الطریقہ، غوث الخلیقہ حضرت شاہِ نقشبند قدس سرہٗ العزیز نے بارگاہ قدس جل سلطانہٗ میں دو خصوصی دعائیں کی تھیں جو

Marfat.com

مستجاب ہوئیں۔

ا......ذکر قلبی خفی ۲......ایسا رستہ جو بہر حال موصل ہو

از حق سبحانہٗ وتعالیٰ طریقے خواستہ ام کہ البتہ موصل باشد

جانشینِ شاہ نقشبند حضرت خواجہ علاؤالدین عطار قدس سرہٗ العزیز نے خوب فرمایا

گر نشکستے دلِ دربان راز
قفلِ جہاں را ہمہ بکشادے

کسی عربی دان شاعر نے اس کی تعریف یوں کی ہے

لَومَا خَشِیتُ مَلَالَ قَلْبِ الْخَازِنِ
لَفَتَحتُ اَقْفَالَ الْعَوَالِمِ کُلَّھَا

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۲۰۱

مکتوب الیہ

حضرت کوچک بیگ حصاری رحمۃ اللہ علیہ

## موضوع

تفصیلی علوم واشیاء چند حروف وظروف میں مندرج ہو سکتے ہیں

Marfat.com

# مکتوب ۔ ۲۰۱

**متن** ظاہراً آن شخص از روئے علم و سماع و مطالعۂ کتب گفتہ باشد کہ از کبارِ متقدمین امثالِ این سخناں سر برزدہ اند حضرت امیر کرم اللہ وجہہٗ فرمودہ اند کہ جمیع علوم در باءِ بسملہ مندرج است بلکہ در نقطۂ آن باء

**ترجمہ:** ظاہری طور پر اس شخص نے علم و سماع اور مطالعۂ کتب کے بارے میں کہا ہوگا کیونکہ متقدمین اکابر سے اس قسم کی باتیں صادر ہوئی ہیں حضرت امیر (علی) کرم اللہ تعالیٰ وجہ' فرماتے ہیں کہ جمیع علوم بسم اللہ کی باء میں درج ہیں بلکہ اس باء کے نقطہ میں۔

## شرح

زیر نظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ایک استفسار کا جواب مرحمت فرما رہے ہیں کہ تفصیلی علوم و معارف وغیر ہا کو اجمالاً چند حروف و

Marfat.com

ظروف ونکات میں اندراج کیا جا سکتا ہے۔ جیسے بیج میں پودے کے تنے، شاخیں، پھل اور پھول پنہاں ہوتے ہیں۔ خواجہ خواجگان حضرت خواجہ معین الدین حسن رحمۃ اللہ علیہ تاجدار اجمیر شریف نے انا ساگر کے تالاب کے سارے پانی کو کرامۃً لوٹے میں سمو دیا۔[1]

---

[1] سیر الاخیار: ۲۸۲

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۲۰۲

مکتوب الیہ

حضرت شیخ میرزا فتح اللہ حکیم رحمۃ اللہ علیہ

موضوعات

مشائخِ نقشبندیہ بہت غیور ہوتے ہیں، اپنے شیخ سے عقیدت میں فرق باعثِ گمراہی و رسوائی ہے

مشائخِ نقشبندیہ کا طریقہ دعوتِ اسماء نہیں بلکہ مسمّٰی ہے

افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر اہلِ سنت کا اجماع ہے

تقلید مذموم باعث ہلاکت ہے

Marfat.com

# مکتوب ۔۲۰۲

**متن** روزی سخنے از غیرت مشائخ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم مذکور می شد دراں اثناء مذکور شدکہ حال آنجماعہ خواہد شدکہ خود را درسلکِ ارادتِ ایں اکابر داخل ساختہ اند و یا درضمن اینہا خود را درآوردہ اند و ایشانان قبول فرمودہ و درثانی الحال بے جہت و بے موجب قطع این بزرگواران نمودہ اند و بظن و تخمین متشبث اذیال دیگراں گشتہ

**ترجمہ:** ایک روز مشائخ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کی غیرت کے متعلق گفتگو ہورہی تھی اسی اثناء میں یہ ذکر ہوا کہ اس جماعت کا کیا حال ہوگا جو اپنے آپ کو ان اکابرین کی ارادت کی لڑی میں داخل کرتے ہیں یا ان کے ضمن میں اپنے آپ کو لاتے ہیں اور ان اکابر نے انہیں قبول فرمالیا اور بعدازاں کسی وجہ وسبب کے ان بزرگوں سے قطع تعلق کرلیا اور اپنے خیال وگمان سے دوسروں کے دامن کو جا پکڑا۔

Marfat.com

# شرح

زیر نظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز خواجگان نقشبندیہ رضی اللہ عنہم کی غیرت کا تذکرہ فرمارہے ہیں کہ جب کوئی سالک کسی نقشبندی شیخ کے زیرتربیت یا زیرِ ضمنیت ہو اور وہ شیخ گرامی اس کی روحانی آبیاری اور باطنی تربیت میں گہری دلچسپی بھی لے رہا ہو پھر مرید بغیر کسی وجہ کے قطع تعلق کر کے کسی اور سلسلہ میں داخل ہو جائے تو اس کی منزل کھوٹی اور روحانی موت واقع ہو جاتی ہے۔ کیونکہ اہل اللہ والدین کی طرح غیرت مند ہوتے ہیں۔ خصوصاً خواجگانِ نقشبندیہ رضی اللہ عنہم نسبتِ صدیقی کے حامل ہونے کی وجہ سے فیوض و برکات کے بحرِ ذخار ہوتے ہیں اس لئے یہ گوارا نہیں کرتے کہ ان کا کوئی فقیر بحرِ بیکراں کو چھوڑ کر ندی نالوں کی طرف متوجہ ہو۔ امام الطریقہ حضرت شاہ نقشبند بخاری قدس سرہُ الساری نے ایسی غیرت سکھائی کہ ان کے مرید نے ڈوبتے ہوئے بھی اپنی جان بچانے کی خاطر سید نا خضر علیہ السلام کے ہاتھ میں ہاتھ نہیں دیا۔

**بینہ نمبرا:**

واضح رہے کہ نقشبندیوں کا راندہ کسی در سے فیض نہیں پا سکتا، وہ عمر بھر یونہی دربدر ٹھوکریں کھاتا پھرے گا یہ نقشبندی غیرت کا فیصلہ ہے۔ البتہ کسی دوسرے سلسلے کا مرید کسی معقول وجہ سے عقیدت توڑ کر نقشبندیوں کی غلامی کا قلادہ زیبِ گلو کر لے تو فیض و برکت سے محروم نہیں رہے گا کیونکہ نقشبندی ملح المشائخ ہوتے ہیں اور ان کا طریقہ سلسلۃ الذہب ہے۔

Marfat.com

**بینہ نمبر۲:**

یہ امر بھی مستحضر رہے کہ سلسلہ نقشبندیہ میں سابق مشائخ کرام، نیچے والوں کو براہِ راست قبور مقدسہ سے فیض دیتے ہیں اس لئے ان میں حصولِ فیض، بطریقِ اویسیت کا غلبہ ہے یہی وجہ ہے کہ ان میں اکثر شجرہ اویسیہ پڑھا جاتا ہے۔

**بینہ نمبر۳:**

یہ امر بھی ذہن نشین رہے کہ شیخ کے دستِ حق پرست پر بیعت ہونے سے جمیع اکابرین سلسلہ کی نسبت حاصل ہوجاتی ہے اور شیخ کی ناراضگی سے سلسلہ کے تمام بزرگ ناراض ہوجاتے ہیں اور اپنے شیخ سے عقیدت میں فرق باعثِ گمراہی اور موجبِ رسوائی ہے۔ اَلْعِیَاذُ بِاللّٰہِ سُبْحَانَہٗ

**بینہ نمبر۴:**

یاد رہے کہ غیرتِ مذموم، لائقِ ملامت ہے جبکہ غیرتِ محمود، قابلِ مدحت ہے، جو اربابِ تزکیۂ نفوس اور اصحابِ تصفیۂ قلوب کو ہی نصیب ہوتی ہے۔

**متن** طریقِ ما طریقِ دعوت اسماء نیست اکابر این طریقت استہلاک در مسمّائے این اسماء اختیار فرمودہ اند از ابتداء توجہ ایشان باحدیتِ صرف است از اسم و صفت جز ذات نمی خواہند تعالیٰ و تقدس

Marfat.com

**ترجمہ:** ہمارا طریق دعوتِ اسماء کا طریقہ نہیں ہے۔ اس طریقت کے اکابرین نے ان اسماء سے مسمّٰی میں فنائیت کو اختیار فرمایا ہے۔ ابتداء ہی سے ان کی توجہ احدیتِ صرف کی طرف ہے وہ اسم وصفت سے سوائے ذات تعالیٰ وتقدس کے کچھ نہیں چاہتے۔

# شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز طریقتِ نقشبندیہ کا اختصاص و امتیاز بیان فرما رہے ہیں کہ سلسلہ نقشبندیہ کا طریقہ دعوتِ اسماء کا نہیں بلکہ مسمّٰی کا ہے۔ نقشبندی سالکین تکرارِ اسماء کے ذریعے اشیائے ممکنات اور تسخیرِ کائنات طلب نہیں کرتے بلکہ ان کا مقصود ومرام ذات حق تعالیٰ ہوتا ہے، بنابریں دوسروں کی نہایت ان کی بدایت میں درج کردی گئی ہے۔

قیاس کن ز گلستان من بہار مرا

## بینہ نمبر ا،

واضح رہے کہ حق تعالیٰ کے اسماء وصفات کا ذکر وتکرار کرنے والے دو قسم کے طبقات ہیں۔

طبقہ اولیٰ...... کے ذاکرین اسمائے الٰہیہ کا اس لئے ورد کرتے ہیں تاکہ ان اسماء کے خواص حاصل ہو جائیں، چنانچہ اس قسم کے لوگ یَا صَمَدُ کا وظیفہ تسخیرِ کائنات کیلئے کرتے ہیں یَا بَاسِطُ کا تکرار وسعتِ رزق کیلئے کرتے ہیں۔

طبقہ ثانیہ...... کے ذاکرین اسماء باری تعالیٰ کا تکرار اس لئے کرتے ہیں تاکہ انہیں ذات بحت جل سلطانہٗ تک رسائی نصیب ہو جائے۔

Marfat.com

**بینہ نمبر۲:**

ہمارے آقائے ولی نعمت زبدۃ الفقراء حضرت خواجہ صوفی محمد علی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ خلیفہ خاص آلومہار شریف فرمایا کرتے تھے کہ ہم سے تسخیرِ کائنات کا وظیفہ نہ مانگو بلکہ ہم سے تسخیرِ ذات جل سلطانہ' کا طریقہ پوچھو۔

**بینہ نمبر۳:**

یہ امر ذہن نشین رہے کہ جو شخص ہر قسم کی تعلیمات وتفہیمات اور تنبیہات کے باوجود اپنے غلط موقف وعمل پر مصر رہے۔ ''زمیں جنبد نہ جنبد گل محمد'' کے مصداق سنی ان سنی کردے وہ قابل رحم والتفات نہیں ہوتا جیسا کہ اَمَّا الرَّاضِیُ بِالضَّرَرِ لَا یَسْتَحِقُّ النَّظْرَ مثل مشہور ہے۔

## متن اجماعِ سلف برافضیلتِ حضرت صدیق بر جمیع بشر بعد از انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات منعقد گشتہ است احمقی باشد کہ توہّم خرقِ ایں اجماع نماید

**ترجمہ:** سلف صالحین کا اس امر پر اجماع ہو چکا ہے کہ انبیاء کرام علیہم الصلوات والتسلیمات کے بعد سب سے افضل حضرت صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔ وہ احمق ہے جسے اس اجماع کو توڑنے کا وہم ہو۔

Marfat.com

# شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز خلیفہ رسول سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی حضرات انبیائے کرام علیہم الصلوات کے بعد افضلیت پر اجماع امت بیان فرما رہے ہیں۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مسئلہ افضلیت صدیق (رضی اللہ عنہ) پر قدرے تفصیلات بیان کر دی جائیں تا کہ فہم مسئلہ میں سہولت رہے۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق

حضرت علامہ جلال الدین دوانی رحمۃ اللہ علی ارقام پذیر ہیں

وَالْاِمَامُ بَعْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَبُوْبَکْرٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ ثَبَتَتْ اِمَامَتُہٗ بِالْاِجْمَاعِ ثُمَّ عُمَرُ الْفَارُوْقُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ ثُمَّ عُثْمَانُ ذُوالنُّوْرَیْنِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ ثُمَّ عَلِیُّ الْمُرْتَضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْہَہٗ وَالْاَفْضَلِیَّۃُ بِھٰذَا التَّرْتِیْبِ وَمَعْنَی الْاَفْضَلِیَّۃِ اَنَّہٗ اَکْثَرُ ثَوَابًا عِنْدَ اللّٰہِ تَبَارَکَ وَ تَعَالٰی لَا اَنَّہٗ اَعْلَمُ وَاَشْرَفُ نَسَبًا وَمَا اَشْبَہَ ذَالِکَ [1]

یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد امام برحق حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں۔ آپ کی امامت اجماع سے ثابت ہو چکی۔ پھر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ، پھر حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ، پھر حضرت علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ بالترتیب امام ہوئے اور افضلیت اسی ترتیب کے مطابق ہے اور افضلیت کا معنی یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں زیادہ ثواب پانے والے ہیں نہ کہ اس معنی میں کہ وہ سب سے زیادہ عالم اور نسباً اعلیٰ ومعزز ہیں وغیرہا۔

حضرت ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں

اَجْمَعَ اَھْلُ السُّنَّۃِ وَالْجَمَاعَۃِ عَلٰی اَنَّ اَفْضَلَ الصِّحَابَۃِ اَبُوْبَکْرٍ

---

[1] العقائد العضدیہ

Marfat.com

فَعُمَرُ فَعُثْمَانُ فَعَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ [1] اہل سنت و جماعت کا اس امر پر اجماع ہو چکا ہے کہ تمام صحابہ کرام میں سب سے افضل ابو بکر ہیں، ان کے بعد عمر، پھر عثمان اور پھر علی (رضی اللہ عنہم اجمعین) ہیں۔

حضرت علامہ ابوالحسن دوسی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں

وَ لِلصِّدِّيْقِ رُجْحَانٌ جَلِيٌّ
عَلَى الْاَصْحَابِ مِنْ غَيْرِ اِحْتِمَالٖ [2]

یعنی سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر بغیر کسی شک و احتمال کے افضلیت حاصل ہے۔

حضرت علامہ سعد الدین تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں

اَلْاِمَامُ الْحَقُّ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَنَا وَعِنْدَ الْمُعْتَزِلَةِ وَاَكْثَرُ الْفِرَقِ اَبُوْبَكْرٍ وَعِنْدَ الشِّيْعَةِ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَلَا عِبْرَةَ [3]

یعنی ہم اہل سنت و جماعت، معتزلہ اور اکثر فرقوں کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد امام برحق سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ ہیں، جبکہ شیعہ کے ہاں حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں جس کا کوئی اعتبار نہیں۔

حضرت امام ابو جعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں

نُثْبِتُ الْخِلَافَةَ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلًا لِاَبِيْ بَكْرِنِ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ تَفْضِيْلًا لَهٗ وَتَقْدِيْمًا عَلٰى جَمِيْعِ الْاُمَّةِ ثُمَّ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ثُمَّ لِعُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ثُمَّ لِعَلِيٍّ

---

[1] شرح فقہ اکبر: ۱۱۹ [2] قصیدہ بدء الامالی [3] شرح المقاصد جلد دوم: ۲۸۶

Marfat.com

بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَھُمُ الْخُلَفَاءُ الرَّاشِدُوْنَ وَالْاَئِمَّۃُ الْمَھْدِیُّوْنَ[1]

یعنی ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر فضیلت دیتے ہوئے اور تمام امت سے مقدم سمجھتے ہوئے سب سے پہلے خلافت کا اثبات حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے لئے کرتے ہیں، پھر ان کے بعد حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے لئے، پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے لئے اور پھر حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے لئے اور وہ خلفائے راشدین اور ہدایت یافتہ امام ہیں۔

حضرت علامہ عبدالعزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی افضلیت کا سبب بیان کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں

ذَکَرَ الْمُحَقِّقُوْنَ اَنَّ فَضِیْلَۃَ الْمَبْحُوْثِ عَنْھَا فِی الْکَلَامِ ھِیَ کَثْرَۃُ الثَّوَابِ اَیْ عِظَمُ الْجَزَاءِ عَلٰی اَعْمَالِ الْخَیْرِ لَا شَرْفَ النَّسَبِ وَاِلَّا لَزِمَ اَنْ یَّکُوْنَ وَلَدُ النَّبِیِّ اَفْضَلَ مِّنَ النَّبِیِّ الَّذِیْ لَیْسَ اَبُوْہُ نَبِیًّا وَلَا کَثْرَۃُ الطَّاعَاتِ الظَّاھِرَۃِ لِاَنَّ الثَّوَابَ لَیْسَ عَلٰی حَسَبِ مِقْدَارِھَا لِاَنَّ اِنْفَاقَ اَحَدِنَا جَبَلَ اُحُدٍ ذَھَبًا لَا یَبْلُغُ مُدَّ الصَّحَابَۃِ وَلَا نَصِیْفَھُمْ کَمَا فِی الْحَدِیْثِ الصَّحِیْحِ وَالسِّرُّ فِیْ ذَالِکَ اَنَّ اَصْلَ الْخَیْرِ ھُوَ الْاِخْلَاصُ فِی الْعَمَلِ وَمُحَبَّۃُ الْحَقِّ سُبْحَانَہٗ وَدَوَامُ الْحُضُوْرِ مَعَہٗ وَھِیَ اُمُوْرٌ بَاطِنَۃٌ وَلِذَا قَالَ بَکْرُ بْنُ عَبْدِاللّٰہِ الْمُزْنِیُّ مَا فَضَّلَکُمْ اَبُوْبَکْرٍ بِصَوْمٍ وَصَلٰوۃٍ وَلٰکِنْ بِشَیْءٍ فِیْ قَلْبِہٖ اِنْتَھٰی فَلَا یَخْفٰی اَنَّ کَثْرَۃَ الثَّوَابِ لَا تُعْلَمُ اِلَّا بِاَخْبَارِ الشَّارِعِ وَلَا مَدْخَلَ فِیْھَا لِلْعَقْلِ وَالْمَنَاقِبِ الظَّاھِرَۃِ[2]

یعنی محققین نے بیان کیا ہے کہ کلام میں مبحوث عنہا کی فضیلت کثرت ثواب ہے

---

[1] التعلیقات الاثریہ علی عقیدۃ الطحاویہ: ۱/۵۳ [2] النبراس: ۲۹۹

Marfat.com

یعنی اعمال خیر پر جزاء کی زیادتی، نہ کہ نسبی شرف ہے ورنہ لازم آئے گا کہ اس نبی کا بیٹا افضل ہو اس نبی سے کہ جس کا باپ نبی نہیں ہے اور نہ ہی ظاہری اطاعت کی کثرت باعث فضیلت ہے۔ کیونکہ ثواب مقدار کے اعتبار سے نہیں ہے اس لئے کہ ہمارا جبل احد کے برابر سونا خرچ کرنا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مُد اور نصف مُد کو بھی نہیں پہنچتا جیسا کہ حدیث صحیح میں ہے اور اس میں راز یہ ہے کہ نیکی کی اصل عمل میں اخلاص، حق سبحانہ کی صحبت اور دوام حضور مع اللہ ہے اور یہ تمام باطنی امور ہیں اسی لئے بکر بن عبداللہ مزنی نے کہا ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو کثرت صوم وصلوٰۃ کی وجہ سے فضیلت حاصل نہیں بلکہ جو چیز ان کے قلب مبارک میں ہے اس وجہ سے فضیلت حاصل ہے۔ یہ امر پوشیدہ نہ رہے کہ کثرت ثواب تو حضرت شارع کے آگاہ فرمانے سے ہی معلوم ہوتا ہے اور اس میں عقل اور ظاہری مناقب کا کوئی دخل نہیں ہے۔

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں

اَفْضَلُهُمْ عَلٰى تَرْتِيْبِ الْخِلَافَةِ وَالْمُرَادُ بِالْاَفْضَلِيَّةِ اَكْثَرُ الثَّوَابِ[1]

یعنی چاروں خلفائے کرام رضی اللہ عنہم کی افضلیت ان کی خلافت کی ترتیب کے اعتبار سے ہے اور یہ افضلیت کثرت ثواب کی وجہ سے ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں

اَبُوْبَكْرِ الصِّدِّيْقُ اِمَامٌ حَقٌّ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ عُمَرُ ثُمَّ عُثْمَانُ ثُمَّ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ ....... وَلَا نَعْنِيْ الْاَفْضَلِيَّةَ مِنْ جَمْعِ الْوُجُوْهِ حَتّٰى يَعُمَّ النَّسَبُ وَالشُّجَاعَةُ وَالْقُوَّةُ وَالْعِلْمُ وَاَمْثَالُهَا بَلْ هِيَ عِظَمُ نَفْعِهٖ فِي الْاِسْلَامِ فَاَمِيْرُ اُمَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَزِيْرَاهُ اَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ بِاِعْتِبَارِ الْهِمَّةِ الْبَالِغَةِ فِيْ اِشَاعَةِ الْحَقِّ فَاِنَّ لِلنَّبِيِّ

[1] تکمیل الایمان

Marfat.com

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَجْھَیْنِ وَجْہٌ یَاخُذُ عَنِ اللّٰہِ وَجْہٌ یُعْطِی الْخَلْقَ وَلَھُمَا فِی الْعِطَاءِ لِلْخَلْقِ تَالِیْفًا لِلنَّاسِ وَجَمْعًا لَھُمْ وَتَدْبِیْرًا لِلْحَرْبِ یَدٌ طُوْلٰی [1]

یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد امام برحق حضرت ابو بکر صدیق پھر حضرت عمر پھر حضرت عثمان پھر حضرت علی (رضی اللہ عنہم) ہیں ہماری مراد افضلیت من جمیع الوجوہ نہیں ہے جو نسب، شجاعت، قوت اور علم وغیرہا کو عام ہو بلکہ افضلیت اسلام میں عظیم خدمات کی وجہ سے ہے۔ پس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے لئے امیر اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وزیر اشاعت حق (اسلام) میں ہمت بالغہ کے اعتبار سے حضرات ابو بکر اور عمر رضی اللہ عنہما ہیں ۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دو جہتیں ہیں ایک جہت سے اللہ تعالیٰ سے لیتے ہیں، دوسری جہت سے مخلوق کو عطا فرماتے ہیں۔ لوگوں کی جمع وتالیف اور حربی تدبیر کے لئے اعطائے خلق میں ان دونوں حضرات کو ید طولیٰ حاصل ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز تحریر فرماتے ہیں

امام برحق وخلیفہ مطلق بعد حضرت خاتم الرسل علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات حضرت ابو بکر صدیق است رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعد ازاں حضرت عمر فاروق است رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعد ازاں حضرت عثمان ذوالنورین است رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعد ازاں حضرت علی بن ابی طالب است رضی اللہ عنہ وافضلیت ایشاں بترتیب خلافت است افضلیت حضرات شیخین باجماع صحابہ وتابعین ثابت شدہ است چنانچہ نقل کردہ اند آں را اکابر آئمہ کہ یکے از ایشاں امام شافعی است شیخ

---

[1] العقیدۃ الحسنۃ

Marfat.com

ابوالحسن اشعری کہ رئیس اہل سنت است فرماید کہ افضلیت شیخین بر باقی امت قطعی است انکار نہ کند افضلیت شیخین را بر باقی صحابہ مگر جاہل یا متعصب حضرت امیر کرم اللہ تعالیٰ وجہہ می فرماید کہ کسے کہ مرا بر ابی بکر و عمر فضل بدہد مفتری ست او را تازیانہ زنم چنانکہ مفتری را زنند[1] (قَالَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ لَا یُفَضِّلُنِیْ اَحَدٌ عَلٰی اَبِیْ بَکْرٍ وَّعُمَرَ اِلَّا جَلَدْتُّہٗ حَدَّ الْمُفْتَرِیِّ)[2] یعنی حضرت خاتم الرسل صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد امام برحق اور خلیفۂ مطلق حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں، ان کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ان کے بعد حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ اور ان کے بعد حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ ہیں۔ ان خلفاء راشدین کی افضلیت ترتیب خلافت کے لحاظ سے ہے۔ حضرات شیخین کی افضلیت صحابہ وتابعین رضی اللہ عنہم کے اجماع سے ثابت شدہ ہے۔ چنانچہ اسے اکابر آئمہ نے نقل کیا ہے جن میں سے ایک حضرت امام شافعی رضی اللہ عنہ ہیں۔ رئیس اہل سنت شیخ ابوالحسن اشعری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ افضلیت شیخین باقی تمام امت پر قطعی ہے دوسرے صحابہ کرام پر افضلیت شیخین کا سوائے جاہل یا متعصب کے اور کوئی بھی انکار نہیں کرتا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ فرماتے ہیں کہ جو شخص مجھے حضرات ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما پر فضیلت دے وہ مفتری ہے میں اسے اسی طرح کوڑے لگاؤں گا جس طرح مفتری کو (۸۰ کوڑے) لگائے جاتے ہیں۔

ایک اور مقام پر حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز فرماتے ہیں اپنے آپ کو سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے افضل جاننے والا زندیق یا جاہل مطلق ہے۔ شخصے کہ خود را از حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ افضل داند امر او از دو حال خالی

---

[1] مکتوبات شریفہ دفتر دوم مکتوب: ۶۷ [2] کنز العمال، رقم الحدیث: ۳۶۱۵۷

Marfat.com

نیست زندیق محض است یا جاہل صرف [1]

قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ خَيْرُ النَّاسِ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَبُوْبَكْرٍ وَخَيْرُ النَّاسِ بَعْدَ اَبِيْ بَكْرٍ عُمَرُ [2] سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تمام لوگوں سے افضل ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں اور سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بعد سب سے افضل سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں۔

قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ مِنْ اَكَابِرِ الشِّيْعَةِ اُفَضِّلُ الشَّيْخَيْنِ بِتَفْضِيْلِ عَلِيٍّ اِيَّاهُمَا عَلٰى نَفْسِهٖ وَ اِلَّا لَمَا فَضَّلْتُهُمَا كَفٰى بِيْ وِزْرًا اَنْ اُحِبَّهٗ ثُمَّ اُخَالِفَهٗ [3] یعنی اکابرین شیعہ میں سے عبدالرزاق نے کہا میں شیخین (حضرات ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما) کو اس لئے افضل کہتا ہوں کہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے ان کو اپنے آپ سے افضل کہا ہے میرے گناہگار ہونے کیلئے اتنا ہی کافی ہے کہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے محبت کا دعویٰ بھی کروں اور پھر ان کے اقوال کی مخالفت بھی کروں۔

حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ اور سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اہل سنت و جماعت کی علامات کو بیان کرتے ہوئے فرمایا

مِنْ عَلَامَاتِ اَهْلِ السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ تَفْضِيْلُ الشَّيْخَيْنِ وَمُحَبَّةُ الْخَتَنَيْنِ [4] شیخین کریمین کی فضیلت اور دونوں دامادوں (حضرات عثمان وعلی) کی محبت اہل سنت کی علامت ہے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کے نزدیک سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر فضیلت دینے والا اہل سنت سے خارج ہے۔

کسیکہ حضرت امیر را افضل از حضرت صدیق گوید از جرگہ اہل سنت می

---

[1] مکتوب: ۲۰۲ [2] ابن ماجہ، رقم الحدیث: ۱۰۳ [3] صواق محرقہ: ۴۲، مکتوب: ۲۶۶، ...ط النجوم: ۱/۴۱۴ [4] النبراس: ۳۰۲

Marfat.com

برآید[1]

آپ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک افضلیت شیخین اور افضلیت عثمان کا منکر بدعتی، گمراہ اور یزید بدنصیب کا ساتھی ہے۔

بالجملہ افضلیت شیخین یقینی است و افضلیت حضرت عثمان دونِ اوست اما احوط آن ست کہ منکر افضلیت حضرت عثمان را بلکہ منکر افضلیت شیخین را نیز حکم بکفر نکنیم ومبتدع و ضال دانیم ..... و ایں منکر قرین یزید بے دولت است[2]

## بینہ نمبر ا:

واضح رہے کہ خلیفہ رسول سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اتقیٰ، اکرم، اعظم درجۃ، ارحم، افضل الامۃ، اعلم، اعلم بالسنۃ، اشجع جیسے اسم تفضیل کے صیغوں سے ملقب ہیں جیسا کہ درج ذیل آیات کریمہ، احادیث مبارکہ، آثار صحابہ اور اقوال علماء سے بالترتیب ثابت ہے۔

- ...... وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى[3]
- ...... اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ[4]
- ...... اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ[5]
- ...... اَرْحَمُ اُمَّتِيْ بِاُمَّتِيْ اَبُوْ بَكْرٍ[6]
- ...... اَبُوْ جُحَيْفَةَ يَقُوْلُ دَخَلْتُ عَلٰى عَلِيٍّ فَقُلْتُ يَا اَفْضَلَ الْاُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا فَقَالَ مَهْلًا يَا اَبَا جُحَيْفَةَ اُخْبِرُكَ بِاَفْضَلِ الْاُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا؟ قُلْتُ نَعَمْ بِاَبِيْ وَاُمِّيْ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ[7]

---

[1] دفتر اول مکتوب:۲۰۲ [2] مکتوب: ۲۶۶ [3] اللیل۹۲:۱۷ [4] الحجرات۴۹:۱۳

[5] التوبہ۹:۲۰ [6] سنن الترمذی رقم الحدیث:۳۷۲۳ [7] المعجم الاوسط للطبرانی، رقم الحدیث:۲۰۳۳

Marfat.com

۞ ...... وَکَانَ اَبُوْبَکْرٍ اَعْلَمُنَا [1]

۞ ...... اَنَّہٗ کَانَ اَعْلَمُھُمْ بِالسُّنَّۃِ [2]

۞ ...... قَالَ عَلِیٌّ وَاَنَّہٗ اَشْجَعُ الصِّحَابَۃِ [3]

۞ ...... ھُوَ اَعْلَمُ الصِّحَابَۃِ عَلَی الْاِطْلَاقِ [4]

## بینہ نمبر۲:

یہ امر بھی مستحضر رہے کہ صوفیائے محققین کے نزدیک بھی سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی تقدیم پر اجماع ہو چکا ہے جیسا صاحب التعرف ارقام پذیر ہیں۔

اَجْمَعَ الصُّوْفِیَۃُ عَلٰی تَقْدِیْمِ اَبِیْ بَکْرٍ ثُمَّ عُمَرَ ثُمَّ عُثْمَانَ ثُمَّ عَلِیٍّ رَضِیَ اللہُ عَنْھُمْ [5]

**متن** عبارتیکہ مردم این توہم راازانجا پیدا کردہ اند باید دید و بتحقیقت معاملہ وار سید مجرد تقلید ارباب حسد نمودن چہ مناسب است باآں کہ مشائخ درغلبۂ سکر چیز ہائے نامناسب گفتہ اند شیخ بطام می گوید لِوَائِیْ اَرْفَعُ

---

[1] صحیح بخاری رقم الحدیث:۴۴۶ [2] المدخل الی السنن الکبری للبیہقی رقم الحدیث:۳۲

[3] تاریخ الخلفاء:۱/۱۴ [4] صواعق محرقہ:۳۳ [5] النبراس:۳۰۳

Marfat.com

**مِنْ لِوَاءِ مُحَمَّدٍ انجا پے بافضلیت نتواں برد کہ عینِ زندقہ است و در عبارتِ فقیر حاشا و کلا کہ این قسم چیزی مذکور شدہ باشد**

**ترجمہ:** جس عبارت سے لوگ وہم پیدا کر رہے ہیں اسے بغور دیکھنا چاہئے اور معاملہ کی حقیقت تک پہنچنا چاہئے محض حاسدین کی تقلید کرنا کیا مناسب ہے؟ اس لئے کہ مشائخ نے غلبہء سکر میں بہت سی نامناسب چیزیں کہہ دی ہیں شیخ بسطام رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں میرا علم لوائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے بلند تر ہے ایسی چیزوں سے افضلیت کے پیچھے نہیں پڑنا چاہئے کہ یہ عین زندقہ ہے اور فقیر کی عبارت میں ہرگز اس قسم کی کوئی چیز مذکور نہیں ہوئی ہے۔

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز مکتوب الیہ کو سمجھا رہے ہیں کہ سلطان العارفین حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے جھنڈے کو لوائے نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے بلند تر کہہ دیا پھر بھی ہم ان سے بدگمان ہو کر رشتہء ارادت اور ناطہء عقیدت منسلک رکھتے ہیں اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر شیخ بسطامی کی افضلیت کا قول نہیں کرتے بلکہ اسے سکرِ وقت اور بیانِ حال پر محمول کرتے ہیں۔

فقیر کی عبارت میں تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر افضلیت دینے والی کوئی بات نہیں اس لئے حاسدین کی باتوں پر اعتماد کر کے روحانی تعلق منقطع کر لینا مناسب نہیں۔ عبارت کا بغور مطالعہ کر کے حقیقت تک پہنچنے کی کوشش کریں اور

Marfat.com

معاندین کی اندھی تقلید سے اجتناب کریں کیونکہ اس قسم کی تقلید مذموم، باعثِ ہلاکت اور لائقِ مذمت ہوتی ہے۔ بقول کسے

خلق را تقلید شاں برباد داد
صد ہزاراں لعنت بر آن تقلید باد

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۲۰۳

مکتوب الیہ

حضرت ملا حُسَینی نَاہنَابَائی رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

صحبتِ اولیاء کی برکات ، شقاوتِ اصلی ... شقاوتِ عارضی

سالکین پر طاری ہونے والی کیفیّات ثلاثہ

ذکرِ اسمِ ذات اور ذکرِ ذات کے شواہد

Marfat.com

# مکتوب ۔۲۰۳

## متن بحکم اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ محبان ایشاں بایشانند و ایشانند کہ جلیس ایشان از شقاوت محفوظ است

ترجمہ: ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ کے مطابق فقراء کے محب ان کے ساتھ ہیں اور فقراء وہ ہیں کہ ان کا ہم نشین شقاوت سے محفوظ ہے۔

## شرح

زیر نظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہ العزیز احادیث مبارکہ کی روشنی میں اہل اللہ کی معیت وصحبت کے فوائد و برکات بیان فرما رہے ہیں۔ دراصل اہل اللہ کو سنت وشریعت کی تعمیل، تصفیہ قلوب اور تزکیہ نفوس کی تحصیل کی وجہ سے حق تعالیٰ کا قرب ومجالست میسر ہوتا ہے اس لئے مؤمنین کو اہل اللہ کی معیت وکینونت اختیار کرنے کا حکم دیا گیا ہے جیسا کہ آیہ کریمہ کُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ [۱] سے واضح ہے تا کہ انہیں مغفرت ورحمت نصیب ہوسکے جیسا کہ آیہ کریمہ اِنَّ رَحْمَةَ

---

[۱] التوبہ۹:۱۱۹

Marfat.com

اللهِ قَرِیبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِینَ [1] سے عیاں ہے نیز اہل اللہ کی صحبت کی بدولت بندہ مومن شقاوت اصلی اور قساوت قلبی سے محفوظ ہو جاتا ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات لَا یَشْقٰی بِهِمْ جَلِیْسُهُمْ [2] سے آشکارا ہے اہل طریقت نے شقاوت کی دو قسمیں بیان فرمائی ہیں

۱..... شقاوت اصلی ۲..... شقاوت عارضی

شقاوتِ عارضی انبیائے عظام علیہم الصلوات، علمائے اعلام اور صوفیائے کرام رحمۃ اللہ علیہم کی مجالست وصحبت سے زائل ہو جاتی ہے مگر شقاوتِ اصلی زوال پذیر نہیں ہے اس لئے بندۂ مومن کو اپنے خاتمہ کے متعلق ہر وقت مشوش رہنا چاہیے اور قسام ازل کی بے نیازی سے ڈرتے رہنا چاہیے جیسا کہ آیہ کریمہ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِیٌّ عَنِ الْعَالَمِینَ [3] سے معلوم ہوتا ہے۔ بقول شاعر

بر عمل تکیہ مکن خواجہ کہ در روزِ ازل
توچہ دانی قلمِ صنع بہ نامت چہ نوشت

## بینہ نمبرا:

واضح رہے کہ اہل اللہ کی محبت ایسی نعمت عظمیٰ اور دولت قصویٰ ہے جو نفسانی خواہشات اور ذاتی مفادات جیسی آلائشوں سے پاک ہوتی ہے۔ چونکہ مشائخ عظام کی محبت محض حق تعالیٰ جل سلطانہٗ کیلئے ہوتی ہے اس لئے ان کی محبت، حق تعالیٰ کی محبت قرار پاتی ہے جو دنیوی فوائد اور اخروی ثمرات پر منتج ہوتی ہے جیسا کہ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ [4] سے عیاں ہے جس کا پہلا اصول اَلْحُبُّ لِلّٰهِ وَالْبُغْضُ لِلّٰهِ [5] ہے جو

---

[1] الاعراف ۷: ۵۶ [2] صحیح البخاری، رقم الحدیث:۵۹۲۹ [3] العنکبوت ۲۹: ۶

[4] صحیح البخاری، رقم الحدیث:۵۷۰۲ [5] شعب الایمان، رقم الحدیث:۹۱۹۱

Marfat.com

صرف یارانِ طریقت میں ہی متحقق ہوتی ہے۔

**بینہ نمبر۲:**

یہ امر ذہن نشین رہے کہ اہل اللہ کے ساتھ نسبت وارادت سے اگر بندہ مومن مرتبہ ولایت پر فائز المرام نہ بھی ہو تو اس کا دنیوی آفات، شیطانی تصرفات اور زمانے کے فتنوں اور حادثوں سے محفوظ ہو جانا ہی کافی ہے۔ غوث الثقلین سیدنا عبدالقادر جیلانی قدس سرہُ العزیز نے خوب فرمایا

اَنَا مِنْ رِجَالٍ لَا یَخَافُ جَلِیْسُھُمْ
رَیْبَ الزَّمَانِ وَلَا یَرٰی مَا یَرْھَبُ

اے برادر بے نہایت در گہے است
ہرچہ بروئے می رسی بروئے مائیست

**بینہ نمبر۳:**

یہ امر ذہن نشین رہے کہ جس طرح ملائکہ کرام محافل ذکر کے متلاشی رہتے ہیں، ایسے ہی بندۂ مومن کو بھی مجالس ذکر وفکر کی تلاش میں رہنا چاہیے تاکہ ایمان کی تجدید، قلوب کی تنویر اور نفوس کی تطہیر ہو جائے۔ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا اِیَّاھَا

**بینہ نمبر۴:**

یہ امر مستحضر رہے کہ سالکین طریقت کو اہل اللہ کی مجالست اور توجہات قدسیہ کی بدولت تین قسم کی کیفیات نصیب ہوتی ہیں۔

۱......محض وجد ۲......وجد اور سکون ۳......سکونِ محض

Marfat.com

طریقت نقشبندیہ میں یہ تینوں کیفیات پائی جاتی ہیں، علوی نسبت کی بدولت کیفیتِ وجد سلطان العارفین بایزید بسطامی قدس سرہُ العزیز کے ذریعے آرہی ہے جبکہ کیفیتِ سکون، نسبت صدیقی کی بدولت سید الطائفہ سیدنا جنید بغدادی قدس سرہُ العزیز کے ذریعے آرہی ہے۔

لیکن نسبت صدیقی کے غلبہ کی وجہ سے حضراتِ نقشبندیہ میں اخفاء وسکون کا ظہور زیادہ ہوتا ہے جو انہیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ گہری مناسبت کی بناپر ملا ہے آیہ کریمہ فَاَنْزَلَ السَّکِیْنَۃَ عَلَیْھِمْ[1] کی بناپر حضرات صحابہ کرام بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں نہایت باادب اور بے حس وحرکت حاضر باش رہتے تھے جیسا کہ حدیث جَلَسْنَا حَوْلَہٗ کَاَنَّ عَلٰی رُؤُسِنَا الطَّیْرُ[2] سے عیاں ہے، جو اقرب الی النصوص، منشاء رسالت علی صاحبہا الصلوات، صحابہ کرام بالعموم اور خلفائے راشدین بالخصوص کے طریقہ کے عین مطابق ہے اور خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کے طریقہ کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سنت فرمایا ہے۔

بس یہی وجہ ہے کہ حضرات نقشبندیہ وجد وتواجد اور سماع ورقص سے طبعاً احتراز کرتے ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذَالِکَ

## متن اسمِ مبارک اللہ را بمعنی بے چونی و بے چگونی بعد از توجہ بالکلیہ بقلب در دل گزرانند و بمعنی

---

[1] الفتح ۱۸:۴۸ [2] المستدرک علی الصحیحین، رقم الحدیث: ۴۱۴

Marfat.com

## حاضر و ناظر تصور نکنند ہیچ صفت ملحوظ ندارند ہمیں اسم مبارک را بعد از توجہ مذکور ہموارہ در دل حاضر دارند

**ترجمہ:** قلب کی طرف کلیۃً متوجہ ہونے کے بعد اسم مبارک ''اللہ'' کو بے چونی و بے چگونی کے معنی کے ساتھ دل سے گذاریں حاضر و ناظر کا معنی تصور نہ کریں بلکہ کسی صفت کو ملحوظ نہ رکھیں، اسی اسم مبارک کو مذکورہ توجہ کے بعد دل میں حاضر رکھیں۔

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز طریقت نقشبندیہ کا طریقۂ ذکر بیان فرمارہے ہیں۔ سلسلہ نقشبندیہ کا پہلا سبق استحضار اسم ذات بدوں استحضارِ صفات ہے کیونکہ صفات، علمائے متکلمین اہل سنت کے نزدیک نہ عین ذات ہیں نہ غیر ذات۔ یہ سبق امام الطریقہ حضرت شاہ نقشبند قدس سرہُ العزیز نے اجمالی طور پر سکھایا تھا۔ استحضار صفات (تصور صفات) سے سالک، انوار والوان کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے جو متناہی اور محدود ہیں اور ذات باری تعالیٰ غیر متناہی اور لامحدود ہے۔ جبکہ ذکر اللہ سے مقصود حضور مع اللہ ہے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں ذکر اسم ذات اور ذکرِ ذات کو بیان کر دیا جائے تاکہ فہم مسئلہ میں سہولت رہے۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق

ذکر اسم ذات اور ذکر ذات یعنی لفظ اللہ اسم جلالت ہے جو طریقہ نقشبندیہ کا سبق اول اور اسم اعظم ہے جس کے پیہم احصاء و تکرار سے اہل اللہ غافل دلوں اور مردہ جسموں کو زندہ کر دیتے ہیں۔ ذکر اسم ذات اور ذکر ذات مبتدعین کے نزدیک بدعت ہے حالانکہ یہ متعدد آیات کریمہ اور احادیث مبارکہ سے ثابت ہے۔ جیسا کہ

Marfat.com

آیات مبارکہ وَاذْکُرِاسْمَ رَبِّکَ [1]، بِسْمِ اللهِ. اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّکَ [2]، قُلِ اللهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ [3] الخ اور ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ عَلٰی اَحَدٍ یَقُوْلُ اللهُ اللهُ [4] سے ثابت ہے۔

---

[1] المزمل ۷۳:۸ [2] العلق ۹۶:۱ [3] الانعام ۶:۹۱ [4] مسلم شریف رقم الحدیث: ۲۱۲

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۲۰۴

مکتوب الیہ

حضرت میر محمد نعمان بدخشی رحمۃ اللہ علیہ

موضوع

اہلُ اللہ کو تہمتوں اور بیماریوں کے ذریعے
آزمایا جاتا ہے

Marfat.com

# مکتوب ۔۲۰۴

**متن** ازسخنانِ پریشانِ اَرباب خُسران محنت نکشند کُلٌّ یَعْمَلُ عَلٰی شَاکِلَتِہٖ لائق آن کہ بمکافات ومجازات متعرِض نشوند دروغی رافروغے نیست

**ترجمہ:** اہل خسران کی پریشان کن باتوں سے رنجیدہ نہ ہوں ہر کوئی اپنے طریقہ کے مطابق عمل پیرا ہے آپ کے لئے یہی مناسب ہے کہ ان کی پاداش اور بدلہ لینے کے درپے نہ ہوں کیونکہ دروغ کو فروغ نہیں ہے۔

## شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز مکتوب الیہ کو دنیاداروں کی اذیتوں پر صبروضبط کی تلقین فرمارہے ہیں۔ درحقیقت اللہ تعالیٰ کا یہ اصول ہے کہ وہ انبیائے عظام علیہم الصلوات، صوفیائے کرام اور علمائے فخام رحمۃ اللہ علیہم کو ابتلاء وامتحان کے ذریعے آزماتا ہے جیسا کہ آیہ کریمہ وَلَنَبْلُوَنَّکُمْ بِشَیْءٍ

Marfat.com

مِّنَ الْخَوْفِ ...... الخ [1] سے آشکارا ہے اس لئے ان پر اعتراضات کی بوچھاڑ اور طعن و تشنیع کے تیر برسائے جاتے ہیں۔ تہمتوں اور بیماریوں کے ذریعے آزمایا جاتا ہے جو ان کے لئے روحانی ارتقاء اور بلندی درجات کا باعث ہوتے ہیں۔ جیسا کہ مقولہ اَلْمُؤْمِنُ لَا یَخْلُوْا عَنِ الْعِلَّةِ وَالْقِلَّةِ وَالذِّلَّةِ وَالتُّهْمَةِ سے عیاں ہے، اس لئے سالکین کو ان کے ساتھ الجھنے اور ترکی بہ ترکی جواب دینے سے اجتناب کرنا چاہئے ، بلکہ ظالموں اور شریروں کا معاملہ اللہ کے حوالے کر کے ان کے ظلم و شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنا چاہئے۔ مسبعات عشر، اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ شَرَّھُمْ بِمَا شِئْتَ اور اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ جیسی ادعیہ ماثورہ کو حرز جاں بنانا چاہئے۔ تاکہ سالکین طریقت آسیبی شرارتوں سے محصور اور انسانی اذیتوں محفوظ رہیں۔

---

[1] البقرہ۲:۱۵۵

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۲۰۵

مکتوب الیہ

حضرت خواجہ **محمّد اشرف** کابلی رحمۃ اللہ علیہ

## موضوع

اسوۂ حسنہ مراتب عالیہ کے حصول کا موجب ہے

Marfat.com

# مکتوب - ۲۰۵

**متن** شَرَّفَکُمُ اللّٰہُ سُبحَانَہٗ بِکَمَالِ الْمُتَابعَۃِ الْمُصْطَفَوِیَّۃِ عَلیٰ صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ وَالتَّحِیَّۃُ فَاِنَّہٗ مِلَاکُ الْاَمْرِ وَمُنْیَۃُ الصِّدِّیْقِیْنَ

**ترجمہ:** اللہ سبحانہ آپ کو متابعت مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیہ کے کمال سے مشرف فرمائے۔ کیونکہ یہ دین اسلام کا مدار اور صدیقوں کی قلبی آرزو ہے۔

## شرح

زیر نظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز مکتوب الیہ کو متابعتِ نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات کے کمال سے شاد کام ہونے کی دعا دے رہے ہیں۔ درحقیقت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ اور اُسوۂ حسنہ ایسا بے مثال طریقہ ہے جس پر عمل پیرا ہو کر بندۂ مؤمن حق تعالیٰ سبحانہٗ کے ہاں مرتبۂ صدیقیت اور مقام شہادت پر فائز المرام ہو سکتا ہے۔ جیسا کہ آیہ کریمہ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰہِ

Marfat.com

وَرُسُلِهٖ اُولٰئِکَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ وَالشُّهَدَاءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ [1] سے عیاں ہے بلکہ افضل البشر بعد الانبیاء سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے تو وفور شوق میں یہاں تک کہہ دیا یَالَیْتَنِیْ کُنْتُ سَهْوَ مُحَمَّدٍ [2] جبکہ ترکِ متابعت اور رفعِ عبادت جیسے تصورات سب اوہامِ باطلہ اور خیالاتِ فاسدہ ہیں۔

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۲۰۶

مکتوب الیہ

حضرت شیخ مُلّا عبدالغفور سمرقندی

## موضوعات

عبودیت انکسار و افتقار سے عبارت ہے

اہل اللہ دنیوی عزت و شہرت سے ترساں رہتے ہیں

اہلِ سنت کے موافق اعتقاد و اعمال اور طریقتِ نقشبندیہ کے مطابق ذکر ذریعۂ نجات ہے

Marfat.com

# مکتوب ۔ ۲۰۶

**متن** اے برادر آدمی را در دنیا از برائے طعامہائے چرب ولذیذ ولباسہائے مزیّن ونفیس نیاوردہ اند واز برائے تمتع وتنعم ولہو ولعب نیافریدہ مقصود از خلقتِ او ذلّ وانکسار وعجز وافتقار اوست کہ حقیقت بندگی است اما ان انکسار و افتقار کہ شریعت مصطفویہ علیٰ صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ وَالتَّحِیَّۃُ بآن اذن فرمودہ چہ ریاضات ومجاہدات اہل باطل کہ موافقت بشریعت غرا اندارد جز خسارت وخذلان نمی آرد وغیر از حسرت وندامت نمی گذارد

**ترجمہ:** اے بھائی! آدمی کو دنیا میں مرغن ولذیذ غذاؤں اور خوبصورت ونفیس لباس پہننے کیلئے نہیں لائے، عیش وعشرت اور لہو ولعب کیلئے پیدا نہیں فرمایا اس کی تخلیق کا

Marfat.com

مقصد ذلت وانکساری اور عاجزی ومحتاجی ہے جو کہ حقیقت بندگی ہے۔ لیکن وہی انکسار واحتیاج ہو جس کی شریعت مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوات نے اجازت فرمائی ہے کیونکہ اہل باطل کے ریاضات ومجاہدات جو شریعت غرّا کے ساتھ موافقت نہیں رکھتے ان سے بجز خسارت وخجالت سے کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا اور سوائے حسرت وندامت کے کچھ بھی نہیں ملتا۔

# شرح

زیر نظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز اس امر کی تلقین فرما رہے ہیں کہ انسانی تخلیق کا مقصد لذیذ مطعومات اور نفیس ملبوسات نہیں ہے بلکہ انسانی آفرینش سے مقصود اللہ تعالیٰ کی عبادت ومعرفت ہے جیسا کہ آیہ کریمہ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنَ[1] سے عیاں ہے چونکہ عبادت وعبودیت کی اصل بارگاہ قدس جل سلطانہٗ میں غایت تذلل وعاجزی وانکساری ہے اس لئے وہ سنت وشریعت کے مطابق ہونی چاہیے۔ غیر شرعی چلے، دہے اور سجدہ تحیت وغیرہا کا دین اسلام میں کوئی تصور نہیں بلکہ اس قسم کا انکسار وافتقار بندے کیلئے موجب ذلت وخسارت اور باعث ندامت وحسرت ہوگا۔ اَلْعِيَاذُ بِاللّٰهِ سُبْحَانَهٗ

**بلینہ نمبر ۱:**

واضح رہے کہ بندہ مؤمن کیلئے حقیقۃً ناز ونعمت، لطف ولذت اور عیش وعشرت اُخروی زندگی کیلئے مقدر ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات اَللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ اِلَّا عَيْشُ الْاٰخِرَةِ[2] سے عیاں ہے۔ اہل اللہ دنیوی عسرت ومصیبت کو

---

[1] الذاریات ۵۱:۵۶ [2] صحیح بخاری، رقم الحدیث: ۲۷۴۱

Marfat.com

نہایت وسعت قلبی کے ساتھ قبول کرتے ہیں۔ بقول شاعر

دکھاں دی میں سیج وچھائی دکھاں ہار بنائے
دکھ سلامت یار فریدن جنہاں دکھاں یار ملائے

**بینہ نمبر۲:**

یہ امر بھی ذہن نشین رہے کہ اہل اللہ دنیوی عزت وشہرت و دولت سے ایسے ڈرتے ہیں جیسے آدمی شیر سے ڈرتا ہے۔ جبکہ دنیادار کا معاملہ اس کے برعکس ہوتا ہے جو دلیلِ ناصبوری اور علامتِ ناشکری ہے۔

**متن** باید کہ بعد از تحلی و تزین باتیان احکام شرعیہ عملا و اعتقادا بروفق آرائے علمائے اہل سنت و جماعت شَکَرَ اللّٰہُ تَعَالٰی سَعْیَھُمْ باطن خود را بذکر الٰہی جَلَّ سُلْطَانُہٗ معمور دارند و سبقی کہ در طریقہ علیہ اکابر نقشبندیہ قدس اللہ تعالٰی اَسرارہُم اخذ کردہ اند تکرار فرمایند کہ در طریق این بزرگواران اندراج نہایت در بدایت است و نسبت ایشان فوق ہمہ نسبتہا است کوتہ اندیشان این سخن را باور دارند یا نہ

Marfat.com

**ترجمہ:** جاننا چاہیے کہ علمائے اہل سنت و جماعت شَکَرَ اللّٰہُ تَعَالٰی سَعْیَھُمْ کی آراء کے موافق اپنے اعمال وعقائد کو احکام شرعیہ کے ساتھ آراستہ و پیراستہ کرنے کے بعد اپنے باطن کو ذکر الٰہی جل سلطانہٗ سے معمور رکھیں۔ اور وہ سبق جو اکابرین نقشبندیہ قَدَّسَ اللّٰہُ تَعَالٰی اَسْرَارَھُمْ کے طریقہ عالیہ سے اخذ کیا ہے، کا تکرار کریں کیونکہ ان بزرگوں کے طریقہ کی ابتداء میں انتہاء درج ہے اور ان کی نسبت تمام نسبتوں سے افضل ہے۔ کوتاہ اندیش اس بات کا یقین کریں یا نہ کریں۔

## شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ایک اہم نصیحت فرما رہے ہیں کہ آئمہ و متکلمین اہلسنت کے بیان فرمودہ معتقدات وتحقیقات کے موافق اعتقاد واعمال بجالانے کے بعد طریقہ نقشبندیہ کے مطابق ذکر قلبی کی کثرت کرنا چاہیے۔

دل چو ماہی و ذکر چوں آب است
زندگیٔ دل ز ذکرِ وہاب است

تاکہ سالک توحید عیانی، وصل عریانی اور حضور مع اللہ بلا غیبوبۃ (نسبت صدیقی) جیسی نعمت عظمٰی سے شاد کام ہوسکے جو دنیا میں قلبی اطمینان و بہجت اور آخرت میں کامرانی وراحت کا باعث ہوگا۔

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۲۰۷

مکتوب الیہ

حضرت مرزا حسام الدین احمد رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

جسمانی قرب کے ثمرات ، روحانی قرب کی برکات

سے زیادہ ہیں ، صحابی کی تعریف

امامِ اعظم صحابی رسول کی زیارت و روایت سے مشرّف ہیں

Marfat.com

# مکتوب - ۲۰۷

**متن** آرے قربِ ابدان رادر قربِ قلوب تاثیر عظیم است لہذا ہیچ ولی بمرتبۂ صحابی نرسد ویس قرنی باآن رفعتِ شان کہ بشرفِ صحبتِ خیر البشر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات نرسیدہ بمرتبۂ ادنیٰ صحابی نرسد

**ترجمہ:** ہاں بدنوں کے قرب کو قربِ قلوب میں عظیم تاثیر ہے اسی لئے کوئی ولی کسی صحابی (رضی اللہ عنہ) کے مرتبہ کو نہیں پہنچتا، حضرت خواجہ اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ اس قدر بلند مرتبہ ہونے کے باوصف صحبتِ خیر البشر صلی اللہ علیہ وسلم کا شرف نہ پا سکے اس لئے کسی ادنیٰ صحابی (رضی اللہ عنہ) کے مرتبہ تک نہیں پہنچ سکے۔

## شرح

زیرِ نظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز صحبت کی برکات بیان فرما رہے ہیں کہ جو بندۂ مؤمن اہل اللہ کی عموماً اور حضور اکرم صلی اللہ

Marfat.com

علیہ وسلم کی خصوصاً جس قدر صحبت وزیارت سے فیضیاب ہوا اسی قدر وہ فیوض و برکات سے سیراب ہوا۔ جسمانی قرب اور زیارت بالبصر ایسی نعمتِ عظمیٰ ہے جس سے وہ کمالات ومقامات نصیب ہوتے ہیں جو روحانی قرب سے میسر نہیں ہوتے۔ حضرت خواجہ اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ خیر التابعین کے لقب سے ملقب ہونے کے باوجود شرف صحابیت سے محروم رہ گئے۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں صحابی اور تابعی کی تعریفات تحریر کردی جائیں تاکہ فہم مسئلہ میں سہولت رہے۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق

امام المحدثین حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ صحابی کی تعریف کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

كُلُّ مَنْ صَحِبَهٗ سَنَةً اَوْ شَهْرًا اَوْ يَوْمًا اَوْ سَاعَةً اَوْ رَاٰهُ فَهُوَ مِنْ اَصْحَابِهٖ لَهٗ مِنَ الصِّحَابَةِ عَلٰى قَدْرِ مَا صَحِبَهٗ[1]

وہ خوش بخت انسان جسے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کا شرف نصیب ہوا ایک برس یا ایک ماہ یا ایک روز یا ایک گھڑی یا اس نے بحالتِ ایمان آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی، وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین میں سے ہے اسے اسی قدر شرف صحابیت حاصل ہے جس قدر اس نے صحبت اختیار کی۔

حضرت علامہ محمد بن علوی مالکی رحمۃ اللہ علیہ تابعی کی تعریف کرتے ہوئے ارقام پذیر ہیں هُوَ مَنْ لَقِيَ الصَّحَابِيَّ مُؤْمِنًا وَمَاتَ عَلَى الْاِيْمَانِ وَاِنْ لَمْ يَصْحَبْهُ وَلَمْ يَرْوِ عَنْهُ كَمَا رَجَّحَهُ ابْنُ الصَّلَاحِ وَغَيْرُهٗ[2]

تابعی وہ خوش نصیب انسان ہے جس نے بحالتِ ایمان صحابی (رضی اللہ

---

[1] الکفایہ فی علم الروایۃ للخطیب بغدادی جلد اول:۵۱ [2] المنہل اللطیف فی اصول الحدیث الشریف:۲۴۹

Marfat.com

عنہ) سے ملاقات کا اعزاز پایا ہو اور ایمان پر ہی اس کا خاتمہ ہوا ہو اگرچہ نہ ہی ان کی صحبت اختیار کی اور نہ ہی ان سے روایت کی ہو۔ محدث ابن صلاح رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ نے اسی تعریف کو ترجیح دی ہے۔

حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھے صحابی رسول سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی زیارت کا شرف بھی ملا اور میں نے ان سے ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات بھی سنا ہے۔

رَأَيْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَائِمًا يُصَلِّي رَوٰى اَبُوْ حَنِيْفَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ [1]

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام اور تابعین فخام رضی اللہ عنہم کو شرفِ خیریت اور نارِ جہنم سے محفوظ ہونے کا مژدہ جانفزا سنایا ہے۔

خَيْرُكُمْ قَرْنِيْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ........ [2]

لَا تَمَسُّ النَّارُ مُسْلِمًا رَاٰنِيْ اَوْ رَاٰى مَنْ رَاٰنِيْ [3]

---

[1] مسند الامام ابی حنیفہ لابی نعیم اصبہانی: ۱۷۰

[2] صحیح بخاری، رقم الحدیث: ۵۹۴۸

[3] سنن ترمذی، رقم الحدیث: ۳۷۹۳

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۲۰۸

مکتوب الیہ

مخدوم زادہ حضرت خواجہ محمد صادق سرہندی رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

انبیاء کرام کے مبادی فیوضات صفات الٰہیہ ہیں

مقامِ استقرار ...... مقامِ عروج سے بہت بلند ہے

Marfat.com

# مکتوب - ۲۰۸

**متن** آن مقاماتِ انبیاء علیہم الصلوات والبرکات نہایات مقاماتِ عروج ایشاں نیست بلکہ عروج این بزرگواراں بمراتب ازاں مقامات بالا رفتہ است چہ آن مقامات عبارت از اسماء الٰہی است جل سلطانہ کہ مبادی تعیناتِ ایشاں است و وسائلِ فیوض از حضرت ذات تعالیٰ و تقدس چہ حضرتِ ذات رابی توسطِ اسماء بعالم ہیچ مناسبتی نیست و غیر از غنا ہیچ نسبتی حاصل نہ کریمہ اِنَّ اللّٰہَ لَغَنِیٌّ عَنِ الْعَالَمِیْنَ شاہدِ این معنی است......

**ترجمہ:** انبیاء کرام علیہم الصلوات والبرکات کے وہ مقامات ان کے مقاماتِ عروج کی نہایت نہیں ہیں بلکہ ان بزرگوں کے عروج ان مقامات کے مراتب سے بلند

Marfat.com

تر ہیں کیونکہ وہ مقامات اسماء الٰہی جل سلطانہ سے عبارت ہیں جوان کے مبادی تعینات ہیں وہ حضرت ذات تعالیٰ وتقدس کے فیوض کے وسیلے ہیں کیونکہ حضرتِ ذات کوتوسطِ اسماء کے بغیر عالم کے ساتھ کوئی مناسبت نہیں ہے اور غنا کے سوا کوئی نسبت حاصل نہیں آیہ کریمہ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِيْنَ اس معنی کی شاہد ہے۔

# شرح

زیرِ نظر مکتوب گرامی کی فہم وتفہیم کے لئے چند تمہیدی امور پیش خدمت ہیں تاکہ فہم مسئلہ میں سہولت رہے۔ وَبِاللّٰهِ التَّوْفِيْق

حق تعالیٰ سبحانہ قدیم ازلی اور واجب الوجود ہے اور بندہ حادث وممکن ہے آیہ کریمہ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِيْنَ [1] کے مطابق خالق ومخلوق میں عدم مناسبت کی بناء پر افاضہ واستفاضہ کی راہیں مسدود تھیں جبکہ مخلوق کی تربیت وپرورش بھی مشیتِ ایزدی میں مرقوم تھی۔ ذات تعالیٰ جل سلطانہ کے وراء الوراء ہونے کی بناء پر اس تعالیٰ نے اپنی صفات واسماء کو مخلوق کی طرف متوجہ کردیا اور ہمارا تعلق ان اسماء وصفات کے ساتھ منسلک کردیا تاکہ ہم اسماء وصفات کی وساطت سے حق تعالیٰ کے انوار وفیوضات سے مستفیض ہوسکیں، سوانہی اسماء وصفات کو بندوں کے مبادی فیوضات اور مرکز تجلیات بنادیا۔ بنابریں ہر نبی وولی اور مؤمن وکافر کے مبادی فیوض وہی اسماء وصفات رحمٰن، رحیم، ہادی اور ستار وغفار وغیرہا ہیں اور مؤمنین ان اسماء وصفات کے مظہر ہیں جبکہ کفار ناہنجار اسم مضل کے مظہر ہیں۔ المختصر انہی اسماء وصفات کے ظلال سے بندوں کو فیض پہنچتا ہے۔

انبیائے عظام علیہم الصلوات اور اولیائے کرام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے

---

[1] العنکبوت ۶:۲۹

Marfat.com

مبادِی فیوض میں نمایاں فرق ہے۔انبیائے عظام کے مبادی فیوضات اصول وصفات الٰہیہ ہیں جبکہ اولیائے کرام کے مبادِی فیوض ان اصول وصفات کے ظلال ہیں۔

انہی اسماء وصفات کی وساطت سے انبیائے عظام اور اولیاء کرام عروجات سے مشرف ہوتے ہیں اور ذات حق سبحانہٗ تک وصلِ بلاکیف سے شادکام ہوتے ہیں اور اس طرح عالم وجوب کے ساتھ فی الجملہ مناسبت پیدا ہو جاتی ہے۔

عام اولیائے کرام کا عروج تو ظلال تک ہی ہوتا ہے بعض عرفاء اپنے مبداء فیض سے بھی اوپر گذر جاتے ہیں اور محبوب اولیائے کرام کو ذات حق تعالیٰ تک بلاکیف وصل نصیب ہوتا ہے اور وہ انبیائے کرام کے مبادی فیوضات سے بھی آگے گذر جاتے ہیں۔

صوفیائے طریقت کے نزدیک ایک مقام استقرار ہے اور ایک مقام عروج وعبور ہے۔مقام استقرار سے مقام عروج وعبور بہت بلند ہوتا ہے جیسے ایک منزل میں رہنے والا گاہے گاہے محل کی دیگر منازل بالا میں بھی چلا جاتا ہے مگر اس کی جائے قیام وہی منزل ہے جہاں وہ مقیم ہوتا ہے۔

مذکورہ مبادیات سے معلوم ہوا کہ عروجِ عارف، انبیائے عظام کے مبادِی فیوض سے افضلیت کا سبب نہیں ہوسکتا۔کیونکہ عارف کا مقامِ استقرار ظلالِ صفات ہے اور انبیائے کرام کا مقامِ استقرار صفاتِ الٰہیہ ہیں۔ان کے عروجات لَا یَعْلَمُهَا اِلَّا اللّٰهُ کے مطابق اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا، اس لئے وہ عروجاتِ اولیاء سے بلندتر ہیں۔

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۲۰۹

مکتوب الیہ

حضرت میر محمد نعمان بدخشی رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

حقیقتِ احمدیہ کا ادراک ناممکن ہے
بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ مثلیّت کے لئے نہیں بلکہ یہ تاکیدِ بشریّت ہے
علماءِ راسخین ہی انبیاء کے نائب ہوتے ہیں
حقیقتِ محمدیہ کی نیابت کے مستحق حضرت امام ربانی قرار پائے
عروجی اعتبار سے حقیقتِ محمدیہ حقیقتِ کعبہ سے فوق ہے

Marfat.com

# مکتوب - ۲۰۹

**متن** باید دانست کہ حقیقتِ شخصی عبارت از تعینِ وجوبی است کہ تعینِ امکانی آن شخص ظلِ آن تعین است و آن تعین وجوبی اسمی است از اسمائی الٰہی جلّ سلطانہٗ کَالعَلِیمِ وَالقَدِیرِ وَالمُرِیدِ وَالمُتکلّمِ وَاَمثَالِھا و آن اسم الٰہی جلّ سلطانہ ربِّ آن شخص است .....

**ترجمہ:** جاننا چاہئے کہ کسی شخص کی حقیقت اس کے تعین وجوبی سے عبارت ہے کہ اس شخص کا تعین امکانی اس تعین وجوبی کا ظل ہے اور وہ تعین وجوبی اسمائے الٰہیہ جلّ سلطانہ میں سے ایک اسم ہے جیسے علیم، قدیر، مرید اور متکلم وغیرہا اور وہ اسم الٰہی جل سلطانہ اس شخص کا مربی ہوتا ہے۔

## شرح

زیر نظر مکتوب گرامی نہایت دقیق اور مشکل ترین ہے جس کے سمجھنے کیلئے علم

Marfat.com

ظاہری کے ساتھ ساتھ باطنی آگاہی بھی ضروری ہے اس لئے فہم و تفہیم کی خاطر چند مقدمات پیش خدمت ہیں۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق

## مقدمہ اول

ہر شخص اپنی قلتِ استعداد کی وجہ سے ذاتِ حق تعالیٰ سے براہِ راست فیضیاب نہیں ہوسکتا بلکہ اسمائے باری تعالیٰ کے ذریعے مستفیض ہوتا ہے جیسے بندہ مرحوم، بندہ مرزوق، بندہ مقدور اسمائے الٰہیہ، اسم رحیم، اسم رازق اور اسم قادر کے ذریعے سیراب ہوتا ہے وہ اسم اس شخص کا رب، مربی حقیقت، مبدأ فیض اور مبدأ تعین کہلاتا ہے۔ چونکہ اسماء الٰہیہ کا تعلق عالم وجوب سے ہے اس لئے اسے تعین وجوبی کہا جاتا ہے۔

ہر شخص کے مبدأ تعین کی دو قسمیں ہیں

تعین وجوبی اور تعین امکانی

تعین وجوبی کو حقیقت وجوبی اور تعین امکانی کو حقیقت امکانی بھی کہتے ہیں تعین وجوبی کے ظل اور انعکاس کو تعین امکانی کہا جاتا ہے عالم بالا میں عروجی سیر کرنے والے سالکین، تعین امکانی کو تعین وجوبی سمجھ لیتے ہیں حالانکہ وہ وجوب نہیں بلکہ وجوب کا ظلال وانعکاس ہوتا ہے۔ تعینِ وجوبی میں سیر کرنے والے صوفیاء بہت ہی کم ہوتے ہیں۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِحَقِیْقَۃِ الْحَالِ

انسان کی حقیقتِ امکانی سے اس کا عالم خلق اور عالم امر مراد ہے اور اس کی حقیقتِ وجوبی سے وہ مرتبہ مراد ہے جو اس شخص کے فیضانِ وجود اور فیضان کمالات کا واسطہ ہے۔

Marfat.com

## مقدمہ دوئم

لغت میں لفظ حقیقت سے مراد ذاتِ شئی یا کسی لفظ یا عبارت کا بنیادی مفہوم ہے۔ اصطلاح میں کسی شئی کی اصلیت، کنہ، جوہر اور باطنی پہلو مراد ہے جبکہ اہل طریقت کے نزدیک حقیقت سے مراد کسی شئی کا مبدأ تعین ہے جہاں سے وہ شئی فیضیاب ہوتی اور تربیت پاتی ہے۔

## مقدمہ سوئم

حق تعالیٰ سبحانہٗ کی عادتِ جاریہ ہے کہ دنیا میں زمانے کے اطوار وادوار میں ہزار برس کے بعد انقلاب وتغیر رونما ہوتا رہا ہے اس لئے تقریباً ہزار برس کے بعد اولوالعزم رسل عظام علیہم الصلوات تشریف لاتے رہے تا آنکہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم ختم نبوت کا تاج زیب سر کیے جلوہ گر ہوئے۔ اسی اصول قدرت کے مطابق حضور ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بھی ہزارہ دوم میں تغیر وتبدل ناگزیر تھا۔ ہزارۂ سوم کے عقلی وشرعی اور شہودی وکشفی شواہد نہیں ملتے اس کے بعد قیام قیامت ہی ہوگا۔ ہزارۂ اول کے اختتام پر حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز کا ظہور ہوا، گو آپ نے اس کی صراحت نہیں فرمائی مگر آپ کے مکتوبات شریفہ اور تصانیف لطیفہ سے اشارۃً یہ حقیقت آشکارا ہوتی ہے کہ آپ خلافت نبوت اور نیابت رسالت کے طور پر مسند دعوت وتبلیغ اور منصبِ ارشاد وتجدید پر متمکن ہوئے اس لئے علمائے راسخین اور صوفیائے کاملین نے آپ کو مجدد الف ثانی کے لقب سے یاد کیا ہے۔ جبکہ قربِ قیامت کی تجدید واصلاح کے لئے حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام اور وارثِ کمالات محمدیہ حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ کی تشریف آوری کی بشارت سنائی گئی۔

Marfat.com

## مقدمہ چہارم

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم اطہر کی تخلیق کا مبدأ فیض، صفت العلم ہے اور آپ کے عالم خلق کی مربی شان العلم ہے۔اسی شان العلم کو حقیقت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات سے تعبیر کیا جاتا ہے جبکہ حقیقت احمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کا مرتبہ شان العلم سے بلندتر ہے جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عالم امر کی مربی اور واسطہءفیوض کمالات ہے۔یادرہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا واسطہ فیض تخلیق الگ ہے، حقیقتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کا واسطہءفیوضِ کمالات جدا ہے اور حقیقت احمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کا معاملہ وشان علیحدہ ہے جبکہ دیگر انسانوں کے فیضِ وجود اور فیضِ کمالات کا مبدأ ایک ہی ہے۔

واضح رہے کہ صوفیائے کرام رحمۃ اللہ علیہم کے علم وعرفان کی حقیقت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات پر جاکر ختم ہوگئی اور اس کی حدرفعت کے متعلق بھی لب کشا نہ ہوئے۔جبکہ حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز حقیقت محمدیہ سے آگے حقیقت احمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں حقیقت احمدیہ شان العلم سے بھی بالاتر ہے جس کا ادراک ناممکن ہے اور حقیقت احمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات اور حقیقت کعبہ دونوں ایک ہی ہے۔

## مقدمہ پنجم

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مرتبہءنبوت تخلیق آدم علیہ السلام سے قبل حقیقت احمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کے ساتھ تعلق رکھتا تھا جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات كُنْتُ نَبِيًّا وَّ اٰدَمُ بَيْنَ الْمَآءِ وَالطِّيْنِ[1] سے معلوم ہوتا ہے

[1] روح المعانی، جلد پنجم:۳۰۲

Marfat.com

اور یہ آپ کا تعین وجوبی تھا کیونکہ عالم خلق کی تخلیق نہ ہونے کی بناء پر تعین امکانی ابھی منصۂ شہود پر جلوہ گر نہ ہوا تھا۔ عالم امر میں انبیائے عظام، ملائکہ کرام اور اہل ایمان موجود تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقت احمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات عالم امر کے سارے نظام کی معلم و مربی تھی۔ اس لئے جمیع ملائکہ کرام علیہم السلام نے تسبیحات و اسباق آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہی سیکھے تھے۔ بنابریں جملہ فرشتے آپ کے امتی اور تلمیذ ہیں جیسا کہ روایت میں ہے یُسَبِّحُ ذَالِکَ النُّوْرُ وَتَسْبِیْحُ الْمَلَائِکَةِ بِتَسْبِیْحِهٖ بقول شاعر

گر نہ خورشیدِ جمالِ یار گشتے راہ نموں
از شبِ تاریکِ غفلت کس نبردے راہ بروں

## مقدمہ ششم

حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام روح اللہ اور کلمۃ اللہ جیسی صفات کے ساتھ متصف ہونے کی بناء پر عالم بالا کے ساتھ زیادہ مناسبت رکھتے ہیں اور حقیقت احمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کا تعلق بھی عالم بالا کے ساتھ ہے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات اَنَا اَحْمَدُ فِی السَّمَاءِ وَمُحَمَّدٌ فِی الْاَرْضِ [1] سے معلوم ہوتا ہے اس لئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے دیس عالم بالا کی زبان میں وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ یَّاْتِیْ مِنْ بَعْدِی اسْمُهٗ اَحْمَدُ [2] کہا اور جب حقیقتِ احمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات عبودیت کے دوطوقوں سے ملبوس ہوکر دنیا میں جلوہ گر ہوئی تو اسے حقیقتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات سے موسوم کیا گیا جو آپ کا مرتبہ نزول تھا اور حقیقتِ احمدیہ آپ کا مرتبۂ عروج تھا۔ جب آپ پر حقیقت محمدیہ کا غلبہ ہوتا تھا تو آپ سے بشری

---

[1] مواہب اللدنیہ [2] الصف ۶۱:۶

Marfat.com

تقاضوں کا ظہور ہوتا تھا جیسے خورد ونوش، نشست و برخاست وغیر ہا اور جب پر آپ حقیقت احمد یہ کا غلبہ ہوتا تو آپ سے ملکی تقاضوں کا ظہور ہوتا تھا جیسے صیام وصال اور عدمِ سایہ وغیر ہا۔

## مقدمہ ہفتم

حقیقتِ محمد یہ میں طوق عبودیت کے غلبہ کے باعث آپ کو اظہار بشریت کا حکم تھا جیسا کہ آیہ کریمہ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ [1] الخ سے عیاں ہے۔ مِثْلُكُمْ مثلیت، کیلئے نہیں بلکہ بشریت کی تاکید کیلئے ہے تا کہ بشریت و انسانیت آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مانوس ہو کر ایمان و ہدایت و معرفت حاصل کر سکے۔ المختصر ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات کُنْتُ نَبِیًّا وَّ اٰدَمُ بَیْنَ الْمَآءِ وَالطِّیْنِ [2] میں حقیت احمد یہ کا مقام نبوت ہے اور قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ [3] میں حقیقتِ محمد یہ کا مقام نبوت ہے، حدیث میں حقیقتِ احمد یہ کی نبوت کی طرف اشارہ ہے اور آیت میں حقیقتِ محمد یہ کی نبوت کی طرف اشارہ ہے۔

**متن** **چون شریعتِ خاتم الرسل علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات از نسخ و تبدیل محفوظ است علمائے امت او را حکمِ انبیاء دادہ کارِ تقویتِ شریعت و تائیدِ ملت را بایشاں تفویض فرمودہ مع ذالک یک پیغامبر**

---

[1] الکہف ۱۸:۱۱۰ [2] روح المعانی جلد پنجم :۳۰۲ [3] الکہف ۱۸:۱۱۰

Marfat.com

**ترجمہ:** چونکہ خاتم الرسل علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کی شریعت نسخ وتبدیلی سے محفوظ ہے آپ کی امت کے علماء کو انبیاء علیہم الصلوات کا حکم دے کر تقویت شریعت اور تائید ملت کے کام کو انہیں تفویض فرما دیا۔ یونہی ایک اولوالعزم پیغمبر کو ان کا متبع بنا کر آپ کی شریعت کو ترویج بخشی۔

# شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی وضاحت فرما رہے ہیں کہ اگرچہ شریعت مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوات منسوخ ہونے سے محفوظ ہے مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت مبارک کے ہزار برس بعد تجدیدِ شریعت، تائید ملت اور تخریب بدعت کا کام علمائے راسخین اور مجددین کرام رحمۃ اللہ علیہم کو سونپا گیا تاکہ وہ انبیائے کرام علیہم الصلوات کی نیابت وخلافت میں ترویج شریعت اور احیائے سنت کا فریضہ سرانجام دیں جیسا کہ احادیث مبارکہ عُلَمَاءُ اُمَّتِیْ كَاَنْبِيَاءِ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ [1] اور اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی یَبْعَثُ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ عَلٰی رَأْسِ كُلِّ مِأَةِ سَنَةٍ مَنْ يُّجَدِّدُ لَهَا دِيْنَهَا [2] سے عیاں ہے تاکہ شریعت مطہرہ اور سنت نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات ہر قسم کی بدعات وخرافات سے پاک ہو جائے۔

**تنبیہ:**

واضح رہے کہ اس مکتوب گرامی کو نہ سمجھنے کی وجہ سے حاسدین ومعاندین نے حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز پر دعوائے نبوت کا الزام لگا دیا جس کا جواب آپ نے خود ہی متن بالا میں بیان فرما دیا اس کی قدرے تفصیل کچھ یوں ہے۔

---

[1] تفسیر الکبیر جزء: ۸/۳۰۲ [2] سنن ابی داؤد، رقم الحدیث: ۴۲۷۰

Marfat.com

بتقاضائے حکمتِ ربانی حقیقتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات جو عالم خلق کی طرف متوجہ و مربی تھی اسے عالم بالا کی طرف متوجہ کرلیا گیا تو امتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کی عمر خیریت اختتام پذیر ہونے کی وجہ سے ہمہ گیر زوال شروع ہوگیا۔ صوفیائے خام، علمائے سوء، امرائے سلطنت اور عمائدین مملکت آزاد خیالی کے زعم میں مبتلا ہوکر ہنود و یہود وغیرہا کی رسومات و عادات کے پابند ہوگئے، جلال الدین اکبر کے وضع کردہ دین الٰہی نے دین اسلام کی اصلی صورت و حقیقت کو بدعات و خرافات کے دبیز پردوں میں چھپا دیا......

اندریں حالات ضرورت تھی کسی ایسے مرد وحید اور فرد فرید کی جو حقیقتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کی نیابت و خلافت پر متمکن ہو اور اپنی حکمت بالغہ، دعواتِ صالحہ، تصرفاتِ باطنیہ اور توجہات قدسیہ سے ایسا ہمہ گیر انقلاب برپا کردے جو محدثات و منکرات کا خاتمہ کرکے، دین اسلام کی صحیح صورت اور خدوخال نمایاں کردے۔ فلہٰذا یہ عظیم فریضہ حضرت سیدنا مجدد الف ثانی قدس سرہُ العزیز نے سرانجام دیا۔ فَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذَالِكَ

حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے نزول اور حضرت سیدنا امام مہدی رضی اللہ عنہ کے ظہور تک ہزارہ دوم میں جتنی بھی اسلامی تحریکیں اٹھیں گی عقائد اسلامیہ کی تصحیح، اعمال صالحہ کی تعمیل، ملت کی تعمیر و تشکیل پر حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز کے روحانی تصرفات و تاثیرات اور باطنی توجہات و برکات کارفرما ہونگی۔ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

Marfat.com

**متن** بداند کہ بعد از ہزار سال از ارتحالِ خاتم الرسل علیہ وعلیہم الصلوات والسلام اولیاء امتِ او کہ بظہور آیند ہر چند اقل باشد اکمل بوند تا تقویتِ این شریعت بروجہِ اتم نمایند

**ترجمہ:** جاننا چاہئے کہ خاتم الرسل علیہ وعلیہم الصلوات والسلام کی رحلت کے ہزار برس بعد آپ کی امت کے اولیاء جن کا ظہور ہوگا اگر چہ بہت قلیل ہوں گے لیکن کامل ہوں گے تا کہ اس شریعت کی تقویت بدرجہ اتم کر سکیں۔

## شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز رحلتِ نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات کے ہزار برس بعد منصۂ شہود پر جلوہ گر ہونے والے اولیاء کرام کی اکملیت کا تذکرہ فرما رہے ہیں۔ برصغیر کی تاریخ کا مطالعہ کرنے والے قارئین اس امر سے بخوبی آگاہ ہیں کہ وہ ولی اکمل جس نے دین اسلام کے فروغ واحیاء کے لئے قید وبند کی صعوبتیں برداشت کیں وہ سیدنا مجدد الف ثانی قدس سرہُ العزیز کی شخصیت ہے۔
بقول شاعر

نبی نیست لیکن برنگِ نبی
بجوشد ز کوئش ہزاراں ولی

آپ کے مرشد ومربی خواجہ بے رنگ حضرت باقی باللہ احراری قدس سرہٗ

Marfat.com

العزیز نے آپ کے متعلق خوب کہا

میاں شیخ احمد آفتابی است کہ مثل ما ہزاراں ستارگان در ضمن ایشاں گم است واز کمل اولیاء متقدمین خال خالے مثل ایشاں گزشتہ باشند[1]

یعنی میاں شیخ احمد سرہندی ایسے آفتاب ہیں کہ ہم جیسے ہزاروں ستارے ان کے انوار میں گم ہیں اور کاملین اولیائے متقدمین میں ان جیسا خال خال ہوا ہوگا۔

**متن** بالجملہ کمالاتِ اولیائے ایں طبقہ شبیہ بکمالاتِ اصحاب کرام است ہر چند بعد از انبیاء فضل مر اصحاب کرام راست علیہم الصلوٰۃ والسلام اما جائی آن دارد کہ از کمالِ تشابہ یکے را بر دیگرے فضل نتواں داد

**ترجمہ:** المختصر اس طبقہ کے اولیاء کے کمالات صحابہ کرام کے کمالات کے مشابہ ہیں اگر چہ انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے بعد صحابہ کرام کو فضیلت حاصل ہے۔ مگر یہ ایسا مقام ہے جسے کمال مشابہت کی وجہ سے ایک دوسرے پر فضیلت نہیں دے سکتے۔

## شرح

سطور بالا میں اولیائے آخرین کے کمالات کا کمالاتِ صحابہ کے ساتھ مشابہت

[1] حضرت مجدد اور ان کے ناقدین: ۲۹

Marfat.com

کا تذکرہ ہو رہا ہے کہ جیسے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اعلائے کلمۃ الحق کی خاطر مال و منال اور اوطان واولاد وغیرہا کو قربان کر کے دین اسلام کی چہار دانگِ عالم میں بالادستی قائم کر دی ایسے ہی قربِ قیامت تشریف لانے والے علمائے راسخین اور اولیائے کاملین بھی کفر کا قلع قمع کر کے دین اسلام کو روئے زمین پر غالب کر دیں گے۔ دونوں فریقوں میں کمالِ مشابہت کی بنا پر ہم ایک کو دوسرے پر فضیلت نہیں دے سکتے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات لَا یُدْرٰی اَوَّلُہٗ خَیْرٌ اَمْ اٰخِرُہٗ[1] سے عیاں ہے چونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اولین وآخرین دونوں فریقوں کے احوال سے آگاہی حاصل تھی اس لئے لَا اَدْرِیْ (میں نہیں جانتا) نہیں فرمایا بلکہ لَا یُدْرٰی کہا لوگوں کو معلوم نہیں اور خَیْرُ الْقُرُوْنِ قَرْنِیْ[2] کہہ کر فریق اول صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی خیریت وفضیلت کو بیان فرما دیا۔ رہے تابعین عظام اور تبع تابعین کرام رحمۃ اللہ علیہم تو ان کی خیریت بھی ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات خَیْرُ الْقُرُوْنِ قَرْنِیْ ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَھُمْ ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَھُمْ سے ثابت ہے۔ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز فرماتے ہیں فریق آخرین سے ان کی خیریت اہل اللہ کے ظہور کثرت اور بدعتیوں، فاسقوں اور فاجروں کی قلت کے اعتبار سے ہے اور ایسا ہونا فریق آخرین کے بعض اولیاء اللہ کا تابعین اور تبع تابعین سے افضل ہونے کے ہرگز منافی نہیں ہے جیسے حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ

فیضِ روح القدس ار باز مدد فرماید
دیگراں ہم بکنند آنچہ مسیحا می کرد

آپ رحمۃ اللہ علیہ کی بیان فرمودہ تطبیق بین الاحادیث کی تائید درج ذیل ارشاد نبوی

---

[1] سنن ترمذی، رقم الحدیث: ۲۷۹۵ [2] روح المعانی جزء: ۴۵۱/۷

Marfat.com

علیٰ صاحبہا الصلوات سے بھی ہوتی ہے۔

فِيهِنَّ مِثْلُ اَجْرِ خَمْسِيْنَ رَجُلًا يَعْمَلُوْنَ مِثْلَ عَمَلِكُمْ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللهِ اَجْرُ خَمْسِيْنَ مِنْهُمْ قَالَ لَا بَلْ اَجْرُ خَمْسِيْنَ مِنْكُمْ [1]

یعنی فسادِ امت کے وقت کارِ خیر بجالانے والوں کے لئے پچاس آدمیوں کے عمل جتنا ثواب ہے صحابہ کرام عرض گذار ہوئے یارسول اللہ (صلی اللہ علیک وسلم) ان کے پچاس آدمیوں کے عمل جتنا ثواب ہوگا فرمایا تمہارے (صحابہ کرام رضی اللہ عنہم) پچاس آدمیوں کے عمل کے برابر اسے ثواب ملے گا۔

حامل نسبت صدیقیہ حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ کا مختصر تعارف البینات شرح مکتوبات جلد ثانی مکتوب:۶۷ میں ملاحظہ فرمائیں۔

**متن** **حقیقتِ کعبہ ربانی مسجودِ حقیقت محمدی گشت چہ حقیقتِ کعبہ ربانی بعینہا حقیقتِ احمدی است کہ حقیقت محمدی فی الحقیقۃ ظلِ اوست پس ناچار مسجودِ حقیقت محمدی باشد**

**ترجمہ:** حقیقت کعبہ ربانی، حقیقت محمدی کی مسجود ہوگئی کیونکہ حقیقت کعبہ ربانی بعینہ حقیقت احمدی ہے درحقیقت، حقیقت محمدی اس کا ظل ہے پس لازماً وہ حقیقت محمدی کی مسجود ہوگی۔

---

[1] کنز العمال، رقم الحدیث:۵۵۳۱

Marfat.com

# شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز حقیقتِ احمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کو حقیقت کعبہ کا عین قرار دے کر اسے حقیقتِ محمدی علیٰ صاحبہا الصلوات کا مسجود فرمارہے ہیں۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں حقیقت کعبہ، حقیقت محمدیہ اور حقیقت احمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات کی افضلیت و مفضولیت اور مسجودیت کا اجمالاً تذکرہ کردیا جائے تاکہ فہم مسئلہ میں سہولت رہے۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز حقیقتِ کعبہ کے متعلق ارقام پذیر ہیں

حقیقتِ کعبہ عبارت از ذاتِ بیچون واجب الوجود است کہ گردے از ظہور وطلب بوے راہ نیافتہ است وشایانِ مسجودیت و معبودیت ست ایں حقیقت راجل سلطانہا اگر مسجودِ حقیقت محمدی گویند چہ محذور لازم آید وافضیلت آں چہ قصور دارد[1]

حقیقتِ کعبہ، ذاتِ بیچون واجب الوجود سے عبارت ہے جہاں ظہور اور طلب کی گرد بھی راہ نہیں پاسکتی اور وہ مسجودیت ومعبودیت کے لائق ہے اس حقیقت جلّ سلطانہا کو اگر حقیقت محمدی (صلی اللہ علیہ وسلم) کا مسجود کہیں تو اس میں کیا استحالہ لازم آتا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی افضلیت میں کیا قصور واقع ہوتا ہے

ایک مقام پر مسجود کی وضاحت کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:

صورت کعبۂ ربانی مسجود الیہا است مر صورِ خلائق را چہ بشر و چہ ملک حقیقتِ آن نیز مسجود الیہا است مر حقائق آں صور را لاجرم آں حقیقت فوقِ جمیعِ حقائق آمدہ است و کمالاتِ متعلقہ آں فوقِ کمالاتِ متعلقہ سائرِ حقائق گشتہ

---

[1] دفتر سوم مکتوب: ۱۲۴

Marfat.com

گویا ایں حقیقت برزخ است درمیانِ حقائق کونی و حقائق الٰہی جل سلطانہ [1]

جیسے صورتِ کعبہ ربانی مخلوق کی صورتوں کے لئے خواہ وہ بشر ہوں یا فرشتے مسجود الیہا ہے ایسے ہی حقیقتِ کعبہ بھی ان صورتوں کے حقائق کے لئے مسجود الیہا ہے لازماً وہ حقیقت تمام حقیقتوں پر فوقیت رکھتی ہے اور حقیقت کعبہ کے متعلقہ کمالات، تمام حقیقتوں کے متعلقہ کمالات سے فوق ہوئے گویا یہ حقیقت کعبہ، حقائق کونیہ اور حقائق الٰہیہ کے درمیان برزخ ہے۔

حقیقت کعبہ اگرچہ حقیقتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات سے فوق ہے مگر فضیلت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہی حاصل ہے کیونکہ اگرچہ کعبہ میں ظہورِ تنزیہہ صرف ہے مگر کعبہ مرتبہء ظہور تنزیہہ صرف سے بالا عروج نہیں رکھتا لیکن عروجاتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات ظہور تنزیہہ صرف سے بالاتر ہیں جس طرح زید کا آئینہ میں عکس و ظہور عینِ ذات نہیں بلکہ تمثالِ زید ہے جو عین سے کم تر ہے ایسے ہی ظہور تنزیہہ (حقیقت کعبہ) مرتبہء ذات حق جل سلطانہ سے پائیں تر ہے جبکہ حقیقت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات ذاتِ حق جل سلطانہٗ کی طرف عروج لامتناہی سے شادکام ہے اس اعتبار سے حقیقت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات حقیقت کعبہ سے فوق ہے۔

حقیقت کعبہ اگرچہ حقیقت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات سے نسبتاً برتر ہے مگر حقیقت احمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات سے پائین تر ہے۔ عروۃ الوثقیٰ حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی قدس سرہٗ العزیز فرماتے ہیں جس مکتوب میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے حقیقت کعبہ کو ذات بیچوں، واجب الوجود کہا ہے وہاں ذات بیچوں واجب الوجود سے ذات بحت مراد نہیں بلکہ وہاں حقیقت کعبہ سے مظہر معبودیت اور شانِ مسجودیت مراد ہے۔

---

1. دفتر اول مکتوب: ۲۶۳

Marfat.com

حقیقت کعبہ اگرچہ حقیقت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات سے بالا ہے مگر فضیلت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہی ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم محض حقیقت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات ہی نہیں رکھتے بلکہ آپ حقیقت محمدیہ اور حقیقتِ احمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات دونوں کے جامع ہیں۔ حقیقتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقتِ جسدی اور حقیقت احمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقتِ روحی ہے۔ حقیقت کعبہ اپنے مقام اصلی سے عروج نہیں کرتی جبکہ حقیقتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات بفحوائے آیہ کریمہ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى [1] عروج لامتناہی سے مشرف ہے اور حقیقت کعبہ عروجاتِ مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوات کیلئے زینہ اول ہے۔

مزید تفصیلات البینات شرح مکتوبات جلد اول مکتوب: ۴ اور سعادت العباد شرح مبدأ ومعاد جلد ثانی منھا: ۴۸ میں ملاحظہ فرمائیں

---

[1] الضحیٰ ۹۳: ۴

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۲۱۰

مکتوب الیہ

حضرت ملا شکیبی اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

معجزۂ معراج طیِّ زماں اور طیِّ مکاں کی روشن دلیل ہے

ایمان اسلام اور احسان دین سے عبارت ہیں

Marfat.com

# مکتُوب ۔ ۲۱۰

**متن** مخدوما مکرّما اِشکالِ ایں حکایت نہ ازاں رہگذر ست کہ دریک ساعت کارِ سنین چگونہ میسّر شود چہ این قسم معاملہ بسیار بوقوع آمدہ است حضرتِ رسالت خاتمیت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام والتحیہ داشب معراج بعد از طیّ معارجِ عروج وقطع منازلِ وصول کہ بالوفِ سنین میسّر شود چون بوثاق خود رجوع فرمودند دیدند کہ ہنوز حرارتِ بستر خواب زائل نشدہ است وحرکتِ آب کہ در ابریق برائے طہارت جدا کردہ بودند تسکین نیافتہ وجہش ہمان است کہ در نفحات بعد از نقلِ ایں حکایت مذکور است کہ ازقبیلِ

Marfat.com

## بسطِ زمان است

ترجمہ: میرے مخدوم ومکرم! اس حکایت میں اس جہت سے کوئی اشکال راہ نہیں پاتا کہ برسوں کا کام ایک ساعت میں کیسے ہو گیا اس قسم کے معاملات بہت وقوع میں آئے ہیں جیسے حضرت رسالت خاتمیت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام والتحیہ معارج عروج طے کرنے اور منازلِ وصول قطع کرنے کے بعد جو ہزاروں برس میں میسر ہوئیں جب کاشانہ نبوت میں مراجعت فرمائی تو دیکھا کہ ابھی تک بستر کی حرارت زائل نہیں ہوئی اور جو پانی طہارت کے لئے آفتابہ میں علیحدہ کیا تھا، رکا نہیں تھا اس کی وجہ وہی ہے جو اس حکایت کے نقل کے بعد مذکور ہے کہ یہ بسطِ زمان کے قبیل سے ہے۔

## شرح

زیر نظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے نفحات الانس کی ایک مشکل ومغلق عبارت کا حل بیان فرمایا ہے دراصل جب سالک عالم خلق اور عالم امر کے لطائف عشرہ طے کرنے کے بعد عالم وجوب کی سیر کرتا ہے اور حقیقت کے پروں سے عالم بالا کی طرف طیر کرتا ہے تو اس عارف کی روحانی پرواز کو دیکھ کر ملائکہ بھی ورطۂ حیرت میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ دانائے راز حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے خوب کہا

اگر برجِ معنی پرد طیر اُو
فرشتہ فرو ماند از سیرِ او

اس کیفیت میں اس کی بشری کثافت اور جسمانی ثقالت مضمحل ہو جاتی ہے اور

Marfat.com

اس پر روحانی تقاضے غالب آجاتے ہیں۔اس قسم کا صاحب سلطان الاذکار عارف اَجْسَادُنَا اَرْوَاحُنَا. اَرْوَاحُنَا اَجْسَادُنَا کے مرتبہ جلیلہ پر فائز المرام ہوجاتا ہے۔اسے بشری حاجات خورد ونوش وغیرہا کی بھی خاص ضرورت نہیں رہتی بلکہ گاہے گاہے اس کا سایہ بھی گم ہوجاتا ہے۔مولانا روم مستِ بادۂ قیوم رحمۃ اللہ علیہ نے اس قسم کے عارف کے متعلق کہا تھا

چو فنا در فقر پیرایہ شود

او محمد وار بے سایہ شود

یہی ابوالوقت عارف ہوتا ہے جس کے لئے اوقات ومقامات اور زمان ومکان کی طنابیں کرامۃً لپیٹ وسمیٹ کر رکھ دی جاتی ہیں، اسی کو بسط زماں اور طیِّ مکاں کہا جاتا ہے۔

جیسا کہ حضرت شیخ ابن السکینہ رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے

اِنَّ اللّٰہَ یَبْسُطُ زَمَانًا لِمَنْ یَّشَاءُ مِنْ عِبَادِہٖ مَعَ قَصْرِہٖ لِقَوْمٍ اٰخَرِیْنَ بلاشبہ اللہ تعالیٰ جب چاہتا ہے اپنے بعض بندوں کے لئے بسطِ زمان فرمادیتا ہے اور بعض بندوں کے لئے قصرِ زمان فرمادیتا ہے۔کتاب وسنت میں طیِّ زماں اور طیِّ مکاں کی مثالیں موجود ہیں اصحاب کہف غار میں تین سونو برس لیٹے رہے جیسا کہ آیہ کریمہ وَلَبِثُوْا فِیْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِیْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا [1] سے عیاں ہے اور جب بیدار ہوئے تو انہیں یوں معلوم ہوا گویا ایک دن یا دن کا کچھ حصہ گذرا ہے۔جیسا کہ آیہ کریمہ قَالَ قَائِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ قَالُوْا لَبِثْنَا یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ [2] سے واضح ہے۔

ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات ہے

---

[1] الکہف ۱۸:۲۵ [2] الکہف ۱۸:۱۹

Marfat.com

اِنَّ اللّٰہَ زَوٰی لِیَ الْاَرْضَ فَرَأَیْتُ مَشَارِقَھَا وَمَغَارِبَھَا[1] میرے لئے زمین لپیٹ دی گئی حتی کہ میں نے مشارق ومغارب کو دیکھا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزۂ معراج، طیٔ زمان ومکان کا عظیم شاہکار ہے۔

**بلینہ:**

واضح رہے کہ اوتاد، فرد الافراد اور غوث حضرات سے طیٔ زمان، طیٔ مکان اور طیٔ لسان جیسے واقعات بہت زیادہ رونما ہوتے ہیں۔ ہمارے آقائے ولی نعمت قطب الاولیاء حضرت خواجہ صوفی محمد علی قدس سرہٗ العزیز اسی مقام پر فائز المرام تھے۔ بقول شاعر

اک پل میں سرِ عرش گزر دیکھی
میں نے درویشوں کی رفتارِ سفر دیکھی

**متن** اولاً از درستیٔ اعتقاد چارہ نبود واز تصدیق بآنچہ از دین معلوم شدہ است بطریق ضرورت و تواتر گذر نہ، وثانیاً علم وعمل بآنچہ علمِ فقہ متکفلِ آنست نیز ضرور یست وثالثاً سلوکِ طریقِ صوفیہ ہم درکار است نہ ازبرائے آن غرض کہ صُوَر واَشکالِ غیبی را مشاہدہ

---

[1] صحیح مسلم، رقم الحدیث: ۵۱۴۴

Marfat.com

**نمایند و انوار و الوان را معائنہ فرمایند این خود داخلِ لہو و لعب است......**

**ترجمہ:** اول: اعتقاد کی درستی کے بغیر چارہ نہیں ہے اور جو ضرورت وتواتر کے طریق پر دین سے معلوم ہوا ہے اس کی تصدیق کے بغیر گذارہ نہیں ہے۔ دوم: وہ علم وعمل بھی ضروری ہے جس کا علم فقہ متکفل ہے سوم: طریق صوفیہ کا سلوک بھی درکار ہے اس غرض سے نہیں کہ غیبی صورتوں اور شکلوں کا مشاہدہ کریں، نوروں اور رنگوں کا معائنہ کریں کیونکہ یہ سب لہو ولعب میں داخل ہے۔

# شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز عقائد صحیحہ، علوم فقہیہ اور طریقہ صوفیاء کی اہمیت بیان فرمارہے ہیں۔ حدیث شریف میں انہیں ایمان، اسلام اور احسان سے تعبیر فرما کر دین کہا گیا ہے جیسا کہ ارشاد نبوی **يُعَلِّمُكُمْ دِيْنَكُمْ**[1] سے عیاں ہے۔

درحقیقت طریقہ صوفیاء (احسان) اختیار کرنے کا مقصد انوار والوان اور غیبی صورتوں وشکلوں کا مشاہدہ نہیں ہوتا بلکہ مرتبہ احسان کے حصول کا مقصد عقائد اسلامیہ پر ایقان واذعان کی زیادتی ہوتا ہے تاکہ معاملہ استدلال سے کشف اور اجمال سے تفصیل تک پہنچ جائے اور سالکین طریقت کو مصداقاتِ قضایائے شرعیہ کا شہود نصیب ہوجائے۔

نیز طئ سلوک سے مقصود احکام فقہیہ پر عمل کرنا آسان ہوجائے، نفس امارہ کی

---

[1] صحیح مسلم، رقم الحدیث:۹

Marfat.com

عداوت وبغاوت ٹوٹ جائے اور معاملہ گوش سے آغوش، صورت سے حقیقت تک پہنچ جائے، اسی تکلف وتصنع کے لئے طریقت کے جملہ سلاسل وجود میں آئے اسی بناء پر حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز طریقت کو شریعت کا خادم کہتے ہیں۔

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۲۱۱

مکتوب الیہ

حضرت ملا یار محمد قدیم بدخشی رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

حضرت مولانا روم کے ایک مقولہ کی وضاحت

ذاتِ حق سبحانہ صورت سے منزّہ ہے

Marfat.com

# مکتوب - ۲۱۱

**متن** از مقولۂ مولوی علیہ الرحمہ پرسیدہ بودند کہ گفتہ آن نازنینی کہ درکنار من بودہ حق بودہ است آیا این گفتن جائز است یا نہ بدانند کہ این قسم امور درین راہ بسیار واقع میشود و بزبان می آید این نوع معاملہ تجلی صوریست کہ صاحب معاملہ آن صورت متجلّی را حق می انگارد تعالیٰ شانہ سخن ہمان است کہ شیخ اجل امام ربانی حضرت خواجہ یوسف ہمدانی فرمودہ اند تِلْكَ خَيَالَاتٌ تُرَبّٰى بِهَا اَطْفَالُ الطَّرِيْقَةِ

**ترجمہ:** آپ نے مولوی علیہ الرحمہ کے مقولہ کی بابت پوچھا تھا کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ وہ نازنین جو میرے پہلو میں تھا وہ حق تھا کیا یہ کہنا جائز ہے یا نہیں؟ جاننا چاہئے کہ اس قسم کے امور اس رستہ میں بہت واقع ہوتے ہیں اور زبان پر بے اختیار

Marfat.com

جاری ہو جاتے ہیں۔اس قسم کا معاملہ تجلی صوری ہے کہ صاحب اس متجلی صورت کو حق تعالیٰ شانہ' گمان کرتا ہے بات وہی ہے جو شیخ اجل امام ربانی حضرت خواجہ یوسف ہمدانی نے فرمائی اس قسم کے خیالوں سے اطفالِ طریقت کی تربیت کی جاتی ہے۔

# شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز حضرت مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ کے ایک مقولہ'' آں ناز نینے کہ در کنار من بودہ حق بودہ است '' کی وضاحت فرما رہے ہیں۔دراصل دورانِ سلوک طالبانِ طریقت پر جب تجلیات کا ورود ہوتا ہے تو تجلی صوری کے دوران وہ اشیائے کائنات کی شکلوں اور صورتوں میں تجلیات کا مشاہدہ کرتا ہے اور صورت متجلی کو ذاتِ حق سبحانہ سمجھ لیتا ہے۔حالانکہ ذات اور تمثال میں امتیاز نہ کر سکنے کی وجہ سے اس قسم کے اقوال صادر ہو جاتے ہیں۔شیخ اجل امام ربانی حضرت خواجہ یوسف ہمدانی قدس سرہٗ العزیز کا قول تِلْكَ خَيَالَاتٌ تُرَبِّيْ بِهَا أَطْفَالُ الطَّرِيْقَةِ انہیں سالکین پر صادق آتا ہے۔

**تنبیہ:**

واضح رہے کہ ارشاداتِ نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوات رَأَيْتُ رَبِّيْ فِيْ أَحْسَنِ صُوْرَةٍ [۱] اور رَأَيْتُ رَبِّيْ عَلٰى صُوْرَةِ شَابٍّ [۲] میں صورت سے مراد تمثال ذات ہے عین ذات نہیں کیونکہ حق تعالیٰ سبحانہ' صورت سے منزہ ہے۔ایسے ہی خواب میں دیدارِ ذات کا مشاہدہ کرنے والے تمثال ذات سے شادکام ہوتے ہیں

---

۱ سنن الدارمی، رقم الحدیث:۲۲۰۴، المعجم الکبیر للطبرانی، رقم الحدیث:۹۳۱

۲ کنز العمال، رقم الحدیث:۱۱۵۲

Marfat.com

کیونکہ ذات حق سبحانہٗ عالم مثال (خواب وغیرہا) میں مصور ہونے سے ہے۔

ز اعلیٰ بالا و بالا ز بالا
بلندی ہم نمی گنجد در آنجا

**متن** اجازتیکہ بشما و دیگران کردہ شدہ است مشروط بشرائط است و منوط است بحصول علم بمرضیِ اوتعالیٰ ہنوز آن وقت نیامدہ است کہ اجازت مطلق کردہ شود تا ورودِ آن وقت شرائط را نیک مرعی دارند خبر شرط است

**ترجمہ:** وہ اجازت جو آپ اور دوسروں کو دی گئی ہے شرائط کے ساتھ مشروط ہے اور اس تعالیٰ کی رضا کا علم حاصل کرنے پر موقوف ہے، ابھی وہ وقت نہیں آیا کہ مطلق اجازت دے دی جائے، وقت آنے تک شرائط کی خوب رعایت کریں، مطلع کرنا شرط ہے۔

## شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اس امر کی وضاحت فرمارہے ہیں کہ شیخ کامل و مکمل کا بنیادی مقصد سالکین طریقت کو توجہات قدسیہ اور تصرفات باطنیہ کے ذریعے گناہوں کی نجاستوں اور بشری کدورتوں سے پاک

Marfat.com

صاف کر کے تصفیہ وتزکیہ کرنا ہوتا ہے۔انہیں ظلمتوں سے نکال کر راہ نور پر گامزن کر کے ان کے اجسام وارواح کی تطہیر وتنویر مقصود ہوتی ہے جیسا کہ آیہ کریمہ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَی النُّوْرِ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ [1] سے عیاں ہے اور انہیں بارگاہ قدس جل سلطانہ تک پہنچانا ہوتا ہے۔اس لئے اس مسند عظمٰی پر وہی شخص متمکن ہوسکتا ہے جس کا اپنا تصفیہ وتزکیہ ہو چکا ہو اور اس کی حریم قدس جل سلطانہ تک رسائی ہو اور وہ دوسروں کو بھی وہاں تک پہنچانے کی صلاحیت واستعداد رکھتا ہو۔

صوفیائے طریقت نے خلافت کی دو قسمیں بیان فرمائی ہیں

خلافت مقیدہ خلافت مطلقہ

خلافتِ مقیدہ کا مستحق وہی شخص ہوتا ہے جس کے لطائف کا تصفیہ ہو چکا ہو اور وہ فنا وبقا سے مشرف ہو لیکن ہنوز اس کا تزکیۂ نفس نہ ہوا ہو اس لئے اہل اللہ نے اس کی اجازت وخلافت کو مقید ومشروط رکھا ہے تاکہ پیری مریدی بازیچۂ اطفال نہ بن جائے۔

حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز اپنے خلیفہ حضرت ملا طاہر بدخشی رحمۃ اللہ علیہ کو ایک مقام پر تحریر فرماتے ہیں جو بتغییر یسیر پیش خدمت ہے۔

جب کوئی شخص طلب وارادت کے ساتھ حاضر خدمت ہو تو اسے شیر ببر سمجھنا چاہئے اور ڈرتے رہنا چاہئے کہ کہیں استدراج، مطلوب اور خرابی، منظور نہ ہو اگر بالفرض کسی طالب کے آنے پر فرحت وسرور محسوس ہو اسے کفر وشرک جاننا چاہئے اور اس سرور کی تلافی وتدارک، ندامت واستغفار سے کرنا چاہئے بلکہ فرحت وسرور کی جگہ قلب میں خوف وحزن ہونا چاہئے، مرید کے مال میں طمع اور اس سے دنیوی منفعت کی خواہش مرید کی رشد وہدایت میں مانع ہوتی ہے اور پیر کی ہلاکت کا باعث

---

[1] ابراہیم ۱:۱۴

Marfat.com

ہوتی ہے۔ انہی وجوہات کی بناء پر اسے بدوں استخارہ بیعت کی اجازت نہیں ہوتی۔

جبکہ خلیفہ مطلق کا نفس، تزکیہ ہونے کی بناء پر راضیہ مرضیہ ہو چکا ہوتا ہے اور اسے وجودِ موہوبِ حقانی میسر آ چکا ہوتا ہے۔ خواہشات نفسانیہ اور کدورات بشریہ سے پاک ہونے کی وجہ سے مقام رضا پر فائز ہوتا ہے، اس لئے اس کے جملہ امور رضائے الٰہی کے تابع ہوتے ہیں اور اسے پیری مریدی کی عام اجازت ہوتی ہے۔

وَاللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ بِحَقِیْقَۃِ الْحَالِ

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۲۱۲

مکتوب الیہ

حضرت مُلّا محمّد صدّیق بدخشی رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

صاحبِ تصرف شیخ، مرید کو مراتب عالیہ پر فائز کر سکتا ہے

علوم صدیقیہ ...... علوم علویّہ

تعبیرِ خواب کے آداب

Marfat.com

# مکتوب ۔۲۱۲

**متن** پرسیدہ بودند کہ پیر صاحب تصرف مریدِ مستعد را بتصرفِ خود بمراتبی کہ فوق از استعدادِ اوست تواند رسید یا نہ ۔ بلے تواند رسانید امّا بآن مراتب فوق کہ مناسب استعدادِ اوست نہ بمراتبی کہ مبائن استعدادِ او باشد

**ترجمہ:** دریافت کیا گیا تھا کہ صاحب تصرف پیر اپنے تصرف سے صاحب استعداد مرید کو اس کی استعداد سے بالا مرتبوں میں پہنچا سکتا ہے یا نہیں ہاں پہنچا سکتا ہے لیکن انہیں بالا مرتبوں تک پہنچا سکتا ہے جو اس کی استعداد کے مناسب ہوں نہ کہ ان مرتبوں تک جو اس کی استعداد کے مخالف ہوں۔

## شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز ایک استفسار کا جواب مرحمت فرمارہے ہیں کہ صاحب استعداد سالک کو صاحب تصرف شیخ اعلیٰ مراتب اور

Marfat.com

بالا مدارج تک پہنچا سکتا ہے، یہ محض ممکن الوقوع ہی نہیں بلکہ امر واقع ہے۔ بشرطیکہ سالک صاحب استعداد ہو کیونکہ باطنی استعداد حق تعالیٰ کا خاص عطیہ ہے۔ ورنہ استعداد سے عاری سالک پر توجہات چنداں اثر انداز نہیں ہوتیں جیسا کہ شور زمین، بارانِ رحمت کے باوجود گلزار نہیں بنتی۔ رہا ایک مشرب سے اعلیٰ مشرب تک پہنچانا، آپ فرماتے ہیں کہ یہ ہمارے تجربے وتصرف میں تاہنوز نہیں آیا لیکن بعد ازاں وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى[1] سے حظِ وافر پاتے ہوئے جب آپ اعلیٰ مراتب پر فائز المرام ہوئے تو آپ بذریعہ تصرف صاحبان استعداد سالکین کو ولایت محمدی علیٰ صاحبہا الصلوات تک پہنچا دیتے۔ جیسا کہ آپ نے صاحبزادہ کلاں حضرت خواجہ محمد صادق قدس سرہٗ العزیز کو ولایت موسوی سے نکال کر ولایت محمدی تک پہنچا دیا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ آپ سے قبل شاید کسی کو یہ تصرف حاصل نہیں تھا۔

**تنبیہ:**

واضح رہے کہ اولوالعزم انبیاء کرام علیہم الصلوات کی ولایتوں کا عالم وجوب میں مبدأ فیض جدا جدا ہوتا ہے۔ سیدنا موسیٰ علیہ السلام کا مبدأ فیض صفت الکلام ہے اس لئے اولیائے موسوی المشرب ظلال صفت الکلام سے بہرہ ور ہوتے ہیں۔ جب کوئی عارف ولایت موسوی سے ولایت محمدی علی صاحبہا الصلوات میں ارتقا فرماتا ہے تو اس کا مبدأ فیض ظلال صفت العلم ہو جاتا ہے۔ اور جب کوئی عارف ظلال صفات سے ترقی کر کے ولایت کبریٰ سے شادکام ہوتا ہے تو اس وقت اس کی مربی صفت ہوتی ہے۔ غرضیکہ جب عارف بشری کدورات اور نفسانی خواہشات سے پاک ہو جاتا ہے تو وہ مظہر صفات بن جاتا ہے، بعد ازاں شیونات واعتبارات اس پر

---

[1] الضحیٰ ۹۳:۴

Marfat.com

جلوہ گر ہوتے ہیں۔ بالآخر اس کے باطن پر ذاتی تجلیات کا ورود ہوتا ہے اور اس کے ظاہر سے صفاتی تجلیات کا ظہور ہوتا ہے یوں مراتبِ استعداد، تفاوتِ مدارج کا باعث ہوتے ہیں

ہر کسے را بہر کارے ساختند

**متن** ایضاً پرسیدہ بودند کہ آن کدام مرتبہ است کہ اخفیٰ کہ الطفِ لطائفِ انسانی است دراں مرتبہ حکمِ نفسِ امارہ دارد ودر دناءت وخساستِ شبہ او پیدا می کند معلوم اخوی باد کہ اخفیٰ ہر چند الطفِ لطائفِ است امّا داخلِ دائرۂ امکان است وبداغِ حُدوث متسم

**ترجمہ:** یہ بھی دریافت کیا تھا کہ وہ کونسا مرتبہ ہے کہ لطیفہ اخفیٰ جو انسان کے لطیف ترین لطائف میں سے ہے نفس امارہ کا حکم رکھتا ہے اور ذلالت وکمینگی میں اس کے ساتھ مشابہت پیدا کر لیتا ہے میرے بھائی کو معلوم ہو کہ لطیفہ اخفیٰ اگرچہ لطیف ترین لطائف میں سے ہے لیکن دائرہ امکان میں داخل ہے اور حدوث کے داغ سے داغدار ہے۔

Marfat.com

# شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارشاد فرما رہے ہیں کہ دوران سلوک جب سالک ظلالِ وجوب اور عالمِ وجوب سے بالا مراتب طے کرتا ہوا صفات وشیونات کے تقیدات سے وراء سیر کرتا ہے اور ذات کے ساتھ بے کیف وصل سے شادکام ہوتا ہے پھر اس وصل عریانی کے مرتبہ پر فائز المرام ہو کر جب نچلے مدارج میں لطیفہٗ اخفی کو ملاحظہ کرتا ہے تو اسے کدورات سے معمور اور حدوث سے داغدار پاتا ہے۔ عالم خلق کے اعتبار سے لطیفہٗ اخفی گو سب سے لطیف ترین ہے مگر عالم بالا کے اعتبار سے یہ لطیفہ نفس کی مانند خسیس ورذیل نظر آتا ہے اس لئے نفس اور اخفی توأمین (جڑواں) دکھائی دیتے ہیں۔

**متن** حضرت آدم را علیٰ نبیّنا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام دران واقعہ دیدہ بسیار نیک است واصالت دارد آب کہ کنایت از علم است دست دران کردن حصولِ قدرت است در علم و مشارکتِ حضرت آدم علیٰ نبیّنا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام درین معنی مؤکدِ آن حصول است چہ آنحضرت تلمیذِ حضرتِ رحمٰن است وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کُلَّھَا

Marfat.com

ترجمہ: جس واقعہ میں حضرت آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو زیارت کرنا نقل ہے بہت اچھا ہے اور اصلیت رکھتا ہے پانی سے علم کنایہ ہے اس میں ہاتھ ڈالنا علم میں مہارت کا حصول ہے اور حضرت آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی شرکت اس مقصد کے حصول میں تاکید ہے کیونکہ آپ علیہ السلام حضرت رحمٰن جل سلطانہٗ کے شاگرد ہیں جیسا کہ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا سے ثابت ہے۔

# شرح

یہاں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز مکتوب الیہ کے ایک واقعہ کی تعبیر بیان فرما رہے ہیں جس میں انہوں نے سیدنا آدم علیہ السلام کی زیارت، شفاف پانی اور اس میں ہاتھ ڈالنے کے متعلق استفسار کیا تھا۔ جواباً آپ ارشاد فرماتے ہیں کہ شفاف پانی سے مراد علم اور اس میں ہاتھ ڈالنے سے مراد علم باطن کی درس وتدریس میں سعیٔ بلیغ کرنا ہے۔ اور حضرت آدم علیہ السلام کی زیارت سے مراد...... علم اسرار کے حصول کی تاکید وتلقین ہے۔ کیونکہ وہ حق تعالیٰ سبحانہٗ کے تلمیذ ارشد ہیں جیسا کہ آیہ کریمہ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا[1] سے عیاں ہے۔ لیکن علم باطن سے مراد اہل بیت کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ مناسبت رکھنے والا علم ہے۔

اہل طریقت نے مصادر ومنابع کے اعتبار سے علم کی دو قسمیں بیان فرمائی ہیں۔

علوم صدیقیہ علوم علویہ

علوم صدیقیہ، علوم نبوت کے ساتھ مناسبت رکھتے ہیں سیدنا صدیق اکبر اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے علوم ومعارف، علوم نبوت سے مناسبت رکھتے ہیں اس لئے کتاب وسنت کے عین مطابق ہوتے ہیں۔ ترہات وسکریات کا التباس کم تر ہوتا ہے

---

[1] البقرہ ۲: ۳۱

Marfat.com

زیادہ تر مستقیم الاحوال اہل اللہ کونصیب ہوتے ہیں۔ جبکہ علوم علویہ فیضان علوم ولایت سے مقتبس ہوتے ہیں بنابریں ان میں معارف سکریہ کا احتمال وامکان ہوتا ہے۔

وَاللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ بِحَقِیْقَۃِ الْحَالِ

**بلینہ:**

واضح رہے کہ عارف باللہ قاضی ثناء اللہ مجددی رحمۃ اللہ علیہ نے واقعات و منامات کی تعبیر کے دوذرائع بیان فرمائے ہیں جس کی وجہ سے معبرین کی تعبیر میں خطا کا احتمال نہیں ہوتا۔

تعبیر بذریعہ عقل سلیم　　　　تعبیر بذریعہ الہام

تعبیر بذریعہ الہام اور صالح اور الہام کے لائق شخص کو ہی عطا کی جاتی ہے۔ آیہ کریمہ وَیُعَلِّمُکَ مِنْ تَأْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ[1] میں اسی تعبیر کا تذکرہ ہوا ہے۔

جبکہ تعبیر بذریعہ عقل سلیم اس بندہ مومن کونصیب ہوتی ہے جسے رسوخ فی العلم اور تزکیہ نفس حاصل ہو اور وہ راہ سلوک کی پیچیدگیوں کو جانتا ہو۔

حضرت امام ربانی قدس سرہ العزیز ارقام پذیر ہیں

علم بہ تفصیل احوال و مقامات و معرفت بہ حقیقت مشاہدات و تجلیات و حصول کشوف والہامات وظہور تعبیرات واقعات از لوازم ایں مقام عالی است و بدونہا خرط القتاد[2] یعنی احوال و مقامات کا تفصیلی علم مشاہدات وتجلیات کی حقیقت کی معرفت، کشف والہامات کا حصول اور واقعات کی تعبیرات کا ظہور اس بلند مقام کے لوازمات سے ہے۔

نبی اکرم نور مجسم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

---

1. یوسف: ۶:۱۲　　2. دفتر اول مکتوب: ۲۲۴

Marfat.com

رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ اَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ وَهِيَ عَلٰى رِجْلِ طَائِرٍ مَالَمْ يُحَدِّثْ بِهَا فَاِذَا حُدِّثَ بِهَا سَقَطَتْ وَلَا تُحَدِّثْ بِهَا اِلَّا لَبِيْبًا اَوْ حَبِيْبًا وَفِيْ رِوَايَةٍ اِلَّا مَنْ تُحِبُّ[1]

یعنی مومن کا خواب نبوت کا چالیسواں جز ہوتا ہے جو پرندہ کے پاؤں کے ساتھ معلق رہتا ہے جب تک اسے بیان نہ کر دیا جائے اور جب اسے بیان کر دیا جاتا ہے تو وہ ساقط ہو جاتا ہے اس لئے خواب کسی لبیب اور حبیب کے سامنے ہی بیان کرنا چاہیے یا کسی ایسے شخص کے سامنے بیان کرنا چاہیے جو تمہارا خیر خواہ و محبّ ہو۔

دوسری روایت میں ہے

اَلرُّؤْيَا عَلٰى رِجْلِ طَائِرٍ مَالَمْ تُعَبَّرْ فَاِذَا عُبِّرَتْ وَقَعَتْ وَلَا تَقُصَّهَا اِلَّا عَلٰى وَادٍّ اَوْ ذِيْ رَأْيٍ[2]

علامہ مظہری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میرے نزدیک طائر سے مراد نوشتۂ تقدیر ہے جیسا کہ آیہ کریمہ كُلُّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنَاهُ طَائِرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ[3] سے معلوم ہوتا ہے اور مومن کا خواب اللہ تعالیٰ کی قضا پر مبنی ہوتا ہے اور اس کیلئے مقدر کردہ تقدیر کے ساتھ معلق ہوتا ہے۔ جب تک وہ خواب کسی کے سامنے بیان نہیں کرتا اور معبر اس کی تعبیر نہیں بتاتا اسے معلوم نہیں ہوتا کہ اس کے مقدر میں کیا ہے۔ فلہٰذا جب وہ کسی معبر کے سامنے خواب بیان کرتا ہے تو معبر اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا فرمودہ الہام، قوت رائے یا استنباط کے ذریعے تعبیر کر دیتا ہے تو اس خواب کا مقتضی واضح اور ظہور پذیر ہو جاتا ہے اس لئے خواب کسی لبیب و حبیب کے سامنے ہی بیان کرنا چاہیے۔ لبیب سے مراد، صاحب سلیم الرائے اور حبیب سے مراد، صاحب الہام معبرین مراد ہیں جن کی بیان کردہ تعبیرات خطا سے محفوظ ہوتی ہیں۔

[1] ماخوذ از تفسیر المظہری، جلد پنجم: ۱۴۰ [2] ابن ماجہ رقم الحدیث: ۳۹۰۴ [3] الاسراء ۱۳:۱۷

Marfat.com

خواب کے متعلق ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات اَلرُّؤْیَا الصَّالِحَۃُ مِنَ اللّٰہِ وَالْحُلْمُ مِنَ الشَّیْطَانِ فَاِذَا رَاٰی اَحَدُکُمُ الشَّیْءَ یَکْرَھُہٗ فَلْیَنْفُثْ عَنْ یَّسَارِہٖ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ اِذَا اسْتَیْقَظَ وَلْیَتَعَوَّذْ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّھَا فَاِنَّھَا لَنْ تَضُرَّہٗ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ [1] کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ مظہری فرماتے ہیں تعوذ پڑھنے اور تھوکنے کا حکم اس لئے دیا گیا ہے کہ اگر وہ خواب شیطانی تخویفات اور ابلیسی تسویلات سے ہوگا تو تعوذ پڑھنے سے وسواس کا دفعیہ ہو جائے گا اور اگر وہ عالم مثال سے ہوگا تو وہ قضائے معلق سے حکایت ہوگا۔ تعوذ باللہ سے قضائے معلق ٹل جائے گی ان شاء اللہ وہ خواب ضرر نہیں دے گا۔

خواب بیان نہ کرنے کا حکم اس لئے دیا گیا تا کہ وہ اس کی تعبیر سے پریشان اور خوفزدہ نہ ہو اور اٹھ کر نماز نفل ادا کرنے کا حکم اس لئے دیا تا کہ وہ نماز و دعا کے ذریعے رجوع الی اللہ کرے اور خواب کے متعلق قضائے معلق دفع ہو جائے جیسا کہ ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات لَا یَرُدُّ الْقَضَاءَ اِلَّا الدُّعَاءُ [2] سے واضح ہے۔

ناپسندیدہ خواب بیان کرنے کی نہی اس لئے بھی ہو سکتی ہے کہ دشمنوں کے لئے شماتت و فرحت کے اظہار کا سبب نہ ہو اور لبیب و حبیب کے سامنے تحدیث مبشرات کا حکم اس لئے دیا تا کہ وہ اس سے حسد نہ کریں۔ اسی بناء پر سیدنا یعقوب علیہ السلام نے سیدنا یوسف علیہ السلام کو بھائیوں کے سامنے خواب بیان کرنے سے منع فرمایا تھا جیسا کہ آیہ کریمہ لَا تَقْصُصْ رُؤْیَاکَ [3] سے عیاں ہے۔ [4]

امام المعبرین حضرت امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کَانَ اَعْبَرُ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ بَعْدَ نَبِیِّھَا اَبُوْبَکْرٍ [5]

---

۱ موطا مالک، رقم الحدیث: ۱۵۰۷ ۲ جامع ترمذی رقم الحدیث: ۲۰۶۵ ۳ الیوسف ۱۲: ۵
۴ المظہری پنجم: ۱۴۱ ۵ ریاض النضرۃ جلد اول: ۵۹

Marfat.com

# دفترِ اوّل مکتوب ۲۱۳

مکتوب الیہ

سیادت پناہ حضرت **شیخ فرید بخاری** رحمۃ اللہ علیہ

## موضوعات

علماءِ راسخین کے ساتھ میل ملاپ، تمام نصیحتوں کا ماحصل ہے، جادۂ اہلِ سنت سے سرِ مُو ہٹے ہوئے لوگوں کی صحبت زہرِ قاتل ہے

Marfat.com

# مکتوب ۔۲۱۳

**متن** نقابت و نجابت دستگاہا خلاصۂ مواعظ و زبدۂ نصائح اختلاط و انبساط با اہلِ تدین و اربابِ تشرع است تدین تشرع مربوط بسلوکِ طریقۂ حقۂ اہلِ سنت و جماعت است کہ فرقۂ ناجیہ اندر میان سائرِ فرقِ اسلامیہ

**ترجمہ:** اے شرافت و نجابت والے! تمام وعظوں اور نصیحتوں کا نچوڑ دین دار اور اہل شریعت کے ساتھ اختلاط پر خوش رہنا ہے دین و شریعت پر پابند ہونا اہل سنت و جماعت کے طریقہ حقہ کے رستہ کے ساتھ مربوط ہے جو تمام اسلامی فرقوں میں ناجی گروہ ہے۔

## شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز علمائے راسخین، اولیائے کاملین اور اہل سنت کے تشرع لوگوں کے ساتھ میل ملاپ رکھنے کی نصیحت

Marfat.com

# مکتوب ۔۲۱۳

**متن** نقابت و نجابت دستگاہا خلاصۂ مواعظ و زبدۂ نصائح اختلاط و انبساط با اہلِ تدیّن و اربابِ تشرّع است تدیّن تشرّع مربوط بسلوکِ طریقۂ حقۂ اہلِ سنت و جماعت است کہ فرقۂ ناجیہ اندر میان سائرِ فرقِ اسلامیہ

**ترجمہ:** اے شرافت و نجابت والے! تمام وعظوں اور نصیحتوں کا نچوڑ دین دار اور اہل شریعت کے ساتھ اختلاط پر خوش رہنا ہے دین و شریعت پر پابند ہونا اہل سنت و جماعت کے طریقہ حقہ کے رستہ کے ساتھ مربوط ہے جو تمام اسلامی فرقوں میں ناجی گروہ ہے۔

## شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز علمائے راسخین، اولیائے کاملین اور اہل سنت کے تشرع لوگوں کے ساتھ میل ملاپ رکھنے کی نصیحت

Marfat.com

فرمارہے ہیں جو جمیع نصائح اور وصائے کا لب لباب ہے کتاب وسنت میں اہل اللہ کی معیت ومجالست کا حکم دیا گیا ہے۔ جیسا کہ آیہ کریمہ وَکُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِیْنَ [1] اورارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات هُمُ الْقَوْمُ لَا یَشْقٰی بِهِمْ جَلِیْسُهُمْ [2] سے عیاں ہے۔ جادۂ مستقیم سے بھٹکے ہوئے اغیار کے ساتھ نشست وبرخاست کی ممانعت اور ان کیساتھ مجالست کی مضرت، صحبت کافر سے بھی بدتر بتائی گئی ہے جیسا کہ آیہ کریمہ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّکْرٰی مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِیْنَ [3] اور ارشاد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوات فَاِیَّاکُمْ وَ اِیَّاهُمْ لَا یُضِلُّوْنَکُمْ وَلَا یَفْتِنُوْنَکُمْ [4] سے عیاں ہے حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز ارقام پذیر ہیں

فسادِ صحبت مبتدع زیادہ از فسادِ صحبت کافر است [5]

عارف کھڑی میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ صحبت صالحین کے فوائد اور صحبت مبتدعین کے مضرات کو بزبان پنجابی یوں منظوم فرمایا

نیکاں لوکاں دی صحبت یارو جیویں دکان عطاراں
سودا بھاویں مول نہ لئے ہلے آون ہزاراں
بریاں لوکاں دی صحبت یارو جیویں دکان لوہاراں
کپڑے بھاویں کنج کنج بہیے چنگاں پین ہزاراں

---

[1] التوبہ ۹:۱۱۹ [2] صحیح مسلم رقم الحدیث: ۴۸۵۴ [3] الانعام ۶:۶۸
[4] صحیح مسلم، رقم الحدیث: ۸ [5] دفتر اول مکتوب: ۵۴

Marfat.com

**متن** اگر معلوم شود کہ شخصی برابر دانۂ خردلہ از صراط مستقیم این بزرگواراں جدا افتادہ است صحبتِ او را سمِّ قاتل باید دانست و مجالست او را ہر افعٰی باید انگاشت طالب علمانِ بے باک از ہر فرقہ کہ باشند لصوصِ دین اند اجتناب از صحبت ایشاں نیز از ضروریاتِ است

**ترجمہ:** اگر معلوم ہو جائے کہ کوئی شخص ان بزرگوں کے صراط مستقیم سے رائی کے دانہ کے برابر ہٹ گیا ہے تو اس کی صحبت کو زہر قاتل جاننا چاہئے اور اس کی مجالست کو زہرِ سانپ سمجھنا چاہئے بے باک طالب علم خواہ کسی فرقہ سے ہوں دین کے چور ہیں ان کی صحبت سے اجتناب کرنا ضروریات دین میں سے ہے۔

## شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز نے اہل سنت کے جادۂ مستقیم سے سر مو ہٹے ہوئے لوگوں کی صحبت ومعیت سے احتراز کو اصل عظیم اور ضروریات دین میں شمار کیا ہے۔ انبیاء مرسلین اور آئمہ وصالحین کے گستاخ و بے ادب علماء وطلباء دین کے چور اور شیطان کے نمائندے ہیں۔ ابلیسی کردار ادا کرنے والوں کی مجالست زہر قاتل اور موجب ضلالت ہے جو فکری انتشار اور قلبی اضطراب کا باعث

Marfat.com

ہوتی ہے ۔بنابریں انسان آیہ کریمہ لَا اِلٰی ھٰؤُلَاءِ لَا اِلٰی ھٰؤُلَاءِ کے مصداق متذبذب ہی رہتا ہے اس لئے عقائد کی پختگی اور اعمال کی درستگی سے محروم رہتا ہے۔ راہِ راست پر مستحکم وثابت قدم نہیں رہتا نتیجتاً ازلی شقاوت اور قلبی قساوت کی وجہ سے نارجہنم میں جھونک دیا جائے گا۔ اَلْعِیَاذُ بِاللّٰہِ سُبْحَانَہٗ

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۲۱۴

مکتوب الیہ

## حضرت میرزا عبدالرحیم خانِ خاناںؒ رحمۃ اللہ علیہ

### موضوعات

دنیا آخرت کی کھیتی ہے ، ماموراتِ شرعیہ کو عقلِ ناتمام کے معیار پر تولنے والا شانِ نبوت کا منکر ہے

Marfat.com

# مکتوب ۔۲۱۴

**متن** حضرتِ حق سبحانہٗ دنیا را مزرعۂ اخرت گردانیدہ بیدولت باشد کسیکہ تخم راست در بخورد و بزمینِ استعداد نیندازد و از یک دانہ ہفت صد دانہ نسازد و از برائے روزے کہ برادر از برادر گریزد و مادر بفرزند نیامیزد ذخیرہ نکند خسارتِ دنیا و آخرت نقدِ وقتِ اوست وحسرت وندامت دارین برکفِ دستِ او

**ترجمہ:** حضرت حق سبحانہٗ نے دنیا کو آخرت کی کھیتی قرار دیا ہے بدنصیب ہے وہ شخص جو سارا بیج کھا جائے اور استعداد کی زمین میں نہ ڈالے اور ایک دانے سے سات سو دانے نہ بنائے اور اس دن کے لئے کہ جب بھائی، بھائی سے بھاگے گا اور ماں، بیٹے کی خبر نہیں لے گی کچھ بھی ذخیرہ نہ کرے دنیا و آخرت کا نقصان اس کا نقدِ وقت ہے اور دونوں جہاں کی حسرت وندامت کے سوا اسے کچھ بھی ہاتھ نہیں آئے گا۔

Marfat.com

# شرح

زیرِنظر مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز مکتوب الیہ کو نصیحت فرمارہے ہیں کہ حیات مستعار کے انمول لمحات کو غنیمت سمجھ کر اعمال صالحہ بجالانا چاہیے۔فرصت کی گھڑیوں کو فانی لذتوں اور دنیوی راحتوں میں ضائع نہیں کرنا چاہیے بلکہ اعتقاداتِ صحیحہ کے مطابق اخلاصِ نیت اور صدقِ قلب کے ساتھ اوامر کا اکتساب اور نواہی سے اجتناب کرنا چاہیے۔تاکہ صدق وللّٰہیت کے اعتبار سے حسنات وخیرات میسر ہوسکیں جیسا کہ آیات کریمہ وَاللّٰهُ يُضَاعِفُ لِمَنْ يَّشَاءُ [1] اور اَنۡۢبَتَتْ سَبۡعَ سَنَابِلَ فِىۡ كُلِّ سُنۡۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ [2] سے عیاں ہے ورنہ نفسا نفسی کے اُس عالم میں کوئی بھی پُرسان حال نہیں ہوگا۔قریبی رشتہ دار بھی ایک دوسرے سے پہلوتہی کریں گے جیسا کہ آیہ کریمہ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ۝ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ۝ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ۝ [3] سے واضح ہے۔

مولانا روم مست بادۂ قیوم رحمۃ اللہ علیہ نے اس مفہوم کو یوں منظوم فرمایا ہے

گر ز دستت می شود تخمے بکار
تا براری خرمنے روزِ شمار

ورنہ کارے مفلسے یوم التناد
گشتۂ مغبون و خاسر بے مراد

ورنہ نمی کارے چہ براوری ازو
روز محشر ای عتل اے عتو

---

[1] البقرہ ۲:۲۶۱ [2] البقرہ ۲:۲۶۱،۲۰ [3] عبس ۸۰:۳۶،۳۵،۳۴

Marfat.com

**متن** اگر پرسند کہ تضاعفِ اجر در حسنات است و در سیئات جزا بمثل است پس کفار را بواسطۂ سیئات معدودہ عذاب مخلّد چون باشد گوئیم کہ مماثلہ جزا مر عمل را مفوض بعلم واجب است تعالیٰ و تقدس علمِ ممکن از ادراکِ آن قاصر است مثلاً در قذفِ محصنات جزا مماثل آن عمل ہشتاد تازیانہ فرمود و در حد سرقہ قطع یمین سارق جزا آن نمود در حد زنا در صورت بکر بہ بکر صد تازیانہ با تغریب عام تقدیر نمود و در صورت شیخ و شیخہ حکم برجم فرمود علم سرِّ این حدود و تقدیرات از طوقِ بشر خارج است ذٰلِكَ تَقۡدِيرُ ٱلۡعَزِيزِ ٱلۡحَكِيمِ

**ترجمہ:** اگر دریافت کریں کہ نیکیوں کا اجر کئی گناہ ہے اور گناہوں کی سزا اس کے مثل ہے لہٰذا کفار کو محدود گناہوں کی پاداش میں دائمی عذاب کیوں ہوگا ہم کہتے ہیں کہ عمل کی جزا کا ہم مثل ہونا واجب تعالیٰ و تقدس کے علم پر موقوف ہے ممکن کا علم اس کے ادراک سے قاصر ہے مثلاً صالح شادی شدہ عورتوں پر تہمت لگانے کی سزا اسی کوڑے فرمائے ہیں اور چوری کی حد میں دایاں ہاتھ کاٹ دینا اس کی سزا ہے

Marfat.com

اور کنوارے مرد کی باکرہ عورت کے ساتھ زنا کی سزا سو کوڑے اور ایک برس جلاوطنی مقرر کی ہے اور شادی شدہ مرد و عورت کی صورت میں سنگسار کرنے کا حکم فرمایا ہے ان حدود و تقدیرات کے اسرار کا علم بشری طاقت سے باہر ہے یہ خدائے عزیز و حکیم کا مقرر فرمودہ اندازہ ہے۔

# شرح

سطور بالا میں حضرت امام ربانی قدس سرہُ العزیز احکام دینیہ اور اور حدود شرعیہ کو عقل ناتمام کے ترازو پر تولنے والوں کو شانِ نبوت کا منکر قرار دے رہے ہیں۔ بندۂ مومن کو اسلامی مامورات و احکامات اور شرعی حدود و تعزیرات بصد احسان و متنان تسلیم کرنا چاہیے کہ یہی خوئے مسلمانی اور روشِ بندگی ہے۔

عقل قربان کن بہ پیش مصطفٰے (ﷺ)

چونکہ اسلامی احکام و اعمال کی کنہہ و حقیقت تک رسائی عقل عیار کے بس کا روگ نہیں اس لئے انہیں عقلی معیار پر پرکھنے کی کوشش نہیں کرنا چاہیے۔ کیونکہ حدود و تقدیرات کا علم طاقت بشری اور فہم انسانی سے باہر ہے جیسا کہ آیہ کریمہ ذَالِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ [1] سے عیاں ہے۔ اس لئے اس قسم کے لوگوں کے ساتھ بحث و تمحیص کرنا بے وقوفی ہے۔

زاں کس کہ بہ قرآن و خبر می زہی
آنست جوابش کہ جوابش ندہی
جو مانتا ہی نہیں کیا حدیث و قرآن ہے
اسے جواب نہ دو کہ وہ تو شیطان ہے

---

[1] الانعام ۶:۹۶

Marfat.com

دراصل امورشرعیہ کا انکار خالق حقیقی جل سطانہٗ کے ساتھ سرکشی وبغاوت ہے اور اس کے احکام وماموارات کوحقیر وبے وقعت جاننا ہے۔بس یہی بغاوت وحقارت کفار ناہنجار کے کفر موقت کے دائمی عذاب کا باعث ہوگی۔ وَاللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ بِحَقِیْقَةِ الْحَالِ

Marfat.com

# دفتر اوّل مکتوب ۲۱۵

مکتوب الیہ

حضرت شیخ میرزا داراب رحمۃ اللہ علیہ

موضوع

دنیا اور اہلِ دنیا کی عقلی اور نقلی شواہد سے مذمت

Marfat.com

# مکتوب - ۲۱۵

**متن** اے فرزند ارباب دنیا واصحاب غنا ببلائے عظیم گرفتار اند و بابتلاءِ عظیم مبتلا زیرا کہ دنیا کہ مبغوضۂ حق است سبحانہ و مردار ترین جمیع نجاسات در نظر ایشان مزین ساختہ اند و مزیّب گردانیدہ در رنگِ آنکہ نجاستی را زر اندودہ سازند و زہری را شکر آلودہ مَعَ ذٰلِکَ عقلِ دور اندیش را بر شناعتِ این دنیۂ مہتد ساخت و بر قباحتِ این نامرضیّہ دلالت فرمود

ترجمہ: اے فرزند! دنیا دار اور دولت مند بلاء عظیم میں گرفتار ہیں اور بہت بڑی آزمائش میں مبتلا ہیں کیونکہ دنیا حق سبحانہ' کی مبغوضہ ہے اور تمام نجاستوں میں مردار ترین ہے لیکن اہل دنیا کی نظر میں آراستہ کردی گئی ہے اور خوبصورت بنادی گئی ہے جیسے نجاست پر سونے کا ملمع کردیا جائے اور زہر کو شکر سے آلودہ کردیا جائے حالانکہ دور اندیش عقل کو اس کمینی دنیا کی برائی سے آگاہ کردیا گیا ہے اور اس

Marfat.com

ناپسندیدہ کی قباحت پر رہنمائی فرمادی ہے۔

# شرح

اس مکتوب گرامی میں حضرت امام ربانی قدس سرہٗ العزیز نے دنیا اور اہل دنیا کی عقلی ونقلی شواہد ودلائل کے ساتھ مذمت بیان فرمائی ہے اور دنیا کو متعدد ناپسندیدہ اشیاء کے ساتھ مشابہت دی ہے تاکہ سالکین طریقت کے قلب ونظر میں دنیا کی کراہت ونجاست آشکارا ہوجائے اور ان کے قلوب دنیوی محبتوں کی گرفتاری سے چھٹکارا حاصل کرسکیں۔ ورنہ اہل دنیا احکام نبوت کے منکر اور منافقانہ روش پر گامزن ہیں جنہیں ظاہری ایمان نفع نہیں دے گا اور انہیں سوائے حسرت وندامت کے کچھ بھی حاصل نہیں ہوگا۔

بقول شاعر

ہمہ اندر ز من بتو این ست
کہ تو طفلی و خانہ رنگین است
اک نصیحت ہے گو کہ سنگین ہے
تو ہے بچہ، مکان رنگین ہے

Marfat.com

حضرت علامہ ابوالبیان پیر محمد سعید احمد مجددی قدس سرہ العزیز

کی علمی، فکری، تحقیقی اور روحانی تصانیف

خصائل و شمائل نبوی ﷺ پر مشتمل

**شمائل ترمذی کی ایمان افروز شرح**

زیر ترتیب

قدوۃ الکاملین حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ

کے علوم و معارف پر مشتمل تصنیف لطیف

**کشف المحجوب کی بے مثال اردو شرح**

زیر ترتیب

**قرآنی سورتوں کا اجمالی تعارف**

زیر ترتیب

**تنظیم الاسلام پبلیکیشنز**

121- بی ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ پاکستان

فون: 055-3841160 فیکس: 055-3731933

Mob: 0333-7371472


Marfat.com

سلطان العارفین حضرت علامہ **ابو البیان پیر محمد سعید احمد مجددی** قدس سرہ العزیز

کی علمی، فکری، تحقیقی اور روحانی تصانیف



حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہ العزیز

کے شہرہ آفاق مکتوبات شریف کی پہلی اردو شرح

جلد اول جلد دوم جلد سوم

جلد چہارم جلد پنجم (زیر ترتیب)

## البینات شرح مکتوبات



حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی الشیخ احمد فاروقی حنفی سرہندی قدس سرہ العزیز

کے علوم و معارف پر مشتمل رسالہ مبارکہ کی پہلی اردو شرح

جلد اول جلد دوم

## سعادت العباد شرح مبدأ و معاد



## تذکرہ مشائخ آلو مہار شریف

خطہ پنجاب میں

سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ کی اولین خانقاہ معلی

کے بزرگان دین کے حالات و خدمات کا ذکر جمیل



مجموعۂ تقاریر

## البیان

دنیائے خطابت کا عظیم شاہکار

جلد اول جلد دوم جلد سوم

جلد چہارم جلد پنجم جلد ششم (زیر ترتیب)

علماء، واعظین، خطباء اور طلباء کیلئے گرانقدر تحفہ

**تنظیم الاسلام پبلیکیشنز**

121-بی ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ پاکستان

فون: 055-3841160 فیکس: 055-3731933

Mob: 0333-7471472


Marfat.com

إن الدين عند الله الإسلام

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رحمۃ للعالمین

عالمی ادارہ تنظیم الاسلام (رجسٹرڈ)